Mir Hazar Khan Bijarani

An Advocate of Democracy



ABOUT THE AUTHOR

Muhammad Farooq Solangi did B.A. (1967) and M.A. Political Science from University of Sindh, Jamshoro also did M.A. in History from Edinboro State University of Pennsylvania U.S.A. joined Allama Iqbal Open University in December, 1974. Presently is Professor and Chairman Department of Social Sciences.

A FEW WORKS OF THE AUTHOR

Ghulam Mustafa Khan Jatoi : Islamabad, Alvi Publishers, 1997
Understanding Factors of Crime : A Social Scientist's view. JSSH Vol. 2 (2), Islamabad, A.I.O.U., 1995
The British Government's Practical Policies and their Impact on the Muslims of the Subcontinent : JSSH Vol. 1 (1), Islamabad, A.I.O.U., 1995
Abdul Hamid Khan Jatoi in Parliament : Islamabad, Alvi Publishers, 1993.
A Trading Company : Story of Power and Prestige. Reinterpretation or Retrospection Islamabad: Alvi Publishers, 1991.

Dedicated to

The Patriotic Politicians

of

Sindh

MIR HAZAR KHAN BIJARANI
An Advocate of Democracy
SELECTED SPEECHES IN PARLIAMENT

COMPILED BY
M. FAROOQ SOLANGI

© 1999 M. Farooq Solangi

Solangi, M. Farooq
MIR HAZAR KHAN BIJARANI
An Advocate of Democracy
Selected Speeches

ISBN: 969-8119-05-1

Printed in Pakistan by :
WordMate
8A, Khayaban-e-Suharwardy
Islamabad. Ph: 275290

First Edition 1999

Price : Rs. 250.00 (US $ 12.00)

Designed by: Ijaz Ahmed
Composed by : Mushtaq Hussain
Typeset by : Hameed Zahid

Published by :
ALVI PUBLISHERS, M-1855, Near Gulnoor Market,
Murree Road, Rawalpindi

ABOUT
MIR HAZAR KHAN BIJARANI

Mir Hazar Khan Bijarani son of a well known politician Sardar Noor Muhammad Khan Bijarani was born on October 23, 1946 at Karampur, Tehsil Kandhkot, District Jacobabad Sindh.

His Grandfather, Khan Bahadur Sardar Sher Muhammad Khan Bijarani has his place in the political history of Sindh. He was elected to the Bombay Legislative Council before independence and remained as member of the Shahi Jirga, Chiefs Jirga and Special Jirga of the upper Sindh Frontiers during the British Rule. These Baluch Sardars, Tribal Chiefs and their ancestors migrated from the rugged mountains of Baluchistan and settled in the fertile plains of Sindh. Even in modern-times the Bijarani's Sardar family heads thirty-six clans settled in various areas of Sindh and Baluchistan.

It is interesting to know that like his grandfather his father Sardar Noor Muhammad Khan Bijarani continue to follow in the footsteps of his Chief Sardar Sher Muhammad Khan Bijarani and actively participated in the local and the national affairs of the country. Sardar Noor Muhammad Khan Bijarani remained member of the Sindh Assembly/West Pakistan Assembly from 1946-74. He resigned from his seat and retired from politics. It appears he did so in order to introduce his sons in the mainstream of the politics.

His elder son Sher Muhammad Khan Bijarani II remained very active at the District level. He maintained his position as a member of the District Council Jacobabad successively from 1959–1987 and was also elected to the Provincial Assembly of Sindh in 1985, 1990, 1993 and 1997 general elections respectively.

Hazar Khan Bijarani did M. A. Political Science and graduated in Law from the University of Karachi. Having agriculturist family background he began his political career by

joining Pakistan Peoples Party in 1968. He was appointed as a member on the Sindh Committee of the party.

From 1972 to 1974, remained Chairman Rural Development Council, Tehsil Thul and Member Rural Development Board, District Jacobabad. His natural qualities and education made him a gifted politician. In January 1974 he was elected in by elections on the seat vacated by his father to the Provincial Assembly of Sindh. He was sworn in as youngest Minister in the Sindh Cabinet at the age of 28. Held the portfolios of Communication and Works, Transport, Rural Development, Revenue, Land Utilization, Relief and Rehabilitation and Information till March 1977.

By virtue of his background and experience, again was elected to the Sindh Assembly in March, 1977's general elections and remained Minister for Irrigation and Power in the Provincial Cabinet. Held this position till 5th July 1977, when Assemblies were dissolved and Martial law was imposed in the country.

In addition to the above he secured his position as the Divisional President Sukkur/Vice President Sindh, PPP before being elevated to the post of Provincial President of Party, Sindh in October, 1987. Also remained member of the Central Executive Committee of the PPP.

On several occasions during the movement for the restoration of democracy (MRD) he was arrested and detained as a political prisoner for over 14 months in Sukkur and Karachi Central jails from 1977 to 1985 during Martial law Regime. In 1988 on the policy matters he resigned from the Presidentship of Pakistan People Party, Sindh.

In March 1988 was elected to the Senate of Pakistan for a term of six years. Remained Federal Minister for Health, Special Education and Social Welfare, Housing and Works, Environment and urban Affairs in the interim Government from June to December 1988. Served as Federal Minister for Science and Technology, Religious Affairs and Minorities Affairs from August to October, 1990 in the Caretaker Cabinet.

Elected to the National Assembly of Pakistan in October 1990 general elections and resigned from the Senate. Inducted as Federal Minister with the Portfolios of Railways and Defence Production. Resigned from the Federal Cabinet on the 10th April 1993 as a result of divergence with the Government policies on various national issues.

Again he was inducted as Federal Minister for Defence in the Care-taker Cabinet formed after dissolution of the National Assembly on 18th April 1993. Announced affiliation with Pakistan Peoples Party (S.B.) in March 1995 and was nominated Member Central Committee of the Party. Elected to the National Assembly of Pakistan in 1997 general elections.

Some additional assignments were also given as: Chairman, Central Selection Board No. 1 (C.S.B.1) Chairman, Defence Production Board (D.P.B.), Chairman Defence Council (D.C), Chairman, Defence Services Officers Selection Board (D.S.O.S.B), Member, Defence Committee of the Cabinet (D.C.C), Member, Kashmir Council (K.C), Member, Council of Common Interests (C.C.I), Member, Economic Co-ordination Committee (E.C.C), Member, National Economic Council (N.E.C) and Member, Executive Committee of the National Economic Council (E.C.N.E.C).

The honourable Bijarani led the parliamentary/official delegations to Bangladesh, Brunei, Bulgaria, China, France, Germany, Indonesia, Italy, Japan, Malaysia, United Kingdom and Zimbabwe. He also visited Brazil, Egypt, Greece, Hong Kong, Iran, Iraq, Netherlands, Philippines, Saudi Arabia, Singapore, South Korea, Switzerland, Syria, Thailand, Turkey and U.S.A.

CONTENTS

Page

ACKNOWLEDGEMENT xi

INTRODUCTION xiii

1. Felicitation to the Chairman Senate: March 21, 1988.. 1

2. Discussion on the Official Policy on Load Shedding: January 23, 1989 2

3. Political Situation: January 24, 1989 5

4. Views on The Repatriation of Stranded Biharies: February 14, 1989 17

5. Provincial Autonomy: September 18, 1989 27

6. President's Address: February 15, 1990 45

7. Participation on The Kashmir Issue: February 20, 1990 61

8. Starred Questions and Answers: February 28, 1991 77

9. Discussion on Resolution: March 5, 1991 80

10. Issues and Problems of Railways: May 16, 1991 84

11. Views on the Presidential Address: December 28, 1992 100

12. The Case of the Sindh Province: May 26, 1992 107

13. Questions and Answers: August 15, 1992 and 17th June, 1993 117

14. "Anti Terroristic Act" August 8, 1997 125

15. Budget 1997-98: June 17, 1997 128

16. The WAPDA's Performance: August 19, 1997.......... 132

17. Presidential Address: August 25, 1997....................... 135

18. Presidential Address: February 23, 1998 139

19. Agricultural Reforms: 1998.. 145

20. Views on the Census: 1998... 147

21. Discussion on The Declaration of Emergency: 1998 . 151

22. Accountability Bill and its Outcome: 1998 156

23. Foreign Policy of Pakistan: September 2, 1998......... 159

24. 15th Amendment: September 9, 1998 164

25. Sindh Situation: December 31, 1998......................... 171

26. Joint Sitting January 1, 1999 176

27. Sindh Cyclone: June 8, 1999 180

28. Budget Speech (1999-2000): June 18, 1999.............. 186

ANNEXTURES

29. Resignation From the Cabinet 194

30. Repatriation of Biharis... 196

31. Sindh Situation 201

32. Post Operation Plan for Sindh 209

33. Resignation from the Federal Cabinet. 216

ACKNOWLEDGEMENT

Politics in the opinion of a historian Robert Stewart is the fruit of a mature civilization. It is the activity of a society, which has progressed beyond the use of simple customary judicial instruments to resolve its conflicts. Stewart further observes that "....a political society is the relationship of one set of its institutions, one class or one group of individuals to another..... the more democratic, a society the more it is able to nurture and sustain political activity."

The present book is a collection of parliamentary Speeches of a politician Mir Hazar Khan Bijarani whose family background and education makes him a personality of stature. The inheritance of civilized politics and society is reflected in his parliamentary career.

The purpose is to bring his parliamentary performance at the national level to the knowledge of common people so that they could assess the person; and his impact on the events.

I am deeply thankful to a number of people who helped me in preparing this record. Naeemuddin Siddiqui, the Librarian, Haji Khan Hattar, Deputy Librarian of the National Assembly of Pakistan and Naeem-ul-Vakil the Librarian Senate of Pakistan allowed me to go through the record of the Parliament.

I am also indebted to my brothers Khalid Sitai, Director Information, Government of Sindh and Iqbal Solangi, Deputy Educational Adviser, Federal Ministry of Education, who told me many stories and guided me about the role of Bijaranis of Karampur, Kandhkot and Jacobabad on the national and the provincial level. I am also thankful to Professor Abdul Hamid Rathore who always encouraged me and gave many suggestions while revising several drafts till the final product.

Professor M. Farooq Solangi

INTRODUCTION

Politician and political writer, Mir Hazar Khan Bijarani rose to prominence early in his career. His strong tribal pad provided him opportunity for public life. He established his moral weight by decisions unusual in our society. As Federal Minister he resigned on two occasions: on one, owning moral responsibility for a fatal rail accident; Bijarani viewed "......it is time that healthier traditions were set up in our body politics and political leaders whether they have a direct responsibility or not, must accept the moral responsibility for such major accident"[1]. This shows an outstanding quality of a politician. Another, on differences with Prime Minister on some vital policy matters. The Honourable Bijarani appears a man of knowledge and ideas and served as a Federal Minister for Defence production. On another occasion also resigned when he felt it was continuous interference in the working of his portfolio. However, always offered his services in the capacity as a patriotic Pakistani.[2]

The present selection of his speeches in the Senate and the National Assembly of Pakistan are wide-ranging and covers crucial national matters. In each he appears as a man of parliamentary decorum trying to go into the nature of problems. He develops his theme analytically, criticizing sympathetically and offering rational solutions.

On Law and order situation in Sindh that has been causing anxiety at provincial as well as national levels for years, he pointed to the weak policies pursued in the past. A major theme on which he spoke on many an occasion and to which he related

---

1 M.H.K. Bijarani, Point of View Section II Letters. Asia Printers, Islamabad. pp. 259-260.

2 Ibid. Annexture 'A' Letters, pp. 301-303.

problems of Sindh province in particular, is the provincial autonomy and decentralisation of powers. In Bijarani's understanding about the Sindh crisis, "....is so monumental that no single individual or a political party can resolve it. It has to be collective endeavour, as a solution involving the collaboration of all parties... It is time to face unpleasant facts".[3] Tracing the history back to Lahore Resolution (1940), he discussed the measures taken to ensure the authority of the provinces in specific areas as provided in the constitution of 1973 and referred to the Council of Common Interests, national Economic Council and National Finance Committee. He emphasised that trust in the provinces was pre-requisite to their development and prosperity. The Federal authority honouring provincial perimeters as spelled out in the constitution would help create congenial political atmosphere in which spirit of coexistence and cooperation would prevail. In this connection he brought into light the differences between rural and urban areas in education, health, civic and service opportunities and suggested that Government and opposition could sit together to discuss the problems, particularly that of the quantum of provincial autonomy and sort out the contents of Federal and Concurrent lists.

On Kashmir, he gave an absorbing account of the history and development of the problem: referred to the principle of partition according to which "Muslim majority areas geographically contiguous to Pakistan were to go to Pakistan"; and also to Nehru's telegram to Pakistan Prime Minister (2-10-1947) telling him "we do not have any intention to occupy Kashmir. Final decision will be according to wishes of the people". He pointed to Indo-Israel collusion and Indian diplomatic offensive to befog the real issue.

On the repatriation of Bihari refugees from Bengladesh, he enunciated the complexity of the problem, made more so by

---

[3] Ibid. "Sindh Situation" and Post Operation Plan for Sindh. pp. 275–299.

millions of Afghans and Iranians who entered Pakistan illegally, and suggested consideration of social and political remifications.

Speaking on budgets and President's address, he went over a long range of theme, pointing to political and administrative problems and suggesting measures to resolve them. He decried "Long March" as unnecessary and aimless, cry for "National Government" as unreasonable and unconstitutional. He was unhappy that the spirit of the constitution was by passed when strong Prime Minister reduced President's powers and strong President took away Prime Minister's powers.

FELICITATION TO THE CHAIRMAN

The Honourable Senator Mir Hazaar Khan Bijarai on March 21,1988 during "Felicilations' Shared his views as:*

جناب چیئرمین : بہت بہت شکریہ میر صاحب

میر ہزار خان بجارانی۔ محترم چیئرمین صاحب مجھے خوشی ہے کہ آپ نے مجھے کچھ باتیں کہنے کا موقع دیا گو کہ آج اس معزز ایوان میں پہلی حاضری ہے یہ موقع بھی سوائے آپ کو مبارک دینے کے کسی اور مسئلے کو چھیڑنے کے لئے مناسب نہیں ہے انشاء اللہ آپ کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا ہے تو مسئلے بھی آپ کے سامنے پیش ہوں گے۔ جناب چیئرمین کے بلا مقابلہ چیئرمین منتخب ہونے سے یہ بات واضح اور ثابت ہو گئی ہے کہ آپ بے پناہ صلاحیتوں کے مالک ہیں اور آپکی ان صلاحیتوں کو اعتراف صرف آپ کے دوست بلکہ آپ کے دشمن بھی کرتے ہیں میں آپ کو چیئرمین منتخب ہونے پر دلی مبارکباد دیتا ہوں اور توقع کرتا ہوں کہ آپ ہمیں اپنے صوبے اور اپنے ملک کے مسائل یہاں اٹھانے کا پورا پورا موقع دیں گے کیونکہ اس قسم کے مسائل کو ڈسکس کرنے کا یہی سب سے بہترین فورم ہے اس کے ساتھ ساتھ میں جناب فضل آغا صاحب کو بھی دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں ان کے بلا مقابلہ ڈپٹی چیئرمین منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور خاص طور پر میں ڈاکٹر نور جہان پانیزئی صاحب کو مبارکباد پیش کروں گا کیونکہ اس ہاؤس میں وہ واحد نمائندہ خاتون ہیں اور مجھے توقع ہے کہ وہ خواتین کے مسائل کو یہاں اٹھائیں گی اور جیسے خود انہوں نے اظہار کیا ہے انشاء اللہ ہمارا پورا پورا تعاون ان کے ساتھ رہے گا مجھے احساس ہے کہ اس کے بعد آپ نے کسی اور تقریب میں بھی شرکت کرنا ہے لہذا میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لوں گا۔

---

* *Senate of Pakistan Vol. 2(1-9) March 21, 1988. pp. 491-92.*

DISCUSSION ON THE OFFICIAL POLICY ON LOAD SHEDDING

The Honourable Senator Mir Hazar Khan Bijarani On 23 January, 1989 Spoke in the Senate of Pakistan on the Subject of Government Policy on Load Shedding and Kala Bagh Dam as:*

میر ہزار خان بجارانی :-

جناب والا! اول تو میں یہ پوچھنا چاہوں گا آپ کے توسط سے کہ کیا دیہات والوں کو صرف اسی چیز کی سزا دی جاتی ہے کہ وہ دیہی علاقوں میں رہتے ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ہماری اکانومی (economy agrobased) ہے اور دیہی علاقے اس لحاظ سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں وہاں جتنے ٹیوب ویل نصب ہیں اگر وہ ٹیوب ویل دن میں دس بارہ گھنٹے بند رہیں ظاہر ہے اس کا ہماری ایگریکلچر پر اثر پڑے گا۔ اور یقیناً اس اثر کا جو فوری رد عمل ہوتا ہے یا آگے چل کر ہوگا وہ ہماری اکانومی پر ہوگا۔ اگر اس لحاظ سے دیہی علاقوں میں لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ بند نہیں کیا جاسکتا تو کم از کم اس میں کمی کی جائے۔

جناب والا! اور تو اور میں اپنے حوالے سے ایک بات اس ہاؤس کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ میری اپنی ٹاؤن کمیٹی میں چھ گھنٹے روزانہ لوڈ شیڈنگ ہوتی ہے۔ پچھلے دنوں میں اپنے گاؤں گیا تو یہ دیکھ کر حیران رہ گیا۔ وہ گاؤں نہیں ٹاؤن کمیٹی ہے اس کے باوجود بھی وہاں چھ گھنٹے بجلی بند رہتی ہے جبکہ اس ٹاؤن کمیٹی میں سینکڑوں پرائیویٹ کنکشن ہیں اس میں 10/12 انڈسٹریل کنکشن ہیں یہاں بڑی بڑی رائس ملیں ہیں وہ بند رہتی ہیں کمرشل کنکشن وہاں کافی تعداد میں موجود ہیں وہ سارے نقصان اٹھاتے ہیں یعنی وہاں جتنے لوگ تھے وہ چیخ اٹھے کہ صاحب ہمیں کسی طریقے سے اس سے نجات دلائیں۔ اب سمجھ نہیں آتی کہ اس لوڈ شیڈنگ کا پس منظر کیا ہے۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ یہ عارضی طور پر مصنوعی لوڈ شیڈنگ کر

---

* *Senate of Pakistan: Vol. 7(2) 1989. pp. 528-88.*

کے کالاباغ ڈیم کا منصوبہ تیار کیا جار ہا ہو۔ یا وہ لوگوں کو باور کرانے کے لئے کہ بجلی کی کمی لہذا اس کی کمی کو پورا کرنے کے لئے ہمیں کالاباغ ڈیم کی ضرورت ہے۔ **جناب والا!** اگر اس Justification سے کالاباغ کی تعمیر عمل میں آنی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ملک کا باشعور فرد کم از کم اس Justification سے متاثر نہیں ہو سکتا۔ اور کالاباغ ڈیم کی جو مخالفت ماضی میں یا اس وقت صوبہ سندھ میں اور صوبہ سرحد میں ہوئی ہے اس سے نہ صرف یہ ہاؤس بلکہ ملک کا بچہ بچہ بخوبی واقف ہے۔

جناب والا! اگر بجلی کی کمی پاکستان میں ہے تو ہر سال سینکڑوں گاؤں الیکٹریفائی کرنے کے لئے پرورگرام میں شامل کئے جاتے ہیں تو اس کی کیا Justification ہے؟ جب آپ موجودہ کنکشنز کو صحیح طور پر نہیں چلا سکتے جن دیہاتوں کو آپ نے already بجلی دی ہوئی ہے ان کو روشن نہیں رکھ سکتے، جن انڈسٹریز کو آپ نے already چلانے کا تہیہ کیا ہوا ہے انہیں آپ صحیح طور پر نہیں چلا سکتے تو اس منصوبے کو expand کرنے کی کیا justification ہے۔ ہاں اگر آپ کے پاس resources موجود ہے اور آپ ہر سال expansion کا پروگرام دیتے ہیں تو پھر لوڈ شیڈنگ کی کیوں ضرورت پیش آتی ہے؟ تو یہ دونوں متضاد چیزیں ہیں جس کی کم از کم مجھے سمجھ نہیں آتی یا تو آپ اس expansion کو ختم کریں یا اگر آپ کے پاس resources ہیں تو آپ لوڈ شیڈنگ کو ختم کریں اس کا حل جو میرے ذہن میں آتا ہے۔

جناب والا! وہ کالاباغ ڈیم نہیں بلکہ وہ نیوکلیئر طریقے سے بجلی فراہم کرنے کا طریقہ ہو سکتا ہے۔ نیو کلئیر انرجی ہی پاکستان کے اس مسئلے کا حل ہو سکتا ہے۔

میں موجودہ حکومت کے ان افراد سے جن کے کاندھوں پہ یہ ذمہ داری ہے ان کی توجہ مبذول کراؤں گا کہ وہ کالاباغ ڈیم کے issue کو ایک متنازعہ issue بنا کے قوم کو اس بحث میں الجھانے کی کوشش کر رہے ہیں وہ اس سے ہٹ کر نیو کلئیر انرجی کی طرف اپنی توجہ مبذول کریں۔ اور ان منصوبوں کو اس قوم کے سامنے لائیں پارلیمنٹ کے سامنے لائیں جو منصوبے متنازعہ نہیں اور جن پہ ساری قوم متفق ہے، ہاں اگر ڈیم بنانا ہی تو اس کے لئے اور

sites بھی ہو سکتی ہے۔ جس پر صوبہ سندھ اور سرحد کے لوگوں سے بات ہو سکتی ہے۔ مثال کے طور پر سکردو کے مقام پر یہ ساری ایسی sites ہیں جہاں سروے ہو چکا ہے اور ان مقامات پر ڈیم بنائے جا سکتے ہیں لیکن بار بار پریس میں اس قسم کی statements آیا کہ کالاباغ ڈیم بنانا ناگزیر ہو گیا ہے انرجی کی ہمیں ضرورت ہے لہذا کالاباغ ڈیم پر عنقریب عمل ہو گا۔ حال ہی میں دو وزراء کی statements میری نگاہ سے گزری ہیں میں سمجھتا ہوں کہ اس قسم کے قومی مفاد والے منصوبوں کو متنازعہ نہیں بنانا چاہیے اور کسی بھی صوبے یا ایک سے زیادہ صوبوں کے مفادات کو نظر انداز کر کے کسی منصوبے کو ان پر مسلط کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے۔ اور پھر Justification یہ بنا کر کہ اس وقت ملک میں انرجی کی crises ہیں اس وقت ملک میں بجلی کی کمی ہے لہذا ہمیں کالاباغ ڈیم بنانے کی ضرورت ہے مناسب نہیں۔

جناب والا! میں مختصراً آپ کے توسط سے اس حکومت تک اپنے یہ خیالات پہنچانا ضروری سمجھتا تھا کہ لوڈ شیڈنگ کو اول تو فوری طور پر ختم کیا جائے۔ خصوصاً رورل ایریاز میں جو اس کے عذاب میں سب سے زیادہ مبتلا ہیں۔ اور دوسری یہ کہ کالاباغ ڈیم کے منصوبے کو اس بیک گراؤنڈ میں چھوٹے صوبوں پر مسلط کرنے کی کوشش نہ کی جائے اور تیسری بات یہ کہ اس مسئلے کا واحد حل اگر ہے تو نیوکلئیر انرجی ہے اور اس پر اگر منصوبے بنائے جائیں تو وہ اس قوم و ملک کے مفاد میں ہوں گے۔ آپ کا بہت بہت شکریہ!

POLITICAL SITUATION

The Honourable Senator: Mir Hazar Khan Bijarani Member from Sindh on 24th January **1989 Participated in Debate on the political situation in the Country as:***

میر ہزار خان بجارانی :-

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ شکریہ چیئرمین صاحب یہ بحث کئی دنوں سے اس ہاؤس میں چل رہی ہے کہ نومبر کے انتخابات کے بعد ملک میں سیاسی صورتحال کیا ہے۔ بہت سارے میرے فاضل دوست اس بحث میں حصہ لے کر اپنے خیالات کا اظہار کر چکے ہیں۔ آج آپ نے مجھے یہ موقع فراہم کیا۔ میں بھی چند باتیں اس ضمن میں ہاؤس کے سامنے پیش کرنا چاہوں گا۔

جناب والا ! سب سے پہلے تو میں ان انتخابات کو غیر جانبدارانہ اور پرامن طریقے سے منعقد کرنے پر الیکشن کمیشن اور اس وقت کی کیئر ٹیکر گورنمنٹ خصوصاً صدر پاکستان جناب غلام اسحاق خان صاحب کو خراج تحسین پیش کروں گا کیونکہ اس وقت بڑا واویلا ملک کے مختلف حصوں سے اٹھایا جارہا تھا کہ اس کیئر ٹیکر گورنمنٹ کی نگرانی میں یہ انتخابات منصفانہ اور غیر جانبدارانہ ہو ہی نہیں سکتے لیکن پاکستان کے عوام اور دنیا کے دیگر ممالک نے دیکھ لیا کہ انتخابات نہ صرف غیر جانبدارانہ ہوئے بلکہ منصفانہ بھی ہوئے جس کے نتیجہ میں لوگوں کو اپنے نمائندے چننے کا موقع ملا اور موجودہ حکومت وجود میں آئی۔

دوسرا مرحلہ جناب والا! ٹرانسفر آف پاور کا تھا' اس سلسلے میں بہت سارے خدشات کا اظہار کیا گیا اور کچھ حلقوں سے بڑی بے چینی کا اظہار بھی کیا جاتا رہا کہ شاید اقتدار منتقل نہ ہو شاید اس وقت کی سب سے بڑی پارٹی پاکستان پیپلز پارٹی کو اقتدار حوالے نہ کیا جائے

* *Senate of Pakistan Vol. 12(10) 1989, pp. 644-56.*

لیکن یہ خدشات بھی غلط ثابت ہوئے۔ جس دیانتداری سے اس وقت کی کیئر ٹیکر گورنمنٹ خصوصاً صدر مملکت کام کر رہے تھے اس کے نتیجے میں اقتدار منتقل ہوا اور پیپلز پارٹی بر سر اقتدار آئی۔ جناب والا! دیکھنے کی بات یہ ہے کہ ان انتخابات میں قوم کو ہمارے electorates نے کسی قسم کا signal دیا ہے اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ قومی اسمبلی میں پاکستان پیپلز پارٹی سب سے بڑے گروپ کی شکل میں ابھر کر سامنے آئی لیکن ان کو قطعی اکثریت وہاں حاصل نہیں تھی۔ جہاں تک صوبہ پنجاب کا تعلق ہے وہاں کے electorates نے آئی جے آئی کے حق میں ووٹ دیا اور وہاں آئی جے آئی کی حکومت بر سر اقتدار آئی اسی طرح سے صوبہ سرحد میں بھی تین مختلف گروپوں کے حق میں لوگوں نے ووٹ دیئے البتہ سندھ میں پیپلز پارٹی کو ایک ایسی اکثریت حاصل ہوئی جسے قطعی اور واضح اکثریت کہا جا سکتا ہے لیکن وہاں بھی سیاسی مجبوریوں کی بنا پر انہیں ایم کیو ایم کے ساتھ معاہدے کرنے پڑے اور کراچی اور حیدر آباد میں ان کی بالا دستی انہیں قبول کرنی پڑی۔ بلوچستان کچھ ایسی پوزیشن اختیار کر چکا تھا جہاں واضح اکثریت ہزار کوششوں کے باوجود کسی کو حاصل نہیں ہو سکی تھی اور حکومت کی یہ کوشش تھی کہ کسی طریقے سے وہاں پر ان کی مرضی کی کوئی صوبائی حکومت وجود میں آئے۔ لہذا جو ڈرامہ وہاں رچایا گیا وہ تھوڑے عرصہ کے بعد اپنے منطقی نتیجہ تک پہنچ گیا لیکن جس طریقے سے جس انداز سے جس غیر آئینی طریقے سے وہ اسمبلی dissolve کی گئی یا کرائی گئی ہم نے اس ہاؤس میں بھی اس کے خلاف آواز اٹھائی تھی نہ صرف میں نے انہیں بائیس دسمبر کو اس سینٹ کے حوالہ سے بلوچستان کے اس ایکشن کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی تھی بلکہ بہت سارے فاضل ممبرز صاحبان نے بھی electorates کے خلاف اپنے خیالات کا اظہار کیا تھا اور آج ہمیں خوشی اس بات کی ہے کہ جو اصولی موقف اس ہاؤس کے ممبروں نے اس وقت اختیار کیا تھا اور اس dissolution کو غیر آئینی، غیر قانونی اور غلط قرار دیا تھا بلوچستان ہائیکورٹ نے کل اپنا فیصلہ سنا کر ہمارے موقف کو درست ثابت کیا ہے۔

میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں بلوچستان ہائی کورٹ کو کہ اس نے ایک صحیح فیصلہ کیا جمہوریت کی گردن مروڑنے سے اس نے اس ملک کو بچالیا اور میں توقع رکھتا ہوں اور مجھے یہ قوی امید ہے کہ اس قسم کے فیصلے جمہوریت کو بحال رکھنے بلکہ قانون کی بالادستی قائم کرنے کے سلسلے میں آئندہ بھی ہماری عدلیہ کرتی رہے گی۔

جناب والا! افسوناک یہ بات نظر آئی ہے کہ پنجاب اور فیڈرل گرونمنٹ تعلقات میں جو سرد مہری شروع شروع میں تھی وہ اچانک ایک بحران کی شکل اختیار کیے جارہی ہے۔پاکستان پیپلزپارٹی، میں یہ کہوں گا کہ بد قسمتی سے اس کوشش میں لگی ہوئی ہے کہ کسی نہ کسی طریقے سے وہاں سے آئی جے آئی کی حکومت ختم ہو اور پیپلز پارٹی کی کوئی مخلوط گورنمنٹ وجود میں آئے جب کہ دوسری طرف آئی جے آئی اس کوشش میں لگی ہوئی ہے کہ پیپلزپارٹی کو کسی طرح سے de-stabilize کیا جائے اور ان کے لئے کسی طرح سے مزید دشواریاں create کی جائیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ انداز دونوں کا غلط ہے، عوام نے جو ایک mixed signal دیا ہے، پیپلزپارٹی اور آئی جے آئی کے حق میں یہ ان کا حق بنتا تھا۔ اگر ہمیں جمہوریت پر یقین ہے اور اگر صدق دل سے ہم عوام کا فیصلہ قبول کرنے کو تیار ہیں تو پھر ہمیں اس حقیقت کو بھی تسلیم کرنا چاہیے۔اس طرح سے پنجاب میں اگر آئی جے آئی کی حکومت کو ووٹ ملا ہے تو پیپلزپارٹی کو بھی کھلے دل سے یہ فیصلہ تسلیم کرنا چاہیے اور ایک باہمی cooperation and cordination کی فضا قائم کر کے اس ملک میں جمہوریت کو پھلنے کا موقع دیا جانا چاہیے اور ایک ایسی فضا تیار کی جانی چاہیے جس سے جمہوریت فروغ حاصل کر سکے۔ ماضی میں بد قسمتی سے اس قسم کے ہی اقدامات کی وجہ سے پاکستان میں جمہوریت فروغ نہیں پاسکی اگر آج بھی ہم ایسے غیر ذمہ دارانہ حربے استعمال کریں گے اور سیاسی ماحول کو خراب کرنے کی کوشش کریں گے تو جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ جمہوریت کے فروغ کے لئے جو جدوجہد اس ملک میں چل رہی ہے اس کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے پھر شاید کوئی طالع آزما اس صورت حال کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اس ملک کے

جمہوریت کو ایسے مقام پر پہنچادے جہاں سے پھر اسے revive کرنا ہمارے لئے آپ کے لئے اور اس ملک کے عوام کے لئے بہت مشکل بن جائے ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنے طرف electorates کے فیصلے کو تسلیم کریں دوسری طرف اپنی اپنی پارٹیز کو منظم کریں، ان کو صحیح لائنز پر چلانے کی کوشش کریں۔

جناب والا! پارٹیاں کبھی اقتدار میں رہتی ہیں کبھی اقتدار سے باہر چلی جاتی ہیں افراد کبھی پاور میں ہوتے ہیں اور کبھی پاور سے باہر چلے جاتے ہیں۔ اصل بات ملک کے سیاسی اداروں کے وجود کی ہے اگر سیاسی ادارے مستحکم نہیں تو وہ ملک نہیں ہوتا۔ ہمیں ذاتی مفادات کو پشت پیچھے پھینک کر پاکستان کے آئین پر عمل کرنا چاہیے اور پولٹیکل اداروں کو مضبوط بنانے کیلئے اپنی پوری جدوجہد کرنی چاہیے۔ اس ضمن میں میں سمجھتا ہوں کہ اگر مسلسل غیر جانبدرانہ اور منصفانہ انتخابات پاکستان میں منعقد ہوتے رہے تو اس سلسلے میں ہماری بہت مدد کر سکتے ہں اور نہ صرف ملک کے اندر بلکہ میں یہ کہوں گا کہ وہ تمام جمہوری پارٹیاں جو اپنے آپ کو جمہوریت پسند کہلاتی ہیں اور جمہوریت کے بڑے بڑے دعوے کرتی ہیں انہیں چاہیے اپنی اپنی پارٹی کے اندر بھی وقفے وقفے سے انتخابات کرائیں تاکہ یہ جو پارٹی اندر personality cults ابھر ہیں یہ ختم ہوں اور سیاسی پارٹیاں جمہوری طور طریقوں سے آگے بڑھ سکیں اور صحیح لوگ ان پارٹیوں کی سربراہی کر سکیں۔ جناب والا! ایک بہت ہی اہم مسئلہ issue quantum of provinncial autonomy ہے جس کا سامنا آج اس قوم کو ہے کسی حد تک 1973 کے آئین میں اس مسئلے کو طے کیا گیا تو تھا لیکن بد قسمتی سے بعد میں ہونے والی ترامیم کے ذریعے سے اور اس آئین پر عمل ہونے کی وجہ سے صوبائی خود مختاری کا مسئلہ آج بھی بحث طلب ہے اور آج بھی چھوٹے صوبے اس مسئلہ کو سب سے زیادہ اہمیت دیتے ہیں اور ان کی خواہش ہے کہ صوبائی خود مختاری 1940ء کی قرارداد کے مطابق ان چھوٹے صوبوں کو ملنی چاہیے۔ مجھے خوشی اس بات کی ہے کہ ہمارا سب سے بڑا صوبہ صوبہ پنجاب جس کو ہم بھائی کی حیثیت دیتے ہیں اس نے بھی ہمارے اس موقف کی

تائید کرتے ہوئے صوبائی خود مختاری کی بات ضرور کی ہے اور یہ محسوس کیاہا کہ ملک میں جب تک federation units کو صحیح اور مناسب صوبائی مختاری نہیں ملتی تب تک فیڈریشن مضبوط نہیں ہو سکتی۔ اس ملک کی بنیادیں اور جڑیں مضبوط نہیں ہو سکتیں۔

جناب والا! 1940 کی قرارداد میں سوائے تین subjects کے باقی جتنے اختیارات ہیں وہ فیڈریٹنگ یونٹس کو دینے کا مطالبہ کیا گیا تھا کہ اس اس پر عمل ہوتا ہے تو میں سمجھتا ہوں......

اخونزادہ بہر ور سعید :۔

پوائنٹ آف آرڈر سر 1940 کی قرارداد کے بعد 1946ء میں دہلی میں کنونشن ہوئی تھی جس میں جو قرارداد پاس کی گئی وہ اس کی improvement ہے تو یہ چیزیں وہاں پھر نئی آئی ہیں میں مقرر صاحب سے گزارش کروں گا کہ وہ 1946ء کی قرارداد کو مد نظر رکھ کر اپنی گزارشات پیش کریں۔

جناب چیئرمین! شکریہ جی بجارانی صاحب

میر ہزار خان بجارانی :۔

جناب 1940ء کی قرارداد آل انڈیا مسلم لیگ کی پاس کردہ تھی میں اس قرارداد کا ذکر کر رہا ہوں اور ظاہر ہے جہاں صوبائی خود مختاری کی بات ہوتی ہے تو توقع یہی ہوتی ہے چھوٹے صوبوں کو زیادہ سے زیادہ اختیارات ملیں لہذا میں اسی حوالے سے 1940ء کی قرارداد پر بات کر رہا تھا۔ اگر 1946ء کی بات کی جائے تو اس میں بھی کوئی خاص تبدیلی نہیں بلکہ میں اس سے آگے بڑھ کر موجودہ situation کی بات کروں گا کہ MLR.D کا جو accord ہوا تھا جس میں پاکستان پیپلز پارٹی خود ایک فریق ہے جو اس ملک میں آج ایک حکمران جماعت ہے انہوں نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ سوئے چار کے باقی جتنے اختیارات ہیں وہ سارے فیڈریٹنگ یونٹس کو منتقل ہونے چاہیں۔ مجھے یہ پوری توقع ہے کہ کم از کم پاکستان پیپلز پارٹی آج اپنے اس وعدے کو پورا کرتے ہوئے جتنے چھوٹے صوبے ہیں ان سب کی ہمدردیاں حاصل کرے گی

اور اپنے اس وعدے کا پاس کرے گی جو وعدہ انھوں نے M . R . D کی دوسری componentپارٹیوں سے کیا تھااور ہم اپنے طور پر پاکستان پیپلزپارٹی کے اعلی حکمرانوں کو یہ یقین دلاتے ہیں کہ ہم اس سلسلے میں ان کی بھر پور حمایت اور مدد کریں گے کہ صوبوں کوزیادہ سے زیادہ صوبائی خود مختاری ملنی چاہیے۔

جناب والا! میں یہاں ذکر کرتا ہوں کہ سینٹ جو کہ چاروں صوبوں کی یکساں نمائندگی کرنے والاایوان بالا ہے اس میں financial powers سینٹ کو نہیں دیئے گئے 'اب اس کی یقیناً جو وجوہات ہوں گی لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر آپ نے federation units کو اہمیت دینی بہت ضروری ہے۔ کیونکہ سینٹ کے معاملات صرف باقی بلوں کے طریقے سے حل نہیں ہو سکتے۔ فنانس ایک ایساsubject ہے جو سب سے زیادہ اہم اور سب سے زیادہ effective ہے صوبوں کو زیادہ اختیارات دینے ہیں تو میں آپ کے توسط سے اس ہاؤس سے پر زور یہ گزرش کروں گا کہ سینٹ کو financial powers ملنی چاہیں۔ ایک اعتراض یہ ہو سکتا ہے financial powers لہذا اسے نہیں ملک سکتی ہیں۔

جناب والا! یہ تو repesentative house presentative ہے یہ تو عوام کے نمائندوں کی بھی نمائندگی کرتا ہے لیکن اگر اس پر اعتماد نہیں تو چلیئے سینٹ کے بھی ڈائریکٹ ایکشن کر دیں اس میں کوئی حرج نہیں لیکن سینٹ کو مالی اختیارات ملنے چاہیں۔

جناب والا! ایک اور اہم issue جو اس وقت بحث کا موضوع بنا ہوا ہے وہ ہے آٹھویں ترمیم اس پر کافی شور غوغا برپا ہے۔ مختلف کوارٹر سے کافی واویلا مچایا جارہا ہے اور پریس کے ذریعے یہ impressions دیا جارہا ہے کہ شاید پاکستان میں اس وقت جتنے مسائل ہیں ان سب کا حل آٹھویں ترمیم کو ختم کرنے میں مضمر ہے حالانکہ حقیقت اس طرح سے نہیں ہمیں حقائق سامنے رکھ کربات کرنی چاہیے۔

جناب والا! آٹھویں ترمیم کے ذریعے صدر کے جو اختیارات آج موجود ہیں سوائے ایک پاور کے جس میں صدر کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ اپنے طور پر قومی اسمبلی

dis-solve کر دے باقی سارے اختیارات وہی ہیں جو انڈین دستور میں صدر کو حاصل ہیں۔ اگر ہم اس ملک میں جمہوریت کے مستحکم ہونے کی مثالیں دیتے ہیں کہ یہ وہاں بڑی مضبوط ہے تو ہندوستان کی جمہوریت کے خلاف اس قسم کا hue and cry نہیں ہوتا کیا وجہ ہے کہ یہاں پاکستان میں صدر کے اختیارات کے خلاف اتنا شوروغوغا مچایا جارہا ہے۔

جناب والا! ہمارے ہاں بد قسمتی سے ہوتا یہ رہا ہے کہ کبھی وزیراعظم اگر powerful آجاتا ہے تو صدر کے اختیارات چھن کر اپنے طرف لانے کی کوشش کرتا ہے اور آئین میں اس طرح کی ایک ترمیم کر دی جاتی ہے۔ ایک دور آتا ہے جب پریزیڈنٹ مضبوط آتا ہےتو وہ پرائم منسٹر کے اختیارات کو آئینی ترمیم کے ذریعے اپنی طرف منتقل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ آئین کا پاس نہیں ہوتا ملکی اداروں کا پاس نہیں ہوتا ملک کے مفادات کا پاس نہیں ہوتا اپنے ذاتی اختیارات کو بڑھانے کی کوشس کی جاتی ہے جسکے نتیجے میں ملک میں کئی دفعہ پہلے بھی بحران آچکے ہیں اور آگے بھی اللہ جانے اگر ہم صحیح راستہ اختیار نہیں کرتے تو نجانے کتنے بحرانوں کا ہمیں سامنا کرنا پڑے گا۔

جناب والا! میں یہاں ذکر کرتا چلوں کہ جب پریزیڈنٹ کو یہ اختیار نہیں تھا کہ وہ اپنے طور پر اسمبلی توڑ سکتا ہے تو آپ کو یاد ہوگا 1977ء میں جب پوری قوم اٹھ کھڑی ہوئی تھی اور پرائم منسٹر سے یہ باربار مطالبہ کیا جارہا تھا کہ آپ اس ایوان کو توڑ دیں اور دوبارہ الیکشنز کرائیں تو اس وقت پرائم منسٹر صاحب نے پریذڈنٹ کو یہ مشورہ نہیں دیا تھااور اصرار اس بات پر کرتے رہے کہ نہیں ہم منتخب لوگ ہیں ہماری حکومت ہے اور یہ اسمبلی اب صدر اس پوزیشن میں بالکل بے بس ہو کر رہ گیا تھا۔ اگر یہ اختیار اس وقت صدر کو حاصل ہوتا تو ممکن ہے کہ وہ پرائم منسٹر کے مشورے کے بغیر اس وقت اسمبلی توڑ کر دوبارہ الیکشن کرواتے تو شاید پانچ جولائی 1977ء والا واقعہ پیش آتا اور اس ملک کو ایک اور مارشل لاء کا سامنا کرنا پڑتا۔

جناب والا! میری گزارش ہے صرف یہ ہے کہ اس قسم کی situations میں لوگ آئین کی طرف رجو کرتے ہیں اور اگر آئین میں کوئی راستہ ہوتا تو اس وقت اس قسم کے

حادثات رونما ہوتے ہیں جو پانچ جولائی کو رونما ہوا تھا۔ لہذا ہمیں آئین کا پاس کرنا چاہئے ملکی اداروں کا ہمیں پاس رکھنا چائیں اور اختیارات کو tailored-made بنا کر پریذیڈنٹ یا پرائم منسٹر کے لئے تبدیل نہیں کرنا چاہیے۔ آٹھویں ترمیم میں بھی اگر ہم ایک realistic approach رکھیں اور باہمی coperation سے اس کا جائزہ لیں قطع نظر اس کے کہ ہم پریذیڈنٹ کو اختیار دینا چائتے ہیں یا پرائم منسٹر کو اختیار دینا چاہتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ ا س پر کوئی ایک constructive لائحہ عمل ضرور نکل سکتا ہے۔ میری suggestion یہ ہوگئی کہ نہ صرف آٹھویں ترمیم بلکہ آئین میں 1973ء کے بعد جتنی بھی ترمیمات کی گی ہیں سوائے دو ایک کے ان سب پر نظر ثانی ہونی چاہیے اور اس نظر ثانی کے لئے پارلیمنٹ کی ایک جوائنٹ کمیٹی ہونی چاہئے جو بیٹھ کر ان مسئلوں پر objective طریقے سے بحث کریں اور پھر سوچ وبچار کے بعد جو ملک کے مفاد میں آئین میں تبدیلیاں لانی ہوں۔ political isntitutions کو مضبوط بنانے کے سلسلے میں وہ ضرور عمل میں لائی جائیں اور میں سمجھتا ہوں کہ نیشنل اسمبلی بنانے کے سلسلے میں وہ ضرور عمل میں لائی جائیں اور میں سمجھتا ہوں کہ نیشنل اسمبلی یا سینٹ کے معزز اراکین جو بھی صحیح ہوگی جو بھی صحیح تجویز ہوگی اس پر یقیناً agree کریں گے اور مخالفت برائے مخالفت کا attitude نہیں اپنائیں گے۔

جناب والا! میں فارن پالیسی کے سلسلے میں افغانستان کا ذکر کروں گا جو نہ مسئلہ حل ہونے کے قریب ہے اور روسی افواج کا انخلاء بھی عمل میں آتا ہوا نظر آرہا ہے اس لحاظ سے پاکستان کی اہمیت سے نہ پہلے کسی کو کبھی انکار تھا اور نہ آج ہو سکتا ہے پاکستان کی strategic position بہت ہی اہم اور بہت ہی ایسی واقع ہوئی ہے جس میں دونوں سپر پاورز دلچسپی رکھتی ہیں۔ جناب والا! ہمیں اپنی آزاد اور non-aligned policy برقرار رکھنی چاہئے کسی بھی سپر پاور کے ہاتھ میں ہمیں tool نہیں بنناچاہیے کیونکہ ہماری قوم کا اپنا ایک سٹیٹس اور وقار ہے اور ہماری اپنی ایک پوزیشن ہے اگر ہم کسی کے ہاتھ استعمال ہوں گے کسی کے ہاتھ tool بنیں

گے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری قوم کی بد قسمتی ہو گی اور ویسے بھی جناب والا! پاکستان پیپلز پارٹی کے اپنے (manifesto) میں اس بات کی ضمانت دی گئی ہے کہ پاکستان ایک non-aligned independent state رہے گا اور اپنے تمام پڑوسیوں اور خصوصاً سپر پاور کے ساتھ ہمارے bilateral relations قرار رہیں گے مجھے یقین ہے کہ ہماری فارن پالیسی انہیں لائنز پر استوار ہو گی اور ایک پر وقار طریقے سے اس قوم کی فارن پالیسی کا چلایا جائے گا۔

جناب والا! کالاباغ ڈیم جو کافی متنازعہ مسئلہ بنا ہوا ہے فرنٹیر اور سندھ دونوں نے اس کی پر زور مخالفت کی ہے۔ لوڈ شیڈنگ پر کل جب بحث ہو رہی تھی میں نے بھی اس کی مخالفت کی تھی لیکن آج میں نے ایک اخبار میں اپنے حوالے سے یہ خبر پڑھی کہ انرجی پیدا کرنے کے لئے میں نے یہ کہا کہ کالاباغ ڈیم بننا چاہیئے حالانکہ یہ حقائق کے بالکل برعکس ہے بہر حال to put this record straight میری گزارش ہے کہ کالاباغ ڈیم سے کسی کو فائدہ پہنچتا ہے یہ تو میں نہیں جانتا لیکن اتنا ضرور جانتا ہوں کہ اس سے سندھ کے مفادات کو بہت زیادہ نقصان پہنچتا ہے اور سندھ کے رہنے والے اس ایشو پر بہت زیادہ حساس ہیں۔ انڈس کا پانی ہے ہماری بہت ساری زمینیں اس وقت بنجر پڑی ہیں اور کوئی ذریعہ معاش نہیں سوائے اس کے کہ جب پانی فراہم کرتے ہیں لیکن بد قسمتی سے shortage سندھ میں اتنی واقع ہوئی ہے کہ کچھ علاقے اب نہیں ڈوبتے اور وہ ہزاروں لاکھوں افراد جو کچے میں رہتے ہیں ان کی زندگیاں اجیرن ہو گئی ہیں اور مصیبت زدہ وہ لوگ اپنے روزگار کی تلاش میں اپنے علاقے چھوڑ کر دوسرے علاقوں میں جانے پر مجبور ہو گئے ہیں اس situation میں اگر کوئی بھی ڈیم انڈس پر بنایا جاتا ہے تو میں یہ سمجھوں گا کہ یہ سندھ کے لوگوں کے ساتھ صریحاً ناانصافی ہو گی ان کے ساتھ بے حد زیادتی ہو گی۔ لہذا اس منصوبے کو نہ صرف discord کیا جائے بلکہ اگر بجلی کی کمی کی بنیاد بنا کر اس کو عمل میں لانا چاہتے ہیں تو میں نے کل بھی عرض کیا تھا کہ وہاں ہمیں نیوکلیئر انرجی کی طرف اپنی توجہ مبذول کرنی چاہیے۔ بجائے اس کے کہ ہم

کالاباغ ڈیم کی بات کریں۔ انڈس واٹر کی apportionment کا امسلہ ابھی تک طے نہیں ہوا۔ صوبوں کو اپنے پانی کا حق ابھی تک نہیں ملا۔ ہم یہ مطالبہ کریں گے کہ apportionment کا فیصلہ جتنا جلد ممکن ہو سکے کیا جانا چاہیے اور گارنٹی دینی چاہیئے کہ جتنا کسی کا حق بنتا ہے وہ ضرور ملے گا۔ تاکہ لوگ کم از کم مطمئن ہوں کہ ان کی زمینیں آباد ہوں گی انکوانڈس کے پانی سے حصہ ملتا رہے گا۔ اور اس میں کسی قسم کی مداخلت نہیں ہوگی۔

جناب عالی! یہ ad-hocism جو کئی سالوں سے چلا آرہا ہے کم از کم اس سٹیج پر آکر اس ad-hocism کو ختم ہو جانا چاہیے۔ کہا یہ جاتا ہے کہ پانی excess میں ہے اور وہ ٹھٹہ سے نیچے جا کر Arabinan Sea میں گر جاتا ہے تو سندھ والے کیوں چیخ و پکار کرتے ہیں، **جناب والا!** یہ excess water میں جا کر گرتا ہے جو India سے excess میں ہمیں ملتا ہے اور ویسے بھی وہاں ٹھٹہ اور بدین کی جو زمینیں ہیں اگر یہ پانی سمندر میں نہ گرے تو سمندر کی جو waves ہیں وہ اوپر اٹھتی ہیں اور ان ساری زمینوں کو سیم اور تھور سے تباہ کر دیتی ہیں جن پر اس وقت لوگ آبادی کاری کر رہے ہیں۔ آج بھی ٹھٹہ کے اندر سینکڑوں ایکڑ زمین ایسی ہے جس پر اس پانی کے نیچے نہ بہنے کی وجہ سے سیم اور تھور نے حملہ کیا ہوا ہے اور وہاں ایک ایکڑ بھی زمین آباد نہیں ہوتی' اگر اس پانی کا natural flow بحیرہ عرب میں نہ جائے گا تو وہاں کی لاکھوں ایکڑ زمین ہر سال تباہ و برباد ہوتی چلی جائے گی اور وہ بھی جناب والا! نہ صرف سندھ کا نقصان ہے بلکہ وہ پاکستان کی معیشت کا نقصان ہے اور پاکستان کے حکمرانوں کو اسے اپنا نقصان سمجھ کر اس کا ازالہ کرنا چاہئے۔ تو یہ تھوڑا پانی دریائے سندھ کا سمندر میں جا کر گرتا ہے یہ وہاں کے جغرافیائی لحاظ سے بھی بہت اہمیت رکھتا ہے اور اس کے گرنے سے ہی ان سمندر کی لہروں کو روکا جاتا ہے اور اس ٹھٹہ اور بدین کی زمین کو سیم اور تھور سے بچایا جا سکتا ہے۔

جناب چیئرمین۔ اب ذرا وائنڈاپ کرلیں۔

میر ہزار خان بجارانی۔ جی میں آخر میں law and order پر مختصر بات

کروں گا۔ جناب والا ! یہ حقیقت ہے کہ political agitations اس وقت decrease ہوئی ہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم جو اس نمونہ کے agitations میں پیش پیش ہوا کرتی تھی اب اس میں ملوث نہیں رہیں۔ بہر حال dacoities کا جہاں کا تعلق ہے اور پورے ملک میں تو پتہ نہیں کتنی ہوتی ہوں گی لیکن سندھ میں وہ آج بھی وہی صورت اختیار کئے ہوئے ہیں جیسا کہ آج سے کئی سال پہلے سے سلسلہ چلا آرہا تھا۔ نہ شہروں میں لوگ محفوظ ہیں نہ دیہاتوں میں لوگ محفوظ ہیں آج بھی ان کو آغواء کیا جاتا ہے۔ جناب والا ! خود وزیر اعظم صاحب کے اپنے دو ملازم نوڈیرو سے اغواء کئے گئے جن کے متعلق میں نے سنا کہ ransom کو ان کو واپس لایا گیا اگر وزیر اعظم کے ملازم اغواء ہوں تو میں نہیں سمجھتا کہ غریبوں کی زندگیاں کتنی محفوظ ہوں گی اس مسئلے کی طرف توجہ دینی چاہیئے۔ دوسری بات political prisioners release کئے گے ٹھیک ہے میں ذاتی طور پر اصولاً اس بات سے agree کرتا کہ political prisones کو release کیا جانا چاہئے لیکن کچھ ایسے لوگ بھی تھے جن پر دیگر جرائم کے کیسز چل رہے تھے اگر سول عدالتوں میں ان کے کیسز چلا کر فیصلہ کیا جاتا تو بہتر طریقہ تھا لیکن بغیر کسی عدالت کے آرڈر کا انہیں relsease کر دیا گیا ہے کچھ اپنی consideration ہوں گی لیکن ایسے کچھ اور بھی ملزم ہیں۔

جناب والا ! اور بھی لوگ ہیں جو جیلوں میں سڑ رہے ہیں ان کے بارے میں یہ فیصلے کیوں نہیں کئے جاتے تھوڑی پھاٹک کے طلبا جو آج بھی جیلوں میں سڑ رہے ہیں انکے بارے میں یہ فیصلہ کیوں نہیں دیا گیا کیا وہ political prisoners نہیں ہیں اگر ان کے خلاف من گھڑت کیس بنائے گئے ہیں تو ان کو criminals کیوں declare کیا جاتا ہے پیپلز پارٹی کے ورکرز کے خلاف جتنے کیسز تھے وہ من گھڑت قرار دے کر withdraw کئے جاتے ہیں اور ان کو release کیا جاتا ہے تو ٹھوری پھاٹک کے sutdents کے خلاف وہ cases withdraw کر کے ان کو کیوں relase نہیں کیا جا سکتا۔ سندھ کے

اور کافی سیاسی قیدی ہیں وہ information کے مطابق کم از کم نو ایسے سندھی political prisoners ہیں جو اس وقت پاکستان کی مختلف جیلوں میں سڑ رہے ہیں ان کے بارے میں یہ فیصلہ کیوں نہیں کیا جاتا اور پھر اوپر سے یہ کہا جاتا ہے کہ اس وقت پاکستان میں کوئی بھی po-litical prisones نہیں ہے یہ ایک غلط statement ہے اس وقت بھی کم از کم سندھ کے 90 فیصد افراد political prisoners جیلوں میں موجود ہیں اور میں آپ کے توسط سے حکومت کی توجہ اس طرف مبذول کراؤں گا اور یہ گزارش کروں گا کہ ان کے بارے میں یہ فیصلہ صادر ہونا چاہیئے اور ان کی رہائی کا آرڈر بھی فوری طور پر عمل میں آنا چاہیئے تاکہ وہ بھی رہا ہوں اور اپنے گھروں کو واپس جائیں آپ کا بہت بہت شکریہ۔

VIEWS ON THE REPATRIATION OF STRANDED BIHARIES

Mir Hazar Khan Bijarani the Honourable Senator from Sindh on 14th Februery 1989 Spoke on the Subject of Repatriation of Stra_nded Biharies to Pakistan as*

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ ہزار خان بجارانی صاحب

میر ہزار بجارانی جناب چیئرمین : شکریہ میں اپنے فاضل دوستوں کے points کی تائید کرتے ہوئے اپنی بات آگے بڑھاؤں گا۔ حقائق میں جانے سے پہلے میں چاہوں گا کہ تھوڑی سی historical backgrond آپ کے توسط سے اس معزز ایوان کے سامنے بیان کروں تاکہ مسئلہ کی جو اہمیت اور سندھ کے لوگوں کے جو خدشات ہیں اس سے آگاہی حاصل ہو سکے۔

جناب والا! 1947 میں جب تقسیم ہند عمل میں آئی اور پاکستان وجود میں آیا اس وقت انڈین مسلم کو یہ option دیا گیا تھا حالانکہ جیسے جتوئی صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ اس قسم کا کوئی written mandate نہیں تھا لیکن اخلاقی طور پر اس وقت کے مسلمانوں کو option حاصل تھا کہ وہ پاکستان کے کسی بھی حصہ میں جانا چاہیں تو وہ جا کر بس سکتے ہیں اس کے نتیجے میں کچھ مہاجرین مغربی پاکستان میں آئے۔ مغربی پاکستان میں آنے والوں کی بیشتر تعداد نے سندھ کی طرف رجوع کیا۔ بہار کے مسلمان مشرقی پاکستان کی طرف کوچ کر گئے کیونکہ انہوں نے ایسٹ پاکستان کو اپنے لئے زیادہ بہتر اور زیادہ مفید سمجھا۔

جناب والا! ان بہاریوں کی بنگلا دیش کے کیمپوں میں جو حالت ہے مجھے ان سے پوری ہمدردی ہے مجھے اس مسئلہ کی اہمیت کا احساس ہے میں جانتا ہوں کہ ان پر کیا گزر

---

* *Senate of Pakistan: Vol 7(1-17) 1989, pp 1085-95*

رہی ہے۔ لیکن محض یہ کہہ کر کہ یہ انسانی اور ایک اخلاقی اور اسلامی مسئلہ ہے اور ان جذبات کے تحت ان کو پاکستان میں لایا جائے میں سمجھتا ہوں کہ یہ کیس کو صحیح plead کرنے والی بات نہیں ہے یہ حقائق سے قطع نظر دھوکہ دہی اور غلط بیانی کرنے والی بات ہے۔

جناب والا! جس وقت ان کو یہ option دیا گیا تھا انہوں نے اپنا یہ option لے کر آئندہ کیا اپنے سارے option بند کر دئے تھے۔ میں اس ایوان سے آپ کے توسط سے یہ سوال کرنا چاہتا ہوں کہ آج چالیس برس کے بعد اگر انڈین مسلمان آپ سے یہ کہیں کہ صاحب ہم بھی پاکستانی ہیں تو کیا آپ ان کو پاکستان میں بسانے کے لئے تیار ہوں گے۔ اس سے زیادہ ایسٹ پاکستان کے وہ بنگالی جو چالیس برس تک آپ کے ملک کا حصہ رہے اور پاکستانی کہلاتے رہے اگر آج وہ یہ option دیتے ہیں کہ صاحب ہم بھی پاکستانی ہیں اور ہمیں بھی ویسٹ پاکستان میں آباد کیا جائے تو کیا آپ ان کو بھی یہاں بسانے کیلئے تیار ہوں گے۔ اسی طرح جناب والا یہ بہار کے لوگ ایسٹ پاکستان میں جا کر بسے تھے تو یہ وہاں کے ہو کر رہ گئے تھے۔ جس طرح آپ انڈین مسلمانوں کو آج آپ پاکستانی citizenship نہیں دے سکتے اسی طرح بہار کے وہ لوگ جو ایسٹ پاکستان میں بسے ہیں ان کو قطعاً کسی صورت میں بھی پاکستان کی citizenship نہیں مل سکتی ان کا کوئی right نہیں بنتا۔

جناب والا! میں زیادہ تفصیلات میں تو نہیں جاؤں گا کیونکہ جتوئی صاحب نے کافی تفصیل میں facts and figures سے اس ہاؤس کے سامنے اپنے کیس کو plead کیا ہے لیکن اس بات پر افسوس ضرور کروں گا کہ ایک اقلیت جو ایسٹ پاکستان میں جا کر بسی تھی وہ دو فیصد کے قریب تھی انہوں نے بڑی بے دردی سے اس قوم کے کلچر اس کی تہذیب اس کی زبان اس کے معاشرے کو نہ صرف بدلنے کی کوشش کی بلکہ ان پر حاوی ہونے کی کوشش کی ہو تو جناب والا! یہ چاہئے تھا کہ یہ migrants جس سر زمین میں جا کر بسے تھے اس سر زمین کے کلچر کو اس کی زبان کو ان کے طور طریقوں کو اپناتے جس طرح سندھ کے ماضی کو آپ دیکھیں سندھ میں صدیوں سے لوگ آتے رہے ہیں اور بستے رہے ہیں

سندھ کی سر زمین پیار محبت اور امن و آشتی کی سر زمین ہے انہوں نے بانہیں پھیلا کر باہر کے لوگوں کو welcome کیا ہے۔ لیکن سندھ میں جو بھی آیا اس نے سندھ کی زبان اپنائی سندھ کے کلچر کو اپنایا سندھ کے طور طریقوں کو اپنایا۔ جناب والا! آج بھی سندھ کی جو پچاس فیصد interior آبادی جو ہے وہ بلوچوں پر مشتمل ہے وہاں باہر سے آئے ہوئے سید آباد ہیں وہاں باہر سے آئے ہوئے پٹھان آباد ہیں۔ لیکن ان میں سے کوئی بھی اپنے آپ کو آج غیر سندھی نہیں کہتا انہوں نے کبھی اپنی تہذیب کو سندھ کی تہذیب پر مسلّط کرنے کی کوششیں نہیں کی بلکہ انہوں نے خود کو اس رنگ میں رنگ ڈالا اور سندھ کی تہذیب میں اپنے آپ کو ضم کر کے اپنے ساتھی ہونے کا پورا پورا ثبوت دیا آج سندھ کی آبادی ان کے ساتھ گھل مل گئی ہے اور کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ باہر سے آئے ہوئے سندھی ہیں اور یہاں کے اصل رہنے والے سندھی ہیں۔ جب تک ایک کلچر ایک زبان ایک تہذیب کو اپنانے کی بات نہیں ہوگی اس وقت تک یہ تلخیاں ختم نہیں ہوں گی۔ مجھے افسوس ہے کہ یہاں جو پارٹیشن کے بعد ہمارے ہاں ہمارے مسلم بھائی آئے انہوں نے کبھی یہ کوشش نہیں کی کہ وہ سندھ کی زبان سیکھیں انہوں نے کبھی بھی یہ کوشش نہیں کی کہ وہ سندھ کی ثقافت میں ضم ہو جائیں۔ سندھ کے طور طریقے اپنائیں یا سندھیوں کے قریب جانے کی کوشش کریں۔ جناب والا! وہ تو اپنے آپ کو آج بھی لکھنوی، بہاری، دہلوی اور پتہ نہیں کہاں کہاں سے منسوب کرتے ہیں۔ جس سے ہمیں دکھ پہنچتا ہے اگر آپ سندھ میں رہتے ہیں تو اپنے آپ کو سندھی کہلائیں یہ دوریاں آپ خود کیوں پیدا کرتے ہیں۔ آپ اپنی شناخت ابھی ہندوستان کی سر زمین سے کیوں کرتے ہیں جب آپ ہندوستان چھوڑ کر یہاں آئے ہیں تو آپ کو کیا حق پہنچتا ہے کہ آپ ابھی تک اپنی شناخت وہاں سے کرائیں اور پھر مہاجر کہلانے کا کیا جواز ہے۔ آپ جب پاکستان آئے ہیں آپ پاکستانی بن گئے ہیں تو کیا چالیس برس کے بعد بھی آپ مہاجر ہیں بڑے افسوس کی بات ہے۔ میں یہاں اسلامی حوالے سے بات کروں گا کہ جب مہاجرین مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ چلے گئے تھے تو وہاں تھوڑے ہی عرصے میں حضور اکرم ﷺ نے مہاجرین مکہ اور انصار مدینہ

کے درمیان ایک باقاعدہ بھائی چارہ قائم کرنے کی رسم ادا کی تھی اور آپس میں بھائی بندی کے رشتے میں منسلک ہونے کے بعد ان کا جو مہاجر والا سٹیٹس تھا وہ ختم ہو چکا تھا اور اس کے بعد وہ سب مسلمان تھے وہ اپنے آپ کو مہاجر نہیں کہلاتے تھے۔ لیکن افسوس سے مجھے یہ کہنا پڑتا ہے کہ چالیس برس کے بعد اور خاص طور سے وہ نسل جو پیدا ہی آزادی کے بعد ہوئی ہے۔ 47ء کے بعد سندھ کی زمین پر جنم لینے والے لوگ آج بھی اپنے آپ کو مہاجر کہلاتے ہیں اس کے پس منظر میں آخر کونسی چیز ہے کیوں نہیں اپنے آپ کو سندھی کہلاتے اور اگر مہاجر کہلانے پر جناب والا! اتنا ہی اصرار ہے تو پھر ہم مجبور ہو جائیں گے سندھ کے وہ پرانے باشندے اب مجبور ہو جائیں گے کہ ان کے ساتھ برتاؤ بھی مہاجرین والا کیا جائے کیونکہ پھر مہاجر کا اس سرزمین پر کوئی حق نہیں بنتا۔ آج افغانستان کے issue کی وجہ سے تیس لاکھ مہاجر ہماری سرزمین پر بیٹھے ہوئے ہیں ٹھیک سے ہم نے ایک جذبہ اخوت کی بنیاد پر ان کو یہاں پناہ دی ہے۔ یہ ہماری روایات ہیں جس پر ہم شروع سے عمل پیرا رہے ہیں۔ اور آئندہ بھی رہیں گے۔ لیکن ہم ان کو پاکستانی شہریت نہیں دے سکتے اگر وہ مہاجر ہیں تو اپنی سرزمین پر لوٹ جائیں اور اسی طرح اگر یہ اصرار کرتے ہیں۔ بہاری جو اس وقت ایسٹ پاکستان کے کیمپوں میں بند ہیں وہ مہاجر ہیں جن کو واپس بہار جانا چاہیے ان کو یہاں سندھ میں جگہ دینے کی کوئی گنجائش ہیں یہاں پاکستان کی سرزمین پر ان کے لئے کوئی گنجائش ہیں ہے اور اگر ان کا مسئلہ اتنا ہی ہمدردی طلب ہے تو ٹھیک ہے۔ انہیں ایک انٹرنیشنل سٹیٹس دلوانے کی کوشش کی جائے ان کو بین الاقوامی طور پر immigrants declare کرنے کی کوشش کی جائے اور ایک انسانی جذبے کے تحت دنیا کے ان ممالک میں ان کو بھیجا جائے جہاں ان کے روزگار کے موقع پیدا ہو سکیں جناب سندھ میں ہمارے ہاں کہاں ہے روزگار؟ پاکستان میں اس وقت بھی بے روزگاری اپنی انتہا کو پہنچی ہوئی ہے لوگوں کو یہاں ابھی تک صحیح طور کپڑا نہیں ملا ہے کھانے کو یہاں روٹی میسر نہیں ہوتی تو آپ کسی طرح یہ اضافی بوجھ برداشت کرنے کو تیار ہوں گے۔ سندھ کے اندر مہاجر کالونیاں ہیں جن کے اوپر قریب اخراجات کئے جا چکے ہیں ٹھیک ہے

ہمیں اس پر اعتراض نہیں ہے آپ ضرور ان کی حالت بہتر بنانے کے لئے ان کے اوپر خرچ کریں وہ پاکستانی ہیں جو یہاں sttle ہوئے ہیں ہمیں ان پر کوئی اعتراض نہیں وہ ہمارے بھائی سمجھیں یہ اختلافات ختم کریں اپنے آپ کو ہمارے ساتھ منسلک کریں اور ایک بھائی چارے کی فضا قائم کریں جس سے نہ صرف سندھ میں ماحول بہتر ہو بلکہ پاکستان کے اندر بھی یہ جو tension پیدا ہوئی ہے جو آئے دن فسادات ہوتے ہیں یہ جو آئے دن نسلی فسادات ہوتے ہیں کراچی اور حیدر آباد کے اندر ہم ان کو ختم کر سکیں۔ آخر بھائی بھائی کا گلہ کیوں کاٹ رہا ہے ایک دوسرے کا خون بہانے پر ہم کیوں تلے ہوئے ہیں ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہم کیوں بنے ہوئے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جناب والا! کہ ایک دوسرے کے قریب آنیکی کبھی کوشش نہیں کی گئی ایک دوسرے کی تہذیب اور ثقافت کو اپنانے کی کوشش نہیں کی گئی صرف باتوں سے یہ کہہ دینے سے کہ ہم آپ کے پڑوسی ہیں آپ کی سرزمین پر رہتے ہیں آپ کے بھائی ہیں یہ کافی نہیں ہوتا اس سے یہ tension دور نہیں ہوتی اس سے تو اور دوریاں بڑھتی ہیں۔ میں توقع کرتا ہوں کہ ہمارے ان اردو بولنے والے بھائیوں کی جو ذمہ دار قیادت ہے جنہیں اس کا احساس ہے وہ اپنی نوجوان نسل کو سمجھانے کی کوشش کریں گے ان کے ذہن میں یہ بات ڈالنے کی کوشش کریں اس سرزمین پر رہنا ہے اپنے آپ کو پاکستانی سمجھیں اپنے آپ کو سندھی سمجھیں تب ہی آپ گزارہ کر سکتے ہیں۔ حیرت کی تو اس بات کی ہے کہ ہمیں کہا جاتا ہے کہ صاحب آپ سندھی کیوں کہلاتے ہیں پٹھان کیوں کہلاتے ہیں اپنے آپ کو پاکستانی کہلائیں۔ ہمیں پاکستانی ہونے پر فخر ہے ہم پہلے پاکستانی ہیں اس کے بعد جس سرزمین پر رہتے ہیں تھوڑے ہی عرصے میں حضور ﷺ نے مہاجرین مکہ اور انصار مدینہ کے درمیان ایک باقاعدہ بھائی چارہ قائم کرنے کی رسم ادا کی تھی اور آپس میں بھائی بندی کے رشتے میں منسلک ہونے کے بعد ان کا جو مہاجر والا سٹیٹس تھا وہ ختم ہو چکا تھا اور اس کے بعد وہ سب مسلمان تھے وہ اپنے آپ کو مہاجر نہیں کہلاتے تھے لیکن یہاں افسوس سے مجھے یہ کہنا پڑتا ہے کہ چالیس برس کے بعد اور خاص طور سے وہ نسل جو پیدا ہی آزادی کے بعد ہوئی

ہے 48 کے بعد سندھ کی زمین پر جنم لینے والے لوگ آج بھی اپنے آپ کو مہاجر کہلاتے ہیں ۔اس طرح کے پس منظر میں آخر کونسی چیز ہے کیوں نہیں اپنے آپ کو سندھی کہلاتے اور اگر مہاجر کہلانے پر جناب والا ! اتنی ہی اصرار ہے تو پھر ہم مجبور ہو جائیں گے سندھ کے وہ پرانے باشندے اب مجبور ہو جائیں گے کہ ان کے ساتھ برتاؤں مہاجرین والا کیا جائے کیونکہ پھر مہاجر کا اس سرزمین پر کوئی حق نہیں بنتا۔ آج افغانستان کے issue کی وجہ سے تیس لاکھ مہاجرین ہماری سرزمین پر بیٹھے ہوئے ہیں ٹھیک ہے ہم نے ایک جذبہ اخوت کی بنیاد پر ان کو یہاں پناہ دی ہے یہ ہماری روایات ہیں جس پر ہم شروع سے عمل پیرا رہے ہیں اور آئندہ بھی رہیں گے لیکن ہم ان کو پاکستانی شہریت نہیں دے سکتے اگر وہ مہاجرین ہیں تو اپنے سرزمین پر لوٹ جائیں اور اسی طرح اگر یہ اصرار کرتے ہیں۔ بہاری جو اس وقت ایسٹ پاکستان کے کیمپوں میں بند ہیں وہ مہاجرین ہیں ان کو واپس بہار جانا چاہیئے۔ ان کو یہاں سندھ میں جگہ دینے کی کوئی گنجائش نہیں ہے اور اگر ان کا مسئلہ اتنا ہی ہمدرد طلب ہے تو ٹھیک ہے ان ایک انٹرنیشنل سٹیٹس دلوانے کی کوشش کی جائے ان کو بین الاقوامی طور پر immigrants declare کرنے کی کوشش کی جائے اور ایک انسانی جذبے کے تحت دنیا کے ان تمام ممالک میں ان کو بھیجا جائے جہاں ان کے روزگار کے مواقع ہو سکیں۔ جناب سندھ میں ہمارے ہاں کہاں روزگار پاکستان میں اس وقت بھی بے روزگاری اپنی انتہا کو پہنچی ہوئی ہے لوگوں کو یہاں ابھی تک لوگوں کو یہاں ابھی تک صحیح طور پہننے کو کپڑا نہیں ملا ہے کھانے کو یہاں روٹی میسر نہیں ہوتی ہے آپ کس طرح یہ اضافی بوجھ برداشت کرنے کو تیار ہوں گے۔ سندھ کے اندر مہاجر کالونیاں ہیں جن کے اوپر اس وقت بھی پچاس کروڑ کے قریب اخراجات کئے جا چکے ہیں ٹھیک ہے ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں آپ ضرور ان کی حالت بہتر بنانے کے لئے ان کے اوپر خرچ کریں پاکستانی ہیں جو یہاں settle ہوئے ہیں ان پر کوئی اعتراض نہیں وہ ہمارے بھائی سمجھیں یہ اختلافات ختم کریں اپنے آپ کو ہمارے ساتھ منسلک کریں اور ایک بھائی چارے کی فضا قائم کریں جس سے نہ صرف سندھ میں ماحول بہتر ہو بلکہ پاکستان کے

اندر بھی یہ جو tension پیدا ہوئی ہے جو آئے دن فسادات ہوتے ہیں یہ جو آئے دن نسلی فسادات ہوتے ہیں کراچی اور حیدر آباد کے اندر ہم ان کو ختم کرا سکیں آخر بھائی بھائی کا گلہ کیوں کاٹ رہا ہے ایک دوسرے کا خون بہانے پر ہم کیوں تلے ہوئے ہیں ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہم کیوں بنے ہوئے ہیں۔ یہی وجہ ہے۔

جناب والا! کہ ایک دوسرے کے قریب آنے کی کبھی کوشش نہیں کی گئی ایک دوسرے کی تہذیب اور ثقافت کو اپنانے کی کوشش نہیں کی گئی صرف باتوں سے یہ کہہ دینے سے کہ ہم آپ کے پڑوسی ہیں۔ آپ کی سر زمین پر رہتے ہیں آپ کے بھائی ہیں یہ کافی نہیں ہوتا اس سے یہ tension دور نہیں ہوتی اس سے یہ نفرتیں ختم نہیں ہوتیں بلکہ اس سے تو اور نفرت بڑھتی ہے اس سے تو اور دوریاں بڑھتی ہیں میں توقع کرتا ہوں کہ ہمارے اردو بولنے والے بھائیوں کو جو ذمہ دار قیادت ہے جنہیں اس مسئلے کا احساس ہے اور وہ اپنی نوجوان نسل کو سمجھانے کی کوشش کریں گے ان کے ذہن میں یہ بات ڈالنے کی کوشش کریں گے کہ بھائی آپ نے اس سر زمین پر رہنا ہے اپنے آپ کو پاکستان سمجھیں اپنے آپ کو سندھی سمجھیں تب ہی آپ گزارہ کر سکتے ہیں حیرت تو اس بات کی ہے کہ ہمیں کہا جاتا ہے کہ صاحب آپ سندھی کیوں کہلاتے ہیں پٹھان کیوں ن کہلاتے ہیں اپنے آپ کو پاکستانی کہلائیں ہمیں پاکستان ہونے پر فخر ہے ہم پہلے پاکستانی ہیں لیکن اس کے بعد جس سر زمین پر رہتے ہیں وہاں ہماری ثقافت سے ہماری ایک زبان ہے۔ فیڈریشن آخر کہتے کسے ہیں فیڈریشن نام ہوتا ہے چند یونٹس کے اکٹھے رہنے کا پاکستان ایک فیڈریشن ہے جو چار صوبوں پر مشتمل ہے اور اپنی جگہ ایک مسئلہ حقیقت ہے کہ چاروں صوبوں کی اپنی ایک ثقافت ہے اپنی زبان ہے اپنا ایک کلچر آپ کس طرح ان حقائق کو جھٹلا سکتے ہیں کسی طرح آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ان ساری چیزوں کو آپ ختم کریں۔ پھر سندھ کا کلچر جناب والا! ہمیں تو فخر ہے اپنے سندھی کے کلچر پر وہ تو پیار محبت اور امن کا کلچر ہے۔ وہ تو محبت کے گیت گانے والوں کا کلچر ہے وہ تو بانہیں پھیلا کر لوگوں کو خوش آمدید کہنے والوں کا کلچر ہے سندھ نے ہمیشہ محبت اور پیار اور پیار

کا درس دیا ہے جناب والا! وہاں کبھی نفرت کی بت نہیں ہوئی ہے سندھ کی تاریخ گواہ ہے یہ نفرت کا بیج ہمارے ان دوستوں نے یہاں آکر بویا ہے جو باہر سے آئے اور اپنی ثقافت کو یہاں ہم پر ٹھونسنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہم ان سے یہ اپیل کریں گے آپ کے توسط سیاسی فیڈریشن کو represen کرنے والے ہاؤس کے توسط سے کہ خدارا آپ سندھ کی تہذیب کو اس طرح تہس نہس کرنے کے منصوبے نہ بنائیں سندھ کی زبان کو ختم کرنے کی باتیں آپ نہ کریں سندھ کے مقامی لوگوں پر اپنے تسلط کو جمانے کی آپ لوگ کوشش نہ کریں کیونکہ اس سے تلخیاں بڑھیں گی اور اس سے مسائل پیدا ہوں گے مسائل گھٹیں گے نہیں۔ اور سندھ کے اندر جناب والا! تو تاریخ گواہ ہے جب مہاجرین پاکستان میں آئے ہیں کسی بھی جگہ آپ کو بسا دیجئے گا وہ گھوم پھر کراچی اور حیدر آباد ہی آتے ہیں۔ حیدر آباد کراچی اس وقت مسائل کے شہر بنے ہوئے ہیں کراچی میں پینے کو پانی نہیں ملتا وہاں بجلی کی کمی ہے وہاں ٹرانسپورٹ کا مسئلہ ہے وہاں رہائش کے مسائل ہیں تو آپ جب اپنے لوگوں کے مسئلے حل نہیں کر سکتے تو کس طرح سے آپ یہ اضافی بوجھ برداشت کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔

جناب والا! ایک محتاط اندازے کے مطابق 1983 میں جو ایک ہوا تھا ان بنیادوں کا اس کے متعلق پانچ لاکھ پینتیس ہزار ایسے تھے جنہوں نے ریڈ کراس میں اپنے آپ کو رجسٹر کرایا تھا اور اس کے بعد ایک لاکھ انہتر ہزار بہاری اس وقت repatriate ہوئے تھے۔ پاکستان میں اور ان فگرز کے مطابق تین لاکھ چھیاسٹھ ہزار بہاری باقی وہاں رہ گئے لیکن یہ بات ہے 1973 کی۔ جب ہم 1989 میں ہیں تو اس حساب سے کم از کم آج بھی ان کی تعداد اگر ہو گی تو سات اور دس لاکھ کے قریب ہو گی اور اگر سات اور دس لاکھ کے قریب بہاری آپ اس وقت پاکستان لے آئے اور ان کو کراچی اور حیدر آباد میں بسا دیں تو میں سمجھا ہوں جناب والا! یہ تو اس طرح ہو گا کہ Will be adding fuel to the fire۔ کراچی اور حیدر آباد پہلے سے آگ کے شعلوں میں لپٹے ہوئے ہیں اگر دس لاکھ مہاجرین اور لا کر آپ کے سروں پر مسلط کر دیں گے تو وہاں اور لسانی مسئلے ہوں گے وہاں اور problems

ethnic ہوں گی ان کو روزگار میسر نہیں ہوگا تو ظاہر ہے۔ انسان کی فطرت ہوتی ہے کہ وہ اپناروزگار حاصل کرنے کیلئے تگ ودو کرتا ہے وہ ہاتھ پاؤں مارتا ہے اور اب وہ ہاتھ پاؤں ماکر روزگار حاصل کرنے کی کوشش کریں گے تو ظاہر ہے کہ اس کا اثر مقامی آبادی پر پڑے گا اور اس سے مزید نفرتیں جنم لیں گی۔ پہلے آپ اپنے لوگوں کو تو rehabilitate کیجئے پہلے آپ کے اپنے جو پاکستان کے باشندے ہیں ان کو تو روزگار فراہم کیجئے ان کی فلاح و بہبود کی تو بات کیجئے کہاں اپ یہاں بہاریوں کا مسئلہ لے کر بیٹھ گئے ہیں وہ ہمارا مسئلہ نہیں ہے۔ وہ مسئلہ اگر بین الاقوامی لیول پر لیں تو بہت سارے ممالک ہیں جو ان کو قبول کرنے پر تیار ہوں گے اگر اسلامی جذبے کے تحت اس مسئلے کو حل کرنا ہے تو ماشاء اللہ مسلم دنیا کے ہم سے بہت زیادہ امیر ممالک بیٹھ ہوئے ہیں وہ اپنی طرف ان کو لے جائیں اور ان کے لئے وہاں موقع پیدا کریں تا کہ اسلام کا بول بالا ہو ان کا بھی بھلا ہو اور ان کی بھی نیک نامی ہو جائے گی تو ہم غریبوں پر کیوں مصیبت ڈالے جانے کے منصوبے بنائے جارہے ہیں۔ **جناب والا!** اخبارات میں آئے روز دیکھتے ہیں کہ کبھی پندرہ کا قافلہ حیدر آباد میں گرفتار اور کبھی چالیس بہاری گرفتار ہوئے حیدر آباد میں یہ بہاریوں کی باتیں کرتے ہیں دوسروں کے مسائل اپنی سرزمین پر لاکر حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں ہمیں کوئی ضرورت نہیں ہے۔ ہم نہیں چاہتے کہ سندھ میں ہمارے یہاں یہ بہاری آئیں اور ہمارے مسائل کو الجھائیں اس وقت بھی جناب والا 25 فیصد آبادی سندھ کی ہے جو سندھی بولتی ہے اور 48 فیصد جو ہیں وہ غیر سندھی بولنے والے ہیں تو آپ دکھیں کہ کتنا کم مارجن رہ گیا ہے ہم نہیں چاہتے کہ ہمارا سٹیٹس Mexicans جیسے Red indians جیسا ہو خدارا ہمیں اس سٹیٹس سے اس حیثیت سے بچایئے میں دردمندانہ اپیل کروں گا آپ کے توسط سے اس ہاؤس کے باہر جتنے قائدین ہیں اور حکومت وقت سے کہ وہ ہماریان مجبوریوں کو سمجھیں اور ہمارے ان مسائل کو سمجھیں اور ایسے مسئلوں کو حل کرنے کی کوشش کریں تا کہ سندھ کے اندر مزید کوئی مسئلہ پیدا نہ ہو آپ کا زیادہ وقت لینا نہیں چاہتا آپ کا بہت بہت شکریہ۔

ڈاکٹر بشارت الٰہی۔ جناب والا! میں ایک وضاحت چاہوں گا' میرے فاضل دوست نے کچھ بتایا تھا کہ 1973ء یا 1983ء میں کچھ لوگ repatriate کئے گئے تھے تو میں صرف یہ پوچھنا چاہوں گا کہ کچھ لوگ کیوں repatriate ہوئے تھے باقی کیوں وہاں رہ گئے۔

میر ہزار خان بجارانی۔ جناب والا! یہ تو وفاقی حکومت ہی بتا سکتی ہے یا وہ بتا سکتے ہیں جو اس وقت حکمران ہیں۔ مجھے یہ فگرز ملے تھے میں نے وہی فگر زبیان کئے ہیں۔

PROVINCIAL AUTONOMY

On September 18, 1989 Mir Hazar Khan Bijarani on the Subject of Provincial Autonomy viewed as:*

[Mr. Chairman]

Pakistan: Safeguarding the sovereignty. Integrity, and unity of the country and in keeping with its role in the world affairs.

The Motion was adopted

Mr. Chairman: The resolution stands passed. So, this resolution is adopted. The next item on the agenda item we have deferred. Now **Mr. Bijarani** has requested that his matter which is at item No. 44 may be taken in perference to the other item. Is there any agreement on this?

[It was agreed]

Mr. Chairman. So, that is agreed.

Mr. Bijarani would you like to take up your item which is item No.11 this is regarding the quantum of the provincial autonomy.

Mir Hazar Khan Bijarani: Do I move the motion?

کرنے کی ضرورت نہیں move جناب چیئر مین سے

I am told. Now you can start your discussion on this. All

---

* *Senate of Pakistan 4(1-10) 1989, pp. 134-49.*

those who would like to speak on this motion they may kindly give their names to the Secretary. Because I Don't think we can conclude the discussion on this today. Discussion on motion under rule 194 Re: Provincial autonomy.

میر ہزار خان بجارانی : جناب چیئر مین! میں آپ کا بے حد مشکور ہوں کہ بالآخر اتنے طویل انتظار کے بعد آپ نے اس اہم موضوع پر مجھے اظہار خیال کا موقع دیا میں سمجھتا ہوں کہ وقت اور حالات کی مناسبت سے اس وقت پاکستان کے جتنے issues موجود ہیں اس میں provincial autonomy سب سے زیادہ اہم ہے بد قسمتی ہے پاکستان جب سے معرض وجود میں آیا صوبائی خود مختاری کا مسئلہ ہمیشہ متنازعہ رہا اور کبھی ہم ایسے فارمولے متفق نہیں ہوئے جس سے وفاق کے تمام یونٹ مطمئن ہوں اور وفاق صحیح معنوں میں ایک جمہوری شکل اختیار کر سکے۔

[At this stage the Chairman vacated the Chair which was occupied by the Deputy Chairmarn (Syed Muhammad Fazal) Agha]

میر ہزار خان بجارانی۔ جب سے پاکستان بنا پاکستان کا آئین فریم کرنے کی بہت سی کوششیں ہوتی رہیں اور سب سے پہلی کوشش 1956ء میں ہوئی اور اس میں کوشش کی گئی کہ اس میں Provincial Autonomy اس طرح رکھی جائے جس سے وفاق کے تمام یونٹس مطمئن ہوں لیکن میں یہ کہوں گا کہ کچھ Vested interest یہ نہیں چاہتے تھے کہ جو 1940 Provincial Autonomy کے ریزولوشن میں پاکستان کے وفاق کے یونٹوں کے دینے کا عزم کیا گیا تھا وہ اس وفاق میں عمل میں لائی جا سکے اس طرح **جناب چیئر مین!** 1962ء میں ایک اور آئین بنانے کی کوشش کی گئی لیکن اس میں Provincial Autonomy جیسے اہم مسئلے کو اس انداز سے حل کیا گیا جس سے وفاق کے یونٹ مطمئن ہو

سکیں۔1970ء کے الیکشن   ہوئے اور اس کے بعد جو ایک سانح اس ملک کو پیش آیا اس کے پس منظر میں 1973ء میں جو ویسٹ پاکستان اس وقت رہ گیا تھا...... (مداخلت)

جناب اعجاز علی خان جتوئی۔ پوائنٹ آف آرڈر یہ جو یہاں پر مسئلہ ہے یہ بڑا importantمسئلہ ہے میں ممبرز حضرات سے request کرتا ہوں کہ یہ ذرا غور سے سنیں کیونکہ اسی وجہ سے ملک ٹوٹا ہے۔

جناب ڈپٹی چیرمین۔ شکریہ جی آپ کا پوائنٹ بڑا Valid ہے ہاؤس کے اراکین سے گزارش ہے کہ بڑی خاموشی سے اس ڈبیٹ کو سنیں اور particpate کریں جس سے کوئی صحیح result بھی نکل آئے۔

میر ہزار خان بجارانی۔ جناب والا! 73ء میں پہلی مرتبہ ایک sincere کوشش کی گئی کہ لوگوں کے وہ جذبات وہ احساسات خصوصاً چھوٹے صوبوں کے لوگوں کے جو وہ صوبائی خود مختاری کے بارے میں رکھتے ہیں۔ ان کو کسی طرح سے اس آئین میں شامل کیا جائے تاکہ اس وفاق کے تمام یونٹ مطمئن ہو سکیں اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ وہ 73ء کے آئین میں کچھ باتیں ایسی رکھی گئیں جس سے یہ تاثر ملتا ہے کہ واقعی ملک کے اس وفاق کے چھوٹے یونٹوں کے مفاد میں کچھ اقدامات کئے گئے ہیں۔ سب سے پہلی بات سینٹ کا وجود ہے اور پہلی مرتبہ یکساں نمائندگی کی بنیاد پر چاروں صوبوں سے ممبران الیکٹ کرنے کی ایک provision رکھی گئی اور یہ ہاؤس اس لئے بنایا گیا کہ صوبوں کے مسائل ہیں جو صوبوں کی تکالیف ہیں جو صوبوں کی مشکلات ہیں وہ اس ایوان میں discuss کی جائیں اور جو ان کے ساتھ زیادتیاں ہوئی ہیں ان پر کسی قسم کا check ہونا چاہئے یہ بڑی اچھی بات ہے اسی طرح سے Council of Common Interests کا وجود میں سمجھتا ہوں کہ اس وفاق کے لئے ایک نہایت ہی مفید اقدام تھا۔ National Economic Council کا فریم کرنا یا National finance کا فریم کرنا ہے ساری چیزیں ایسی ہیں

commission جس سے چھوٹے صوبے مطمئن ہوئے تھے۔ ان کی آواز اب وفاقی سطح تک سنی جائے گی اور ان کے مسائل کو کوئی نہ کوئی حل انصاف کی بنیادوں پر عدل کی بنیادوں اس فورم سے نکل آئے گا لیکن میں دوبارہ یہ کہوں گا کہ ہماری بد قسمتی یہ ہے کہ وہ spirit اور جذبہ جس کے تحت یہ ساری 73ء provisions کے آئین میں رکھی گئی تھیں اسے قائم نہیں رکھا گیا سینٹ تو بنایا گیا یکساں نمائندگی تو اس میں دی گئی لیکن سینٹ کو Financial powers نہیں دی گئیں اس کے علاوہ اور بھی بہت سارے فیصلے جس میں سینٹ کا حصہ ہونا چاہیے اس میں سینٹ کو پارٹی نہیں بنایا گیا Council of Common Interests کا حشر آج ہم پاکستان میں دیکھ رہے ہیں جب دو صوبے پنجاب اور بلوچستان ایک آبادی کے لحاظ سے اور ایک رقبے کے لحاظ سے اس ملک کے دو بڑے صوبے بار بار یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ کونسل آف کامن انٹرسٹس کی میٹنگ بلائی جائے اور اس میں جو تنازعات صوبوں اور وفاق کے درمیان موجود ہیں نہیں حل کرنے کی کوئی راہ نکالی جائے ساتھ ہی ساتھ سینٹ کا ایک resolution موجود ہے جو متفقہ طور رپ اس ہاؤس میں پاس ہوا ان ساری چیزوں کو بالائے طاق رکھا گیا اور ابھی تک اس پر کوئی عمل نہیں ہوا نہ صرف یہ کہ Council of Common Interests کی میٹنگ نہیں بلائی جاتی بلکہ اس کے ممبران کو بھی نامزد نہیں کیا گیا یہ بڑے افسوس کی بات ہے یعنی وہ باڈی Constitute ہی نہیں ہوئی جس کو اس ملک میں ان issue کو discus کرنے کے لئے میٹ کرنا ہے۔

National Finance Commission کا حال یہ ہے کہ 1974ء میں جو Commission بنا تھا اور جو ایوارڈ اس وقت اس کمشن نے دیا تھا آج تک اس ایوارڈ پر حل ہوتا چلا آرہا ہے جب کہ آئین کا تقاضا یہ ہے کہ ہر پانچ برس بعد ایک کمشن مرتب کیا جائے گا اور 1979ء اور 1958ء میں دو کمشن بنائے بھی گئے لیکن ان دونوں کمشنوں نے کوئی توجہ نہیں دیا جس سے کہ وفاق کے resources صوبوں کے اندر نئے سروے سے تقسیم کرنے کا کوئی طریقہ نکل سکے۔ 1974ء اور 1989ء میں یہ بہت فرق واقع ہو چکا ہے۔ آج

صوبوں کی ضرورت 1974ء کی ضروریات سے بہت مختلف ہیں۔ آج کے مسائل 1974ء کے مسائل سے مختلف نوعیت کے ہیں۔ میں اس فورم سے آپ کے توسط سے یہ توقع کروں گا کہ حکومت نہ صرف Council of Common Interest کی میٹنگ جلدی بلائے گی جبکہ National Finance Commission جو بن چکا ہے اس کے ایوارڈ کے سلسلے میں بھی کچھ نہ کچھ پیش رفت کرے گی کیونکہ یہی چیزیں ہمارے وفاق کو مضبوط رکھ سکتی ہیں ہمارے صوبوں کو مطمئن کر سکتی ہیں۔

جناب والا! 1973ء کے دستور میں subjects کی لمبی لسٹ دی گئی ہے جو فیڈرل 59 subject دئے گئے ہیں جب کہ پارٹ ٹو میں آٹھ ہیں یہ کل ملا کر 67 subjects فیڈرل گورنمنٹ کے یعنی جو مرکزی کے حکومت کے ہیں اس کے purview میں آتے ہیں اور ساتھ ساتھ Concurrent list جو ہے اس کے subjects کی تعداد 47 ہے اب اگر ان subject list کو ہم دیکھیں تو 67 اور 47 subjects آپ Federal اور conncurrent لسٹ میں دے دیں تو پھر صوبوں کے لئے residuary subjects گیارہ جاتے ہیں جب پاکستان کے ہر صوبے سے یہ آواز آرہی ہے کہ ان کو مزید اختیارات دیے جائیں ان کو مزید powers دی جائیں ان کے tax base کو مزید wide کیا جائے ان کے resources میں اضافہ کیا جائے تاکہ وہ اپنے مسائل حل کر سکیں۔ صوبے خود اپنی ترقیاتی سکیموں پر عمل کر سکیں لیکن ابھی تک اس سلسلے میں کوئی پیش رفت نہیں ہوئی۔ 1983ء تک جو concurrent list ہے وہ automatically residuary list بن جائے گی اور subjects صوبوں کو منتقل ہو جائیں گے بد قسمتی سے بیچ میں مارشل لاء کا دور آگیا آئین کو معطل کر دیا گیا لیکن اسی دوران ان جو سیاسی تحریکیں چلیں جو organisations وجود میں آئیں ان میں جمہوریت کی بحالی کے لئے اور اس وفاق کے مسائل کو حل کرنے کے لئے سب سے اہم رول ایم۔ آر۔ ڈی کا تھا۔ ایم۔ آر۔ ڈی نے اپنے طور پر Provincial Autonomy کے subject پر ایک کمیٹی فارم کی تھی جس کو ملک قاسم نے head کیا تھا اور اس میں یہ کہا گیا کہ ایم۔ آر۔ ڈی مجموعی

طور پریااس میں سے کسی ایک فریق کواگر آزادانہ انتخابات کے ذریعہ اقتدار حاصل ہوتا ہے تو ہو پابند رہے گی۔ اس Provincial Autonomy کے چارٹر پر عمل پیرا ہونے کی ور آئین میں اس طرح کی ترمیم کی جائیں گی اب چونکہ پیپلز پارٹی اس وقت اقتدار میں ہے تو میں توقع کرتا ہوں کہ اخلاقی طور پر اس وقت کے حالات کے تقاضوں کے مطابق اپنی اس commitment کو پورا کرلے اور جو اس وقت صوبوں کی demand پر صوبوں کی آواز ہے اس کی ترجمانی کرتے ہوئے وہ Provincial Autonomy پر عمل کر لے اور صوبوں کو مزید اختیارات دے۔

جناب والا! ستم ظریفی یہ ہے کہ پنجاب جو ہر وقت provincial Autonomy کی مخالفت کرتا آیا ہے 1974ء سے آج تک وہ خود مطالبہ کر رہا ہے کہ ہمیں maximum provincial Autonomy دی جائے سرحد بلوچستان اور سندھ تو پہلے سے ہی چیختے چلے آرہے ہیں پھر کیا وجہ ہے کہ آج provincial Autonomy نہیں دی جارہی۔ کیوں صوبوں کو اختیارات سے محروم رکھا جارہا ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ اس سلسلے میں جلد کوئی پیش رفت ہوگی اور لوگوں کے جزبات سے مذید نہیں کھیلا جائے گا اور اس ملک اور اس قوم کی فلاح و بہبود کے لئے اس ضمن میں provincial Autonomy کو اولین اہمیت دی جائے اور اس نیک نیتی سے عمل کیا جائے گا۔

جناب والا! جب میں صوبائی خود مختاری کی بات کرتا ہوں تو اس میں صرف سیاسی خود مختاری کی بات نہیں ہوتی ہے اس میں اقتصادی خود مختاری کا بھی ذکر آتا ہے کیونکہ جب تک پوری طور پر کسی صوبے کو نہ آپ اختیارات نہیں دیں گے اس وقت تک اس مسائل حل نہیں ہو سکتے۔ اس وقت تک اس کا resource base جو ہے وہ broad نہیں ہو سکتا۔ ہمارے ہاں بد قسمتی سے، شروع سے صوبوں کو مرکزی حکومت کے تابع رکھا گیا ہے سیاسی طور پر بھی اور معاشی طور پر 'Cash Development Loans' انہیں دے کر، ان کو مقروض رکھ کر، ان کے بجٹ بنائے جاتے ہیں اور ان کے

Development Programmes بنائے جاتے ہیں نتیجہ یہ ہے کہ جب وہ returns دیتے ہیں تو اس کے 80-70 فیصد پیشہ جو صوبے کا ہوتا ہے وہ واپس مرکز کے حوالے ہو جاتا ہے اور ان کے پاس اپنی ترقیاتی سکیموں کے لئے بہت تھوڑی رقم رہ جاتی ہے۔ میں یہ بھی گزارش کروں گا کہ 1973ء کے آئین میں جو economic autonomy دی گئی ہے اس پر سختی سے عمل ہونا چاہیئے' تاکہ اس قسم کی فضا جو آج پاکستان میں پیدا ہو رہی ہے اس کو بہتر کیا جا سکے اور لوگوں کو مطمئن کیا جا سکے۔

جناب والا! صوبوں کے حالات کی تفصیل تو میں نہیں جانا چاہوں گا۔ کیونکہ ان کے بے حد مسائل ہیں اور سندھ کا عالم تو سب سے نرالا ہے' سندھ وہ واحد صوبہ ہے جس نے پارٹیشن کے بعد ہندوستان سے آنے والے مہاجرین کو اپنی اس سرزمین پر پناہ دی۔ اور یہ سارا بوجھ سندھ کی سرزمین نے اٹھایا اور آج تک اٹھائے ہوئے ہے۔ اسی طرح ملک کے دوسرے صوبے سے migration کر کے لوگ کراچی حیدر آباد کی طرف رجوع کرتے ہیں کچھ وہاں اپنا روزگار تلاش کرنے کی نیت سے آتے ہیں لہذا میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ روز بروز سندھ کی آبادی میں جو influx ہو رہا ہے اضافہ ہو رہا ہے' وہ اتنا زیادہ ہے کہ کہ اس کو روکنے کا' اس کو توازن میں رکھنے کا' کوئی طریقہ' اختیار نہیں کیا گیا' ظاہر ہے کہ جب influx بڑھے گا تو آپ کی آبادی بڑھے گی۔ تو آپ کے مسائل میں بھی اضافہ ہو گا اور اگر مسائل بڑھیں گے تو نفرتیں بڑھیں گی۔ نفرتیں بڑھیں گی تو خون خرابہ ہو گا جو اور آج جو حالات ہم دیکھ رہے ہیں' خون کی ندیاں بہہ رہی ہیں' لوگ ایک دوسرے کو قتل کر رہے ہیں وہی لوگ کل تک بھائی چارے اور امن کی فضا میں رہتے تھے آج ایک دوسرے کی جان کے دشمن بن گئے ہیں ایک دوسرے کے خون کے پیاسے بن گئے ہیں آخر ان مسائل پر کیوں توجہ نہیں دی جا رہی ہے' کیوں کہ حل کرنے کے لئے کوئی مثبت اقدام نہیں کئے جاتے۔

جناب والا! سندھ وہ صوبہ ہے جو taxes کے لحاظ سے وفاق کو دوسرے صوبے کے مقابلے میں سب سے زیادہ share ادا کرتا ہے لیکن بد قسمتی سے صوبوں کو وفاقی

حکومت کی طرف سے جو returns دیے جاتے ہیں ان میں سب سے کم اگر حصہ ملتا ہے تو سندھ کو ملتا ہے۔ آخر یہ ناانصافی کیوں۔ ان مسائل پر توجہ دینی چاہیے۔ یہ ایسی باتیں ہیں کہ اگر ان کو حل نہ کیا گیا تو میں سمجھتا ہوں کہ ان کے بڑے خطرناک اور بھیانک نتائج نکل سکتے ہیں۔ حکومت کو اس بات کا احساس ہونا چاہیے کہ اگر انہوں نے بروقت اقدامات نہ کئے۔۔۔ اب بھی میں سمجھتا ہوں کہ وقت ہاتھ سے نہیں نکلا اب بھی اگر حقائق پر مبنی عدل کی بنیادوں پر سندھ کے لوگوں کے ساتھ انصاف کیا جائے اور جس کا جو حق بنتا ہے وہ دیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ حالات سدھر سکتے ہیں اور سندھ کی موجودہ صورت حال میں بہتری آسکتی ہے لیکن بات نیت کی ہے کہ نیک نیتی سے اس پر عمل کیا جاتا ہے یا نہیں۔

جناب والا! اس کا بھی ایک پس منظر ہے اب نوکریوں کی آپ پوزیشن دیکھیں جتنے وفاقی ادارے ہیں جو خود مختار نیم خود مختار ادارے ہیں وفاقی وزارتیں ہیں ان میں سندھ کو اپنا due share نہیں دیا جاتا اور اسی طرح بلوچستان اور فرنٹیر کو جتنے چھوٹے صوبے ہیں ان کو اپنا due share کوٹہ کے مطابق نہیں دیا جا رہا۔ پی۔ آئی۔ اے واپڈا' رائس کارپوریشن' ٹریڈنگ کارپوریشن' سٹیل مل' پورٹ قاسم کے پی۔ ٹی وغیرہ ان سب اداروں میں دیکھ لیں

لوگوں کی نوکریاں دیکھ لیں ان میں حکومت کا مقرر کردہ ایک کوٹہ ہے اس پر عملدرآمد آپ کریں گے اور لوگوں کو آپ اپنا حق نہیں دیں گے تو ظاہر ہے اس کا reaction ہوگا۔ اور اس کے خلاف بغاوت کریں گے اور آواز اٹھائیں گے۔ آج پاکستان میں بے روزگاری ایک بہت بڑا مسئلہ بنا ہوا ہے اور خاص طور پر سندھ کے اندر۔

بے روزگار نوجوان در در بھٹک رہے ہیں۔ کسی کو چپڑاسی کی نوکری نہیں ملتی۔ کوئی اسٹنٹ اور اس کی نوکری کے لئے در در کے دھکے کھاتا ہے۔ اس کو وہ نہیں ملتی۔ آخر وہ کہاں جائیں۔ پڑھے لکھے جوان اگر ڈگریاں لے کر در در دھکے کھائیں گے تو ظاہر ہے ان کی frustration میں اضافہ ہوگا اگر یہی لوگ وہاں ڈاکو بنیں گے اس لئے میں ہمدرانہ غور

کرنے کی استدعا کروں گا ان کے بے روزگاری دور کرنے کے لئے کوئی منصوبہ بندی کی جائے ان کے لئے مواقع کئے جائیں jobs create کئے جائیں اور وہ jobs میرٹ پر دیے جانے چاہئیں۔

پاکستان پہ سب کا حق بنتا ہے چاروں صوبوں کے لوگ پاکستان کے رہنے والے ہیں۔ ان سب کا حق بنتا ہے یہ کیا مذاق ہے کہ اگر پیپلز پارٹی سے کسی کا تعلق ہے تو اس کو نوکری ملے گی اگر پیپلز پارٹی سے اس کا تعلق نہیں تو اس کو نوکری نہیں ملتی۔ میرٹ کی بات ہونی چاہئے جو پاکستانی ہے جس نے تعلیم حاصل کی ہے اس کو نوکری کرنے کا حق ہے اور اس کا یہ حق کسی کو چھیننے کا اختیار نہیں ہونا چاہئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو کچھ نہ کچھ اس پر بھی نظر ثانی کرنی چاہئے۔

جناب والا! encroachment کا جہاں تک تعلق ہے صوبوں کے اختیارات میں دن بدن encroachment بڑھتا جا رہا ہے پیپلز ورکس پروگرام کو ہی دیکھ لیجیے نلکے لگانا۔ سکول بنانا۔ چھوٹی چھوٹی سڑکیں بنانا۔ یہ کہاں وفاقی حکومت کا کام بنتا ہے یہ صوبوں کے اختیارات ہیں آپ ان کے حوالے کریں جہاں کسی صوبے میں کام نہیں کرنے دیا جاتا تو وہاں سائیکلیں، مشینیں اور کھاد کی بوریاں تقسیم کی جاتی ہیں یہ تو waste کرنے کی بات ہے یہی sources جو taxes کے ذریعے پاکستان کا ہر شہری وفاق کے حوالے کرتا ہے آپ اگر اس کو اس طرح ضائع کریں گے تو میں کہوں گا کہ یہ criminal waste ہے۔ آپ ملک کی ترقی کے لئے منصوبے بنائیں ٹھیک ہے اگر آپ کی پارٹی کی حکومت دو صوبوں میں ہے تو وہاں کے لوگوں نے ان کو چنا ہے ان کا حق بنتا ہے آپ اس جمہوری حق سے کیوں انحراف کر رہے ہیں اور یہ کرسیاں جناب والا! ہمیشہ کے لئے نہیں ہوتیں آج اقتدار میں ہیں کل آپ اقتدار سے دور ہو جائیں گے تاریخ سے آپ سبق سیکھیں لیکن اس وقت اگر آپ اچھا فیصلہ کریں گے اس وقت اگر آپ عدل انصاف پر مبنی کوئی فیصلے کر جائیں گے تو ان کا دور رس اثر ہو گا ان کے نتائج آپ کے حق میں بھی نکلیں گے اس وفا کے

حق میں بھی نکلیں گے ہمیں ملک کے بارے میں سوچنا چاہئے اولیت ہمیں وفاق کے معاملات کو دینی چاہئے صوبوں کے معاملات کو ہمیں اولیت دینی چاہئے ہمیں اداروں کو مضبوط کرنا چاہئے شخصیتیں آتی جاتی ہیں پارٹیاں آتی جاتی ہیں اقتدار کبھی ایک کے پاس، تو کبھی دوسرے کے پاس ہوتا ہے ہمیشہ کسی کے پاس نہیں رہا اس لئے مثبت سوچ سے پالیساں بنائی جائیں اور تمام لوگوں کے ساتھ انصاف کیا جائے آپ کی کوئی بھی پارٹی ہو جب elect ہو کر آپ مسند اقتدار پر بیٹھتے ہیں تو اس وقت آپ پاکستان کی نمائندگی کرتے ہیں۔

جناب والا! آپ کسی خاص پارٹی کی نمائندگی نہیں کرتے۔ آپ کو ان چیزوں سے بالاتر ہو کر سوچنا چاہئے آپ کا vision بڑا broad ہونا چاہیے۔ جب تک انتخابات نہیں ہو جاتا اس وقت تک تو اپنی پارٹی کی بات ہوتی ہے ٹھیک ہے سیاسی پارٹیاں مخالفت کرتی ہیں مقابلہ کرتی ہیں لیکن الیکشن کے بعد آپ نے جمہوری set up کو چلانا ہے آپ نے ان اداروں کو بھی چلانا ہے وہاں حزب اقتدار اور حزب اختلاف بھی ہوں گی اور اس کا مطلب نہیں کہ جو حزب اختلاف میں بیٹھے ہیں وہ ملک کے دشمن ہیں یہ کبھی نہیں ہوا اس ملک میں، جب بھی اپوزیشن بیٹھی ہے ملک کی مخالفت میں نہیں بیٹھی بلکہ وہ بطور ایک check کے، حکومت وقت کو صحیح راہ پر چلانے کے لئے اسے guide کرتی ہے وہ اس پر تنقید کو خدارا دشمنی اور مخالفت نہ سمجھا جائے یہ تعمیری قسم کی تنقید ہوتی ہے اس سے سبق سیکھنا چاہئے اور اس کی روشنی میں اپنی پالیساں بنائی جائیں۔ اور power کو share کر کے آگے چلنا چاہئے کیونکہ جب تک power share نہیں ہو گی تب تک آپ اس ملک میں peaceful conditions create نہیں کر سکتے اور جب یہ create نہیں ہوں تو آپ کے ہاں نہ industrialization ہو گی نہ کوئی اس طرح کی development ہو گی جس سے لوگوں کے روزگار کے لئے مواقع پیدا ہو سکیں۔ آخر لوگوں کو آپ کس طرح نوکریاں دیں گے industrialization ہو گی تو اس سے ہزاروں نوجوانوں کو نوکریاں مل سکتی ہیں اس کے لئے آپ کو ایک peaceful ماحول پیدا کرنا ہو گا۔

جناب والا! بد قسمتی تو یہ ہے کہ صوبائی خود مختاری کی جب بھی بات ہوئی اس کو ہمیشہ پاکستان یا، غداری تو خیر میں نہیں کہوں گا لیکن اچھے الفاظ سے کبھی یاد نہیں کیا گیا۔ مشرقی پاکستان نے جب شروع میں آواز اٹھائی تھی کہ ہمیں صوبائی خود مختاری دی جائے ہماری زبان کو بھی قومی زبان قرار دیا جائے تو اس وقت ہم نے ان کے دونوں مطالبات رد کر دئے تھے اور جب ہم مطالبات تسلیم کرنے کے قریب پہنچے تو وقت ہمارے ہاتھوں سے نکل چکا تھا آج خدا را اچھا کھچا پاکستان ہے اور خدا کرے یہ پاکستان ہمیشہ قائم رہے ہماری یہ ہمیشہ دعا ہے تو اس کو بچانے کے لئے ایسے اقدامات کریں جس سے کہ آپ کا وفاق مضبوط ہو اور صوبے مطمئن ہوں آپ کے لوگ مطمئن ہوں اس وقت صوبائی خود مختاری چاروں مانگ رہے ہیں آپ انہیں دیں صوبائی خود مختاری زیادہ سے زیادہ صوبائی خود مختاری دیں کوئی حرج نہیں اس میں آپ ہی کے صوبے ہیں صوبے مضبوط ہوں گے تو آپ کا وفاق مضبوط ہو گا آئین موجود ہے اور آپ نے تو خود فیصلے کئے ہوئے ہیں اس سے انحراف کس طرح کیا جا سکتا ہے۔

اب تاریخی پس منظر میں تو میں نہیں جاؤں گا کیونکہ تلخیاں بہت ساری وجوہات کی بنا پر بڑھی ہیں ایوب خان کے زمانے میں ہماری زرخیز زمینیں سندھ کے تینوں برانچوں میں سول ملازمین اور آرمی کے رٹیائرڈ لوگوں کے حوالے کی گئیں، ان کو الاٹ کی گئیں جب کہ حق لوکل لوگوں کا بنتا ہے اسی طرح بلوچستان میں پٹ فیڈر کی وہ زرخیز زمینیں الاٹ کی گئیں ۔جب کہ وہ وہاں کے غریب بلوچیوں کا حق بنتا ہے کہ وہ اس زمین پر کاشت کاریں اور زندگی کے گزارنے کا بندوبست کریں یہ ایسی چیزیں تھیں جس نے وفاق کو نقصان پہنچایا اس سے کوئی پاکستان کی سالمیت مضبوط نہیں ہوئی اس سے نفرتیں بڑھی ہیں اور اگر یہی چیزیں آئندہ بھی چلتی رہیں تو اس سے ملک کو نقصان ہو گا میں سمجھتا ہوں کہ ان سے ہمیں سبق حاصل کر کے اپنی پالیسیاں اس روشنی میں بنانی چاہیں۔

73ء میں آئین بننے کے فوراً بعد آپ نے دیکھا کہ بلوچستان اور جے یو آئی کی مخلوط حکومت کو غیر آئنی طریقے سے ہٹایا گیا ان کو بلوچستان کے لوگوں نے منتخب کیا تھا وہ چاہتے

تھے کہ پاکستان کے فریم ورک میں اپنا کام کریں اور provincial automomony کی demand اس وقت بھی تھی آج بھی ان کی یہی demand ہے لیکن چونکہ وہ اس وقت وفاقی حکومت کو suit نہیں کرتی تھی لہذا وہاں کی حکومت ڈسمس کی گئی اور ایک گورنر راج وہاں پر لایا گیا جس کے نتیجے میں سرحد کی حکومت نے احتجاجاً resign کر دیا اور ایک تلخی ماحول میں ہو گئی۔ یہ غیر ضروری اقدام تھا۔ کوئی ضرورت اس چیز کی نہیں تھی وہی situation آج ہے۔ اس وقت بھی دو صوبے وفاق کی حکومت کے مخالف تھے آج بھی دو صوبے وفاق کی حکومت کے مخالف ہیں۔ لیکن ساری توانائیاں جو آج ہم دیکھ رہے ہیں وہ ایک وفاق کے خلاف صرف ہو رہی ہیں وفاقی حکومت صوبوں کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہی ہے صوبے وفاقی حکومت کو کمزور کرنے کی باتیں کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ دونوں صوبوں کا رویہ صحیح نہیں ہمیں working relationshop قائم کرنی چاہیئے انتخابات میں جو بھی result ملتا ہے اس کو قبول کرنا چاہیئے 'اگر ہم جمہوریت کی باتیں کرتے ہیں تو پھر یہ کڑوی گولی ہمیں کھا لینی پڑے گی لوگوں کے فیصلے قبول کرنا ہونگے لوگوں کی رائے ہماری رائے پر مقدم ہونی چاہیئے ہم کیوں یہ توقع کریں کہ جو ہم سوچ رہے ہیں جو کچھ ہمارے ذہن میں ہے وہی فیصلہ لوگ ہمیں کر کے دیں لوگوں کی سوچ لوگوں کی سمجھ ہم سے بہتر ہے اور جمہوریت کی یہی سپرٹ کرتی ہے جو فیصلے لوگ دے دیں اسے قبول کرنا چاہیے اور اپنی term آپ ادا کریں اس کے بعد پھر جائیں آپ electorate کے پاس ان سے آپ ووٹ لیں اگر آپ سے مطمئن ہوں گے تو آپ کے حق میں ووٹ دیں گے اگر آپ سے مطمئن نہیں ہوں گے تو کسی اور کو اقتدار میں لے آئیں گے اور یہ ان کا بنیادی حق ہے اسی کا نام جمہوریت ہے اس فضا کو قائم رکھیں جو تلخیاں ہیں یہ جو polarisation ہے اس کو گھٹانے کی کوشش ہو جانی چاہیے اور ایک ایسا ماحول بنانا چاہیے جس سے ملک میں ایک اچھی فضا قائم ہو۔

جناب والا! کچھ تجاویز بھی اس سلسلے میں دینا چاہوں گا کیونکہ صرف تنقید اور بات کرنے سے مسئلہ حل نہیں ہو تا اگر ان تجاویز پر غور کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ کسی حد

تک ہمارے موجودہ مسائل حل ہو سکتے ہیں اور موجودہ ماحول میں کچھ بہتری ہو سکتی ہے پہلی بات تو یہ جو concurrent ہے اس کے مطابق subjects کو فوری طور پر صوبوں کے حوالے کرنا چاہیے نہ صرف یہ بلکہ فیڈرل لسٹ کے بھی بیشتر موضوعات صوبوں کے حوالے کر دینا چاہیے کہ ایم آر ڈی کا جو resolution تھایا ایم آر ڈی کا اس وقت کا فیصلہ تھا اس پر کلی طور پر عمل کرنے سے پہلے کم از کم ایک ایسی فضا قائم کر دینی چاہیے کہ جس سے صوبائی خود مختاری صوبوں کو منتقل کرنے میں آسانی ہو دوسری بات سینٹ کو financial powers ضرور دینی چاہیے کیونکہ یہ واحد ادارہ ہے جس میں چاروں صوبوں کی یکساں نمائندگی ہے اور اگر اس کو بے بس بنا کر بے پر بنا کر آپ بٹھا دیں گے تو اراکین کس طرح اپنے اپنے صوبے کی نمائندگی کر سکیں گے کس طرح اپنے اپنے صوبے کے حقوق کا تحفظ کر سکیں گے یہ ادارہ جو کسی طرح فعال طریقے سے کام کر سکے گا اگر آپ ان کو اختیارات نہیں دیں گے تیسری بات یہ کہ جو صوبوں کے اندر مداخلت کی جارہی ہے کبھی ایک نام سے کبھی کسی اور پروگرام کے نام سے یہ فوری طور پر بند ہونی چاہیے اور جو آئین میں طریقہ کار ہے جو اس لسٹ کے مطابق subject ہیں اس حساب سے فراخدلی سے ایک good will کے جذبے کے تحت صوبوں کو کام کرنے دیا جانا چاہیے اس قسم کے inroads صوبوں کے اندر نہیں ہونے چاہیئے آرٹیکل 3 سے 155 تک جو council of common interests کے سلسلے میں ہیں ان پر کلی طور پر عمل ہونا چاہیے اور فوری طور پر عمل ہونا چاہیے۔

مداخلت

جناب ڈپٹی چیئرمین ڈاکٹر شیر افگن صاحب معزز رکن کو سن لیں پھر بعد میں جواب آپ کو دینا ہے میرے خیال میں بہتر ہے کہ آپ ان کو سن لیں کہ بجارانی صاحب کیا فرما رہے ہیں: میر ہزار خان بجارانی دوسری یہ کہ national economic

council and national finance commission کو مضبوط بنانا چاہیے اور ان کو فعال بنانا چاہیے کیونکہ یہ ادارے آپ نے آئین میں دیئے ہیں تو show piece بنانے کیلئے آپ نے نہیں دیئے ہیں ان کا بھی کچھ مقصد ہے ان کا بھی کوئی رول ہے اگر وہ اپنا رول ادا نہیں کریں گے اپنا مقصد وہ پورا نہیں کریں گے تو پھر ان اداروں کو یہاں آئین میں رکھنے کی ضرورت کیا ہے انکو آپ فعال بنائیں اور جو رول ان کے سپرد ہے وہ رول انہیں ادا کرنا چاہیے۔ سیلز ٹیکس جو صوبوں کا حق ہے اور 1947ء میں جب پاکستان بنا تھا اس وقت بھی سیلز ٹیکس صوبوں کے حوالے تھا یہ عارضی طور پر 49-1948 میں صوبوں سے لے کر وفاق کے حوالے کیا گیا تھا اس شرط پر کہ اس کا پچاس فیصد صوبوں کے حوالے کیا جائے گا لیکن اس شرط پر کہ اس کا پچاس فیصد کے حوالے کیا جائے گا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ سراسر زیادتی ہے یہ نہیں ہونا چاہیے سیلز ٹیکس خالصاً صوبوں کے domain میں آتا ہے صوبوں کے دائرے میں آتا ہے وہ فوری طور پر صوبوں کو ٹرانسفر کر دینا چاہیے تاکہ ان کا جو tax base ہے وہ مزید بڑھ سکے اور ان کی آمدنی میں اضافہ ہو اسی طرح سے اور وسائل جو صوبوں کے ہیں مختلف طریقوں سے جتنے بھی ہم بڑا سکتے ہیں وہ ہمیں بڑھانے چاہیں تاکہ ان کے مسائل حل کرنے میں انہیں زیادہ آسانی ہو سکے سٹیٹ کارپوریشنز بھی اس وقت پاکستان میں موجود ہیں ان کو centralize نہیں کرنا چاہیے بلکہ ان کو spread کر کے ان کے ہیڈکوارٹرز کو مختلف صوبوں میں رکھنا چاہیے تاکہ مختلف صوبوں کے لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم ہوں اور sense of participartion ہو میں کہوں گا کہ state corporations کے ہیڈکوارٹرز کوئٹہ اور پشاور میں ہونے چاہیں کیونکہ یہ دو ایسے شہر ہیں جہاں پر اس قسم کی activity بہت کم نظر آتی ہے اگر میرے خیال میں قدم اٹھایا جائے گا تو ایک اچھی اور مثبت سوچ ہو گی اور اچھی بات ہو گی۔

جہاں تک زبان کا تعلق ہے جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی بہت ہی حساس مسئلہ ہے اور مختلف آوازیں چاروں صوبوں سے آتی ہیں یہ تجویز پیش کر دوں گا ہماری جو صوبائی

زبانیں ہی ان کو ہماری قومی زبان کی سطح پر اہمیت دینی چاہیے اور سکولوں میں ان کو ایک لیول تک لازمی قرار دینا چاہیے تا کہ ہم زبان پڑھ سکیں، لکھ سکیں، سمجھ سکیں اور اسی طرح ہمارا بھائی چارہ بڑھ سکے اور ہم ایک دوسرے کے قریب آسکیں گے۔ ان کو بھی اگر آپ کا درجہ دیں گے تو میں سمجھتا ہوں یہ اور بھی اچھی بات ہو گی اس سے کسی زبان کے خلاف کوئی تاپر دینے کی میری نیت نہیں ہے بلکہ میں یہ چاہتا ہوں کہ جو زبانیں صوبوں میں بولی جاتی ہیں ان کو بھی فروغ حاصل ہو اور وہ بھی اسی طرح پورے ملک میں لکھی پڑھی اور سمجھی جائیں جس طرح ہم قومی زبان اردو پڑھتے لکھتے اور سمجھتے ہیں۔

جتنے ہی outstanding loans اس وقت صوبوں کی طرف موجود ہیں وفاقی حکومت کے وہ فوری طور پر write off کر دیئے جائیں کیونکہ وہ اس پوزیشن میں نہیں کہ وفاق کو یہ loans واپس کر سکیں اور اگر وہ کرتے ہیں تو ان کی اپنی معیشت اپنے پاؤں پر کھڑی نہیں ہو سکتی یہ پہلے بھی ہوا ہے یہ کوئی نئی مثال نہیں ہے پہلے بھی اسطرح سے یہ loans معاف ہوئے ہیں write off کئے گئے ہیں اور اس وقت میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ اچھی مثبت بات ہو گی اور اگر صوبوں کے جتنے outstanding loans ہیں ان کو write off کر دیا جائے تو ایک اچھا ماحول پیدا ہو گا اور سب سے آخری اور اہم بات کہ جتنے natural resources ہیں ان پر صوبوں کا مکمل حق ہونا چاہیے اور ان کی رائلٹی ہو جس طرح گیس بلوچستان سے نکلتی ہے تو بلوچستان کو رائلٹی ملنی چاہیے سندھ سے آئل اور گیس نکل رہی ہے تو سندھ کو رائلٹی ملنی چاہیے اسی طرح پاور جنریشن ہے اس میں فرنٹیر کا حصہ ہے تو انہیں ملنا چاہیے پنجاب کے جتنے وسائل ہیں اس پر حق بنتا ہے وہاں کے صوبے کا وہ انہیں ملنا چاہیے آپ صوبوں کے معاشی حالات کو اسی طرح بدل سکتے ہیں اور اسی طرح انہیں بہتر کر سکتے ہیں میری یہ چند تجاویز تھیں جو میں آپ کو توسط سے اس ایوان میں پیش کرنا چاہتا تھا مزید میں آپ کا وقت لینا نہیں چاہتا آپ کا بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئر مین شکریہ جی اس کے ساتھ ہی ایوان کی کارروائی ختم

کرتے ہیں کیونکہ چیئرمین صاحب نے وہاں بھی دعوت کا بندوبست کیا ہے تو اس میں کچھ سینئر حضرات مدعو ہیں اور مجھے بھی وہاں جانا ہے۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جناب مجھے بھی بات کرنی تھی اس کے اوپر

جناب ڈپٹی چیئرمین جتوئی صاحب یہ بات تو چلتی رہے گی ابھی take out تو نہیں ہوئی ہے............

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جناب میں یہ تحریک پیش کرنا چاہتا ہوں اس کو آپ کب تک continue کریں گے۔

جناب ڈپٹی اس کو next day پر continue کریں گے۔

Mr. Aijaz ali khan jatoi there will be a wek from now.

Mr Ajaz Ali khan Jatoi this is very important matter

جناب اعجاز علی خان جتوئی : ایک ڈیڑھ گھنٹہ بڑھالیں آپ کا پینل موجود ہے آپ اگر جانا ہے تو پینل موجود ہے اس کارروائی کو چلنے دیں کیونکہ یہ بڑا اہم معاملہ ہے۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : نہیں جناب میر صاحب پینل میں ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : لیڈر آف دی ہاؤس سے مشورہ کر لیں اگر وہ کہتے ہیں تو ٹھیک ہے۔

جناب اعجاز علی ان جتوئی : کسی کو اس میں اعتراض نہیں ہونا چاہیے یہ بڑا اہم معاملہ ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : صاحب یہ ایک ڈیڑھ گھنٹے میں اس لئے ختم نہیں ہو گا اس پر بہت سے معزز اراکین بولیں گے۔

پروفیسر رشید احمد : آپ مناسب سمجھیں تو حکومتی پارٹی اور حزب اختلاف کے مشورے سے یہ طے کر لیں کہ ہم اس بحث کو آئندہ عام دن جاری رکھیں ہم اس سے پہلے بھی ایسا کیا ہے اور اس طرح مسئلہ حل ہو جائے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : ٹھیک ہے جی یہ بڑی اچھی تجویز ہے ڈاکٹر صاحب پروفیسر صاحب اگلے ورکنگ ڈے پر اب بھی اپوزیشن کو Accomodate کریں کوئی فرق نہیں پڑتا۔

جناب جاوید جبار : اگلے دن پہ رکھیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین اگر continue کریں تو ٹھیک ہے۔

Mr. Javed Jabbar: I think after the moral business of the day is over

جناب ڈپٹی چیئرمین : Normal business بھی رہے گا اور اس میں بھی ان کو adress کر لیں۔

Mr. Javed Jabbar: At the end of the day if they want to take we would have no any oabjection

جناب ڈپٹی چیئرمین : تو اس میں کیا قباحت ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : آدھا گھنٹہ لے لیا کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : نہیں ڈاکٹر صاحب یہ آدھا گھنٹہ اور پندرہ منٹ تو آپ بھی باتوں میں لگا جاتے ہیں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : اگر آپ نہیں لانا چاہتے ہیں تو دوسری بات ہے۔

Mr Deputy Chairman Jatoi Sahib, Please no cross talk.

جناب جاوید جبار : جو مناسب سمجھیں کر دیں

جناب ڈپٹی چیئرمین : ٹھیک ہے جی اس کو Next Working day پر لے لیتے ہیں
دو گھنٹے پر بحث کر لیں گے آپ آپ میں وقت کو تقسیم کر لیں۔

Mr Dupty Chairman: The house is adjourned now to meet again on wednesday at 10.00 A.M. i.e. 10th of September 1989.

Main Alam Ali laleka: Point of order sir there was a circular that the house would not meet on the 20th.

Mr. Deputy Chairman: Who did settle that?

Mr Javed Jabar: Originally in the list of days set aside for business, Monday was not supposed to be used for a sitting but because it has new been used as private member Day, we have adjusted the schedule. So if any inconvenience has been caused it is regreted but it has been done with the knowledge and consent of the Chairman. So now there will be a sitting on Wednesday.

Deputy Chairman: Yes that is what I have said we will meet on Wednesday at 10.00 A.M.

The House adjourned to meet again at ten of the clock in the morning Wednesday the 20th September 1989.

PRESIDENT'S ADDRESS

On February 15, 1990 The Honourable Senater Mir Hazar Khan Bijarani Presented his view on the presidesnt's Address as:*

چیئرمین : جناب بجارانی صاحب

میر ہزار خان بجارانی۔ شکریہ جناب چیئرمین : صدر پاکستان کا خطاب جو انہوں نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس کے سامنے کیاوہ بے انتہا مدلل اور جامع تھااور تقریباً ہر چیز اس میں cover کی گئی تھی بہت سارے مقررین نیشنل اسمبلی میں اور یہاں اس ایوان میں اس تقریر پر اظہار خیال کر چکے ہیں میں نہایت اختصار کے ساتھ چند نکتوں کی طرف اس ہاؤس کی توجہ مبذول کرنا چاہوں گا۔ سب سے پہلے جو بات میں آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں وہ ہے اس وقت law and order situaion میں صدر محترم کے الفاظ یہاں دہراؤں گاوہ "فرماتے ہیں کہ بدامنی تشدد اور لاقانونیت نے ملک کے کئی علاقوں میں خوف ہراس کا کچھ ایس ماحول میں پیدا کر رکھا ہے کہ ذاتی تحفظ کو پریشان فکر نے ان علاقوں کی حد تک قوم کی تعمیر صلاحیتوں کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے ظاہر ہے کہ یہ بہت ہی تشویشناک بات ہے"۔

جناب والا! جب ہم Law and Order کی بات کرتے ہیں تو ہماری توجہ سب سے پہلے سندھ کی طرف جاتی ہے سندھ آج ایسی صورتحال سے دوچار ہے جس سے ہر محبّ وطن پاکستانی نہ صرف پریشان ہے بلکہ پاکستانی یہ چاہتا ہے کہ اس مسئلے کا کوئی حل نہ ہوا اور خاص طور سے جناب والا! ہم سندھ کے رہنے والوں کے لئے یہ مسئلہ اور بھی زیادہ اہمیت کا حامل ہے میں اس پر مختصر بحث اس طرح سے کروں گا کہ سندھ میں حالات کب اور کیوں خراب ہوئے ؟ یہ ایک حقیقت ہے کہ سندھ میں چاروں صوبوں کے لوگ رہتے ہیں اور آج

---

* *Senate of Pakistan :Vol 1(2) 1990, pp. 50-63.*

سے کچھ برس پہلے تک ان میں کسی قسم کی کوئی تفریق نہیں تھی وہ بھائیوں کی طرح رہ رہے تھے آپس میں ان کا cooperation رہا' نفرت کی کوئی فضا نہیں تھی لیکن بد قسمتی سے وہاں جو ethinc thinking ابھری اس نے سندھ کی آبادی کو divide کر کے رکھ دیا ان کی سوچ میں نمایاں فرق شروع ہو گیا۔ اس کے تاریخی پس منظر میں اگر آپ جائیں گے تو جناب والا! جب پاکستان وجود میں آیا اس وقت ہندوستان سے جو مہاجرین پاکستان کی سر زمین پر آئے اور جن میں سے بیشتر نے ارض سندھ کو اپنا وطن بنایا ان کی اس نسل نے اپنے آپ کو ایک superiour قوم اور ایک superior class سمجھا اور یہ تاثر انہوں نے وہاں چھوڑنے کی کوشش کی کہ مقامی لوگ ان سے inferior ہیں اور ان سے superior ہیں یہ بڑی بد قسمتی کی بات ہے لیکن یہ حقیقت ہے کراچی جب سندھ سے الگ کیا گیا تو اس وقت مرکزی لیڈر شپ سے وہاں Urdu speaking population نے میل جول کر کے مقامی لوگوں کے نہ صرف حقوق غصب کئے بلکہ ہر جگہ اپنے کوٹہ سے زیادہ........

Mr. Javed Jabbar: Point of order, I don`t want to interrupt the speaker Mr. Chairman, but I must raise the point of order when charges are made against the entire population that happens to be speaking the national language of Pakistan. Certain elements may have tried to usurp the rights of the people of Sindh but this charge should not be applied wholesale to millions of inocent poor people who have the same poverty as the rest of the people of Sindh.They are not guilty of the crimes that the honourable Senator has just stated.

Mr. Chairman: I think it would not be appropriate to interrupt speaker. I think you will get a chance and you can express your point of view. If you like I can give you

chance today what I think it will be right that the speaker should be allowed to proceed.
(interruption)

Mr. Javed Jabbar: I just explain why I had to interrupt **Chairman.** You know the Rules of Procedure are possibly less important than the sense of unity and harmony that we need to create in Sindh today. It is a trotured Province. Anything that we say or do should help peace, not division.

جناب چیئرمین : جی جناب بجارانی صاحب

میر ہزار خان بجارانی۔ جاوید جبار صاحب اگر یہ پوائنٹ آؤٹ کر دیں کہ وہ کون سے element ہیں تو یہ میرے خیال میں میرے علم میں بھی اضافہ ہو جائے گا جنہوں نے اس وقت کو تائیاں کی تھیں میں کسی کا نام نہیں لینا چاہتا میں نے ایک جنزل بات کی تھی جو جاوید جبار صاحب کو نہیں لگنی چاہئے تھی یہ میرے خیالات ہیں ان سے اختلافات کرنے کا وہ حق رکھتے ہیں لیکن ہمیں اپنے خیالات کے اظہار کا یہاں پورا پورا حق حاصل ہے اور ہم اپنی ایک community کی نمائندگی کر رہے ہیں ایک ایسی linguistic community سندھ میں رہتی ہے۔

جناب چیئرمین : وہ آپ کے حق کو چیلنج نہیں کر رہے وہ اپنی perception کر رہے ہیں **میر ہزار خان بجارانی۔** میں جناب تاریخی پس منظر کی بات کر رہا تھا جو سب کے سامنے عیاں ہیں۔ **جناب والا!** اس کے بعد 1988 کی طرف ہم آتے ہیں اس میں ہم نے دیکھا کہ electorate اور verdict سندھ کے اندر دیا وہ بالکل ایک مختلف انداز تھا جو اس سے پہلے کے انتخابات وہاں کے electorate دیتے آئے ہیں شہروں میں جہاں Urdu speaking population تھی وہاں کلی طور پر ووٹ ایم کیو ایم کو چلا گیا دیہاتوں میں

جہاں Sindhi speaking population تھی وہاں پیپلز پارٹی کو ووٹ چلا گیا اب line draw ہو گئی سندھ کے اندر rural areas کی نمائندگی پیپلز پارٹی کر رہی ہے شہروں کی نمائندگی اردو سپیکنگ لوگوں کی ایم کیو ایم کر رہی ہے جناب والا یہ ایک بڑی خطرناک علامت ہے میں اس کی مثال اس طرح دوں گا کہ جیسے 1970ء کے الیکشنز میں شیخ مجیب الرحمٰن نے Bangali speaking population نے کلی طور پر حمایت کی تھی اور پھر اس کا نتیجہ پاکستان ٹوٹنے اور خود مجیب الرحمان کے ساتھ جو المناک واقعہ پیش آیا اس کی صورت میں وہاں رونما ہوا اس واقع کو کسی طرح سے bridge کرنا ہے اس لائن کو کس طرح سے عبور کرنا ہے اس بات پر حکومت کو سوچنا چاہیئے لیکن بد قسمتی سے آج تک کوئی ایسے اقدامات حکومت نے نہیں کیئے جن سے کہ وہاں ماحول میں بہتری آئے اور یہ tension دور ہو سکے۔

یہاں جناب والا! میں ایک بات ضرور پوچھوں گا کہ شہروں میں رہنے والے ہمارے بھائی تو آخر ہر بات سے نالاں ہیں ہر ایک رنجش کے کچھ اسباب ہوتے ہیں تعلیم کی سہولت ان کے پاس، مکان کی سہولت ان کے پاس بجلی سڑکیں ان کے پاس نوکریاں ان کے پاس اب اس کو اگر آپ compare کریں دیہاتوں کے ساتھ تو دیہات میں رہنے والی آبادی کے پاس نہ ابھی تک تعلیم کی proper سہولت ہے نہ علاج کی مکمل سہولت ہے نہ سڑکیں وہاں موجود ہیں نہ بجلی وہاں موجود ہے غرضیکہ جتنی سہولتیں ہیں وہ ساری شہروں میں موجود ہیں دیہاتوں میں نہیں پھر بھی ہمارے شہر کے ٹھیک ہیں سمجھ میں کوئی بات نہیں آتی کہ آخر ان کی ناراضگی ہے کس بات پر جبکہ ناراض دیہی سندھ کو چاہیئے کہ اپنا حق نہیں مل رہا بہر حال یہ حکومت کے سوچنے کی باتیں ہیں اور اس ضمن میں تو دوست کو کرنا چاہیئے ہاں اگر ان کے کوئی جائز مطالبات ہیں تو ان سے بات چیت کریں بات چیت کے لئے دروازے بند نہیں ہونے چائیں اور بمصدق دل سے یہ چاہتے ہیں کہ سندھ یکجا یہ بڑی بد قسمتی کی بات ہے آئے دن اخبارات میں آپ پڑھتے ہیں کہ all of a sudden کبھی حیدر آباد میں جھگڑے ہو جاتے ہیں کبھی کراچی میں جھگڑے ہو جاتے ہیں پچھلے دنوں کراچی میں جو جھگڑے ہوئے اس میں اخبارات کے مطابق 61 لوگوں کی اموات

واقع ہو گئیں کس کا قصور تھا ان لوگوں کا کیا گناہ تھا ان لوگوں نے اور جناب آپ کو یہ سن کر اور بھی حیرانی ہو گی کہ جس طرح اخبارات نے رپورٹ کی ان 61 میں سے کراچی میں لوگ مرے ہیں ان میں 20 پشتو سپیکنگ لوگ مرے ہیں اور پچیس لوگوں کا کلیم پی پی آئی کر رہی ہے کہ وہ پنجابی سپیکنگ اور اردو سپیکنگ لوگ ہیں باقی جو 16 لوگ بچ جاتے ہیں ان سولہ میں سے کچھ پیپلز پارٹی کے اردو سپیکنگ میں سے ہیں کچھ ایم کیو ایم کے اردو سپیکنگ لوگ ہیں پھر بھی یہ چیخ و پکار کہ ایم کیو ایم پر زیادتی ہو رہی ہے۔ ہاں ایم کیو ایم کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے اردو سپیکنگ کے ساتھ بھی ہو رہی ہے۔ سندھی سپیکنگ کے ساتھ بھی زیادتی ہو رہی ہے اردو سپیکنگ کے ساتھ بھی ہو رہی ہے آخر اس بھیانک جرائم کی کوئی انتہا بھی ہو گی اس کا کوئی end بھی ہو گا۔

اب لاشوں کو جلایا جا رہا ہے سٹیل مل سے پچھلے دنوں اغواء کی باتیں شروع ہوئی آج ہی کے اخبار میں تھا کہ تقریباً سولوگوں کو اغواء کیا گیا ہے یہ کیا ہو رہا ہے۔ کہاں جا رہے ہیں ہم لوگ کیوں حالات کو کنٹرول نہیں کیا جا رہا اخبار اٹھا کر پڑھیں تو بیانات روز آتے ہیں کہ صاحب سندھ میں امن بحال ہو گیا ہے چیف منسٹر صاحب کے بیانات آتے ہیں کہ حالات معمول کی طرف ہیں یہ معمول کی طرف آنا لوگوں کے جسموں میں کیلیں ٹھونکی جاتی ہیں ڈرل مشین کے ساتھ ان کے جسم میں سوراخ کئے جاتے ہیں لوگوں کو جلا کر ان کو کھڈوں میں پھینک دیا جاتا ہے ہم حالات معمول کی طرف لے جا رہے ہیں sanity کی بات ہونی چاہیے سندھ کی طرف توجہ ہونی چاہیے۔

پچھلے دسمبر میں حیدر آباد میں جب واقعات رونما ہوئے تو پرائم منسٹر صاحبہ یہاں سے حیدر آباد تشریف لے گئیں تھیں بڑی اچھی بات ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ وہ سندھ کو زیادہ وقت دیں یہاں کی کیبنٹ میٹنگ اسلام آباد کا پر فضا ماحول یہ ساری چیزیں اپنی جگہ بڑی اچھی ہیں۔ لیکن جناب اس وقت ساری توجہ سندھ کی طرف ہونی چاہیے کیونکہ وہاں پرائم منسٹر کی طرف سے وقت کی ضرورت ہے انہیں زیادہ وقت سندھ کو دینا چاہیے پھر حیدر آباد جا کر وہ کرتی کیا ہے۔ وہاں جا کر میئر حیدر آباد کو بلایا ان کے ساتھ ایک میٹنگ کی تو ایک کروڑ روپیہ

ان کے حوالے کیا کہ جناب جائیے اور اپنی ترقی کیلئے کام کیجئے بلکہ جتنے ہی وہاں مرے تھے ان کے کسی ایک کے گھر جا کر فاتحہ نہیں پڑھی بڑے افسوس کی بات ہے وہ سندھ کو represent کرتی ہیں اور سندھ کے کارڈ پر آج حکومت کر رہی ہیں پھر سندھیوں کے ساتھ یہ بے رخی کہ ان کے مرنے پر ایک فاتحہ بھی نہیں کہی جاتی۔

جناب میں تو یہ کہوں گا کہ سندھ کی سرزمین امن و آتشی کی سرزمین ہے آپ سندھ کی تاریخ دیکھ لیں یہ صوفیوں شاعروں اور بزرگوں کی سرزمین ہے۔ یہاں تو لوگ ہمیشہ کشمیر سے کے ٹی بندر اور کینجر سے کارونجر تک شاہ لطیف اور سچل سرمست کی محبت بھری کافیاں گاتے ہیں ان کو بانہیں پھیلا کر سندھ کے لوگوں نے تحفظ دیا ہے ان کو امان دی ہے اور رہنے کی جگہ دی ہے اس کو بھائی بنا کر رکھا ہے اور آج وہی سندھ کی سرزمین ہے جس کے چپے چپے پر خون بہہ رہا ہے خدا کے واسطے اس پر توجہ کیجئے پچھلے دنوں آپریشن کلین اپ کا ذکر ہوا تھا کہ اچھی بات تھی ہم نے welcome کیا تھا کہ اس بات کو ہمارے وزیر داخلہ صاحب یہاں تشریف فرما ہیں یہ خود بھی کراچی تشریف لائے تھے اور ایک پلان بھی بنا تھا ہم یہ سمجھ رہے تھے کہ پلان کے تحت جتنے بھی elements چاہیے کسی بھی پارٹی سے ان کا تعلق ہو ان پر کوئی گرفت ہو ان کے خلاف سخت اقدامات کئے جائیں گے تا کہ وہاں کوئی sanity prevail کرے ماحول کو بہتر بنایا جا سکے لیکن دیکھنے میں یہ آیا کہ دو دن کے بعد سارے آپریشن fizzle out ہو گئیں اور یہاں تک کہا گیا سندھ کے چیف منسٹر صاحب نے کہا کہ جناب آپریشن کلین اپ نام کے تو کوئی الفاظ ہماری ڈکشنری میں ہی نہیں ہیں۔ اب اگر اس طرح سے آپ لاء اینڈ آرڈر handle کریں گے اور آپ لوگوں کو اتنی کھلی چھوٹ دے رکھیں گے کہ وہ اغواء کرتے پھرتے۔ مارتے پھریں۔ لوٹتے پھریں اور کوئی قانون نافذ نہ ہو کسی کا احتساب نہ ہو تو آخر کسی طرح یہ حالات ہوں گے۔

شہروں کو چھوڑیئے جناب اگر اندرون سندھ آپ جائیں گے تو دیکھیں گے کہ وہاں کیا ہو رہا ہے ڈاکوؤں کا راج ہے۔ آئے دن ڈاکے پڑ رہے ہیں آئے دن لوگوں کو اغواء کیا جا رہا ہے اور ان سے رشوت وصول کر کے انہیں رہا کیا جا رہا ہے اور ایسے لوگوں کے خلاف

کوئی ایکشن نہیں لیا جاتا میں ایسی مثالیں دینے کو تیار ہوں کہ لوگ indentify کر رہے ہیں کہہ رہے ہیں کہ فلاں فلاں لوگوں نے ہمیں رکھا اور پھر اتنی رقم میں ہم سے لی لیکن انتظامیہ ہے کہ اس کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ اسماعیل جونیجو ہمارے علاقے سے اغواء ہوئے تھے ڈاکوؤں نے اس غریب ڈاکٹر سے ڈیڑھ لاکھ لے کر اسے چھوڑا ضلع شکارپور میں اس کا نام اس کے ساتھیوں کا نام وہ نہ صرف ایس پی کو بتا چکا آئی جی کو بتا چکا ہے بلکہ یہاں تک کہ چیف سیکرٹری اور ہوم سیکرٹری کے علم میں بھی ہیں لیکن کوئی ایکشن نہیں لیا جاتا میں ایسی مثالیں دینے کو تیار ہوں کہ لوگ identify کر رہے ہیں' کہہ رہے ہیں کہ فلاں فلاں لوگوں نے ہمیں رکھا اور پھر اتنی اتنی رقم ہم سے لی لیکن انتظامیہ ہے کہ اس کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ اسماعیل جونیجو ہمارے علاقے سے اغوا ہوئے تھے ڈاکوں نے اس غریب ڈاکٹر سے ڈیڑھ لاکھ روپے تاوان لے کر اسے چھوڑا ضلع شکارپور میں اس کا نام اس کے ساتھیوں کا نام وہ نہ صرف ایس پی کو بتا چکا ہے بلکہ ڈی آئی جی کو بتا چکا ہے بلکہ یہاں تک کہ چیف سیکریٹری اور ہوم سیکریٹری کے علم میں بھی باتیں ہیں لیکن کوئی ایکشن نہیں ہوتا' ایک تاجر ہے منشارام کے نام سے اس کو اٹھا کر لے گئے اس کی نشاندھی ہوئی لیکن ایکشن نہیں' میر غنی تالپور کو اٹھا کر لے گئے حیدرآباد ضلع سے وہ چیختا رہا آج تک کہہ رہا ہے کہ میں بتانے کو تیار ہوں کہ مجھے کہاں رکھا اور کس نے مجھے اٹھایا لیکن کوئی ایکشن نہیں آخر حکومت ہے کہاں' اس طرح سے بات نہیں بنے گی۔

جناب انتظامیہ کا یہ حال ہے کہ ضلعوں کے اندر نااہل لوگوں کو بٹھایا گیا ہے سیاسی سفارشات پر ریٹائرڈ لوگوں کو جو اپنی سروس مکمل کر چکے ہیں ان کو ایک ایک سال کی extensions دے کر contract پر ان کو ڈی آئی جی اور ایس پی بنا کر رکھا جا رہا ہے اب آپ خود ہی سوچیے کہ جو ریٹائرڈ لوگ سال بھر کے لئے آئیں گے جناب وہ تو اپنی جیبیں بھرنے کا سوچیں گے وہ کسی کو تحفظ دینے کی نہیں کریں گے اور پھر سیاسی اثر و رسوخ پر 17 سکیل کے لوگ ایس پی بنے بیٹھے ہیں جبکہ ہمارے لوگ' جوان لوگ جو ہیں ان کو ایک کونے میں بٹھا دیا ہوا ہے کیوں وہاں انتظامیہ کو درست نہیں کیا جاتا کیوں بہتر لوگوں کو وہاں نہیں

رکھا جاتا آخر مشکل کیا ہے کم از کم میری سمجھ یہ باتیں نہیں آتی۔

جناب والا! کرپشن کا یہ عالم ہے کہ تھانے بک رہے ہیں۔ سندھ کے اندر' وہاں پر ہر تھانے کی بولی لگتی ہے اور تھانوں سے ہر ماہ باقاعدہ رقم ایس پی صاحبان کو جاتی ہے۔ جس میں ڈی آئی جی اور باقی افسران کے بھی حصے ہوتے ہیں یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے یہ ایسی حقیقتیں ہیں جو ہم بھی جانتے ہیں حکومت وقت بھی جانتی ہے اور وہاں کے بچے بچے کو بھی پتہ ہے لیکن سب کے پردہ پوشی کی جارہی ہے۔ آخر کیوں اعتزاز احسن صاحب نے گول میز کانفرنس کی ایک بات کی تھی بڑی اچھی بات تھی لیکن اس کو بھی تقریباً میرے خیال میں اس وقت چار ماہ گذر گئے وہ گول میز کانفرنس ابھی تک ہوتی ہوئی ہمیں نظر نہیں آتی جب کہ میرے خیال میں وہ ایک مثبت سوچ تھی ایک مثبت بات تھی سندھ میں جتنی پارٹیاں ہیں چاہے اسمبلیوں میں ان کی نمائندگی ہے چاہیے نہیں لیکن اگر ان سے مل کر آپ بات کریں گے ان کو بٹھا کر آپ اس مسئلے کو حل کرنے کی کوشش کریں گے تو ظاہر ہے کوئی نہ کوئی راہ نکل آئے گی لیکن اگر آپ یہ رویہ اپنائیں گے کہ صاحب ہم تو صرف ان لوگوں سے بات کریں گے جن کی وہاں اسملبلیوں میں نمائندگی ہے تو جناب وہاں نمائندگی تو ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی کی ہے وہ کس طرح آپس میں بات کریں گے۔ جب ایک دوسرے کے لوگوں کو روزانہ اغواء کیا جاتا ہے لاشیں جلا کر راستوں میں پھینک جاتے ہیں اب اگر امن وامان کا یہ عالم ہو تو آخر سندھ میں حالات کس طرح سدھریں گے۔ یہ ایک اچھی بات ہوگی کہ گول میز کانفرنس سندھ کے مسئلے پر بلائی جائے اور پھر اس کی اہمیت تو اس سے بھی جناب معلوم ہو جاتی ہے کہ پچھلے دنوں وزیر اعظم صاحبہ نے خود کہا تھا کہ سندھ کے اندر ایک mini-surgency کی سی situation ہے اب اس سے زیادہ اہم اور کیا بات ہو سکتی ہے۔ یہاں ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر صرف پنجاب کے خلاف ایک پروپیگنڈہ چل رہا ہے۔ سندھ کی طرف کوئی توجہ نہیں' آپ ضرور کریں جناب پنجاب میں بھی اگر کوئی گڑبڑ ہوتی ہے تو آپ ضرور crush کریں۔ پاکستان کے کسی بھی علاقے میں کوئی غیر قانونی بات ہوتی ہے تو آپ اسے crush کریں لیکن خدا کے واسطے آپ سندھ کی طرف توجہ دیں۔ یہ ایک ناسور ہے

ایک رستا ہوا زخم ہے اس کے علاج کا کوئی بندوبست کیا جائے۔ لیکن میرا ذاتی خیال یہ ہے کہ cosmetic changes سے اس میں کوئی فرق نہیں آئے گا جب تک سندھ کی پوری انتظامیہ تبدیل نہیں ہو گی جب تک سندھ کا وزیر اعلیٰ تبدیل نہیں ہو گا ضلعوں کے اندر انتظامیہ درست نہیں کی جائے گی اس وقت تک کچھ نہیں ہو گا وہاں ایک دیانتدار، آداز اور با اختیار وزیر اعلیٰ کی ضرورت ہے کسی کٹھ پتلی کی ہمیں ضرورت نہیں۔

We do not need a puppet on strings

وہاں شاہ صاحب کا کام کیا ہے۔ جناب، اب تو یہ سب کو پتہ ہے کہ سندھ کی انتظامیہ اس وقت کس طرح چلائی جارہی ہے وہاں وفاقی وزیروں کے حوالے ڈویژن کیے گئے ہیں کہ صاحب فلاں ڈویژن یہ وفاقی وزیر سنبھالے گا اور فلاں یہ سنبھالے گا اور فلاں یہ سنبھالے گا اور چیف منسٹر صاحب محدود ہو کر رہ گئے ہیں۔ اپنے چیف منسٹر ہاؤس تک اور ان کا کام صرف یہ رہ گیا ہے کہ وہ وزیر اعظم صاحبہ کو خوش رکھیں اب اگر یہ حالت ہو گی تو پھر ہم لوگوں کا تو خدا ہی حافظ ہے وہاں تو جناب یہ عالم ہے کہ بازار لٹیروں کے حوالے اور شاہ کا یہ حال کہ قصیدوں میں مگن ہے۔

اس وقت بھی سندھ میں ایک ہزار سے سیاسی قیدی بھی زیادہ جناب جیلوں میں سڑ رہے ہیں۔ کہا یہ جارہا ہے وہاں کوئی سیاسی قیدی نہیں ہے۔ 24 جنوری کو ڈان میں یہ اعداد و شمار آئے ہیں یہ مسٹر عاقل لودھی نے دئے ہیں۔ جو صدر ہیں ۔ Lawyers Committee for Human Rights کے ان کی رپورٹ کے مطابق 1085 لوگ مختلف جماعتوں سے تعلق رکھنے والے اس وقت سندھ کی جیلوں میں بند ہیں اور یہ جنوری کی بات ہے اس وقت تک شاید کچھ اور لوگ بھی وہاں بند ہوں گئے ہوں۔ اب ستم ظریفی یہ دیکھیے حکومت کہتی ہے کہ کوئی سیاسی قیدی نہیں۔ مارشلاء کے زمانے میں جب پیپلز پارٹی کے لوگ جیلوں میں ہوتے تھے اور مارشل لاء کی انتظامیہ ان کو Criminal کہتی تھی تو ہم چیخ چیخ کر اس وقت کہتے تھے کہ صاحب یہ سیاسی لوگ ہیں یہ Criminals نہیں ہیں ان کو treet

دہرا رہی ہے کہ سیاسی political prisoners کیا جائے۔ آج وہی روایت پیپلز پارٹی لوگوں کو Criminal, declare کر کے ان کے political rights کو بالکل deny کر رہی ہے میں سمجھتا ہوں یہ ٹھیک رویہ نہیں ہے خاص طور سے اس وقت ہماری سکھر جیل میں ہمارے سندھ کے قیدی سڑ رہے ہیں ان کے لئے سپیشل ٹریبونل بنایا گیا ہے آخر Special Tribunal کی کیا ضرورت ہے۔ جناب ان کا قصور کیا ہے۔ کیوں آپ ordinary law ان پر apply نہیں کرتے ordinary courts میں آپ ان کے خلاف cases کیوں نہیں چلاتے آخر ملک میں کوئی قانون بھی تو ہے کہ نہیں۔ میں آپ کے توسط سے Interior Minister صاحب کی توجہ مبذول کرانا چاہوں گا کہ جو لوگ اس وقت سکھر جیل میں موجود ہیں ان کے لے آپ عدالتوں میں مقدمات ضرور چلائیں ان کا trial کریں ان کے خلاف جو allegations ہیں وہ آپ ordinary courts میں ثابت کریں اگر وہ guilty ہیں تو ان کو سزا دیں اگر وہ Guilty نہیں ہیں تو ان کو release کریں اس طرح سے ان کو جیلوں میں رکھنے سے کوئی بات نہیں بنے گی۔ کرپشن تو خیر ماشاء اللہ روز بڑھتی ہی چلی جا رہی ہے اس پر اگر میں کچھ نہ ہی کہوں تو زیادہ بہتر ہے کیوں کہ اب تو جناب وہاں پر پرائمری ٹیچیر کی نوکریاں بھی ہمارے ممبران قومی اسمبلی ممبران صوبائی اسمبلی بیچ رہے ہیں اور ایک پرائمری ٹیچر کی نوکری کی قیمت 14 ہزار روپے ہے باقی higups کا تو میں کیا ذکر کروں وزراء صاحبان اور مسٹر دس فیصد کا تو اتنا ذکر ہو چکا ہے کہ اگر میں کچھ نہ ہی کہوں تو وہ زیادہ بہتر ہے۔

جناب! اس کے بعد میں horse trading اور political stock exchange کی طرف آپ کی توجہ مبذول کراؤں گا صدر محترم نے فرمایا "میں نے عرض کیا تھا کہ درگزر سے کام لیا جائے اور رواداری کے جذبے کا مظاہرہ کیا جائے مگر گزشتہ پورا سال معمولی سے معمولی بات ہر سطح پر محاذ آرائی کا سبب بنتی رہی ہے میں نے صاحب ستھری سیاست پر روز دیا تھا مگر Horse tradings political stock exchanges ہماری سیاسی لغت کی اصلاحیں بن گئیں میں نے گزارش کی تھی کہ دوسروں سے وہی برتاؤ روا رکھا جائے جس کی توقع ہم اپنے لئے ان سے کرتے ہیں لیکن اب

تک ہم میں یہ وسیع القلبی نہیں آسکی۔ میں نے وفاق کے اتحاد اور جمہوری عمل کے تسلسل میں سینٹ کے تعمیری کردار کی اہمیت پر زور دیا تھا مگر غیر ذمہ دارانہ سوچ رکھنے والے افراد اس آئینی ادارے کو متنازعہ بنانے کی کوشش میں لگے رہے۔ میں نے قانون سازی کے بھاری ایجنڈے کی بات کی تھی۔ یہاں عالم یہ رہا کہ ہمارے ناقدین کو یہ تک کہنے کا موقع ملا کہ ملک کے قانون ساز ادارے سب کچھ کرتے ہیں سوائے قانون سازی کے۔ ''گزشتہ برس جہاں بے شمار آرڈی نینس جاری کیے گئے وہاں پارلیمنٹ نے صرف چھ قوانین کی منظوری دی اور اس وقت تقریباً 36 آرڈی نینس پارلیمنٹ کی توجہ کے منتظر ہیں۔ جناب قانون سازی کی طرف توجہ کس طرح ہو گی۔ حکومت اگر خود ہارس ٹریڈنگ اور پولیٹیکل سٹاک ایکسچینج کی ترغیب دے گی اور ہر ایم این اے کو پیکیز دے کر قرضے دے کر شوگر مل دے کر انڈسٹری دے کر ان کے وفاداریاں خرید کرنے کی کوشش کرے گی تو اس کا وقت تو اسی میں صرف ہو گا حکومت بچانے کے لئے ہر چیز کرنے کو تیار ہیں آخر positive چیزوں کی طرف کب توجہ ہو گی۔

اس ملک میں floor crossing کی بری طرح حوصلہ افزائی کی جارہی ہے آپ اخبارات میں پڑھ رہے ہیں سن رہے ہیں کہ ہماری پارلیمنٹ میں آئے دن فلاں صاحب پیپلز پارٹی میں شامل ہو گئے۔ بھئی ضرور شامل ہوں لیکن اس کے بھی کچھ آداب ہوتے ہیں۔ میں تو سمجھتا ہوں جمہوریت ایک مذاق سا بن کر رہ گئی ہے۔ اس کی مثال میں یوں دیتا ہوں کہ NWFP گورنمنٹ کو آپ دیکھ لیجئے گا اس کی کابینہ کے دو تہائی ممبران جو ہیں وہ پیپلز پارٹی کے لوگ نہیں لیکن وہاں پر حکومت پیپلز پارٹی کی بنی ہوئی ہے کسی طریقے سے انہوں نے ان کو اپنی سائیڈ پر لگایا ہوا ہے اور پھر حکومت نے ان 14 ماہ میں جو کارنامے کئے وہ بھی ماشاء اللہ قابل تحسین ہیں۔ سب سے پہلے تو بلوچستان اسمبلی کا dissolution اس کے فوراً بعد چیف منسٹر پنجاب کو ہٹانے کے لئے ایک مہم چلائی گئی۔ حال ہی میں آزاد کشمیر کے صدر کے خلاف ایک محاذ کھڑا کیا گیا۔ سینٹ کو توڑنے اس کو غیر قانونی قرار دینے کی بھرپور کوشش کی گئی۔ صدر مملکت کے ساتھ confrontation کا ایک محاذ کھولا گیا۔ سرحد کی ملازمت کے issue پر محاذ آرائی شروع ہوئی پھر ججوں کی appointments پر ایک issue کھڑا

کیا گیا آخر یہ اتنے مسائل خود کھڑے کرتے جائیں گے تو تعمیری سوچ کا کیا بنے گا پھر آپ کس طرح سے اس ملک کو قانون دیں گے کس طرح سے ان اسمبلیوں کو چلائیں گے۔

جناب وہ ہمارے Political Party Act میں سیکشن (ط)8 کی ج clause ہے (فلور کراسنگ) وہ بہت vague ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے اس کو Defection درست کیا جائے۔ اس میں improvement کی جائے اور اس ضمن میں مناسب قانون سازی کی جائے تاکہ اس طرح سے فلور کراسنگ مکمل طور پر بند ہو جائے۔ فلور کراسنگ کو غیر قانونی قرار دینا چاہیے اور کوئی شخص اگر اس کا مرتکب ہو تو فوری طور پر اس کو اپنی سیٹ کھو دینی چاہیے وہ join کر سکتا ہے۔ اس وقت جو لوگ فلور کراس کر رہے ہیں ان کو تو ہم قصوروار ٹھہرا رہے ہیں لیکن اس کا کیا بنے گا جو ان کو فلور کراس کروانے کی ترغیب دے کر ان کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں وہ بھی اتنے ہی بڑے مجرم ہیں جتنے مجرم وہ لوگ ہیں جو فلور کراس کر رہے ہیں تو دونوں کے لئے مناسب انسدادی قانون سازی ہونی چاہیے۔ صدر محترم نے بھی فلور کراسنگ کے سلسلے میں یہی فرمایا تھا اگر کوئی عوام سے ملے ہوئے mandate کو ان کی خواہشات کے بر خلاف استعمال کرتا ہے تو وہ بد ترین خیانت کا مرتکب ہوتا ہے اور خیانت خدا کے نزدیک ظلم عظیم ہے اور خود ظلم کو زیادہ دیر تک برداشت نہیں کرتا۔ عوام سے ایک مخصوص نقطۂ نظر کی نمائندگی کے وعدے پر ووٹ حاصل کرنے کے بعد اگر کسی منتخب نمائندے کے لئے خیالات میں تبدیلی یا ذاتی وجوہ یا کسی مجبوری کے سبب اس نقطۂ نظر پر کاربند رہنا ممکن نہ ہرے تو خیانت کے گناہ کا ارتکاب کرنے کی بجائے اس کے لئے اختلافاً اور مذہباً بہترین صورت یہی ہے کہ بار امانت اس کے اصل حقداروں کو لوٹا دے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت ہی وزن دار بات ہے۔ ان لوگوں کو جنھوں نے اس قسم کی بات کی ہے انہیں واپس عوام کے پاس جانا چاہیے اور ان سے fresh mandate حاصل کرنا چاہیے پریس اور الیکٹرانک میڈیا آپ کے سامنے ہی ہے۔ نیشنل پریس ٹرسٹ توڑنے کی باتیں کی جاتی ہیں لیکن ابھی تک نیشنل پریس ٹرسٹ نہیں توڑا گیا electronic media تو ماشاءاللہ one sided اتنا زور دکھا رہی ہے کہ

جناب ایک بات جس کا میں یہاں خاص طور پر ذکر کرنا چاہوں گا وہ ہے مہنگائی اور خصوصاً agriculture sector میں۔ بجٹ تقریر میں تو خیر بہت ساری باتیں کہی گئیں اور figures بھی سنائی گئی لیکن جو حقیقت ہے وہ نہیں بتائی گئی۔ میں خود زمیندار ہوں اور میرا واسطہ اس سیکٹر سے رہتا ہے اور روز مرہ جو رواتیں ہمارے سامنے آتی ہیں۔ ان میں سے دو تین نکتے یہاں عرض کرتا چلوں جناب fertilizer ایسی چیز ہے جو اس سیکٹر کے لئے نہایت ہی اہم ہے اور اس سیکٹر میں اول تو fertilizer کی دستیابی حکومت proper طور پر نہیں کر سکی سب سے پہلے پنجاب کے اندر fertilizer کی shortage پیدا ہو گئی وہاں وقت پر فصلوں کے لئے کھاد نہیں ملی بعد میں وہ fertilizer وہاں پر پہنچائی گئی تو سندھ کے اندر shrotage ہو گئی اور سندھ میں وقت پر کھاد نہیں مل رہی تھی اور اگر مل بھی رہی تھی تو مہنگی بلیک میں مل رہی تھی۔ جناب! یہ جو ان کی prices میں اضافہ ہوا ہے اس کا اگر آپ موزانہ کریں گے تو معلوم ہو گا کہ نومبر ۸۹۔۸۸ کی جو prices ہیں اس میں جو ٹی ایس پی ہے۔ اس میں پندرہ فیصد کا اضافہ ہوا ہے ایک سال کے اندر اور ڈی اے پی میں ۱۰ فیصد این پی میں ۹ فیصد ایس ایس پی ۱۰ فیصد اور ایس او پی ۱۸ فیصد اب یہ تو ساری چیزیں مہنگی ہوتی جا رہی ہیں۔ جناب ٹریکٹر ہے وہ ہمیں international prices پر مل رہا ہے۔ ڈیزل pesticedes اور باقی inputs جتنے ہیں ہو سارے ہمیں international prices پر ملتے ہیں جبکہ ہماری wheat, crops, sugar cane, rice کی ہمیں international prices نہیں دی جاتی۔ نتیجہ کیا ہو گا لوگ ان products کو بند کر دیں گے جب وہ فصل نہیں اگے گی تو آپ کی National economy متاثر ہو گی اور اگر sugarcane کی یہاں defficiency ہو جائے گی تو آپ کو شوگر باہر سے import کرنی پڑے گی اور یہ آپ کی پوری economy کو topsyturvy کرنے والی بات ہے اس طرف توجہ مبذول کرنی چاہیے اور ان ساری چیزوں کا تدارک ہونا چاہیئے essential

commoditiesروز مرہ کی چیزیں ہیں جو عام آدمی کے استعمال کی چیزیں ہیں اس میں ۱۰ سے ۲۰ فیصد کا اضافہ ہوا ہے اس ۴ ماہ کے اندر گیس کے اندر اور power tariff کے اندر ساری چیزیں بڑھی ہیں۔ پی آئی اے کے fares کے بارے میں تو آپ کو پتہ ہے کہ سال میں دو تین increasesاس میں کی گئی ہیں یہ ساری ایسی چیزیں ہیں جس سے ملک کے غریب عوام اور متوسط طبقے پر کافی اثر پڑ رہا ہے۔

جناب ایک اہم بات council of Common interests کے سلسلے میں تھی جو میں صدر کی تقریر کے حوالے سے آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں۔ میں صدر صاحب کو quote کروں گا۔ انہوں نے فرمایا کہ ہمارے آئین میں مرکز ار صوبوں کے اختیارات اور ذمہ داریوں کی واضح نشاندہی موجود ہے اور مشترکہ مسائل کے متفقہ حل کی تلاش کے لئے طریقہ اور مناسب اداروں کی تشکیل بھی کی گئی ہے۔ آئین بنانے والوں نے councill of common اورNational Finance Commission interestsاور council of Islamic Ideology جیسے ادارے اس مقصد سے تجویز کئے تھے کہ ملک کے اجتماعی مفاد میں ایسی پالیسیاں مرتب کی جا سکیں جو صوبائی خود مختاری کی مقررہ حدود کا احترام کرتے ہوئے مشترکہ سوچ کی آئینہ دار ہوں اور متعلقہ اداروں کی کارگردگی کو پارلیمنٹ کی زیر نگرانی یقینی بنایا جا سکے۔ مدعا یہ تھا کہ گفت و شنید کے ذریعہ غلط فہمیوں کو پیدا ہونے سے روکا جائے اور شکایتوں کے تدارک کا بندوبست کیا جائے تاکہ وفاقی نظام کو خوش اسلوبی کے ساتھ چلایا جا سکے اور وفاق کو استحکام حاصل ہو ان اداروں کو کام کرنے کا موقع دینا قومی مفادات کو آگے ہی لے جائے گا' پیچھے نہیں 'ان کی افادیت پر بے جواز شکوک و شبہات کا اظہار کر کے ہمیں آئین کے خالقوں کی بصیرت کو شرمندہ نہیں کرنا چاہئے"

جناب والا! council of common interestsایک آئینی ادارہ ہے۔

جناب چیئرمین :ذرا مہربانی کر کے سمیٹنے کی کوشش کیجیے کافی وقت ہو گیا ہے۔

میر ہزار خان بجارانی : یہ آخری پوائنٹ ہے۔

جناب چیئر مین : جی فرمائیے۔

میر ہزار خان بجارانی : ہمارے لا منسٹر صاحب فرما چکے ہیں کہ اگر عجلت میں council of common interests کی میٹنگ بلا لی جائے گی تو یہ وفاق کے لئے بڑا خطرہ ہو گا' جناب والا اگر آئینی باتوں پر عمل کرنے سے وفاق کو خطرہ لاحق ہو گا تو پھر اس آئین کی ضرورت کیا ہے' پھر آپ نے یہ آئین بنایا کیوں ہے۔ جو طریقہ آپ نے ملک کے مسائل حل کرنے کے لئے رکھا ہے اگر اس پر عمل کرنا خطرناک ہے تو پھر میں سمجھتا ہوں اس آئین کی ضرورت نہیں ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس پر عمل ہونا چاہیئے جب کہ اس سلسلے میں بلوچستان اور پنجاب نے پہلے سے ہی ڈیمانڈ کی ہوئی ہے' سینیٹ resulution جو کہ مئی ۱۹۸۹ء میں پاس کیا تھا موجود ہے۔ آرٹیکل ۱۵۴ میں' ظاہر ہے کہ اس کی۔۔۔بلانے کا طریقہ کار واضح نہیں ہے لیکن اگر آرٹیکل ۱۵۴ سے قطع نظر آپ آرٹیکل ۱۵۴ کو دیکھیں اور میں quote کروں گا اس میں یہ کہا گیا ہے کہ

"The Supreme Court shall to the exclusion of even other court, have original jurisdiction in any dispute between any two or more governments."
And its explanation is that in this clause government means the federal government and the provincial government".

آرٹیکل ۱۵۴(۱) کی رو سے یہ معاملہ سپریم کورٹ میں طے کیا جا سکتا ہے اور میں سمجھتا ہوں گورنمنٹ agree ہے وہ سپریم کورٹ میں جا کر اس معاملہ کو حل کرائے۔

جناب والا! حال ہی میں کشمیر کے سلسلے میں جو joint session بلایا گیا اس کو ایک ہی دن wind-up کرنے کی اصل وجہ بھی سی سی آئی کی میٹنگ تھی' ڈر یہ تھا کہ کہیں سی سی آئی کے رابطے میں کوئی resolution نہ آجائے لہٰذا اس اہم مسئلہ پر پارلیمنٹ کے ممبروں کو بحث کا موقع نہ دیا

جائے اور اسے عجلت میں wind-up کر کے ایک ہی دن میں فوری طور پر اس کو ختم کیا جائے۔

جناب والا! کشمیر اس وقت سب سے زیادہ اہمیت کا حامل ہے یہ سب سے زیادہ اہم issue ہے اس کے بارے میں بھی گورنمنٹ کی طرف سے اگر اس طرح کے non-serious اقدامات ہوں گے، میں سمجھتا ہوں کہ ہم کشمیر کے لوگوں کے ساتھ اپنی وفا کا اظہار نہیں کر رہے ہیں جو ہمیں کرنا چاہئے تھا ہم اپنے ساتھ بھی بے ایمانی کر رہے ہیں اور ہم اپنے آپ کو بھی دھوکا دے رہے ہیں۔ **جناب والا!** میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت صرف ایک ہی کوشش کی جا رہی ہے اور یہ کوشش ہے کہ کسی طرح مغرب اور امریکہ میں پاکستان کو ڈالا جائے تو جناب، ہمیں اس perspective میں دیکھنا چاہئے، کشمیر issue میں بھی آپ دیکھیں گے کہ ایران، ترکی، اور بنگلادیش اور او آئی سی کی طرف سے صرف statements آئی ہیں، کسی اور نے ہمارے موقف کی اس حد تک تائید نہیں کی جب کہ اس سے پہلے بہت سارے ممالک نے ہمارے تائید کی تھی اور western camp میں ہمارا جانا اگر اتنا ہی مفید ہوتا تو نہ شاہ ایران اس وقت اقتدار سے چلے جاتے اور نہ انور سادات اقتدار سے ہٹ جاتے ہمارے لئے صرف یہ دو ہی مثالیں ہی کافی ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ان کو مد نظر رکھتے ہوئے ہمیں اپنی foreign policy کو بھی نئے سرے سے مرتب کرنا چاہئے۔ میں آخر میں صرف اتنا ہی کہوں گا کہ۔

جو باخبر تھے وہ لڑتے رہے تلاطم سے
جو بے خبر تھے وہ بیٹھے رہے سفینے میں

بہت بہت شکریہ!

PARTICIPATION ON THE KASHMIR ISSUE

On Februry 20, 1990 in the Senate of Pakistan the Honourable Member Mir Hazar Khan Bijarani Discussed Kashmir Issue as:*

میر ہزار خان بجارانی : شکریہ جناب چیئرمین !۔ حسین و دلکشی کی اس پر فریب وادی جسے ہم کشمیر کہتے ہیں باشندوں کے ذکر آج پاکستان کے ایوانوں میں گونج رہا ہے یہ حسین وادی جناب چیئرمین جس کی برف پوش پہاڑوں جھرنوں اور آب شاروں کو شاعروں نے اپنا موضوع بنایا اور علامہ اقبال نے اسے فردوس بر روئے زمین کہا ہے اس کے مصیبت زدہ کشمیری عوام کی آہیں اور ان کی سسکیاں بالآخر رنگ لائی ہیں اور آج وادی کشمیر میں حریت پسند اپنے خون کے ساتھ تاریخ آزادی کا ایک نیایاب رقم کر رہے ہیں۔

جناب والا! میں تاریخی پس منظر میں جا کر اس ایوانوں کا زیادہ وقت ضائع کرنا نہیں چاہتا لیکن ایک دو چیزیں ضروری ہیں جو آپ کے توسط سے میں اس ایوان کے سامنے بیان کرنا چاہتا ہوں پہلی بات جناب والا! تقسیم ہند کا اصول آپ جانتے ہیں اور سارے ایوان کو سارے پاکستان کے باشندوں کو پتہ ہے کہ اصول طے ' یہ ہوا تھا کہ مسلم اکثریت کے وہ حصے جو جغرافیائی لحاظ سے جڑے ہوئے ہوں پاکستان کا حصہ بنیں گے اور ہندو اکثریت کے اسی طرح کے حصے ہندوستان کا حصہ بنیں گے لیکن یہاں ایک بات جو اصول کے خلاف کی گئی وہ تھی ' Punjab Boundary Commission پر ریڈ کلف کا ایوارڈ یہ سوچنے کی بات ہے۔ جناب چیئرمین کہ اس وقت آخر اس چیز کی ضرورت کیوں پیش آئی کشمیر جغرافیائی لحاظ سے ہندوستان سے کٹا ہوا تھا اور چونکہ ہندوستان کی قیادت اس وقت بدنیت تھی لہذا انہوں نے یہ بندوبست کیا۔ لارڈ ماؤنٹ بیٹن اور ریڈ کلف سے مل کر ایک سازش کے تحت

---

* *Senate of Pakistan: Vol. 1(1-8)1990, pp. 209-24.*

گورداس پور کے ضلع کو جو کہ مسلمان اکثریت والا ضلع تھا پاکستان سے کاٹ کر ہندوستان کے حوالے کیا جب کہ اس سے پیشتر جو نقشے بنے تھے ان میں گورداس پور پاکستان کا حصہ دکھایا گیا تھا اور وہ مغربی پنجاب کا حصہ تھا۔ جناب والا! برطانیہ کو اپنے شاہی خاندان اور اپنی عدلیہ پر بڑا فخر ہے لیکن اگر اس ایک واقعہ کو ہم دیکھتے ہیں تو اس سے ظاہر ہو جاتا ہے کہ ان کی سوچ اور ان کی ذہنیت کتنی پست ہے اور وہ کس قدر پاکستان اور مسلمانوں کے خلاف تھا اس ایوارڈ کے خلاف قائداعظم نے یہ فرمایا تھا کہ غیر منصفانہ ناقابل فہم اور گمراہ کن ایوارڈ ہے۔

جناب والا! وہ وقت تو بہر حال گزرا لیکن بعد میں ایک سازش کے تحت کشمیر کے مہاراجہ سے ساز باز کر کے کشمیر کا الحاق ہندوستان کے ساتھ کیا گیا اور اس نتیجے میں ہندوستان کی فوج ہوائی جہازوں کے ذریعے اٹھا کر سری نگر پہنچائی گئی اور پھر زمینی راستوں سے بھی ان کو کمک پہنچائی گئی جس سے وادی میں جنگ کے حالات پیدا ہوئے اور وہاں خون خرابہ شروع ہوا۔ یہاں سے مسلم حریت پسندوں نے اس فوج کو للکارا اور انہوں نے اپنی جانوں کے نظرانے دینے شروع کیے ان حالات سے گھبرا کر ہندوستان کی قیادت خود اقوام متحدہ تک پہنچی اور ان کے توسط سے کشمیر کے اندر فائربندی کرائی۔

جناب والا! میں یہاں ہندوستان کے اس وقت کے وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو کے چند بیانات آپ کے توسط سے ایوان کے سامنے بیان کرنا چاہوں گا جو انہوں نے اس فائربندی کے بعد مختلف اوقات پر اس موضوع پر دیے تھے۔ جناب والا! پہلے پہلے 2 نومبر 1947ء کو انہوں نے آل انڈیا ریڈیو سے قوم کے نام ایک پیغام نشر کیا تھا اور اس میں جو کشمیر کے متعلق حصہ ہے وہ یہاں پڑھ کر سناتا ہوں انہوں نے کہا ہے کہ!

”ہم نے واضح طور پر اعلان کر دیا ہے کہ کشمیر کی قسمت کا آخری فیصلہ صرف کشمیری عوام ہی کریں گے یہ ہمارا وعدہ ہے جسے مہاراجہ کی حمایت حاصل ہے۔ نہ صرف کشمیری عوام سے بلکہ پوری دنیا سے وعدہ ہے ہم نہ تو اس کی خلاف ورزی کریں گے اور نہ کر سکتے ہیں ہم ہر وقت تیار ہیں جب بھی ریاست میں امن بحال ہو گیا ہم اقوام متحدہ جیسے کسی بین الاقوامی ادارے کے تحت ریاست میں رائے شماری کرائیں گے ہم یہ رائے شماری منصفانہ طور

پر اور عوام کی مرضی کے مطابق کرانا چاہتے ہیں ہم ان کے ہر فیصلے کو قبول کریں گے اس سے زیادہ صاف اور ایماندارانہ پیش کش اور کیا کر سکتا ہوں"۔

یہ پنڈت جواہر لال نہرو کے الفاظ ہیں جو انہوں نے 2 نومبر 1947ء کو آل انڈیا ریڈیو اپنی تقریر میں کہے تھا اس کے دو روز بعد انہوں نے پاکستان کے وزیر اعظم کو اس بیان کی روشنی میں ایک ٹیلی گرام بھیجا۔ اس ٹیلی گرام کا ٹیکیٹ یہ ہے وہ فرماتے ہیں۔

"میں آپ کی توجہ کشمیر سے متعلق اپنے بیان کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جو کہ گزشتہ شام ریڈیو سے نشر ہوا۔ میں نے اس بیان میں اپنی حکومت کی پالیسی کی وضاحت کی ہے اور واضح طور پر اس بات کا اعلان کیا ہے کہ کشمیر پر قبضہ کرنے کا کوئی ارادہ نہیں اور یہ کہ آخری فیصلہ کشمیری عوام کی مرضی کے مطابق ہوگا۔ میں نے مزید کہا کہ اقوام متحدہ جیسے غیر جانبدار ادارے کی نگرانی میں رائے شماری کرانے پر ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ یہ اصول ہم ہر اس ریاست پر برقرار تیار ہیں جس کے الحاق کا مسئلہ متنازعہ ہو اگر آپ کی حکومت بھی اس اصول کو تسلیم کرنے کے لیے تیار ہو تو ہمارے لیے کوئی مشکل باقی نہیں رہتی"۔

جناب والا! اس کے بعد پنڈت صاحب نے 25 نومبر 1947ء کو انڈین پارلیمنٹ میں ایک بیان دیا جس میں وہ فرماتے ہیں۔

اپنے عزم اور کردار کی تکمیل کے لیے ہم نے طے کیا ہے لوگوں کو اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنے کا موقع دیا جائے اور یہ کام اقوام متحدہ جیسے کسی غیر جانبدار ادارے کی زیر نگرانی طے ہونا چاہئے کشمیر کی صورت حال بہت نازک ہے اور مسئلہ جابرانہ قوت سے نہیں بلکہ عوام کی مرضی سے طے ہونا چاہئے!

جناب اس کی بعد ایک پریس بیان پنڈت صاحب کا جاری ہوا جو بہت اہم ہے اور میں آپ کی توجہ چاہوں گا۔ اس میں فرماتے ہیں۔

"کشمیر ہندوستان یا پاکستان کی جائیداد نہیں ہے کشمیر کشمیری عوام کا ہے جب کشمیر کا ہندوستان کے ساتھ الحاق ہوا تھا تو ہم نے کشمیری عوام کے راہنماؤں پر یہ بات واضح کر دی تھی بلکہ کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ صرف رائے شماری کے ذریعے طے ہوگا۔ اگر وہ ہم سے

کہیں گے کہ کشمیر چھوڑ دو تو ہم ایک لمحہ توقف کیے بغیر کشمیر سے نکل جائیں گے۔ ہم نے یہ مسئلہ اقوام متحدہ میں پیش کیا اور اس کے پرامن حل کے لئے انہیں شریفانہ قول دیا ہے۔ ایک قوم قوم کی حیثیت سے ہم اپنے قول سے منحرف نہیں ہوں گے۔ ہم نے اس مسئلے کا آخری حل کشمیری عوام پر چھوڑ دیا ہے اور ہم ان کے ہر فیصلے کو قبول کریں گے"۔

جناب والا! یہ تو پنڈت صاحب کی چند statements تھیں جو میں ضروری سمجھتا تھا کہ اس ہاؤس کے سامنے پیش کروں اس کے چند سالوں بعد 26 جون 1952ء میں انڈین پارلیمنٹ میں ایک دفعہ پھر پنڈت صاحب نے ایک statement دی اور اس میں جو متعلق حصہ ہے اس میں وہ فرماتے ہیں!

اگر ایک معقول رائے شماری کے بعد کشمیر کے عوام نے کہا کہ ہم ہندوستان کے ساتھ نہیں رہنا چاہتے تو ہم پر یہ فرض عائید ہو جاتا ہے کہ ان کا فیصلہ قبول کریں اگرچہ ایسا کرنے سے ہمیں تکلیف ہو گی لیکن اس کے باوجود ہم ان کے خلاف فوجی نہیں بھیجیں گے۔ ہم ان کا فیصلہ مان لیں گے چاہے ہمارے احساسات کو کتنی تکلیف کیوں نہ پہنچے۔ ہم اپنے قول کے لیے دستور تک کو تبدیل کر ڈالیں گے۔

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جناب والا! کہ ہندوستانی قیادت کی کیا ذہنیت ہے۔ اور کس طرح سے وہ دنیا کی آنکھوں میں دھول جھونک کر دھوکہ دہی سے کام لیتے ہوئے کشمیر کا اپنا اٹوٹ انگ بنانا چاہ رہا تھے اصل مسئلہ وقت حاصل کرنے کا تھا جو اس قسم کی statements دے کر Commitment لڑکے وہ کرتے رہے۔

اس کے بعد بخشی غلام محمد ہندوستان کا کٹھ پتلی وزیر اعلیٰ مقبوضہ کشمیر تھا اس کے ذریعے انہوں نے مہاراجہ کے الحاق کو اس نام نہاد اسمبلی سے توثیق کی ہے لہذا حرف آخر ہے اور اس پر اب مزید کوئی بات نہیں ہو سکتی کشمیری عوام نے اپنا حق رائے دہی استعمال کر لیا ہے اور اسی طرح انہوں نے اپنے کیس کو United Nations میں Present کرنے کی کوشش کی لیکن اس وقت کی ہماری جو خارجہ پالیسی اور ہماری جو کوشش تھیں اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ United Nations نے ان سب باتوں کے باوجود ایک دوسری قرارداد کشمیر کے

سلسلے میں منظور کی جس کے الفاظ یہ ہیں یہ جنوری 1975ء کا resolution ہے اس کے الفاظ ہیں اقوام متحدہ دوبارہ اعلان کرتی ہے کہ ریاست جموں کشمیر کا فیصلہ عوام کی رائے شماری سے ہوگا اس سلسلے میں کشمیر کی اسمبلی نے جو اقدامات کئے ہیں ان کی کوئی آئینی حیثیت تسلیم نہیں کی جائے گی اور ان اقدامات سے ریاست جموں کشمیر کے کسی حصے کے الحاق کا فیصلہ کیا جائے گا جناب والا! جہاں تک ہندوستان کا یو این او میں کیس present کرنے کا تعلق تھا ان statements سے اور پھر United Nation کے resolution سے وہ باب تو بند ہو جاتا ہے اور ہندوستان یہ نہیں کہہ سکتا کہ کشمیر ہندوستان کا اٹوٹ انگ ہے آج کشمیر کے اندر جو تحریک اٹھی ہے اچانک نہیں اٹھی جناب چیئرمین یہ کوئی اچانک development نہیں ہے یہ کافی مدت سے کافی عرصہ سے تحریک چلی ہے اس کا پس منظر یا اس کے اسباب ہندوؤں کے وہ مظالم ہیں جو ڈوگرہ راج میں یا اس کے بعد اور اس سے پہلے وہ عوام پر ڈھاتے رہے ہیں اور جس کا سلسلہ آج تک چلا جو آج ہندوستان میں کشمیر کے اندر الگ اور ہندوستان کے مسلمانوں پر الگ بابری مسجد کی صورت میں یا بہار کے اندر مسلمانوں کے قتل عام کی صورت میں جاری ہے۔

جناب والا! جہاں تک کشمیر کا تعلق ہے وہاں کوئی development نہیں ہوئی وہاں کوئی Public Sector میں انڈسٹری نہیں لگی ہوئی جس سے وہاں کے لوکل لوگوں کو روزگار فراہم ہوتا۔ بے روزگاری اپنی انتہا تک پہنچ چکی ہے کشمیری باشندوں کے دوسرے درجے کے شہری treat کیا جاتا ہے لیکن ان نہتے اور مظلوم کشمیریوں نے اپنے اندر جذبہ جہاد ابھارا اس کو جناب والا! تقویت ملی دنیا بھر میں ایک آزادی کو لہر چلی خاص طور پر سنٹرل ایشیا اور ایسٹرن یورپ میں جن میں پولینڈ، ہنگری چیکوسلاواکیہ، منگولیا وغیرہ شامل ہیں اس سے ان کو تقویت ملی ہے کہ کسی بھی سپر طاقت یا کسی بھی اور بڑی طاقت سے آزادی حاصل کی جا سکتی ہے اپنے حقوق لئے جا سکتے ہیں۔ اسی طرح جناب والا مسلم دنیا افغانستان کی تحریک فلسطین کی تحریک لبنان میں جو تحرک چل رہی ہے یا اب آزربائیجان میں جو مسلمان جدوجہد کر رہے ہیں یہ سارے factors تھے جو contribute کر رہے تھے

کشمیر عوام کے اس جذبے جہاد کو زیادہ تیز کرنے میں اور اس کو زیادہ ابھارنے میں آج جناب والا جو international reports آرہی ہیں ان کے مطابق کشمیر کی صورت حال یہ ہے کہ آج کشمیر کے ائیر پورٹ پر آپ کو ہر طرف کمانڈوز نظر آئیں گے اس کی parking lots میں آپ کو ملٹری جیلیں اور carriers نظر آئیں گی محسوس ہوتا ہے کہ جیسے یہ کوئی ہندوستان کی ساڑھے چھ ڈویژن فوج موجود ہے اور اس کے مظالم تقریباً جموں اور کشمیر کی پوری وادی میں پھیلے ہوئے ہیں کرفیو نافذ ہے وہاں حریت پسندوں نے ہر جگہ بطور احتجاج کالے جھنڈے لہرائے ہوئے ہیں اور وہاں دیواروں پر ہندوستان کے خلاف نعرے لکھے ہوئے ہیں۔

"Indian dogs go home"

جناب والا! وہاں ہسپتالوں کا یہ عالم ہے کہ وہاں بستر کم پڑ گئے ہیں زخمی حریت پسند مظلوم و معصوم بچے فرش پر لٹائے گئے ہیں ان کے لیے medicines نہیں ان کے لئے صحیح علاج کا بندوبست نہیں گھروں میں گھس کر چھوٹے چھوٹے بچوں کو گولیوں کا نشانہ بنایا جارہا ہے ضعیف بزرگ لوگوں کو مار پیٹ کر مختلف اذیتیں دی جارہی ہیں عورتوں کی بے حرمتی کی جارہی ہے ان کی عصمت دری کی جارہی ہے ڈاکٹروں کے کرفیو پاس cancel کیے جارہے ہیں اور انہیں اپنی ڈیوٹی ادا کرنے سے روکا جارہا ہے ambulances جو مریضوں کو اٹھا اٹھا کر ہسپتالوں میں لے جارہی ہیں راستوں میں روک کر ان کی search کی جارہی ہے اور انہیں روکا جارہا ہے تاکہ اور دشواریاں پیدا ہوں جو journalists باہر سے آئے ہوئے تھے ان سب کے کرفیو پاس cancel کر دیے گئے ہیں انہیں اٹھا کر ہوٹلوں میں بند کر دیا گیا ہے ان کی ٹیلی فون لائنیں کاٹ دی گئیں ہیں اور انہیں زبردستی انڈین ایئر لائن میں بٹھا کر دہلی دھکیلا گیا ہے تاکہ کشمیر کے اندر کے جو حالات اس وقت رونما ہوئے ہیں اس کی خبر باہر کی دنیا تک نہ پہنچے۔

جناب والا! وہاں پولیس نے جو ہڑتال کی اس کو بھی سختی سے کچلا گیا۔ ان کے

کئی جوان جو ہیں وہ گولیوں کا نشانہ بنے ہیں۔ حریت پسندوں کی اطلاع کے مطابق اس وقت تک چار سو کے قریب حریت پسند شہید ہو چکے ہیں۔ جناب والا ان حالت میں مصیبت کی اس گھڑی میں اگر ذرا پیچھے مڑ کر دیکھیں گے تو آپ کو معلوم ہو گا کہ پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں کی کس حد تک مدد کرتا رہا ہے۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جب پچھلے سال راجیو گاندھی یہاں تشریف لائے ان کا بڑا استقبال کیا گیا۔ ان کو بڑے پر تپاک طریقے سے Welcome کیا گیا اور یہاں تک بندوبست کیا گیا کہ کشمیر ہاؤس کا بورڈ تک اسلام آباد کی سڑکوں سے ہٹادیا گیا۔ اور ان دنوں ٹیلی ویژن پر مظفر آباد کے موسم کا حال دکھانا بھی بند کر دیا گیا اور تو اور جناب والا جب راجیو گاندھی پریس کانفرنس کر رہے تھے تو انہوں نے ایک سوال کے جواب میں یہ فرمایا کہ چونکہ کشمیر میں تین مرتبہ انتخابات ہو چکے ہیں لہذا استصواب رائے کروانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ کشمیری عوام نے اپنی رائے کا اظہار کر دیا ہے اور کشمیری ہندوستان کا اٹوٹ انگ ہے۔

جناب والا! وہاں ہماری وزیر اعظم بھی موجود تھی انہوں نے سوائے سر تسلیم خم کرنے کا اور کچھ نہیں کیا۔ راجیو گاندھی کا یہ argument کہ لوگوں نے انتخابات میں حق رائے دہی استعمال کر لیا ہے لہذا اب plebiscite کی ضرورت نہیں جناب والا! ان کی اس بات کی نفی ہو جاتی ہے Recent State Elections کا نتیجہ دیکھتے ہیں' ہندوستان ذرائع ابلاغ کے مطابق پانچ فیصد لوگوں نے ان انتخابات میں حصہ لیا جب کہ Western World کی رپورٹ ہے کہ 2 فیصد لوگوں نے اس میں حصہ لیا اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کشمیری عوام نے اس الیکشن میں کوئی رائے نہیں دی اور یہ ثابت کر دیا کہ وہ ہندوستان کے ساتھ کسی طرح بھی الحاق بر قرار رکھنا نہیں چاہتے اور اپنی آزاد اور منفرد حیثیت بر قرار رکھنا چاہتے ہیں اور ان کے فیصلے کا احترام ہونا چاہیے اور اس بات کو تقویت اس سے بھی ملتی ہے کہ کل ہی وہاں کے گورنر جگ موہن نے کشمیر کی اسمبلی کو dissolve کر دیا ہے اور یہ ثابت کر دیا کہ وہ کٹھ پتلی اسمبلی تھی اور عوام کی نمائندہ اسمبلی نہیں تھی۔ اس سے کشمیریوں کے موقف کو اور تقویت ملتی ہے۔

جناب والا! طاقت کے بل بوتے پر کسی کو ساتھ نہیں رکھا جاسکتا۔ تاریخ گواہ ہے کہ ویت نام کو امریکہ جیسی طاقت دبا کر نہیں رکھ سکی۔ الجیریا کو فرانس اپنے قبضے میں نہ رکھ سکا افغانستان کو روس اپنی تمام تر قوت کے باوجود دبا کر نہیں رکھ سکا۔ اسی طرح سے جناب والا شہنشاہ ایران امریکہ کی حمایت کے باوجود ایرانیوں اپنی پر خود کو مسلط نہیں کر سکا تو بھارت کسی طرح کشمیر کی مرضی کے خلاف اپنے ساتھ رکھ سکتا۔ پچھلے دنوں 4 فروری 1990ء کو جو آل پارٹیز کانفرنس ہماری وزیراعظم صاحبہ نے بلائی اصولی طور پر یہ اچھی بات تھی لیکن میں اس کے بارے میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کانفرنس نامکمل اور محدود تھی کیونکہ اس میں ملک کی تمام دیگر سیاسی جماعتوں کی organnizations کی نمائندگی نہیں تھی اس کو صرف پارلیمنٹ اور اسمبلی کے نمائندوں تک محدود کر کے رکھ دیا گیا یعنی وہ جماعتیں جن کی نمائندگی اسمبلی میں ہے ان کو صرف آل پارٹیز کانفرنس میں بلا کر briefing دی گئی جب کہ ضرورت اس امر کی تھی کہ تمام سیاسی جماعتوں کو بلایا جاتا تمام مذہبی اور social organizations کو جو اس ملک میں کوئی حیثیت رکھتی ہیں بلایا جاتا تاکہ ایک consensus بنتا اور ایک unity قائم ہوتی جس سے کہ ہم کشمیر کے سلسلے میں کوئی پالیسی chalk out کر سکتے ایسی مثالیں ہمارے پاس موجود ہیں۔ کہی معاہدہ تاشقند کے موقع پر ایوب خان نے اس قسم کی کانفرنس بلائی تھی جس میں سب سیاسی جماعتوں کو نمائندگی دی گئی شملہ سمجھوتہ پر بھٹو صاحب نے کانفرنس بلائی تھی جس میں سب سیاسی جماعتوں کو مدعو کیا گیا تھا اور جناب محمد خان جونیجو صاحب نے جنیوا معاہدہ پر کانفرنس بلائی تھی جس میں ساری پارٹیوں کو دعوت دی گئی تھی۔ اسی طرح ضرورت اس امر کی تھی کہ یہاں بھی ساری جماعتوں کو بلایا جاتا تاکہ ایک consensus بنتا اور ایک solidarity کی شکل بنتی۔

جناب والا! میں جذباتی تو ہونا نہیں چاہتا لیکن میں یہ ضرور کہوں گا کہ پاکستان کا لفظ جس کی نمائندگی کرتا ہے کشمیر کی وہ لفظ نامکمل ہے جب تک کشمیر پاکستان کا حصہ نہیں بنتا پاکستان نامکمل ہے جب تک کشمیر پاکستان کا حصہ نہیں بنتا قائداعظم نے فرمایا۔

"Pakistan without Kashmir is like a body with out a head

جناب والا! شملہ معاہدہ کا بار بار ذکر آتا ہے جب بھی پاکستان کسی فورم پر کشمیر کا مسئلہ لے کر جانے کی کوشش کرتا ہے تو ہندوستان کی طرف سے بر جستہ شملہ معاہدہ کی بات ہوتی ہے اور بار بار یہ دہراتے ہیں کہ یہ مسئلہ شملہ معاہدہ کی سپرٹ کے تحت resolve ہونا چاہئے۔ ٹھیک ہے اس کے تحت ہونا چاہئے لیکن جناب جب آپ شملہ سمجھوتہ کو غور سے پڑھیں گے تو اس میں پہلی شق یہ ہے کہ یہ accord govern ہوگا UnitedNation کے چارٹر کے تحت اور دونوں ملکوں کے تعلقات اس چارٹر کے تحت گورنر ہوں گے کیا پاکستان نے United Nation سے اپنی membership ختم کر دی ہے اگر نہیں کی تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ جو nited Nation کا چارٹر ہے اس کی رو سے پاکستان کو اپنا کیس fight کرنے کا پورا حق حاصل ہے اور دوسری بات یہ کہ شملہ سمجھوتہ میں کشمیر کو disputed territory قرار دیا گیا اس میں کہیں یہ ذکر نہیں ہے کہ کشمیر کا مسئلہ طے ہو گیا ہے اور اس آئندہ یہ کہیں نہیں اٹھایا جا سکتا۔ یہ ضرور کہا گیا ہے کہ اس کو bilateral talks کے ذریعے peaceful means سے حل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ اس میں کہیں یہ نہیں کہا گیا کہ اس کو کسی دوسرے فورم پہ نہیں اٹھایا جا سکتا اگر ہم اس کو United Nation میں اٹھانے کی بات کرتے ہیں تو یقیناً ہم کسی جنگ وجدل کی بات نہیں کرتے۔ وہ بھی ایک peaceful means ہے اور ایک ایسے فورم پر جس کی طرف دنیا کی نظریں لگی ہوئی ہیں ہم اس مسئلے کو طے کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

جناب والا! پچھلے دنوں جب حریت پسندوں نے ہندوستان کے وزیر داخلہ مفتی محمد سرور کی صاحبزادی ربیعہ کو اغواء کیا اور جس کے لئے انہوں نے مطالبہ کیا کہ ان کے پانچ ساتھیوں کو رہا کیا جائے اس سلسلے میں ہندوستان نے پاکستان کو باضابطہ طور پر request کی تھی کہ آپ اپنا اثر رسوخ استعمال کر کے اس خاتون کو رہائی دلوائیں۔ جناب والا اس عمل سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ ہندوستان خود پاکستان اور کشمیر کے جغرافیائی ثقافت اور دوسرے رشتوں کو تسلیم کرتا ہے کہ وہ ذہنی طور پر پاکستان کے زیادہ قریب ہیں اس لئے پاکستان سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنا اثر رسوخ استعمال کرے۔

جناب والا! internationaly یہ تاثر دیا جارہا ہے کہ کشمیر میں جو کچھ آج ہو رہا ہے وہ سب پاکستان کا کیا دھرا ہے حالانکہ ایسی کوئی بات نہیں ہے پاکستان کشمیریوں کو moral Support دینے کا پابند ہے لیکن پاکستان کا کوئی اس میں کوئی active role نہیں ہے یہ تو اسی طرح ہے جیسے ایسٹرن یورپ میں آزادی کی لہر آئی ہوئی ہے اس کے لئے foreign powers کو accuse کریں ان پر الزام لگائیں کہ جناب یہ جو کچھ ہو رہا ہے وہ کسی کی شہ پہ ہو رہا ہے ایسی کوئی بات نہیں ہے یہ ایک international wave ہے یہ اس خطے میں ایک wave آئی ہے جس کا اثر آج کشمیر میں پہنچا ہے اور وہاں کے حیریت پسند اپنی جنگ لڑ رہے ہیں اور اسلام آباد تو میں افسوس سے کہوں گا جناب والا محض react کر رہا ہوں ہمارے ہاں تو کوئی تیار بھی نہیں ہے ہم کسی طرح اس کو active support دے سکتے ہیں۔

جناب والا! حالات چونکہ بدل چکے ہیں وقت گزر چکا ہے پہلے اس میں پارٹیز تھی انڈیا اور پاکستان جو contestant parties ہیں کشمیری عوام اور ہندوستان کی فوج ہے جو جھگڑا اس وقت چل رہا ہے ان دو forces کے درمیان چل رہا ہے اور ہم internationally آج تک اس کیس کو اس انداز سے plead ہی نہیں کر سکے کہ یہ دو فریق جو اس وقت اہمیت کے حامل ہیں ان کو recognize کیا جائے اور اس مسئلے کا کوئی حل ڈھونڈا جائے۔ میں کوئی جنگ کی بات نہیں کرتا اور نہ ہی جنگ سے کوئی فائدہ ہوگا کیونکہ پہلے بھی دو جنگیں لڑی جا چکی ہیں اور دونوں کے نتیجے میں ایک تاشقند ڈیکلریشن اور دوسرا شملہ ایگر یمنٹ ملا دو documents پاکستان کے حوالے سے کئے گئے لیکن کشمیر کا کوئی حل نہیں نکل سکا۔ لہذا جنگ سے مسئلہ حل نہیں ہوگا لیکن یہ بھی نہیں کہ کوئی کمزوری کا مظاہرہ کیا جائے ہمیں اپنے اس اصولی موقف سے نہیں ہٹنا چاہیے۔

جناب والا! جب international level پہ ہم دیکھتے ہیں تو پاکستان نے خاص طور سے مسلم ممالک میں اپنا active role کیا۔ تیونس مراکش کی تحریک چل رہی تھی تو اس وقت پاکستان کی اخلاقی اور مادی مدد ان کے لئے واضح اور نمایاں تھی حالانکہ فرانس کا

کوئی خیال کئے بغیر پاکستان نے کھل کر مدد کی۔ الجزائر کی جنگ آزادی ہوئی تو پاکستان کی آواز سب سے بلند تر تھی۔ مصر میں جب نہر سویز کا مسئلہ اٹھایا تو برطانیہ فرانس اور اسرائیل کے حملوں باوجود پاکستان نے مصر کے لئے آواز بلند کی اور اس کی اخلاقی مدد کی۔ شام اور مصر میں 1973 میں جب جنگ ہوئی تو امریکہ اور اسرائیل کا خیال کئے بغیر پاکستان نے ان ممالک کی کھل کر مدد کی فلسطین کی تحریک کی کھلے دل سے مدد کی ہے۔ لیکن افسوس ہے یاسر عرفات صاحب پر جن کی ہم بہت عزت اور قدر کرتے ہیں جب ان سے کسی جزلسٹ نے پوچھا کشمیر کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے تو انہوں نے کہا ان کے الفاظ انگریزی ہیں۔

Your are close to it. I am not following it

بڑا دکھ ہوتا ہے جب ایک حریت پسند لیڈر جو اپنی آزادی کے لئے لڑ رہا ہے۔ جس نے اتنی مصیبتیں جھیلی ہوں اور وہ کشمیر کے ان حریت پسندوں کو جنگ اور جدوجہد کے بارے میں ایسے الفاظ کہے۔ یہ بڑے دکھ دینے والے الفاظ ہیں۔ جناب والا لیبیا کا جہاں تک تعلق تو پاکستان نے امریکہ کی پرواہ کئے بغیر اس کی مدد کی اور حمایت کی۔ اسلامی ممالک پاکستان کے cause اور مسلمان جو ہندوستان میں رہے ہیں ان پر جو مظالم ہوتے ہیں کشمیر میں جو مظالم ہوتے ہیں تو اس پر ایک خاموشی سی اختیار کر کے بیٹھ جاتے ہیں جو بڑی پراسرار ہے اس کی سمجھ کم از کم ہمیں نہیں آتی۔

جناب والا! عالم اسلام کا جذبہ اس کے برعکس ہونا چاہیے اور کچھ اور ہونا چاہیے کیونکہ حضور اکرم ﷺ کی ایک حدیث ہے کہ مسلمان ایک جسم کی طرح ہیں جب ایک مسلمان کو تکلیف پہنچتی ہے تو دوسرا اس تکلیف کو محسوس کرتا ہے لیکن آج جو بے حسی Islamic World میں نظر آرہی ہے کشمیر کے issue پر اس سے تو جناب یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ شاید عالم اسلام کا جسم مفلوج ہوگیا ہے اور اسے کسی علاج کی ضرورت ہے ہاں صرف ایران نے ایک اصولی موقف اختیار کیا ہے انہوں نے ہندوستان کے وزیر خارجہ کا دورہ منسوخ کرایا اور اس کی میزبانی سے معذرت کرلی۔ یہ بات اصولی موقف ہے جس کے لئے ہم ایران کے نہایت مشکور ہیں۔ سعودی عرب ترکی بنگلا دیش اور اسلامی کانفرنس کی

تنظیم نے بھی اس سلسلے میں کچھ بیانات دیئے ہیں لیکن جس طرح اور جس انداز میں بات کرنی چاہیے وہ جناب والا ! forceful نہیں ہے جہاں تک امریکہ اور مغربی ملکوں کا تعلق ہے امریکہ جس کے ہم بڑے گن گاتے انہوں نے صرف اس angle سے بات کہی کہ انڈیا اور پاکستان کو چاہیے کہ آپ میں بیٹھ کر پر امن طریقے سے اس مسئلے کو حل کریں۔ استصواب کا اس میں ذکر ہے اور United Nations کی قراردادوں کا ذکر بھی اسی طرح مغربی یورپ کا lucke warn attitude رہا ہے البتہ چائنا فرانس اور برطانیہ نے ایک سرد مہری کے ساتھ اس بات پر اپنی رائے کا اظہار کیا ہے جو ناکافی ہے۔

ہماری وزارت خارجہ کو کچھ پیش رفت کرنی چاہیے اور ان کو diplomatic offensive لینا چاہیے۔ جناب والا پہلے دن سے ہندوستان نے ایک offensive لیا ہوا ہے انہوں نے ہر جگہ اپنے ایلچی بھیجے ہوئے ہیں ان کے فارن منسٹر ان کے سیکرٹری اور خارجہ امور ان کے دیگر افسران کے اور حکومت ک کارندے مختلف علاقوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔ ان کے سارے diplomatic misssions کو تمام ملکوں میں active کیا گیا ہے اور اپنے کیس کو Plead کر رہی ہیں جس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ آج ہمیں وہ سپورٹ حاصل نہیں ہے جو 1947 سے لے کر 1952 تک حاصل تھی یعنی ہندوستان اپنی اس diplomacy میں ہم سے کہیں آگے نکل گیا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اس مسئلہ کو زیادہ seriously لیں اور اس کو ہم International Forums پر زیادہ effectively plead کریں۔

جناب والا! پچھلے دنوں جب آئی کے گجرال صاحب ایران نہیں جا سکے تو ہندوستان نے وہاں شاہی مسجد کے امام کو ایران بھیجا یعنی وہ کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے یعنی عبداللہ بخاری جو شاہی مسجد کے امام ہیں ان کو بھیجا کہ وہ کسی طرح سے وہاں جا کر ہندوستان کو موقف پیش کریں۔ اور اپنا case plead کریں۔اس طرح سے جناب ایس کے سنگھ صاحب ماسکو گئے اور ماسکو جانے کے بعد وہاں سے پاکستان کے خلاف ایک باقاعدہ statement جاری ہوا جس میں کہا گیا کہ یہ ہندوستان کے Internationl Affairs

میں پاکستان مداخلت کر رہا ہے۔ یہ وہی انداز تھا جو 1971 میں روس نے اختیار کیا تھا۔ آج اس طرح سے statement دیتے ہیں تو کیا وجہ ہے کہ آج ہمارے دوست ہماری اس طرح مدد نہیں کر رہے جس طرح کہ ہندوستان کے دوست اس کی مدد کر رہے ہیں۔ اس پر ہمیں deeply سوچنا پڑے گا۔ ہمیں دیکھنا پڑے گا کہ کیا flaws ہیں؟ کہاں international forums میں ہمیں اپنی فارن پالیسی کو بہتر بنانا ہے؟ کس طرح ہمیں forceful طریقے سے اس کیس کو plead کرنا ہے۔

جناب والا! اگر دیوار برلن گر سکتی ہے تو میں نہیں سمجھتا کہ کشمیر کی cease fire line یا line of control جو کچھ بھی آپ اسے کہیں کہ وہ دونوں طرف سے کشمیری عوام کے درمیان کوئی دیوار کا کردار کر سکتی ہے۔

اب آخر میں ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ جناب ہمیں اس situation میں کیا کرنا ہے پاکستان کا کیا رول ہونا چاہیے اس میں پہلی بات تو جس طرح joint sitting میں ایک قرار داد پاس ہوئی ہے اس کے تحت پاکستان کو ایک high profile اختیار کرنا چاہیے اور اپوزیشن اور گورنمنٹ کے ممبرز پر مشتمل delegations کو جس کا ذکر اس قرار داد میں موجود ہے فوری طور پر مختلف ممالک میں بھیجا جائے تاکہ وہ کشمیر کے issue پر ایک public opinion mould کر سکیں اور اس کیس کو بہتر طریقے سے وہاں پیش کریں اور ہندوستان کے پروپیگنڈا کا کوئی توڑ ہو سکے۔ ایک نیشنل کمیٹی ہونی چاہیے کشمیر پر جس میں تمام سہادعس کی نمائندگی ہو جو پاکستان میں مختلف سوچ رکھنے والے لوگ ہیں تاکہ اس کمیٹی میں کشمیر کے ایشو کو حل کرنے کے لئے کوئی پالیسی بنائی جا سکے کہ کسی طرح سے کسی پالیسی کے تحت اس ایشو کو tackle کرنا ہے اور کس طرح ہم نے آگے بڑھنا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اس کو international mass media پر highlight کرنے کی ضرورت ہے۔ ابھی تک جناب والا ہم International پر اسی level ایشو کو صحیح طور پیش نہیں کر سکے حالانکہ ہماری International

lobby وہاں موجود ہے جو پاکستان سے تنخواہ حاصل کرتے ہیں انہوں نے آخر کیا رول ادا کیا ہے۔ واشنگٹن پوسٹ پڑھ لیجئے نیویارک ٹائمز پڑھ لیجئے۔ ذکر آیا ہے کشمیر کے ایشو کا؟ جبکہ اس سے کہیں چھوٹی تحریکیں کئی چھوٹے مسائل زیادہ effective طریقے سے ویسٹ کے media میں project کئے جارہے ہیں لیکن کشمیر کے ایشو کو ابھی تک وہ اہمیت حاصل نہیں ہو سکی جو اسے اپنے میرٹ پر حاصل ہونی چاہیے۔ تو ہمارے international Lobbyist اپنے فرائض میں کوتاہی کررہے ہیں اور اس کی بھی خبر گیری ہونی چاہیے۔ پاکستانی قوم کو ذہنی طور پر اس بات کے لئے بھی تیار ہونا چاہیے کہ کسی وقت بھی ہندوستان agression کر سکتا ہے۔ اس کے لئے ہمیں ہر محاذ پر اور ہر لحاظ سے تیار رہنا چاہیے' کیونکہ وہاں جنگ زور اختیار کرتی جارہی ہے۔

جناب والا! جس جزبے سے حریت پسند کشمیر میں اپنی جنگ آزادی لڑ رہے ہیں۔ اس کے نتیجے میں یہ امکان بھی آپ رد نہیں کرسکتے وہاں سے مہاجرین کے لئے پاکستان نے کیا بندوبست کیا ہے۔ تو اس کی بھی خبر گیری کرنی چاہیے اور اس کے لئے کوئی پلاننگ کوئی منصوبہ بندی ہونی چاہیے۔ تاکہ ان کو ہم ہر طرح سے سپورٹ کر سکیں۔ ان کے لئے طبّی سہولتوں ان کی رہائش کا بندوبست اور پھر ان کی جتنی اور ضروریات ہیں ان سب کا اہتمام کریں پاکستان کو چاہیے کہ جو international Humanrights organizations ہیں جس طرح ریڈ کراس ہے ان سے رابطہ قائم کرے اور کوشش کرے کہ زیادہ سے زیادہ ایسی Organization enlist کرائیں۔ کہ وہ کشمیر کے مصیبت زدہ لوگوں کی زیادہ سے زیادہ امداد کر سکیں۔ کیونکہ آج کشمیر کی جو situation ہے جناب والا! وہاں نہ خوراک صحیح مقدار میں موجود ہے وہاں نہ ادویات صحیح مقدار میں موجود ہیں اور نہ باقی ضروریات کی چیزیں ہیں۔ سردی ہے تو کپڑا نہیں کمبل نہیں جوتے نہیں گرم چیزیں نہیں۔ یہ اس قسم کی چیزیں ہیں جو Human rights Organizations جو ہیں انٹر نیشنل لیول پر وہ ساری چیزیں کرسکتی ہیں۔ بشرطیکہ پاکستان properly اپنا کیس plead کرے اور وہاں سے یہ مدد حاصل کرنے میں کامیاب ہو۔ پاکستان کو فوری طور پر جنرل اسمبلی اور سیکورٹی کونسل کی

میٹنگ convene کرانے کے لئے request کرنی چاہیے۔ ہمیں اس بات سے قطعاً نہیں گھبرانا چاہیے کیونکہ یہ ایک International forum ہے اگر کوئی مسئلہ درپیش ہو تو جناب والا! ان فورمز میں آپ نہیں اٹھائیں گے تو کہاں اٹھائیں گے جب آپ جنگ کی بھی بات نہیں کرتے کسی aggression کی بات نہیں ہوتی تو آخر مزاکرات کے ذریعے مسائل اسی فورم پر حل ہوں گے اور یہ بنے کس بات کے لئے ہیں۔ ان کا مقصد کیا ہے۔ تو ہمیں اس میں ہچکچاہٹ نہیں کرنی چاہیے اور صرف یہ سوچ کر کہ جناب روس وہاں ویٹو کردے گا یا کوئی سپر طاقت اسے ویٹو کردے گی کرنے دیں ویٹو۔ پاکستان کم از کم کیس تو پلیڈ کرنے کا موقع ملے گا اور پھر یہ جواز باقی نہیں رہے گا کہ جناب آپ نے Peaceful means نہیں اپنائے ہمیں peaceful means اپنانے کے لئے United Nations میں جانا چاہیے۔ اگر وہاں ویٹو کے ذریعے ہمارے دروازے بند ہوں گے تو اس کا Annoyance پاکستان پر نہیں ہوگا پھر اگر کوئی نتائج اس کے اور نکلتے ہیں تو اس کی ذمہ داری پاکستان پر نہیں ہوگی تو اس سے گھبرانا نہیں چاہیے۔ **جناب والا!** کشمیر کو وہاں پر ایک پارٹی کو introduce کرنا چاہیے۔ وہاں صرف ہندوستان اور پاکستان contestants نہیں ہیں جناب کشمیری عوام جن کے مستقبل کا سوال ہے جن کی زندگی کا سوال ہے جو زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہیں جن کیا آنے والی نسلوں کے مستقبل کا سوال ہے اس کو وہاں پارٹی بنا کر ہمیں پیش کرنا چاہیے اور اس ایشو کو ہمیں internationalize کرنا چاہیے تاکہ اس کے اچھے نتائج نکلیں اور کوئی حل اس ایشو کا نکل آئے۔ میں یہاں suggest کروں گا کہ اگر اس طرح کوئی Special Joint Commission بن سکتا ہے جس میں انڈیا پاکستان آزاد کشمیر اور مقبوضہ کشمیر کی نمائندگی ہو اور اس forum پر بیٹھ کر اس مسئلے کا اگر کوئی حل ڈھونڈا جاسکتا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک positive بات ہوگی اس کے علاوہ United Nations میں اس کا ذکر آنا چاہیے Non-Alligned Movement میں کشمیر کے ایشو کو raise کرنا چاہیے اور Islamic Summit کا تو اجلاس فوری طور پر بلانا چاہیے کیونکہ یہ ایک مسلم قوم کا مسئلہ ہے۔ مسلمانوں کا مسئلہ ہے۔ ان کا قتل عام ہورہا ہے۔ ان پر

مظالم ہو رہے ہیں۔ ان کی خبر گیری ہونی چاہیے اور پاکستان کے جو مشنز ہیں **جناب والا!** دنیا بھر۔ ہماری جو Amabassies ہیں ان سب کو activate کرنا چاہیے کہ وہ اپنے فرائض صحیح طور سے پورا کریں اور اس کیس کو وہاں plead کریں۔ اپنے اپنے ملکوں کی حکومتوں میں کشمیر کے کیس کو اس طرح سے وہ پیش کریں جو اس کا حق بنتا ہے تاکہ ہمارے حق میں world opinion mould ہو جو آگے چل کر United Nations میں ہماری مدد کر سکے۔ اور کشمیریوں کے لئے جناب میڈیکل اور اکنامک سپورٹ کی بہت ضرورت ہے کیونکہ ان کی جو انکم ہے (کشمیر کی) وہ mostly tourism پر ہے اور جنگ کے حالات کی وجہ سے tourism بالکل ختم ہو کر رہ گئی ہے۔ لہٰذا آگے چل کر ان کے ئے دشواریاں ہوں گی ان کے لئے مشکلات پیش آئیں گی تو ہمیں ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم مالی امداد اور میڈیکل ایڈ کا کوئی بندوبست کریں جو فوری طور پر کشمیریوں کے حوالے کی جا سکے۔ میں سمجھتا ہوں **جناب والا!** کہ اگر ہم نے اپنا فرض نہ نبھایا تو آئندہ ہمیں کوئی معاف نہیں کرے گا نہ قدرت ہمیں معاف کرے گی نہ تاریخ معاف کرے گی اور نہ کشمیری عوام معاف کریں گے۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ شکریہ! میں ایوان کی رائے لینا چاہوں گا۔ ساڑھے آٹھ بجے چیئرمین صاحب نے کھانا بھی دیا ہے۔ شاید کچھ اراکین نے وہاں جانا بھی ہو اور مجھے بھی جانا ہے تو جس طرح آپ کی مرضی ہو کہ بحث کو جاری رکھا جائے یا نہیں۔

فاضل اراکین۔ اجلاس کو کل تک ملتوی کیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ تو اجلاس کو adjourn کرتے ہیں اور کل شام ساڑھے چار بجے انشاءاللہ 21 فروری بدھ کے روز دوبارہ ملیں گے۔

[The House adjourned to meet again at four thirty of the clock in the evening on Wednesday, February 21, 1990].

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

On 28th February, 1991, During starred question and answers, The Honourable Member Mir Hazar Khan Bijarani responded as:*

جناب سپیکر! محترم وزیر ریلوے صاحب!

میر ہزار خان بجارانی: جناب خاص مواقع پر جیسے حج ہے یا عید اور اسی طرح کے اور مواقع ہیں اس پر خصوصی ریل گاڑیاں چلائی جاتی ہیں۔ اس کی کوئی خاص قسم کی اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہوتی کہ کوئی خاص درخواست کی جائے۔ جہاں تک بیس مارچ سے ان ٹرینوں کا تعلق ہے تو یہ پاکستان ریزولیشن کی سلور جوبلی کے موقع پر کچھ ٹرینیں چلائی گئی تھیں ان ٹرینوں سے خسارہ بالکل نہیں ہوا بلکہ ان میں کچھ انکم ہوئی ہے۔

جناب سپیکر: پاکستان ڈے بیس کو ہے یا تئیس مارچ کو ہے۔

میر ہزار خان بجارانی: جناب وہ تئیس کو ہے یا تیس مارچ کو ہے۔

میر ہزار خان بجارانی: جناب وہ تئیس کو ہے لیکن وہ گاڑیاں ایک پہلے چلائی گئیں۔ میرے خیال میں ممبر صاحب اب مطمئن ہیں۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ کھوسو صاحب سپلیمنٹری۔

میری نبی بخش خاں کھوسو: جناب میں ملازمتوں کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر! میر صاحب ابھی واپس نہیں جا سکتے۔ آپ ایسا کریں کہ اسی سمت دیکھتے رہیں۔ رول 65 ۔ کے نیچے آپ ایک سوال کرا سکتے ہیں۔ جس پر آدھ گھنٹے بحث بھی ہو سکتی ہے۔ اس کو ہم (Discuss) کر سکتے ہیں تازہ سوال اور طریقے سے بھی دے سکتے ہیں۔

شکریہ جی۔ چوہدری محمد برجیس طاہر صاحب۔

جناب سپیکر! چوہدری محمد برجیس طاہر!

---

* *National Assembly of Pakistan (Debates) Vol.5 (11-19) 1991, pp.1541-44*

چوہدری محمد برجیس طاہر : جناب سپیکر! میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ 30 مارچ 1990ء کو جو ٹرین چلائی گی جبکہ گولڈن جوبلی کی تقریبات میں مارچ 1990ء کو تھیں اس لئے کہ قرارداد پاکستان 23 مارچ کو منظور ہوئی تھی۔ جناب سپیکر! ان حالات میں جب 20 مارچ کو یہ ٹرین جو سپیشل ٹرین بنا کر چلائی میں پوچھنا چاہوں گا کہ یہ کس کے حکم کے تحت چلائی گئی اور اس میں کتنا نقصان ہوا۔

جناب سپیکر! : آنریبل منسٹر فار ریلوے!

میر ہزار خان بجارانی : جناب میرے خیال میں وہی جواب دہرانا ہے۔ پہلی بات یہ ہے کہ اس کے لئے کوئی سپیشل اپلیکیشن دے کر اجازت حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ یہ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے از خود موقعوں پر فیصلے کر کے سپیشل ٹرینیں چلائی جاتی ہیں۔

جناب سپیکر : آنریبل منسٹر صاحب ٹرینیں چلانا کوئی ایسی بات نہیں پوچھ رہے ہیں کہ کس کے حکم سے۔

Whose signature, who authorised those trains to be run on that day?

Mir Hazar Khan Bijarani: Obviously it is the Chairman Railway Board.

Mr. Speaker: Chairman Railway Board, he authorised. That satisfy you Tahir.

میر ہزار خان بجارانی : دوسری بات کہوں انہوں نے کہا کہ اس میں خاصہ نقصان ہوا ہے۔ میں یہ عرض کردوں کہ اس میں کوئی خسارہ نہیں ہوا بلکہ فائدہ ہوا ہے۔

جناب سپیکر : برجیس طاہر صاحب!

چوہدری محمد برجیس طاہر : جناب سپیکر! میں اپنا سوال پھر دہرانا چاہوں گا میں نے سوال یہ کیا ہے کہ عید کے موقع پر یا جو مختلف تہوار ہونے پر یہ گاڑیاں

چلاتے ہیں عوام کے مفاد کے لئے ،20 مارچ 1990ء کو کوئی تہوار تھا کوئی بات نہیں تھی۔ 23 مارچ 1990ء کو قرار داد پاکستان کی گولڈن جوبلی 20 مارچ کو تین دن پہلے انہوں نے گاڑیاں چلائی ہیں۔ تو میرا سوال صرف یہ 20 مارچ کو کونسا تہوار تھا جس پر انہوں نے گاڑیاں چلائی ہیں ؟

جناب سپیکر : آنریبل فار ریلویز!

میر ہزار خان بجارانی : جناب، پہلی بات یہ کہ یہ گولڈن جوبلی نہیں بلکہ سلور جوبلی پاکستان ریزولیوشن کی اور 23 مارچ کو وہ منعقد ہونے والی تھی لاہور میں ہے جو دور سے لوگ آئے تھے وہ ایک دو روز پہلے ہی آتے۔ اس لئے پشاور سے اور دوسرے اسٹیشنوں سے ایک دو روز پہلے یہ ٹرینیں چلائی گئیں تاکہ لوگ اس موقع پر وہاں موجود رہ سکتے۔

میر ہزار خان بجارانی : سر 20 کو 21 کو یہ ٹرینیں چلی ہیں 23 کو واپس لاہور گئے ہیں۔

DISCUSSION ON RESOLUTION

The Honourable Parliamentarian Mir Hazar Khan Bijarani during "Discussion on Resolution" on 5th March 1991 appeared as*

وزیر ریلوے (میر ہزار خان بجارانی) جناب سپیکر! اس قرار داد پر کافی ہمارے آنر ایبل ممبران نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے اس میں رائے یکسانیت تو نہیں پائی جاتی مختلف خیالات کا اظہار کیا ہے۔ اس میں رائے کی یکسانیت تو نہیں پائی جاتی مختلف خیالات ہیں۔ مختلف ممبر صاحبان کے۔ میں آپ کے توسط سے اتنی گزارش کروں گا کہ ہمیں پوری پوری ہمدردی ہے ایسے افراد سے جو کویت سے ان حالات میں اپنے ملک واپس آئے لیکن جناب والا! آج جب ہم اس قراداد پر بحث کر رہے ہیں اس وقت حالات تبدیل ہو چکے ہیں اور اب مسئلہ کویت کی Reconstrution کا ہے تو ان حالات میں ہمیں دو تین نکات کو مد نظر رکھنا ہو گا۔ پہلی بات تو جس طرح قرار داد میں کہا گیا کہ ایسے اہل افراد کو جو پہلے یہاں ملازمتوں میں تھے ان کو واپس یہاں پر اپر ٹی بیسز ملازمتیں فراہم کی جائیں۔ جناب والا! بہت سارے ایسے افراد تھے جو Unauthorizedly کویت چلے گئے اور بعد میں ان حالات کی وجہ سے پاکستان آئے۔ حکومت پاکستان نے بر وقت ان کی مدد کی اور منسٹری آف لیبر اینڈ مین پاور اینڈ اوور سیز پاکستانیز نے ان ملازمتوں کے سلسلے میں ان کی بھر پور مدد بھی کی ہے۔ انفرادی کیسز میں اور حکومت نے اب تک کافی افراد کو مختلف محکموں میں ملازمتیں فراہم بھی کی ہیں۔ لیکن جناب والا! حکومت ایک طرف تو اپنے اخراجات کم کرنے کا سوچ رہی ہے۔ اور یہی ہماری عوام اور یہی ہمارے ممبران صاحبان کی خواہش ہے کہ اخراجات میں

---

* *National Assembly of Pakistan (Debates) Vol. 5(22)1991, pp. 1856-59.*

جتنی کمی کی جاسکتی ہو وہ کی جائے تو ان حالات میں حکومت کے لئے یہ ممکن نہیں ہو گا کہ ان تمام لوگوں کو واپس اپنی ملازمتوں پر بحال کیا جائے کیونکہ جیسے یہاں آنرایبل ممبران صاحبان نے نشان دہی کی کہ کچھ تو ایسے تھے جو بغیر چھٹی کے بغیر کسی اجازت کے چلے گئے۔ اور ان کا یہاں پر کوئی حق نہیں بنتا۔ اور اب تین سال چار سال پانچ سال کے بعد واپس جائیں اور کلیم کریں۔ تو میں سمجھتا ہوں یہ ان لوگوں کے ساتھ زیادتی ہوگی جو ان کے جانے کے بعد یہاں ملازمتوں میں جن کو جگہیں دی گئیں۔ اور ظاہر ہے کہ حکومت یہ بھی نہیں کر سکتی کہ پہلے سے گئے ہوئے ان لوگوں کو واپس بحال کرتے ہوئے جو بعد میں بھرتی کئے گئے ہوں ان کو نکالے۔ میرے خیال میں یہ زیادتی ہوگی اور پورا ہاؤس اس سے ایگری کرے گا تو میں مختصراً آپ کے توسط سے اس معزز ہاؤس سے یہی گزارش کروں گا کہ اس قرارداد کو واپس لیا جائے۔ آنرایبل ممبران صاحبان کے خیالات سے ہم واقف ہوئے ہیں۔ ہمیں بھی اتنی ہی ہمدردی ہے ان لوگوں کے ساتھ جتنی کہ آنرایبل ممبران صاحبان کو یا جنہوں نے یہ قرارداد موو کی ہے ہم کوشش کریں گے کہ حتی الامکان ہم ایسے افراد کو بحال کرنے کے لئے پورے پورے اقدام کریں اور کوشش کریں کہ ان کی جو مشکلات ہیں ان کا ہم کسی طرح سے ازالہ کر سکیں۔

میں نے یہ بھی عرض کیا ہے کہ ری کنسٹرکشن کا کام بھی شروع ہوا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ اس ری کنسٹرکشن کے سلسلے میں پاکستانی بھی واپس کویت جائیں گے۔ جس طرح سے اور ملکوں سے لوگ جائیں گے۔ تو بہت سارے لوگوں کے لئے وہاں دوبارہ آسامیاں ہوں گی۔ اور ان کو وہاں پر اور بھی بہت سارے مواقع فراہم ہوں گے۔ تو ان سارے پیٹرن کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت کوشش کرے گی کہ ان افراد کو جتنی جلدی ممکن ہو سکے ایسی مشکلات کا آزالہ کیا جائے۔

میں آخر میں ایک مرتبہ پھر یہ گزارش کروں گا کہ اس قرارداد کو پریس نہ کیا جائے

اور اسے واپس لیا جائے آپ کا بہت بہت شکریہ!

جناب سپیکر! جناب منسٹر فار ریلوے! اس میں یہ ہے کہ جس آنرایبل ممبر کا ریزولیوشن تھا انہوں نے تو واک آؤٹ کیا ہوا ہے۔ وہ ہیں رفیق احمد مہیسر صاحب۔ ان سے درخواست کی جاسکتی ہے کہ وہ ڈراکریں لیکن وہ یہاں پر تشریف فرما نہیں ہیں۔ تو دو چیزیں ہم کر سکتے ہیں یا تو اس کو ڈیفر کر دیں کل پھر ہمارا پرائیویٹ ممبر ڈے ہے۔ لیکن کل بھی کوئی امکان نہیں نظر آتا کہ شاید ہوں جس طرح منسٹر فار پٹرولیم نے اون دی فلور آف دی ہاؤس کہا تھا کہ کل شام کو وہ گفت وشنید کریں گے تو اس میں ابھی تک کوئی یقینی چیز نہیں ہے دوسرا ہم یہ کر سکتے ہیں کہ I put the amendments to the house and you can either accept or reject them. جس طرح کہا جاتا ہے کہ حالات چینج ہو گئے ہیں۔ اور یہ لوگ اکثریت واپس چلے جائیں گے تو شاید یہ جواز نہ رہے۔ بہت کم ایسے رہیں گے جو ادھر پاکستان میں کام کرنے کے لئے تیار بھی ہوں تو اس کمنڈمنٹ کو بھی ریجیکٹ کر سکتے ہیں۔ And the whole motion as amended, accepted or rejected. وہ بھی ریجیکٹ ہو سکتا ہے یا accept ہو سکتا ہے۔ What we can otherwise do is,also defer it because the honourable Minister is also not here. تو باقی بھی questions ہیں۔ I can then adjourn the house for maghrib prayers, We can wait till the honourable member is back. یہ بھی ایک طریقے کار ہو سکتا ہے۔ Honourable Minister for Railways, **Mr. Hazar Khan Bijarani:** If the sense of the House is that, Mr Speaker: We can difer the motion, I have no objection to that.

اور جو امنڈمینٹس آئی ہیں ان تمام کو incorporate کرنے کی کوشش کریں۔

So that composite resolution then comes forward.

ٹھیک ہے جی؟......جی عطا محمد قریشی صاحب۔

میاں عطا محمد قریشی! جناب والا! یہ قرارداد یوں نپٹائی جا سکتی تھی اگر جناب وزیر ریلوے یہ فرمادیں تھوڑی سی اس میں امینڈ منٹ کر کے کہ ان کے واپس جانے کے سلسلہ میں ان کی پوری مدد کریں گے۔ تو میرا خیال ہے کہ یہ ہاؤس اس منظور بھی کر لیتا ہے اور قرارداد کا مقصد بھی پورا ہو جاتا ہے۔

جناب سپیکر! یہ طے ہو گیا ہے کہ ڈیفر ہو گا اور وزیر صاحب نے تو خیر لے لیا ہے۔ اب جب یہ پھر ڈیفر منٹ کے بعد next time آئے گا۔ تو پھر اس پر وزیر صاحب جو ہوں گے وہ بیان دے دیں گے۔ یہ چیزیں اس کے بیچ میں آجائیں گی۔

I adjorurn the House to meet at 6:30p.m. (The House adjoruned for Maghrib prayers to meet at 6:30 p.m.)

ISSUES AND PROBLEMS OF RAILWAYS

The Honourable Senater Mir Hazar Khan Bijarani discussed the issues and problems of Railways as*

جناب عالم لالیکا : پوائنٹ آف آرڈر جناب 1988ء میں جب ہم اس ہاؤس میں آئے تھے تو ہماری میزوں پہ ایک چارٹ لگا ہوتا تھا کہ سیٹوں کے لحاظ سے تمام معزز ممبران کے نام درج ہوتے تھے۔ اس سے ہمیں ایک دوسرے کو جاننے میں ذرا سہولت ہو جایا کرتی تھی۔

پریزائیڈنگ افسر (سید عبداللہ) : جی وہ لگا دیں گے انشاء اللہ تعالی جی بجارانی صاحب۔

میر ہزار خان بجارانی : جناب چیئرمین ! میں اپنے سینئر بھائیوں کا بہت مشکور ہوں جنہوں نے ریلوے کے مسائل پر یہاں بہت تفصیل سے روشنی ڈالی ہے اور ان کو حل کرنے میں میری رہنمائی فرمائی ہے۔

جناب چیئرمین ! گو کہ فنی بنیاد پہ میں تحریک التواء کی مخالفت ضرور کی تھی لیکن میں یہ چاہتا تھا کہ کرایہ میں اضافہ ریلوے کے خاص طور سے اور مجموعی طور پر ریلوے کے جو مسائل ہیں۔ لیکن ریلوے نے اپنے بھی کرائے Continue رکھے۔ ساتھ جیسے Pol کی prices میں اضافہ ہوا۔ اور تقریباً 250 ملین per year کے حساب سے وہ ایک اضافی بوجھ ریلوے کو برداشت کرنا پڑا۔ اور حکومت نے ایک فیصلہ کیا تھا کہ سولہ گریڈ تک کے جتنے ورکرز ہیں انکی wages میں دوسو روپے کا اضافہ تھا۔ اور اس کے علاوہ پینشن میں Increase, T&T کے چارجز میں اضافہ واپڈا کے چارجز میں اضافہ اور Conveyance الاؤنس وغیرہ جو بڑھائے گئے یہ سارے اضافے ملا کر تقریباً 339 ملین کا اضافی بوجھ اور ریلوے کے اوپر پڑا یعنی یہ اگر آپ سارے بوجھ add کرلیں تو تقریباً

* *Senate of pakistan. May 16th 1991,pp.134-160*

789 ملین extra بوجھ جو ہے وہ ریلوے کے برداشت کرنا پڑا۔ جناب چیئرمین! revenue reciepts یا ان کی جو بہتری کے طریقے ہیں اس پہ اپنے ساتھیوں کے رائے میں معلوم کرنا چاہتا تھا۔ اس لئے خود میں نے یہ Request کی تھی کی یہ موشن اگر ایڈمٹ ہوتا ہے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے اور میں خود چاہوں گا کہ معزز اراکین سینٹ کی رائے سنوں اور ان کی رائے کی روشنی میں' اپنے محکمے کی بہتری کا کوئی سامان کرسکوں۔

جناب عالی! سب سے پہلے چونکہ یہ موشن کرایوں کے متعلق ہے لہذا میں تھوڑی سی روشنی ڈالنا بہت ضروری سمجھتا ہوں۔

گزارش یہ ہے کہ کرایوں میں پچھلی دفعہ جو اضافہ ہوا تھا وہ 1985ء میں ہوا۔ 1985ء کے بعد ریلوے کے کرایوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا۔ حتی کہ دوسرے ذرائع جو کمیونیکشن کے ہیں ان میں PIA اور روڈ ٹرانسپورٹ شامل ہے۔ ان کے کرایوں میں کئی مرتبہ اضافہ ہوا۔ اس کا تعلق ہے تو ہمارے جو بجٹ estimates ہیں 1990-91 کے۔ میں یہ ساری تفصیل اس لئے دے رہا ہوں کہ میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ جو financial implications ہیں اور جو ریلوے کے financial حالات ہیں ان سے اس معزز ایوان کو آپ کی معرفت آگاہ کروں۔ تاکہ ہمارے اس فیصلے کے پس منظر کا پتہ ہو اور وہ میں justify کرسکوں کہ ہم نے کیوں یہ اضافہ ضروری سمجھا۔ revenue کا جہاں تک تعلق ہے وہ بجٹ 1990-91 estimates کے مطابق 6981 ملین ہے۔ جبکہ expenditure ریلوے کا 8052 ملین کا ہے۔ تو deficit جو reveue سائیڈ یہ ہمیں ہوتا ہے وہ تقریباً 1,071 ملین ہے یعنی 107 کروڑ کے لگ بھگ ہے۔ تو ہم نے اس deficit کو پورا کرنے کے لئے جو اقدامات اٹھائے ہیں ان میں ایک تو ریلوے کے کرایوں میں پسنجر سائیڈ یہ' 12% اور فریٹ سائیڈ پہ 15% اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ اور ساتھ ہی ساتھ کچھ difcit economy کا منصوبہ ہم نے بنایا تاکہ ہم اس deficit gap کو کم کرنے میں کامیاب ہوں۔ ریلوے کا جو deficit ہے جو بوجھ ہے اضافی' اس کو ہم اس حد تک

نیچے لا سکیں تا کہ ہم جس طرح یہاں بار بار کہا گیا کہ سہولیات بہتر ہوں۔ جناب والا یہ تو finance and academic side کی بات تھی۔ میں معزز اراکین کی اس رائے سے اتفاق کرتا ہوں کہ ریلوے کے اندر بہت pilferage ہے۔ ریلوے کے اندر بہت کرپشن ہے اور یہ ساری ایسی چیزیں ہیں جو یکا یک ایک دن ' ایک ہفتے یا ایک مہینے میں درست نہیں ہو سکتیں اس لئے ایک جدوجہد اور پورا پروگرام چاہیے اور وقت چاہئے جس کی میں بھرپور کوشش کر رہا ہوں۔

جناب والا! میں نے نیشنل اسمبلی میں بھی یہ گزارش کی تھی کہ جہاں تک Ticketless Travelling ہے وہی ہمارے خسارے کی سب سے بڑی وجہ ہے ticketless travelling a part from other things واقعے ہوتی ہیں۔ اس کو کنٹرول کرنے کے لئے کوشش کر رہے ہیں کہ اس طرح سے ہم اقدامات کر کے نہ صرف ticketless travelling revenue کو discourage کریں بلکہ اس کو مکمل طور پر کنٹرول کر سکیں۔ اور وہ جو Leakage Revenue ہوتا ہے tickettes وہ باقاعدگی سے ریلوے کو موصول ہو جس کے ذریعے سے ہم اپنی سروسز میں اضافہ کر سکیں۔ تو اس سلسلے میں پچھلے 5 ماہ میں دس لاکھ cases ticketless travelling کے ہم نے پکڑے جس سے fines کے ذریعے ساڑھے چار کروڑ کے لگ بھگ پیسے وصول کئے ہیں۔

جناب حسن اے شیخ: یہ کس کو وصول ہوئے ہیں۔؟

میر ہزار خان بجارانی: ریلوے کو۔ جناب والا! آپ اندازہ کریں کہ جہاں دس لاکھ اور بھی ایسے ہوں گے جو پکڑے نہیں گئے ہوں گے۔ تو یہ ایک بہت بڑا factor ہے جس کو ہم کنٹرول کرنے کی پوری پوری کوشش کر رہے ہیں۔ اور انشاءاللہ عوام کے تعاون سے ہم اس پر قابو پانے میں کامیاب ہوں گے۔ لیکن میں عوامی نمائندوں کا تعاون چاہوں گا اور اور عوام سے تعاون چاہوں گا۔ کہ وہ ریلوے کے اس خسارے کو ختم کرنے میں

اور ان مسائل پر قابو پانے میں ہمارے ساتھ نہ صرف تعاون کریں وہ ہماری مدد کریں اور ایسی باتوں کو نشاندھی کریں تاکہ ہم اس کے لئے کچھ اقدامات اٹھا سکیں۔

جناب والا! اگر آپ کرایوں کا موازنہ کریں گے۔

میر ہزار خان بجارانی: تو آپ کو واضح طور پر یہ احساس ہوگا کہ یہ جو اضافہ بارہ فیصد ہم نے کیا ہے وہ passengers/ side figures میں اتنا بڑا اضافہ نہیں ہے کہ اسے ہماری پبلک برداشت نہ کر سکے۔ جب ہم نے یہ فیصلہ کیا تھا تو ہم نے اس پہلو کو مد نظر رکھا تھا۔ کیونکہ public convenience ہمارے لئے سب سے زیادہ اہم ہوتی ہے اور ہم کبھی یہ نہیں چاہیں گے کہ ہم پبلک پر کوئی ایسا اضافی بوجھ ڈالیں جسے وہ برداشت کرنے کے قابل نہ ہو۔ جناب والا! ہماری پبلک تقریباً نوئے فیصد ہے۔ اس کا اگر میں موازنہ اس ایوان کے سامنے رکھوں میرے پاس بہت لمبا چوڑا ٹیبل ہے لیکن تین چار مین روٹس جو ہیں ہمارے لیے فگرز اگر میں آپ کو بتادوں تو آپ کو اس سے اندازہ ہو جائے گا کہ اس actual terms میں کیا فرق پڑا ہے۔ جناب والا! لاہور راولپنڈی سیکشن کے کرایوں کو اگر آپ دیکھیں گے۔ اکانومی کلاس کا کرایہ 41 روپے ہوتا تھا اب اس اضافے کے بعد وہ چھیالیس (46) روپے ہو گیا ہے۔ پانچ روپے کا اضافہ لاہور اور راولپنڈی کے درمیان ہوا ہے۔ لاہور اور کراچی کا اگر آپ دیکھیں گے۔ تو ایک سو ساٹھ پہلے تھا اور ایک سو اسی اب ہوا ہے۔ بیس روپے۔ یہ کوئی اتنا بڑا اضافہ نہیں ہے۔ کراچی سے کوئٹہ ایک سو پندرہ پہلے تھا اور اب وہ ایک سو تیس روپے ہوا ہے۔ اسی طرح کراچی سے پشاور دو سو دس روپے پہلے تھا اب دو سو چالیس ہوا ہے۔ جناب والا! ایکچوئل فگرز اگر آپ دیکھیں گے تو یہ اتنا بڑا اضافہ نہیں ہے کہ جسے لوگ برداشت نہ کر سکیں۔ یا جو بوجھ ان کے لئے قابل برداشت نہ ہو۔ یہ ہمارے لئے بہت ضروری تھا۔ کیونکہ resource gap کی ضرورت تھی۔ اور وہ ہم ایک سائڈ پر کرائے مناسب انداز میں بڑھا کر پورے کر سکتے تھے۔ اور دوسری طرف جو steps جن کا ابھی میں نے ذکر کیا ہے۔ اس طرح کے steps لے کر ہم اس resource gap ہوتا

ہے جناب !ویسے بھی حکومت ریلوے کو گرانٹ کے ذریعے اسے کور کرتی ہے۔ لیکن اس کا نیٹ رزلٹ یہ ہوتا ہے کہ پاکستان کہ تمام جنرل ٹیکس پر یہ بوجھ ڈالا جاتا ہے۔ کیونکہ جب گرانٹ دی جاتی ہے اور resource کو کور کرنے کے لئے تو وہ عام پبلک عام پیئر' ٹیکس پیئر کے جیب سے نکلتی ہے۔ کرائے بڑھانے سے ایک فرق یہ ضرور ہے کہ یہ اضافی بوجھ ان لوگوں پر ہوگا جو ریلوے کی سروس سے استفادہ کریں گے۔ نہ جو ریلوے کو استعمال کریں گے۔ جو ٹریول کریں گے وہی برداشت کریں گے۔ جو ٹریول نہیں کریں بوجھ ان پر نہیں ڈالا جائے گا۔ تو ایک لحاظ سے ہم نے عام ٹیکس دھندہ سے یہ بوج ہٹا کر صرف ان لوگوں تک محدود کر دیا کہ جو اس سروس سے استفادہ کرتے ہیں اور جو ریلوے کی سہولت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنی منزلوں کو جاتے ہیں۔ جناب والا! ریلوے شروع سے ہی neglected department رہا ہے اور یہاں پر بجا طور پر نشاندھی کی گئی۔ خاص طور پر پروفیسر خورشید صاحب نے توجہ دلائی۔ یہ اپنی نوعیت کے حساب سے نہایت ہی اہم محکمہ ہے۔ اس محکمے کو جو توجہ دینی چاہئے تھی۔ بد قسمتی ہے ماضی میں وہ توجہ اس محکمہ پر نہیں دی گئی۔ اور اس کو neglected رکھا گیا۔ اس کی inprovement کے لئے اقدامات نہیں کئے گے۔ اس کی finances کو بہتر بنانے کے لئے اس کی امداد نہیں کی گئی۔ اسے economically چلانے کے لئے اقدامات نہیں کئیے گئے۔ ریلوے کو جب تک ہم economically نہیں کریں گے اس وقت تک جناب والا !نہ ہم بہتر سروس Provide کر سکتے ہیں نہ ہم اضافی ریلوے لائنین بچھا سکتے ہیں۔ نہ پبلک کی توقعات پر پورا اتر سکتے ہیں۔ ہمارا سب aim یہ ہے کہ ہم ریلوے کو eonomically/viable بنائیں۔ جناب والا!

اور بار بار حکومت کی صرف گرانٹ کے لئے دیکھنا۔ انٹر نیشنل اداروں اور انٹر نیشنل loan giving agencies کی طرف دیکھنا میرے خیال میں long term میں ہمارے لئے مفید نہیں ہوگا۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ ہم ریلوے کی economic

viability پر اسے لے کر آئیں۔ تاکہ خسارے میں نہ جائے اور ہم بہتر سہولتیں اور ٹرین میں سفر کرنے والوں کو مہیا کر سکیں۔ جناب والا! ایک ٹیبل آپ کی نظر کروں گا۔ 1970-71ء میں اگر آپ total revnue/expenditure کا انڈیکس 100 رکھیں۔ اور میں اگر آپ total revenue/receipts بھی 100 رکھیں تو اس سے اندازہ ہوگا کہ وقت کے ساتھ ساتھ جس طرح proportionally اضافہ ہونا چاہیے وہ ان دونوں indexes میں نہیں ہوا ہے۔ اب اس کو اگر 100 لیتے ہیں اور نیچے چلے آتے ہیں 1998-90ء تک یعنی جو پچھلا سال گزرا ہے۔ تو جناب ہمارے expenditure total revenue سے بڑھ کر 1029 تا ہم پہنچا ہے جبکہ revenue receipts total ہماری 100 سے بڑھ کر 740 تک پہنچی ہیں۔ تو یہ ایک واضح گیپ ہے جو بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ اب اسے ہم نے کچھ bold decision لے کر کچھ ایسے فیصلے کر کے کہا جن سے ہم اس گیپ کو کم کر سکیں ہمیں یہ اقدامات کرنے ہوں گے۔ اور ہم نے یہ کیے ہیں۔ ابھی حال میں ہم نے ایک فیصلہ کیا۔ اس کے تحت 9-most un-economic سیکشنوں کو کلوز کرنا پڑا۔ وہ ایسے سیکشنز تھے جن سے ہمیں hardly کوئی انکم آ رہی ہے۔ لیکن اگر دیکھا جائے تو اس کی maintenance پر rack maintenance, locomotive/maintenance, station maintenance, وہاں کا سٹاف' ان کی تنخواہیں اگر یہ تمام ہم اکٹھے کر لیں تو یہ ایک بہت بڑا بوجھ بلاوجہ ریلوے ڈیپارٹمنٹ اپنے کاندھوں پر لئے ہوئے تھا۔ جبکہ ان سیکشنوں کے ساتھ ساتھ بالکل parallel روڈ سروس موجود ہے۔ اور وہ ایسے slow moving trains والے سیکشن تھے جو جہاں مشکل سے ہی کوئی سفر کرتا ہو۔ ہم نے public utility service کو ذہن میں ضرور رکھا لیکن mode of transport alternative مہیا ہو جہاں پر بس سروس اور ایر کنڈیشنڈ کوچ سروس وغیرہ موجود ہو تو لوگوں کو کوئی دشواری نہیں۔ لہذا ہم نے یہ فیصلہ لیا کہ ایسے 9 سیکشن فوری طور پر close down کریں۔ اور اس کے علاوہ ہم نے یہ بھی فیصلہ

کیاہے کہ gauge broad پر' ان میں سے میرے خیال میں چار یا پانچ narrow gauge کی تین جو بالکل out dated ہیں۔ broad gauge پر ہم نے بائیں sets of trains کلوز کیے ہیں۔ وہ اس لئے کہ یہ بالکل un-ecenomic ٹرین تھیں۔اس کی وضاحت یہاں میں کر دوں کہ ان sets of train کو کلوز کرنے کا مطلب یہ نہیں کہ ان سیکشنوں پر بالکل سروس بند ہو گئی ہے۔ یہ impression نہیں لیناچاہیے ۔ایسے سیکشن جہاں دویادو سے زاہد ٹرینیں چل رہی تھیں کہیں کہیں تین چار پانچ بنی چل رہی تھیں۔

تو ان میں سے جو سب سے most uneconomicol train تھی اس train کو ہم نے discontinue کیا اور باقی trains کو ہم نے چلنے دیا ہے یعنی وہاں جو سہولت ہے وہ مسافروں کو میسر ہے ان کو حاصل ہے صرف جو economical timings اور economical پر چلانے کا ہم نے منصوبہ بنایا ہے جن سے اسی ivnestment یعنی وہی investment وہی lomomotive ہم دوسری جگہ پر more economically اس کو ہم چلا کر اپنی جو income ہے اس کو بڑھانے کا کچھ سامان کر سکیں اس قسم کی بھی ہم نے changes کی ہیں اور مزید اس پر ہم سوچ رہے ہیں کہ ہم اس کو کس طرح سے مزید economical مزید financial ہم ریلوے کی کارگردگی کو بنا سکیں تو جناب والا! یہ کچھ فیصلے ہم نے مجبوراً کرنے ہوتے ہیں یہ تلخ فیصلے ضرور ہوں گے لیکن کچھ جراتمند فیصلے بھی ہم نے کرنے ہوں گے جب تک ہم یہ فیصلے نہیں کرتے جب تک ہم اس قسم کے اقدامات نہیں اٹھاتے اس وقت تک ہم ریلوے کو نہ خسارے سے نکال سکیں گے نہ اس کو ہم بہتر طور پر آگے بڑھانے میں کامیاب ہو سکیں گے اور نہ ہم facilities میں improvement لا سکتے ہیں۔ مجھے اعتراف ہے میں جانتا ہوں کہ ریلوے کی railway facilities آج وہ نہیں ہیں ہو آج سے بیس برس پہلے ہوا کرتی تھی اس میں ایک depreciation gradual ہوا ہے اس کی services gradually

خراب ہوتی چلی گئی ہیں۔ یہاں پر بہت ساری باتوں کا ذکر آیا ہے اور میں اپنے سینیٹر دوستوں کو بہت مشکور ہوں۔ بھائیوں کا مہربانوں کا انہوں نے ان posts کی طرف نشاندھی کی ہے اور میری رہنمائی کی ہے میں اس floor of the house سے انشآء اللہ یقین دلاتا ہوں کہ میں آپ کی ان تجاویز کی روشنی میں پوری پوری کوشش کروں گا کہ آپ ان کے مشوروں سے اس میں مزید کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے کچھ فیصلے کریں گے۔

جناب والا! آپ جانتے ہیں اور یہاں بھی کہا گیا ہے کہ ریلوے میں over-employment ہے وہ یقیناً ہے over- employment سب سے بڑا مسئلہ ہے اس وقت پھر ایک لاکھ چالیس ہزار کے لگ بھگ ریلوے کے ملازمین ہیں جب کہ اس سے کم ملازمین سے بھی یہ سسٹم چلایا جا سکتا ہے لیکن ماضی میں appointments ہوتی چلی گئیں services میں اضافہ نہیں ہوا بوجھ بڑھتا گیا اور س طرح ریلوے کی جو economy ہے اس کو نقصان پہنچتا چلا گیا ہم کوشش کریں گے کہ اس کو phaseout کرتے ہوئے آہستہ آہستہ کسی طریقے سے اس کو کنٹرول کر سکیں اور اپنی economical viability جو ہے اس کو ہم بڑھا سکیں' efficiency یقیناً ہے اس میں کوئی شک نہیں لیکن اس پر ہم نے نظر رکھی ہوئی ہے۔ یہاں پر ذکر ہوا timings کا punctuality کا بالکل punctuality وہ نہیں رہی ریلوے کی جو پہلے ہو کرتی تھی لیکن میں یہ خوشی محسوس کرتا ہوں کہ ہم نے ان پانچ ماہ میں کچھ time table change کئے ریلوے کے' ان کو زیادہ realistic بنایا اور ہم نے trains کی stopages تھیں ان میں کچھ ردوبدل کیا ہے ان کی speed میں جو realistic assessment کرتے ہوئے ان کی timing رکھی گئی تھی ان کی reaslistic assessmen کرتے ہوئے ہم نے timinges کیے ہیں ان سارے اقدامات کے نتیجے میں آج خوشی سے بتا سکتا ہوں۔ کہ جب میں نے take over کیا تھا اس وقت punctuality position تقریباً 50 فیصد تھی جو آج improve ہو کر 57 فیصد تک پہنچ گئی ہے 25 فیصدی punctuality میں اضافہ ہوا ہے

اور ہم مزید کوشش کریں گے کہ اس کی punctuality کو بہتر بنائیں اور اس کی جو reaslistic speed ہے اس کو مد نظر رکھتے ہوئے اور جو ضروری stopages ہیں ان کو مد نظر رکھتے ہوئے کم از کم میں یہ بالکل محسوس کرتا ہوں ایک مسافر کو یہ پتہ ہونا چاہیے کہ فلاں وقت پر یہ گاڑی فلاں سٹیشن سے چل گی اور فلاں وقت پر اپنے destination پر پہنچے گی جب تک یہ معلوم نہیں ہوگا وہ اپنے کوئی منصوبے properly نہیں بنا سکتا اپنا پروگرام preperly نہیں بنا سکتا۔ اگر سٹیشن پر پہنچنے کے بعد پتہ چلے کہ گاڑی 6 گھنٹے لیٹ چلے گی یا 6 گھنٹے لیٹ پہنچے گی تو اس سے سارا نظام درھم برھم ہو جاتا ہے لہذا ہم کوشش کر رہے ہیں کہ جو timing مثال کے طور پر ہماری fast moving train shalimar ہے اس کی realistic speed کو ہم مد نظر رکھنا ہے اور جو departure اور arrival کے timings ہیں وہ اس speed کو مد نظر رکھ کر ان کے stopages کو مد نظر رکھ کر tracks کی جو خراب اور زبون حالت ہے اس کو مد نظر رکھ کر ہم نے وہ timetable کئے ہیں۔ اگر ایک گاڑی کا فاصلہ انہوں نے پہلے دس گھنٹے رکھا ہوا تھا تو ہم نے کہا کہ اس میں کوئی حرج نہیں اگر اس کو آپ دس گھنٹے کی بجائے بارہ گھنٹے میں پہنچاتے ہیں تو اس میں کوئی حرج نہیں لیکن پبلک کو پتہ ہونا چاہیے کہ یہ دس کی بجائے بارہ پہنچے گی اور صبح 8 بجے کی بجائے 10 بجے فلاں اسٹیشن پر لوگ پہنچیں اور گاڑی دو گھنٹے بعد پہنچ رہی ہے تو وہ زیادہ ازیت والی بات ہے بجائے اس کے کہ آپ timetable اور schedule میں تبدیلی کریں تو جناب والا! اس قسم کی بھی کچھ تبدیلیاں ہم نے لانے کی کوشش کی ہے کرپشن ہے اور میں انشاءاللہ آپ دوستوں کے تعاون سے آپ کے مشوروں سے اور اللہ تعالیٰ کے فضل و حمایت سے پوری پوری کوشش کروں گا کہ اس پر میں بالکل سختی سے with a very harsh hand اس کو ختم کروں۔ میں کوئی بلند بانگ دعوے یہاں نہیں کروں گا لیکن میرا عمل یہ ثابت کرے گا وقت یہ ثابت کرے گا کہ میں نے کس حد تک اس سمت میں پیش رفت کی ہے۔

جناب والا! ریلوے اسٹیشن کا ذکر آیا واقعی وہاں ریڑھیوں کی خوانچوں کی اور اس

قسم کے دوسرے سٹالوں کی بھر مار ہے۔ اسٹیشنوں پر بجائے یہ دیکھنے کہ اس اسٹیشن پر کتنی ٹریفک ہے اور کیا ضرورت ہے اس اسٹیشن کی یہ سب چیزیں دیکھنے بغیر ماضی میں خوانچے اور ریڑھیاں اور اس قسم کی دوسری چیزیں allow کی گئی ہیں جن سے مسافروں کو بے حد تکلیف کا سامنا ہے تو اس سلسلے میں بھی میں نے فیصلے کیے ہیں اور کئی ایسے کیسز جن کی کارکردگی ٹھیک نہیں تھی جن پر تین سے زیادہ مرتبہ جرمانہ کیا گیا تھا ان کے licences یا permits ہم نے cancel کیے ہیں۔ اس میں victimization نہیں ہوئی۔ political تخصیص نہیں کی گئی۔ purely administrative point of view ہے۔ کافی اسٹیشنوں پر اب اگر آپ جائیں گے تو آپ کو بہتری نظر آئے گی جس میں بڑے بڑے اسٹیشن ہم نے پہلے لئے ہیں جیسے لاہور، ملتان، روہڑی، کراچی، کوئٹہ، پشاور اور راولپنڈی۔ یہ ہمارے ایسے بڑے بڑے اسٹیشن ہیں جن پر فوری طور پر ہم نے کوشش کی ہے کہ یہ جو مسائل ہیں ان پر ہم قابو پا سکیں۔

جہاں تک facilities کا تعلق ہے میں پوری کوشش کر رہا ہوں کہ ریلوے کے couches کے اندر bulbs لگیں، ان کے اندر fans کام کرتے ہوں ان کے bathrooms میں باقاعدگی سے پانی وغیرہ فراہم ہو اور ہماری گاڑیوں کو washing کا proper بندوبست ہو یہ ساری چیزیں میرے ذہن میں بھی ہیں۔ کچھ مسائل بھی ہیں اور سارا نظام overnight درست ہو نہیں سکتا ان میں وقت کی ضرورت ہے اور انشاء اللہ ہم کوشش کریں گے۔ کہ اس کو بہتر بنائیں۔ accidents کا جہاں تک تعلق ہے دو تین چھوٹے چھوٹے incidents ہوئے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس وقت تک کوئی major accident جس طرح سانگی حادثہ ہوا تھا ایسا کوئی accident نہیں ہوا۔ اور میری اللہ تعالیٰ سے دعا ہو گی کہ وہ بھی ایسا کوئی accident مستقبل میں ہمارے سامنے نہ آئے۔ اس کے لئے بھی ہم پوری کوشش کریں گے کہ ہم اپنے signalling نظام کو بہتر بنائیں ہم اپنے tracks کو improve کریں ہم اپنی locomotives کو improve

کریں اور ہماری carriage کا جو standard ہے ہم اس کو بہتر بنائیں۔ یہاں lands کاذکر آیا بلاشبہ ریلوے کے assets ہیں اور ان کو ماضی میں بڑی بے عزتی سے missuse کیا گیا ہے میں نے فوری طور پر جتنی ریلوے کی lands تھیں ان کی grants اور ان کی cases پر آتے ہی ban لگادیا۔

میر ہزار خان بجارانی! اور یہ احکامات جاری کئے اول تو وہ پوری لینڈ جتنی ریلوے کی available ہے اس کے status اور اس کی لوکیشن وہ پوری ہمیں ملنی چاہیں اور وہ فگرز ہم نے جمع کیے ہیں اور اس کے ایک پراپرٹی ڈویلپمنٹ بورڈ کا وجود عمل میں لایا ہے اور اس بورڈ میں ہماری پبلک کے نمائندے بھی ہمارے ساتھ موجود ہیں اس میں دو اپر ہاؤس کے ممبران ہیں اور دو لوئر ہاؤس کے ممبران ہیں چار پبلک representative ہم نے اس بورڈ پر نامزد کئے ہیں اور اس بورڈ کی دو میٹنگیں ہو چکی ہیں اور انشاء اللہ ہم کوشش کریں گے کہ جتنا جلد ممکن ہو ہم کوئی ایک پالیسی فورم کریں جس پالیسی کے تحت ہم ریلوے کے ان assets کو ریلوے کی اس لینڈ کو ہم economically استعمال میں لاتے ہوئے ریلوے کی کارکردگی کے لئے کچھ فنڈ پیدا کر سکیں۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہم وہ لینڈ بالکل آکشن کو دیں یا سیل کر دیں اس کو لیز آوٹ بھی کیا جاسکتا ہے جس سے کافی فنڈ جنریٹ ہو سکتے ہیں جس کو ہم ریلوے کی ایفیشنسی بڑھانے کے لئے پبلک کو مہیا کرنے کے لئے وہ فنڈ جو ہم جنریٹ کر کے استعمال میں لا سکتے ہیں اور آلریڈی پراپرٹی ڈویلپمنٹ بورڈ کمیٹی کہہ رہی ہے۔ جہاں تک ڈائنگ کار کا تعلق ہے بغیر کسی پالیسی کے دی گئیں لیکن میں نے آج تک ایک ڈائنگ کار بھی کسی کو الاٹ نہیں کی لیکن ہم نے پہلے ایک کمیٹی بنا کر پری کنڈیشنز رکھیں اول تو جو بھی ڈائنگ کار خالی ہو گی وہ ایڈوارٹائز کریں گے اور پھر جو لوگ انٹرسٹڈ interested ہوں ان کے لئے ہم نے کچھ کوالیفکیشنز رکھی ہیں جن میں کیٹرنگ کا تجربہ ان کی فنانشنل وائبلٹی ان کی فنانشل پوزیشن ساؤنڈ ہونی چاہیے کیٹرنگ کا برابر تجربہ ہونا چاہیے اور ایسے کچھ کنڈیشنز ہیں اگر وہ سارے فل فل کرتے ہیں تو ایسے لوگ اپلائی کریں اور

اس کے ہم ڈپازٹ رکھیں تا کہ ان انٹرسٹڈ لوگوں کی درخواستیں نہ آئیں صرف وہ آئیں جو qualified ہوں اور جو انٹرسٹیڈ ہوں اور یہ کام کر سکیں تو ہم نے وہ سارا کام کر دیا ہوا ہے اور within few days انشاء اللہ جتنی ڈائنگ کار خالی ہیں ان کے لئے اخبارات کے ذریعے ہم درخواستیں منگوائیں گے اور ان درخواستوں کو باقاعدہ ایک سکروٹنی کمیٹی کے حوالے کریں اور وہاں سے strutinize ہونے کے بعد ان کا فیصلہ میرٹ پر میں approval دوں گا۔ انشاء اللہ کوشش کریں گے کہ یہ غلط ہاتھوں میں نہ جائیں اور صرف وہی لوگ اس سمت آگے آئیں جن کو واقعی ڈائنگ کیٹرنگ کا تجربہ ہو جن کی فنانشل پوزیشن ساؤنڈ ہو۔ اور ہم نے یہ شق بھی رکھی ہے اگر کوئی شخص کیٹرنگ کنٹریکٹ ملنے کے بعد اس کو sublet سبلیٹ کرے گا تو اس کا کنٹریکٹ ہم کینسل کر دیں گے۔ یہ ہم اس طرح کر دیں گے کہ ریلوے کے اور جو فنڈ provide کیا جاتا ہے اس کے سینڈرڈ کو maintain کریں مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ پہلے ایک Sponcer company ہوا کرتی تھی بہت اچھا کھانا provide کرتے تھے اور ریلوے میں لوگ بڑی خوشی اور شوق سے ریلوے کے ریسٹوران کے اندر یا ٹرین کے اندر کھانا کھانے جایا کرتے تھے۔ ہم کوشش کریں گے کہ ہم اس standard کو improve کریں اور اس کو اس حد تک لے آئیں جہاں کم از کم لوگوں کو یہ شکایات نہ ہو کہ sub-standard کھانا ہے اور اس کی وہ بات نہیں رہی جو کہ ہونی چاہیے۔ تو ہم gradually یہ بھی ensure کریں گے کہ امپرومنٹ آئے جہاں تک فری پاسز کا تعلق ہے۔ جناب والا! ہم نے بالکل فری پاسز بند کر دی ہوئی ہیں کسی کو ہم فری پاس sanction نہیں کرتے۔ ہر ایک شخص کو ٹکٹ کے ذریعے ٹریول کرنا چاہیے۔ اور یہ سسٹم جو ہے locomotive کی ہمیں شارٹیج ہے وہ آپ بھی جانتے ہیں یہ پورا ہاؤس بھی جانتا ہے۔ اس سلسلے میں ہم نے جو interception......

میر ہزار خان بجرانی : میں ابھی ذکر کرنے لگا تھا رسالپور میں جو لوکوموٹیو فیکٹری ہے اس کی بنیاد رکھ دی گئی ہے اور کافی عرصے کولڈ سٹوریج میں وہ پلانٹ پڑا ہوا ہے تھا

جس پر میں نے آکر revitalize کرنے کی کوشش کی ہے جو اس کی formalities رہتی تھیں ان کو میں نے push کیا ہے اور انشاء اللہ ہم کوشش کریں گے کہ جولائی 1992 میں ہماری جو فسٹ locomotive ہے وہ وہاں سے manufacture ہو کر اسمبل ہو کر نکلے۔ اس کے لئے جاپانی collaboration ہمیں حاصل ہے اور OECF کا لون already ہمیں ملا ہوا ہے اور ان کی collaboration سے technology of transfer بھی ہوگی اور ہمارے 1992 میں پہلے پانچ سے capacity وہ بڑھا کر gradually next year دگنا کریں گے اس کے بعد پندرہ بیس اور فائنلی locomotive per year کے حساب میں اضافہ ہوگا۔ رسال پور میں انشاء اللہ اپنے Japanese کے لئے manufacture locomotives کریں گے اسکے لئے technology transfer ہوگی۔ ہمارے ٹیکنیشنز کی ٹیم اسی سال انشاء اللہ جاپان جارہی ہے جو وہاں کی معلومات اور ان کی دوسری چیزیں ہمیں اس میں ٹریننگ حاصل کریں اور وہی واپس آکر یہاں چارج سنبھالیں۔ جہاں تک carriage کا تعلق ہے جناب والا! ہمارے پاس بہت اچھی کیرج فیکٹری موجود ہے ہمارے پاس وہاں تمام facilities موجود ہیں اور اس میں ماضی میں کیرج بنے بھی اور تقریباً 180 کیرج بنگلہ دیش کو بنا دیئے ہیں اور اپنی ریلوے کے لئے ہم نے بنائے ہیں۔ لیکن پچھلے کچھ سالوں سے ہماری فیکٹری انڈر under capacity چل رہی ہے کیونکہ باہر کے آرڈر نہیں تھے اپنی ضرورت کے لئے ہمیں یہاں اتنے کیرجز نہیں چاہیے تھے اور اتنے فنڈز بھی نہیں تھے کہ ہم اس کو فل capacity پر چلا سکیں اس فیکٹری کی فل capacity وہ سنگل شفٹ بیسز پر تقریباً 150 کیرجز سال میں بنتے ہیں لیکن اگر ہم وہ شفٹ increase کریں ڈبل شفٹ کریں یا ٹرپل شفٹ کریں تو ہم اس capacity کو ساڑھے تین سو چار سو یا پانچ سو دنوں تک لے جاسکتے ہیں۔ پچھلے دنوں رشین کے ساتھ میری بات چیت ہوئی ہے۔ Russian Ambassadar سے اخبارات میں بھی یہ بات آئی تھی وہ agree in principle ہو گئے ہیں ہمیں تقریباً ایک ہزار سے

پندرہ سو کوچیز کا آرڈر دیں گے اور ہماری فیکٹری میں رشین ریلوے سسٹم کے کوچیز بنیں گی اور یہ in principale agreement ہو گئی ہے کوشش کریں گے وہ جتنا جلدی formalities مکمل ہو جائیں تو ہم اس پر کام شروع کر دیں گے۔

جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ تین سال تک ہماری یہ فیکٹری اپنی فل capacity میں تین شفٹوں میں پورا کام جو ہے وہ کر سکتی ہے اس سے مزدوروں کو بھی فائدہ ہوگا ریلوے کی انکم میں بھی اضافہ ہوگا۔ ہم اپنی پاکستان کی کیرجز کو رشیا Rurssia ایکسپورٹ کر کے یہ بھی ثابت کریں گے کہ ہمارے پاس capability ہے۔ ہمارے پاس کوالٹی ہے ہم دنیا کے دوسرے ایسٹرن یا ویسٹرن ممالک جاپان یا دوسرے ملکوں سے قطعاً ہم پیچھے نہیں ہیں اور یہ ہم کر سکتے ہیں۔

We are capable of doing all that long term planning

کی بالکل ضرورت ہے جسے ہم امپرو کر سکیں۔ پروفیسر خورشید صاحب نے بڑی اچھی تجاویز دی ہیں ہم کوشش کریں گے کہ ہم ان کی روشنی میں بہتری لا سکیں۔ many improvment اس میں certainly/maintainance & management کی گنجائش موجود ہے اور ہم کوشش کریں گے انشاء اللہ ایسے اقدامات بھی ہم نے لئے ہیں جس سے maintainance اور management میں بہتری آئے۔ accountability گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی ہونی چاہیے اور میں نے اپنے ڈیپارٹمنٹ کو احساس دلایا ہے ان کو ہمیشہ ہر وقت accountability کا خیال رکھنا چاہیے اور وہ ہر وقت قوم کے سامنے جوابدہ ہیں انشاء اللہ اس میں بھی کوئی نرمی نہیں دوں گا۔ اور اس کو دیکھا جائے گا کہ لوگ اپنے فرائض صحیح طور پر انجام دیں۔ بکنگ کی پرابلمز ہیں۔ یہاں پر ذکر آیا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ بکنگ کی پرابلمز ہیں۔ اور ریلوے کے اندر ٹکٹ حاصل کرنے میں دشواریاں بھی ہیں لیکن ہم اس پر قابو پانے میں بھی وقتاً فوقتاً surprise/ checks چیک کر رہے ہیں اس کو امپرو کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ایسے جتنے لوگ اس قسم کی حرکتوں

میں شامل ہیں۔وہ سزا پائیں گے۔

میر ہزار خان بجارانی۔ان کے خلاف ہم نے ایکشن لئے ہیں' چاہیے یہ ٹکٹ کلکٹر ہوں یا ہمارے محکمے کے ریلوے پولیس ملازم ہوں یا ٹکٹ بیچنے والے لوگ جو windows پر بیٹھتے ہیں۔غالباً اس چیز کی پراپر proper پبلسٹی نہیں ہوئی ہے اور اس کے متعلق لوگ جان نہیں سکے لیکن لوگ ایسے ہیں جن کے خلاف ہم نے ان چارجز پر ایکشن لئے ہیں اور کمرشل سائیڈ سے ان کو سسپنڈ کیا ہے اور جب ان کو بحال کیا ہے تو پھر کسی دوسری سائیڈ پر ان کی ڈیوٹی لگائی ہے۔ان کو واپس ہم نے پہلی ڈیوٹی پر نہیں لیا ہے تاکہ ان سے چھٹکارا حاصل کیا جاسکے۔

کراچی سرکلر ریلوے کے متعلق میرے بزرگ سینیٹر حسن اے شیخ صاحب نے فرمایا ہے' یہ صحیح ہے کہ اس کی حالت بالکل خراب ہے۔مجھے اس کا احساس ہے۔اور یہی ایک سیکٹر پر جس پر ٹکٹ کے ساتھ سب سے زیادہ ٹریولنگ ہوتی ہے لیکن اس میں کچھ دشواریاں ہیں۔ان کے متعلق سینیٹر صاحب بھی جانتے ہیں' آپ کے علم میں بھی ہے۔ہم کوشش کریں گے کہ عوامی نمائندگان کے ساتھ مل کر ان دشواریوں پر قابو پاسکیں۔اور کوشش کریں کہ اس کو فنانشلی وائیبل financially viable بنا کر اس کو بہتر طور پر چلا سکیں۔

جہاں تک جناب گھچکی صاحب کی شکایات کا تعلق ہے' میں نے وہ نوٹ کرلی ہوئی ہیں۔ہمارے سینیٹر میر عبدالجبار صاحب نے مجھے اس ریپریزینٹیشن کہ کاپی بھی دی ہے جو کہ بلوچستان فروٹ اینڈ ویجیٹیبل والوں fresh fruits and vegetables کی طرف سے ہے میں انشاءاللہ کوشش کروں گا کہ ان کی تجاویز کی روشنی میں زیادہ سے زیادہ جو بھی سہولت ممکن ہوگی ان کو فراہم کروں۔البتہ یہ ذکر کیا گیا ہے کہ freights میں تین سے چار فیصد increase ہوئی ہے اور یہ full parcel scheme ہیں جو انکریز ہوئی ہے وہ 65 فیصد تک گئی ہے' میں سمجھتا ہوں کہ ان فگرز میں کچھ گڑبڑ ہے اس طرح سے یہ ممکن نہیں ہوگا'لیکن میں یقیناً اس کی بھی انکوائری کروں گا کہ اگر واقعی اس میں کوئی ڈسکریپنسی

ہے' تو اس کے بارے میں' میں یہ یقین دلاتا ہوں کہ اس کو فوری طور پر ختم کیا جائے گا اور جو پالیسی policy decision ہم نے لیا ہے۔

جناب عالم علی لالیکا! پوائنٹ آف آرڈر' جناب کراچی سرکلر ریلوے کے بارے میں وزیر ریلوے صاحب نے اشارتاً فرمایا ہے کہ سینیٹرز صاحبان کو علم ہے اور آپ کو علم ہے اور وزیر صاحب کو بھی علم ہو گا' لیکن میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جن حضرات کو اس کے بارے میں علم نہیں ہے کیا وہ ان کو بھی اس کے بارے میں بتانا پسند فرمائیں گے۔

میر ہزار خان بجارانی! میرا خیال ہے کہ اس بحث کو کسی اور وقت پر چھوڑ دینا چاہیے کیونکہ میں نے ابھی تک ہاؤس کا کافی وقت لیا ہے اور مزید میں ہاؤس کا وقت نہیں لینا چاہتا۔ لہذا میں آخر میں عرض کرتا ہوں کہ میں آپ کا اور معزز سینیٹرز صاحبان کا بہت شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میری راہنمائی کی اور مجھے اپنے مفید مشوروں سے نوازا انشاءاللہ میں کوشش کروں گا کہ ان کے مفید مشوروں کی روشنی میں اپنی کارکردگی کو بہتر کروں۔ شکریہ۔

VIEWS ON THE PRESIDENTIAL ADDRESS

Mir Hazar Khan Bijarani the Honourable Defense Minister Participated in the debate and viewed on the Presidential Address as:*

جناب چیرمین۔ شکریہ۔ محترم جناب ہزار خان بجارانی۔

وزیر پیدوار (جناب میر ہزار خان بجارانی) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم شکریہ جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ صدر صاحب کا پارلیمنٹ سے جو خطاب تھا وہ نہایت ہی متوازن اور حقیقت پسندانہ تھا جس میں حکومت کی کارکردگی اس کی achievements اور اس کی کچھ Set Backs کی نشاندہی کی گئی تھی اور یہی رول ایک آئینی سربراہ کا کسی ملک میں ہوا کرتا ہے کہ وہ ایک طرف تو حکومت کی رہنمائی کرے اور دوسرے جانب حزب اختلاف اور باقی تمام سیاسی قوتوں کی ایسی ہدایت کریں کہ جس سے ملک میں جمہوری ادارے مستحکم ہو سکیں اور جمہوری نظام پروان چڑھ سکے۔

جناب والا! یہاں بحث کی ابتدا ہی میں لیڈر آف دی اپوزیشن نے اس پارلیمنٹ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ پارلیمنٹ Rigged Elecdtions کے نتیجہ میں وجود میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات درست نہیں ہے اور اس کا ثبوت میں اس طرح پیش کروں گا انتخابات پہلے قومی اسمبلی کے ہوئے تھے اور اس کے بعد صوبائی اسمبلیوں کے اس میں بھرپور طریقہ سے حزب اختلاف نے بشمول پی ڈی اے اور پیپلز پارٹی سب نے حصہ لیا۔ اگر انہیں یہ شک تھا کہ قومی اسمبلی کے انتخابات صحیح طور پر نہیں ہوئے تو وہ صوبائی اسمبلیوں کا بائیکاٹ کر دیتے جس طرح سے 1977ء میں پی این اے کے تحریک کے دوران ان صوبائی اسمبلیوں کا

* *National Assembly of Pakistan Monday 28th December 1992, Vol,5(1-18).pp. 640-47*

بائیکاٹ کیا گیا تھا۔ اس سے یہ بات ثابت ہوئی تھی کہ قومی اسمبلی اس وقت کے جو انتخابات ہوئے تھے وہ Rigged انتخابات تھے۔ اپوزیشن کا صوبائی اسمبلیوں میں حصہ لینا اس بات کی دلیل ہے کہ قومی اسمبلی کے انتخابات منصفانہ طریقہ سے ہوئے تھے اور انہیں یہ توقع تھی کہ صوبائی اسمبلی کے انتخابات بھی اس انداز میں ہوں گے اور منصفانہ طریقہ پر یہ انتخابات اپنے پایہ تکمیل کو پہنچیں گے۔ آج اگر یہ کہیں کہ یہ پارلیمنٹ رگنگ کے نتیجہ میں وجود میں آئی ہے۔ جبکہ خود اس اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر صاحبان گزشتہ دو سال سے بیٹھے ہوئے ہیں۔ اس میں شامل ہوتے رہے ہیں اس کی قانون سازی میں حصہ لیتے رہے ہیں تو اس طرح کی باتوں سے ہمیں پرہیز کرنا چاہیے اور اس طرح کے الزامات ہماری جمہوریت کے لئے نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ اس سے جمہوریت کی کوئی خدمت نہیں ہو گی۔

لانگ مارچ کا ذکر ہوا۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آخر لانگ مارچ کس مقصد کی خاطر اور کیوں ہو؟ کیا وجہ تھی کہ اس لانگ مارچ کا ایسی عجلت میں اعلان کیا گیا کہ جس کی سمجھ نہ تو عوام کو آئی نہ حکومت کو اور نہ میں سمجھتا ہوں کہ کہ حزب اختلاف میں شامل باقی جملہ جتنی سیاسی جماعتوں کے سربراہ ہیں نہ ان کی سمجھ میں کچھ آیا کہ آخر اس کا پس منظر کیا تھا لیکن عوام نے دیکھ لیا کہ وہ بھی اپنی logical conclusion تک پہنچ گیا اور لانگ مارچ شارٹ مارچ ہو کر رہ گیا اور وہ آگے نہ بڑھ سکا۔ تو اس قسم کی باتوں سے میں سمجھتا ہوں کہ ملک کے اندر جہاں غیر یقینی صورت حال پیدا ہوتی ہے؟ وہاں ہم سرمایہ کاروں کے لئے ایک رکاوٹ پیدا کر دیتے ہیں۔ موجودہ حکومت پوری کوشش کر رہی ہے کہ باہر سے سرمایہ کار پاکستان میں اپنا سرمایہ لگائیں یہاں پر انڈسٹریز لگائیں اور اس کے نتیجہ میں ملک کے اندر روزگار کے مواقع فراہم کریں تو اس پراسیس میں جو اس ملک کے مفاد میں ہے اور عوام کے مفاد میں ہے۔ اس طرح کی باتوں سے Hinderances پیدا کرنا کوئی صحت مند روایت نہیں ہے اور اس طرح کی باتوں سے پرہیز کرنا ہی ملک کے مفاد میں ہو گا۔

جناب والا! آج جو pollarisation ملک میں پایا جاتا ہے میں دیانتدارانہ طور

پر سمجھتا ہوں کہ اس میں سنجیدہ ذہن سے مل بیٹھ کر اس پولرائزیشن کو ختم کرنا ہوگا۔ ہمیں مل کر ان مسائل پر گفت وشنید کے ذریعہ سیاسی مزاکرات کے ذریعہ مسائل کا حل تلاش کرنا ہو گا اور ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لئے سر جوڑ کر کچھ پالیسیاں مرتب کرنی ہوں گی۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے حزب اختلاف کے لیڈر صاحبان وہ بھی محبِ وطن ہیں میں یہ نہیں کہوں گا کہ وہ پاکستان سے محبت نہیں کرتے یقیناً ملک کے تمام سیاست دان' محبِ وطن ہیں لیکن بات صرف اتنی ہے کہ ہم سب کو اپنے ذاتی مفاد اور جماعتی مفادات سے بالاتر ہو کر ملک کے مفاد کو مد نظر رکھ کر پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لئے سوچنا ہوگا۔ مل بیٹھنا ہوگا اور اگر یہی جزبہ پیدا ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ ہم اپنے فرائض اچھی طرح سے انجام دیں گے اور جو توقعات لوگوں نے ہم سے لگا رکھی ہیں اس ملک کے سیاستدانوں سے لگا رکھی ہیں اور جو نظریں اس ایوان کی طرف لوگوں کی لگی ہوئی ہیں ہم ان کی توقعات پر پورا اتر سکیں گے اور اپنے فرائض بخوبی انجام دے سکیں گے۔

قومی حکومت کی بات کی گئی جناب والا! کون سی قومی حکومت!

حکومت کا آئین کے اندر کوئی تصور ہی نہیں ہے۔ ایسی کوئی پروویژن موجود نہیں ہے۔ یہ ایک بڑا آسان نعرہ ہے جس سے پاور حاصل کرنے کے لئے لوگوں کو exploit کیا جا سکتا ہے۔ ہاں اگر جنگ کی سی صورت ہو ایک قومی crisis ہو جہاں پر قومی اسمبلی موجود نہ ہو تو اس صورت میں ساری سیاسی پارٹیوں اور عوام کو اکٹھا رکھنے کے لئے اس طرح کی arrangement کی جا سکتی ہے...... لیکن نارمل حالات میں جہاں کوئی crisis political موجود نہ ہوں جہاں کوئی war جیسی situation نہ ہو اس صورت میں نیشنل گورنمنٹ کی جو ڈیمانڈ ہے جو نعرہ ہے جو بات ہے۔ میں سمجھتا ہوں وہ unconstitutional ہے unreasonable ہے اور اس طرح کی باتوں کو بلاوجہ سڑکوں پر نہیں اچھالنا چاہیے لوگوں کو exploit نہیں کرنا چاہیے۔ میری یہ تجویز ہو گی کہ ہمیں آپس میں مل بیٹھیں' مجھے یہ افسوس ضرور ہے کہ ہم بابری مسجد جیسے سانحہ پر سیاسی

جماعتیں اکٹھا ہو کر ہم نہیں بیٹھ سکے۔ یہ کہنا بالکل درست ہے کہ اس ایشو پر کوئی اختلاف تھا قطعی نہیں بابری مسجد کے ایشو پر پوری متفق تھی پوری سیاسی جماعتیں جتنی بھی پاکستان میں ہیں سب کے یکساں خیالات اور سب کے یکساں reactions اور تاثرات تھے۔ سب نے ایک positive طریقے سے دیا اس ایشو کے اوپر لیکن اگر اختلاف تھا تو چند سیاسی لیڈروں کا جو آپس میں مل بیٹھنے کے لئے بھی تیار نہ تھے۔ جس سے کہ ہم نے ہندوستان کے ہندو fundamentalists کو ایک غلط signal دیا ہمیں چاہیے تھا کہ ہم ان کو ایک positive signal دیتے۔ اور انہیں بتاتے کہ ایسے vital ایشو پر پاکستانی قوم' پاکستانی کے سیاسی سربراہ سب اکٹھے ہیں اور ہم کبھی اس بات کی اجازت نہیں دے سکتے کہ ہندوستان میں مسلمانوں پر جو مظالم ہوئے بابری مسجد جس طرح سے شہید ہوئی اس سے ہماری rank and file میں ہماری صفوں میں کوئی انتشار یا کوئی اختلاف ہے۔ یہ بڑے افسوس کی بات ہے۔ لیکن مجھے امید ہے کہ آئندہ اس طرح کے attitude سے پرہیز کرتے ہوئے national case پر نیشنل ایشوز پر مل بیٹھنے کا ہم سوچیں گے اور اپنے پارٹی مفادات اور ذاتی مفادات کو پشت کے پیچھے پھینک کر ہم ایک ایسی positive line اپنائیں گے جس سے کہ پاکستان کو فائدہ پہنچے گا۔

میں سمجھتا ہوں جناب بہت سارے ایشوز ہیں جن پر ضرورت ہے کہ ہم مل بیٹھیں۔ provinacial autonomy ایک ایسا ایشو ہے جس کے لئے ہم حزب اختلاف اور گورنمنٹ مل بیٹھے تو اس سے بڑے positive نتائج نکل سکتے ہیں۔ اس سے کئی ہمارے مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ اور آگے چل کر ہمارا نظام ہماری جمہوریت اور ہماری جو dependency صوبوں کی رہتی ہے ہر وقت فیڈرل گورنمنٹ پر اس میں کمی آسکتی ہے اور ایک متوازن سیاسی نظام ملک کے اندر رائج ہو سکتا ہے۔ electoral laws پر جسے پریذیڈنٹ صاحب نے اپنے خطاب میں کہا اس کی تبدیلیوں پر بات چیت ہو سکتی ہے۔ اس پر بحث ہو سکتی ہے۔ اسمبلی کے ٹرم کو پانچ سال گھٹا کر چار سال بنانے پر بھی بحث ہو سکتی ہے۔ اگر

سارے سیاستدان اس پر متفق ہوں اور قوم کو یہ بات قبول ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ چند ایسی باتیں ہیں جس پر آپس میں مل بیٹھ کر ایک آل پارٹیز کانفرنس میں ان پر بحث و مباحثہ کر کے ان پر کوئی لائحہ عمل طے کیا جاسکتا ہے۔ ملک کے اندر رشوت ستانی' red tapism اور اس طرح کی کئی اور problems ہیں جن کو thread bear بیٹھ کر discuss کرنے کی ضرورت ہے۔ development ہے health ہے یہ ایسی تمام باتیں ہیں جو یکساں طور پر گورنمنٹ کے لئے اور حزب اختلاف کے لئے فکر کا باعث بنی ہوئی ہیں۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ ان ساری چیزوں کو اگر ہم psitively بیٹھ کر سوچیں اور ان پر بات چیت کریں تو یہ ہم سب کے لئے بہتر ہوگا اور اس ملک کے لئے بہتر ہوگا۔

جناب والا! جہاں تک لاء اینڈ آرڈر کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس میں سرفہرست سندھ کا نام آتا ہے۔ اور یہ بھی ہماری موجودہ حکومت کے ایک جرات مندانہ پالیسی اور فیصلہ تھا کہ ہم نے آرمی کو یہ فرض سونپا کہ وہ وہاں لاء اینڈ آرڈر کو درست کریں اور آج ہمیں یہ کہتے ہیں خوشی محسوس ہوتی ہے کہ ہمارا وہ فیصلہ درست تھا اور آج جس طرح سے lawlessness,dacoities اور subrersire/ activities کو جس طرح سندھ کے اندر ختم کیا گیا ہے انہیں crush کیا گیا یہ بھی اس موجودہ حکومت کی بڑی achievement ہے اور یہ ہماری پاکستانی افواج کی بہت بڑی contribution ہے پاکستان کے اس نظام کو درست رکھنے میں لاء اینڈ آرڈر کو درست رکھنے میں لیکن خدشہ صرف اتنا ہے کہ جب آرمی وہاں سے withdraw ہوگئی تو کیا وہ ساری طاقتیں ساری قوتیں جو اس وقت underground چلی گئی ہیں وہ surface نہیں ہوں گی اور وہ اس طرح سے دوبارہ کوئی ہمارے لئے مسئلہ تو کھڑا نہیں کردیں گی۔ اس میں حزب اختلاف کی رائے کی ہمیشہ اشد ضرورت ہے کہ وہ ہماری راہنمائی کریں ہمیں بتائیں کہ اس مسئلے کو کس طرح ہم احسن طریقے سے حل کریں۔ پولیٹیکل اور socio-economic problems جو سندھ کی ہیں ان پر ہماری کیا policy ہونی چاہیں۔ ان کو کس طرح سے ہم آگے بڑھا سکتے

ہیں۔ گورنمنٹ اپنے طور پر یقیناً سارے کچھ اقدامات کر رہی ہے۔ فنانس مدد کا جہاں تک تعلق ہے کوئی 22بلین سے زیادہ کی رقم اس وقت فیڈرل گورنمنٹ نے سندھ حکومت کے حوالے کی ہوئی ہے وہ وہاں کی ڈیولپمنٹ اور socio-economic activities کے لئے وہ وہاں پر استعمال کرے لیکن جناب! ہمیں وہاں ضرورت ہے اس وقت peace کی اس tranquility کی امن کی جس میں لوگ وہاں industrialization کی طرف جا سکیں ۔وہاں پیسہ لگا سکیں انڈسٹری میں اور نہ صرف شہروں میں بلکہ دیہاتوں میں جہاں پر بے روزگاری اپنے عروج پر ہے۔ کئی نوجوان جو ہیں وہ بے روزگار ہیں۔ پھر رہے ہیں اپنی ڈگریاں ہاتھوں میں لئے ہوئے ان کو روزگار دینے کی ضرورت ہے۔ تو یہ سارا مسئلہ جو ہے ان پر بیٹھ کر بات کرنے کی ضرورت ہے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر انہیں مسائل کو ہم سامنے رکھ کر کوئی positiveسوچ آگے لائیں گے تو میرا خیال ہے کہ ہم اس ملک کی بہتر طریقے سے خدمت کر سکتے ہیں۔

جناب والا! ہمیں پرائیویٹ انوسٹرز کو بھی incentivesدینے ہوں گے۔ تاکہ وہ سندھ کے اندر خصوصی طور پر پاکستان میں عمومی طور پر انوسٹ کر سکیں اپنا سرمایہ لگا سکیں تاکہ یہ پیسہ جو ہے جب آہستہ آہستہ گھومنا شروع ہوا ہے وہ آگے بڑھتا چلا جائے اور ملک کے اندر ترقی ہو۔ ہمیں پولیس کے اندر بھی ایک change qualitativeلانے کی ضرورت ہے۔ اس وقت سندھ حکومت میں یہ سلسلہ ضرور شروع ہوا ہے لیکن اس بات کی administrationاور پولیس کو changes qualitativeلانی چاہئیں تاکہ وہاں کا مسئلہ جو ہے اس پر ہم کنٹرول حاصل کر سکیں اور سول ایڈمنسٹریشن اس قابل ہو سکے کہ جب وہاں سے آرمی withdrawہو تو وہ احسن طور پر اپنے فرائض سر انجام دے سکے اور یہ سلسلہ جو چل رہا ہے اس کا رابطہ کہیں نہ ٹوٹے۔

جناب والا! ایک بہت بڑا مسئلہ سندھ کے اندر illegal immigrantsکا ہے اس وقت بھی تقریباً میں سمجھتا ہوں کہ ایک ملین سے زیادہ ایسے لوگ سندھ کے اندر آباد

ہیں جو illegal طریقے سے سندھ کا اندر داخل ہوئے ہیں۔ اور انہوں نے کئی blue collared jobs وہاں پر حاصل کی ہوئی ہیں۔ جس سے ایک تو مقامی باشندوں کی حق تلفی ہوئی ہے اور دوسرے ایک بوجھ سا سندھ کے اوپر ہوا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس پر توجہ دینے کی ضرورت ہے اور اس طرح کے illegal immigrants کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہی کہ ہم سندھ پر مزید کوئی بوجھ ڈال سکیں۔ تو ہمیں اس پہلو سے بھی سوچنا ہوگا تاکہ ہم سندھ کے ان مسائل پر اچھی طرح سے assess کر سکیں۔ ان کا کوئی حل ڈھونڈ سکیں اور مل بیٹھ کر ایک socio-economic package ہم لائیں اور اس سے ہم ملک کے حالات بہتر کر سکیں، تو میری یہ گزارش صرف اتنی ہوگی اس معزز ایوان سے اور آپ کے توسط سے حزب اختلاف کے ہمارے لیڈر صاحبان کو کہ خدارا وہ اپنے ان ذاتی اور جماعتی مفادات سے بالاتر ہو کر ملک کے مفادات کے لئے سوچیں ملک کی بہتری کے لئے سوچیں جمہوری نظام کو مضبوط اور مستحکم بنانے کے لئے کام کریں۔ ان اداروں کو چلتا رہنے دیں۔ خود تنقیدی سے کچھ حاصل نہیں اگر اپنی ایوانوں میں بیٹھ کر اور انہی ایوانوں کو بھلا کہیں گے تو ہم دوسروں کی بھی عزت کریں جمہوریت کے لئے کام کریں اور یہ جو ایک سلسلہ آئینی طور پر ہے ہم اس کو آگے بڑھا سکیں اور ایک ایسی مثال ہم قائم کر سکیں جس کی مثال کو آنے والی نسلیں بھی سامنے رکھ کر آگے بڑھنے کی کوشش کریں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک بڑا اچھا واقع ہے کہ اس وقت نئی جنریشن نے ملک کے بھاگ دوڑ سنبھالی ہوئی ہے قائد ایوان بھی نئی جنریشن سے تعلق رکھتے ہیں قائد اختلاف کا بھی ایک نئی جنریشن سے تعلق ہے۔ تو یہ ایک نئی نسل کے اوپر جو ذمہ داریاں ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ان کو ان ذمہ داریوں کا احساس کرنا چاہیے اور ملک کے عوام کے مفاد میں اپنی تمام تر توانائیاں صرف کریں اور اختلاف کو ختم کریں اور آگے مل جل کر کام کرنے کا عزم کریں تاکہ ہم ایک مثال اس ملک کے سامنے پیش کر سکیں۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

THE CASE OF THE SINDH PROVINCE

On the Subject of Law and Order Situation in Sindh Province the Honourable Member, Mir Hazar Khan Bijarani presented Sindh's case on the 26th May, 1992 as:*

بسم اللہ الرحمن الرحیمO

وزیر برائے دفاعی پیداوار (میر ہزار خان بجارانی)

شکریہ جناب سپیکر آج جس موضوع پر اس معزز ایوان میں بحث کی جارہی ہے یقیناوہ پاکستان کے لئے قوم کے لئے ایک نہایت ہی اہمیت کا حامل موضوع ہے اور خاص طور سے جناب والا ہم سندھ کے باسیوں کے لئے یہ زندگی اور موت کا سوال ہے اس ایوان میں اج یہ بحث خود اس بات کی دلیل ہے کہ سندھ میں حالات خراب ہیں اس حقیقت سے کوئی پاکستانی کوئی سندھ میں رہنے والا یا کسی اور صوبے میں رہنے والا انکار نہیں کر سکتا کہ سندھ کے حالات خراب ہیں آئے دن وہاں kidnappings ہوتی ہیں' Killings ہوتی ہیں ڈکیتیاں ہیں ٹرینوں پر حملے ہوئے ہیں سبوتاژ کی کارروائیاں ہوتی ہیں گیس کی پائپ لائن اڑائی گئی ہیں اور اس طرح کی کئی اور کارروائیاں ہیں جس نے صوبے کے امن اور سکون کو برباد کرر کھا ہے۔

جناب والا : آہستہ آہستہ صوبائی حکومت کی رٹ ختم ہوتی جاری ہے اور ان حالات میں موجودہ حکوت خاموش تماشائی بن کر نہیں بیٹھ سکتی یہ ہماری حکومت کی جرات ہے کہ انہوں نے یہ دلیرانہ فیصلہ کیا ہے حقیقت کو مانا ہے حقیقت سے آنکھیں نہیں چرائیں اور حزب اختلاف میں اس طرف بیٹھے ہوئے ہمارے دوست بھی اس بات کو تسلیم کررہے ہیں کہ سندھ میں امن وامان خراب ہے اور اسے بہتر بنانے کی ضرورت ہے میں سمجھتا ہوں جناب سپیکر کہ اگر ہم نے آج صحیح قدم نہیں اٹھائے ہم نے اگر سندھ کے امن وامان کو

* *National Assembly of Pakistan Vol 2(1-25) pp. 2596-2605.*

گرفت میں کرنے کی کوشش نہیں کی تو پھر شاید اتنی دیر ہو چکی ہوگی کہ نہ صرف ہم بلکہ ہمارے بعد آنے والی حکومتیں بھی سندھ کے مسائل کو نہیں سدھار سکیں گی۔

جناب والا : وقت کی کمی کا مجھے احساس ہے۔ میں بہت اختصار کے ساتھ سندھ کے حالات پر کچھ باتیں کرنا چاہوں گا جو کہ پازیٹو ہوں گی اور جن سے ماحول خراب نہیں ہوگا اور نہ atmosphere چارج ہوگا بلکہ میں کچھ تجاویز بھی پیش کروں گا جن سے حالات بہتر کیے جا سکتے ہیں۔ مجھے یہ بھی فخر ہے کہ میں سندھ کے حالات سے بہت عرصے سے وابستہ رہا ہوں۔ میں نے حالات کو سٹڈی کیا ہے میں وہاں کی پولٹیکل سٹر سملائن کا ایک حصہ رہا ہے جو جیلیں بھی کاٹی ہیں۔ جناب والا! دیکھنا یہ ہے کہ آخر سندھ میں حالات اس نہج تک کیوں پہنچے یوں تو بہت ساری باتیں ہیں لیکن جو چند اہم باتیں ماضی میں ہوئی ان میں سب سے اہم بات جو میں سمجھتا ہوں وہ Over centralization of power ہے فرام دی فیڈریشن اور اس بات کو ہم نے محسوس کیا ہے ماضی میں جتنی حکومتیں آئیں ہیں ان میں بیشتر حصہ جناب والا مارشل لاء کی حکومتیں ہیں اور وہ اپنی من مانایں کرتی رہیں اور سندھ کو اپنی مرضی کے مطابق چلانے کی کوشش کی جس سے سندھ میں احساس محرومی بڑھتا چلا گیا اور جب انتخابات ہوئے اور انتخابات کے نتیجے میں الیکٹڈ حکومتیں اس ایوان تک پہنچیں تو میں معذرت کے ساتھ کہوں گا کہ انہوں نے بھی وہی رویہ اپنائے رکھا جو اس سے پہلے کی الیکٹڈ حکومتوں نے روا رکھا تھا سندھ کو کبھی اس کے جائز حقوق نہیں دیئے گئے سندھ کو وہ پرونشل اٹانومی کبھی نہیں دی گئی جو سندھ کا حق بنتا ہے اور جو آئین کے تحت سندھ کو ملنا چاہیے۔

جناب والا! اس کے علاوہ یہ بھی ایک تاریخی حقیقت ہے کہ چار ملین ایکڑ سندھ کے بیراج کی زمین باہر کے لوگوں کو دی گئی جس سے وہاں کے لوگوں کے احساسات کو ٹھیس پہنچی یہ سب تاریخی حقائق ہیں جنہیں کوئی جھٹلا نہیں سکتا اور جو تاریخ سے منہ پھیرے گا میں سمجھتا ہوں جناب وہ جموریت کے ساتھ نہ اس ملک کے ساتھ اور نہ اس صوبے کے ساتھ انصاف کر رہا ہے ہمیں حقیقتوں کو ماننا پڑے گا اور پھر اس کے پس منظر میں سندھ کے

اس مسئلے کا کوئی حل ڈھونڈنا پڑے گا۔

اس کے بعد جناب ایک اور کاری زخم جو سندھ کے سینے پر لگا وہ ون یونٹ کے لعنت تھی نافذ کی گئی۔ اس سے بھی سندھ کے لوگوں میں جذبات بھڑکے اور ان کے ساتھ مزید زیادتیاں ہوئیں۔ سندھ کی صوبائی زبان جو Provincial language کی حیثیت سے وہاں آفیشلی استعمال ہوتی تھی اس کو بین کیا گیا یہ زبان ہے **جناب والا!** جس میں بر صغیر میں سب سے پہلے قرآن پاک کا ترجمہ کیا گیا۔ یہ تمام ایسی باتیں ہیں جس سے سندھ کے لوگوں کو بہت ٹھیس پہنچی۔

اب بات یہ ہے کہ اس پس منظر میں جہاں تک سندھ کے باقی حقوق کا تعلق ہے، نوکریوں کا تعلق ہے یہ سب میں سمجھتا ہوں کہ اتنی نہیں ہیں جتنی کہ یہ باتیں میں ابھی گنوا چکا ہوں۔ لیکن ان سب کے نتیجے میں وہاں جو ایک فلینگ پیدا ہوئی احساس محرومی کی اس نتیجے میں یہ لاء اینڈ آرڈر خراب ہوا۔ اب یہ ان کی تین کیٹگریز میں آپ سمو سکتے ہیں۔ آپ انہیں پولیٹیکل، ایڈمنسٹریٹو اور اکنامک کیٹگریز میں ڈال کر اگر analyse کریں گے تو ان کا کچھ نہ کچھ حل آپ کے سامنے نکل آئے گا۔

جناب والا! جہاں تک پولیٹیکل معاملات کا تعلق ہے سمجھتا ہوں کہ سب سے اہم اٹانمی کی ہے جس کی گارنٹی 1973ء کے ائین میں دی گئی تھی، اگر وہ اٹانومی Political as well as economic اس کو اگر ہم اپنائیں اور اس پر صحیح طور پر عمل کریں اور سندھ کے لوگوں کو یہ احساس دلائیں کہ کاروبار مملکت میں ان کا بھی حصہ ہے جتنا کہ دوسرے صوبوں کا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ان کے رستے ہوئے زخموں پر مرہم ڈالا جا سکتا ہے۔

جناب والا : میں سمجھتا ہوں کہ جو قدم موجودہ حکومت اٹھانے جا رہی ہے اس کے لئے ایک لازمی جزو یہ ہو گا کہ پہلے پولیٹیکل atmosphere کو وہاں درست کیا جائے اور اس کے لئے لازمی ہے کہ جتنی پولیٹیکل فورسز سندھ کے اندر موجود ہیں پیپلز پارٹی

ایم کیو ایم نیشنلٹ پارٹیز سندھ کی اور اس کے علاوہ کچھ انڈینڈنٹ فورس سندھ کے اندر موجود ہیں ان سب کو ایک ٹیبل کے اوپر بیٹھانے کی ضرورت ہے اور آپس میں بات چیت کے ذریعے تلخیاں دور کر کے سندھ کے زخموں کا سندھ کی اس مصیبت کا کچھ علاج ڈھونڈنا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب تک ہم اس جذبے کے ساتھ سندھ کے مسئلے کا حل نہیں ڈھونڈیں گے جناب والا: وقتی طور پر اقدامات کرنے سے ہمیں دائمی امن سندھ کے اندر حاصل نہیں ہو سکتا اور میں اپیل کرروں گا حزب اختلاف کے دوستوں سے اور قائد حزب اختلاف سے جن کا میں بے حد احترام کرتا ہوں کہ وہ اسی جذبے کے ساتھ پرائم منسٹر نواز شریف صاحب کی اس دعوت کو قبول کریں جو انہوں نے مذاکرات کی دعوت دی ہے سندھ اس وقت سیاسی تاریخ میں بہت اہمیت کا حامل ہے اور ہم سب مل کر ایک بھائی چارے کے جذبے کے تحت اور سپرٹ آف Co-existence کے تحت سندھ کو صحیح سمت میں لے جانا ہے یہ پرائم منسٹر نوز شریف صاحب کا ایک پازیٹو قدم ہے کہ انہوں نے دعوت دی ہے مذاکرات کی اور Across دی ٹیبل بیٹھ کر ہمیں اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے تجاویز نکالنی چاہیں اور پھر سب سندھ کے لوگوں کو سندھ کو پولٹیکل فورسز کو ساتھ لے کر ہم قدم آگے لیں گے تو یقیناً ہمارے اس مسئلے کا حل نکل سکتا ہے اور ہم ڈاکوؤں، بد معاشوں چوروں اور جتنے کریمنل ایلیمنٹس سندھ کے اندر اس وقت کام کر رہے ہیں ان سب کو ہم ختم کر سکتے ہیں یقیناً جتنے محبت وطن پاکستانی بھی ہمارے محبّ وطن شہری ہیں وہ سب یہی چاہتے ہیں کہ ان کے خلاف ایکشن ہو اور وہ ایکشن عدل کی بنیادوں پر ہو میں بڑے وثوق سے اس فلور پہ یہ Categorically کہتا ہوں کہ جناب حکومت کی انٹینشنز بالکل صاف، بالکل کلیئر ہیں کہ جو بھی ایکشن ہو گا وہ عدل کی بنیادوں پر ہو گا وہ کسی ناجائز طور پر تنگ کرنے کے لئے نہیں ہو گا اس کو صرف اور صرف کریمنلز اور Saboteurs کے خلاف یہ قدم اٹھائے جائیں گے اور پھر وہ کریمنلز کا اگر کسی پارٹی سے تعلق ہوتا ہے، کریمنل کریمنل ہے اور اس کے خلاف اگر ایکشن ہو گا میں نہیں سمجھتا کہ اس پر کوئی resistance ہو گی یا کوئی پولٹیکل گروپ اس

کے خلاف کوئی آواز اٹھائے گا، بلکہ سندھ کے لوگ آپ کو پوری سپورٹ دیں گے اور وہ اس بات پر لبیک کہیں گے۔

جناب والا : جہاں تک ایڈ منسٹریٹوایکشن کا تعلق ہے میں نے ابھی تک کہا کہ لاء اینڈ آرڈر درست کرنے کے لئے ہمیں سخت سے سخت اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے اب یہ اقدامات کسی لیگل کور کے تحت اٹھانے ہیں اس کی وضاحت میرے خیال میں ہمارے انٹر منسٹر صاحب' لاء منسٹر صاحب کر چکے ہیں یا کریں گے لیکن جہاں تک اصولی بات کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت ضروری ہے اگر اس وقت ہم نے یہ اقدامات نہیں کیئے تو شاید پھر بہت دیر ہو جائے گی اور پھر ہم سب کو پچھتانا پڑے گا ہم نے صحیح وقت کوئی صحیح قدم نہیں اٹھایا تو مجھے امید ہے کہ جو دوست حزب اختلاف میں بیٹھے ہیں وہ ہماری پوری پوری حمایت کریں گے اور ہمارا اس میں ساتھ دیں گے۔

جناب والا ! میری ایک دو اور تجاویز ہیں اگر آپ مجھے وقت دیں۔ جناب والا! سندھ کی جو ہماری اس وقت فورس ہے اس سے میری مراد پولیس فورس سے ہے کہ اگر ہم اس کی responsibility-fix کر دیں۔ یعنی ایک آفیسر جو اپنے ایک مخصوص دائرے کے اندر کام کرتا ہے اس کی اگر ایک responsibility-fix ہو اے ایس آئی سے ایس پی تک یا ڈی آئی جی تک اور پھر اگر وہ اس میں فیل ہو اور اس کی jurisdiction میں ایک محدود سے زیادہ cirmes undetected ہوں اور اس کے punitive/action لیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ ایک بہت بڑا deterrent قدم ہو گا جس سے ہم پولیس کی efficiency بھی بڑھا سکتے ہیں اور ان سے ہم بہتر طور پر کام بھی لے سکتے ہیں۔

اس کے بعد جناب میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم status quo oriented politics سے ذرا ہٹ کر اقدامات اٹھائیں ہمیں نئے تقاضوں کے مطابق نئے حالات کے تحت کچھ brave action لینے ہوں گے جو status quo سے ہٹ کر ہونگے کیونکہ حالات کا تقاضہ یہ ہے کہ ہمیں سندھ کے اندر

ایک نئے جذبے کے ساتھ ایک نئے ولوے کے ساتھ ایک بھائی چارے کے ماحول میں اس پورے پرابلم کو tackle کرنا ہے۔

جناب والا! سندھ کے لوگ اس وقت خون آنسو رو رہے ہیں سندھ امن چاہتا ہے سندھ سکون چاہتا ہے سندھ کے لوگوں کی اس وقت نیندیں حرام ہیں اور ہم نے اس وقت یہ باتوں باتوں پہ ساری چیزیں ٹال دیں اور ہم نے ایکشن نہ لیا ڈکیتی کو ختم نہ کیا اور کریمنل لوگوں پر ہم نے ہاتھ نہیں ڈالا تو میں سمجھتا ہوں کہ نہ ہمیں تاریخ معاف کرے گی نہ سندھ کے لوگ ہمیں معاف کریں گے اور نہ اپنا ضمیر ہمیں معاف کرے گا۔

میں ان الفاظ کے ساتھ آپ کا بے حد مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع فراہم کیا

جناب ڈپٹی سپیکر! شکریہ۔ خورشید احمد شاہ صاحب اور ان کے بعد مولانا کاظمی صاحب!

جناب خورشید احمد شاہ شکریہ۔ جناب سپیکر! آج جس موضوع پر ہم سب بولنا چاہتے ہیں یہ موضوع پنجاب کا ہے نہ سندھ کا ہے نہ سرحد کا ہے نہ بلوچستان کا ہے میرے خیال میں یہ موضوع پاکستان کا ہے کیونکہ آج جو سندھ میں حالات ہیں جو سندھ میں disturbance ہے جو سندھ کے لوگ پریشان ہیں جو سندھ کے لوگ اپنے آپ کو اکیلا محسوس کر رہے ہیں اس لئے آج ہم اس august ہاؤس میں اس بحث کرنے کے لئے آئے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ہماری قائد حزب اختلاف نے واضح الفاظ میں سندھ کے کیس کو پیش کیا ہے۔

جناب سپیکر! یہ موجودہ حالات جو ہیں کبھی ہم نے یہ سوچا ہے کہ آج جو صوبہ سندھ میں حالات ہیں وہ کیونکہ پیدا ہوئے ہمیں اس بات پر سوچنا پڑے گا ہمیں ہر دباؤ سے اپنے نظریے اپنی ہر سوچ سے بالاتر ہو کر سچائی کے ساتھ ایمانداری کے ساتھ یہ سوچنا پڑے گا کہ سندھ میں جو آج یہ حالات پیدا ہوئے ہیں وہ کیوں ہوئے ہیں جناب سپیکر میں کسی کے اوپر الزام لگاؤں، کہ فلاں دہشت گرد ہیں فلاں ڈاکوں ہیں میری نظر میں سندھ میں

ایسے حالات پیدا کئے جا رہے ہیں کہ سندھ کے لوگ مجبور ہوں کچھ سوچنے کے لئے سندھ کے عوام محب وطن ہیں جن لوگوں نے آج سے 45 سال پہلے پاکستان کے وجود کے لئے ووٹ دیا سب سے پہلے برصغیر میں سندھ کے لوگوں نے اس ملک کے لئے ووٹ دیا۔

آج ہمیں یہ سوچنا پڑے گا کہ آیا اس صوبے کے لوگ کیوں آنسو رو رہے ہیں کیوں پریشان ہیں کیوں احساس محرومی کا شکار ہیں کیا اس صوبے کے خلاف کیا اس ملک کے خلاف کوئی بڑی سازش تو نہیں ہو رہی جناب سپیکر مجھے یہ محسوس ہوتا ہے کہ حکومتی بنچوں کی طرف بیٹھے ہوئے دوست اس کو سنجیدگی کے ساتھ ٹیک اپ نہیں کرتے وہ شاید یہ سمجھتے ہیں کہ اپوزیشن کی طرف سے جو بات آتی ہے وہ شاید حکومت کو پریشان کرنے کے لئے یا حکومت کو عوام کے سامنے یہ ثابت کرنے کے لئے ہوتی ہے کہ حکومت نااہل ہے حقیقت یہ ہے کہ ہم ہمیشہ 18 مہینے سے جب سے ہم اس ایوان میں آئے ہیں سب سے یہ کہتے آئے ہیں جناب سپیکر میری تقاریر آن ریکارڈ ہیں کہ کہ ہم کہتے ہیں کہ خدارا سندھ کے لئے کچھ کرو خدارا اس صوبے کے لئے کرو یہ معصوم لوگوں کی دھرتی ہے' مظلوم لوگوں کی دھرتی ہے' بڑے غریب لوگ یہاں پر بسیرا رکھتے ہیں' ان کے لئے کچھ کرو۔ مگر جب بھی بات آئی' وہاں سے ہمارے دوست اٹھے اور کہا کہ سب ٹھیک ہے کچھ نہیں ہے' امن ہے امان ہے' یہ سب جو ہے یہ پیپلز پارٹی والوں کی پیدا کردہ باتیں ہیں اور آج ہم خود کہتے ہیں کہ حالات خراب ہو چکے ہیں اگر ہم نے ان حالات کو صحیح نہیں کیا تو یہ ملک ٹوٹ جائے گا ہم سب یہ چاہتے ہیں آپ بھی چاہتے ہیں کہ جناب اس ملک کو رہنا ہے' سندھ کے لئے کچھ کرنا پڑے گا۔

جناب میں آپ سے عرض کروں یہاں میرے دوست نے کہا کہ جام صادق کی حکومت میں الزامات لگائے گئے میں یہ کہتا ہوں کہ کیوں نہ الزام لگائیں یہاں تو کہیں کہ جی ایم سید کا فلسفہ نظریہ پاکستان کی مدد دیتا ہے تو پھر تو ہم ماننے کیلئے تیار ہیں کہ ہم غلط ہیں یا تو آپ کہیں کہ جی ایم سید محب وطن واقعی حقیقتاً اگر جی ایم سید محب وطن ہیں تو ہمیں جو بھی الزام لگائیں ہمارا سر خم ہے جناب ہم نے کہا کہ سندھ میں سندھ حکومت ان لوگوں کی مدد

کرتی ہے جو لوگ سندھ کو تورنا چاہتے ہیں جناب سپیکر دو کروڑ روپے دیئے گئے سندھ میں نشتر پارک میں جلسہ جی ایم سیدھ صاحب کی سالگرہ کے لئے وہاں سندھ حکومت کے لوگ گئے تحفے لیکر ہم نے چیخا تو جناب کیا کر رہے ہو خدارا کچھ کرو مگر اس کو جواب کیا ملتا تھا یہ پیپلز پارٹی والے خود غدار ہیں میں نے اس دن بھی کہا کہ آپکو یہ لائن کھینچنی پڑے گی آپ کو سندھ میں یہ بتانا پڑے گا کہ سندھ کو تباہ کرنے والے کون ہیں سندھ کو توڑنا یا سندھ دیش یا ملک کو توڑنے کی سازش کرنے والے کون ہیں؟ یہ کرنا پڑا گا میرے دوست نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے دور میں جھنڈا جلایا گیا مگر کم سے کم آپ ایسی بات مت کرو جو وہاں بیٹھے ہوئے لوگوں کے سر شرم سے جھک جائے کیونکہ پیپلز پارٹی کے دور میں جن لوگوں نے جھنڈا جلایا۔ ان کو گرفتار کیا، جیل میں ڈالا، چھوڑا کس نے، ہم نے نہیں چھوڑا، چھوڑا آپ نے وہ محبِ وطن تھا اور اس کے لئے گلدستے بھیجے گئے۔ ان کو ویل کم کہا گیا اور جب ایم کیو ایم حکومت نے کہا جی ایم سید اور ان کے رفقاء ہیں اور ہمارا حصہ ہیں۔ جناب یہ تاریخی باتیں ہیں یہ مٹ نہیں سکتیں ایسی باتیں آپ کریں جو نہ آپ کو برا لگے اور نہ ہمیں برا لگے ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس صوبے میں امن ہو ہم نہیں چاہتے کہ یہ صوبہ ہمارا ہے جس میں ہم سب رہتے ہیں جس میں اپنی جانوں کی قربانیاں دے کر بھی اس صوبے کو بچائیں گے۔

اور میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ محترم بے نظیر بھٹو صاحبہ اس ملک کی وہ لیڈر ہیں جو پاکستان کی بقاء اور سالمیت کی نشانی ہے اگر خدانخواستہ سازش کے تحت اس کو کسی نے بھی نقصان پہنانے کی کوشش کی تو میں آج ایوان پر یہ بات ریکارڈ کرانا چاہتا ہوں کہ اس دن یہ پاکستان نہیں رہے گا کوئی ایسا پاکستان میں لیڈر نہیں جو پاکستان کی ضمانت ہو، جو چاروں صوبوں کی زنجیر ہو، یہی محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ ہیں۔

جناب میں یہ بات بھی کہوں گا کہ یہ جو ایکشن ہو رہا ہے سندھ میں ایکشن کے لئے ہمیں ایمانداری کے ساتھ ایکشن کرنا پڑے گا ہم نے یہ ایکشن اگر ایمانداری کے ساتھ نہیں کیا اس میں ہم نے یہ دیکھا کہ یہ مخالفت ہے، یہ حکومت کی طرف کا ہے، تو میں یہ سمجھتا

ہوں کہ جو آج حالات ہیں اس سے بھی بدترین حالات ہو جائیں گے ہمیں دیکھنا پڑے گا اس بات پر غور کرنا پڑے گا پاکستان کو biliion ڈالرز کا نقصان ہوا' جاپانیوں کے اغواء سے جو دنیا کے بڑے بڑے ملک پاکستان میں یہ خواہش رکھتے ہیں' یا جاپان کے لوگ صنعت کار خواہش کرتے تھے' یا بزنس مین خواہش رکھتے تھے' کہ پاکستان میں جائیں وہاں انوسٹمنٹ کریں گے اس اغواء سے اس چھوٹی سی بات سے پاکستان کی اکانوی کو کتنا بڑا نقصان ہوا کیا مجھے یقین دلایا جائے گا کہ جو لوگ جن کی انوالومنٹ ہے چائنیز اور جاپانیوں کے اغواء میں ان کو گرفتار کیا جائے گا؟ خدا کی قسم اگر اس کو گرفتار کیا جائے تو اس میں تسلیم کرنے کے لئے تیار ہوں تو آج کے بعد آپ حقیقتاً میں پاکستان کے بقاء اور سالمیت چاہتے ہیں مگر نہیں کریں گے۔

جناب ! میں حکومت کو یہ باتیں بھی بتانا چاہتا ہوں کہ سکھر میں الیکشن کے دوران ایڈ منسٹریشن نے کچھ لوگوں کو گرفتار کیا جن کے اوپر دس' دس لاکھ روپے انعام تھا۔ ڈپٹی کمشنر کو threat دیا گیا' ایس پی کو threat دیا گیا کہ ان لوگوں کو ابھی اس وقت چھوڑا کیوں کہ دو ایم پی اے صاحبان کو ووٹ کے ضرورت تھی مگر ڈپٹی کمشنر نے چھوڑنے سے انکار کر دیا چیف سیکریٹری سندھ جو اس وقت تھے اس نے خود کہا کہ میں نے وزیراعلیٰ سندھ کو کہا کہ جناب یہ کام نہیں کر سکتا۔ کہا کہ اگر آپ نہیں کریں گے تو پھر آپ بھی نہیں رہیں گے۔ ہوا یہ کہ الیکشن کے دن 26 تاریخ کو ڈپٹی کمشنر کو ریلیو کیا گیا۔ میں سمجھتا ہوں وہ آج کل ایڈیشنل سیکرٹری ہیں لاہور میں اگیریکلچرل کے وہ ڈپٹی کمشنر تھے میں بتا رہا ہوں اس کو ٹرانسفر کر دیا ایس ی کو ٹرانسفر کر دیا کیونکہ اس نے کہنا نہیں مانا۔ مگر پھر ان لوگوں کو چھوڑ دیا اس طریقے سے آپ لاء اینڈ آرڈر جو ہیں برقرار رکھنا چاہیں گے۔ اس طریقے سے صوبے کو آپ بچائیں گے۔

میں عرض کروں جناب کہ میرے معزز میرے بزرگ جو زیادہ تر بڑھ چڑھ کر بولتے ہیں اس نے کہا بھٹو صاحب کے اوپر الزام لگایا کہ اس نے کہا کہ میں شراب پیتا ہوں تھوڑی سی پیتا ہوں کسی کا خون نہیں پیتا۔ مگر شہید ذوالفقار علی بھٹو پاکستان نہیں دنیا کا وہ لیڈر

ہے جس نے اسلام کا صحیح معنوں میں پاکستان میں نفاذ کیا شراب کے اوپر اگر پابندی ڈالی تو شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ڈالی مگر آج اسلامی جمہوری اتحاد کی حکومت نے ضد میں سندھ میں کل 13 دوکانیں تھیں شراب کی مگر آج سندھ میں 62 شراب خانے ہیں یہ اس حکومت کے اٹھارہ مہینے میں ہوا یہ ایسی بات ہے جو میں فلور آف دی ہاؤس پر کہتا ہوں اگر جھوٹ بولتا ہوں تو اس کے لئے سزا بھگتنے کیلئے تیار ہوں جناب سپیکر! ہم نے شراب پر پابندی ڈالی' آپ نے شراب کو کھول دیا۔ اب الزام لگاتے ہوئے ذرا اپنے گریبانوں میں تو دیکھیں میں اپنے بزرگوں کو کہوں گا کہ جائیں سندھ میں دیکھیں کہ یہ 62 شراب خانے کھلے ہیں یا نہیں۔

جناب سپیکر! میں ایک اور بات کہوں گا میں نے کل بھی کہا' دکھ سے کہا کہ سندھ میں احساس محرومی ہے یہاں پر کہا گیا کل تقریروں میں ہمارے وزیر خزانہ نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے اپنے دور میں ایک لاکھ آدمیوں کو روزگار دیا اور اتنا روزگار تھا کہ جتنے بھی ڈار ٹمنٹس تھے وہ Collapse ہو گئے مگر دوسری طرف خود اپنے بجٹ میں کہتے ہیں کہ ہم نے آٹھ لاکھ لوگوں کے لئے روزگار رکھا ہے۔ مگر جن لوگوں کو نکالا گیا جناب سپیکر! وہ سندھ کے لوگ ہیں جن کو نکالا گیا سندھ سے ان کی وابستگی ہے۔

QUESTIONS AND ANSWER

On 15th August, 1992 During Questions and Answers on the Subject of "Production of Defence Items" the Honourable Minister for Defence Production, Mir Hazar Khan Bijarani responded as:*

PRRODUCTION OF DEFFENCE ITEMS

242 ☆ Ch. Anwar Ali Cheema: Will the the Minister for/Defence production be pleased to state the steps being taken by the Government to increase the defence production alongwith the plan under consideration to increase the export of Defence Production?

Minister for Defence Production (Mir Hazar Khan Bijarani)

(i) The following measures have bcen taken for enhancing the production of defence items:--

(ii) Over the year. A number of new projects for manufacture of game and ammunition and other defence products have been set-up. Besides, arms and ammunition the Heavy Rebuild Factories which were initially set-up to under

* *National Assembly Mushshak of Pak: Vol.3(1-24), pp.44-45.*

overhaul and rebuild of tanks, are in the process of pogressive manufacture of thanks and APCs. Similarly Pakistan Aeronautical Comp:ex not only under takes overhual and repair of Mirage and Chinese aircrafts it is manufacturing Mushshak light trainer.

(iii) A number of new factories, whithin the POFs for manufacture of Arms and ammunition and other defence equipments are being set-up which would enhance the availability of these items to meet domestic requirements as well as provide exports for international markets. The production effort is supported by an aggres:ive exprot marketing strategy.

(2) The following steps have been/are being taken for increase of the export of locally manfactured defence equipment:-

(i) Participation in specialised international defence-oriented fairs and exhibition.

(ii) Publicity in prestigious defence periodicals/Magazines.

(iii) Brochures and technical leaflets are published

uct. Continous liaision with foreign agencies in markets which have potential for import for Pakistan's defence items.

(iv) Inclusion of visits to Defence Production Establishments in the programme of visiting foreign delegations/VVIPs.

(v) Delegations from DP Division as well as from the Services are sent abroad to apprise the potential buyers of defence capabilities.

(vi) A liaison with potential imports is also maintained through our commercial/Defence attache abroad.

QUESTIONS AND ANSWERS

On the 17th June 1993,the Honourable Member from Sindh, Mir Hazar Khan Bijarani Participated during the Budget Discussion,His views appear:*

میر ہزار خان بجارانی! شکریہ جناب سپیکر : وزیر خزانہ صاحب نے جو یہ بجٹ اس سال دیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس میں غریب اور محنت کش کے لئے ریلیف کم اور تاجر، بزنس مین، انڈسٹریلسٹ ان کے لئے اس میں ریلیف زیادہ ہے بلکہ اگر اسے ایک bridegroom budget کہوں تو میں سمجھتا ہوں کہ میں حق بجانب ہوں گا کیونکہ اس میں جتنی چھوٹیں دی گئی ہیں وہ صرف TVs VCRs Electronic gauges, watches cosmetics perfumes airconditioners, اور کارڈو غیرہ پر دی گئی ہیں۔

{At this stage Mr.speaker vacated the Chair which was occupied by Mr.Naser Muhammad Maidad Khell}

جناب والا! جہاں تک عام آدمی کے مفاد کا تعلق ہے ان mode of trans port buses,coaches اور coasters وغیرہ ہوتے ہیں۔ لیکن عجیب بات ہے کہ ان کے سلسلے میں کسی ڈیوٹی کی چھوٹ کا کوئی ذکر یہاں نہیں کیا گیا اور غریب کو اس طرح سے ٹرانسپورٹ کی سہولت فراہم نہیں کی گئی۔ جہاں تک میرج پارٹیز کا تعلق ہے تو فائیو سٹار ہوٹلز کے اندر میرج پارٹیز پر ایکسائز ڈیوٹی کم کی گئی جہاں کہ امیر لوگ اور دولتمند لوگ اپنی اس دولت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس طرح کی تقریبات منعقد کرتے ہیں لیکن ساتھ ہی ساتھ جو اس سے پہلے ایک چھوٹ ہو کرتی تھی۔ میرج ہالز اور لانز پر جہاں متوسط طبقے کے

---

* *National Assenbly Of Pakistan(Debates)Vol. 3(1-17)pp.148-52.*

لوگ یا salaried people جو ہیں وہ اپنی شادیوں کی تقریبات منعقد کرتے ہیں۔ کیونکہ آج کل کے معاشرے میں جناب والا! فلیٹس کے اندر رہنے والے لوگوں کے پاس اتنی space ہی نہیں ہوتی کہ وہ وہاں پر اپنی میرج تقریبات منعقد کر سکیں۔ تو یہ بڑی حیرانگی کی بات ہے کہ ان لوگوں پر جن پر پہلے سے ہی معاشی بوجھ حد سے زیادہ ہے ان پر ایک اور بوجھ یہ معاشی طور پر ڈال دیا گیا جو ان کے لئے ناقابل برداشت ہوگا۔ جہاں تک پٹرولیم کے پراڈکٹس پر 10% ڈیوٹی کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ صرف پٹرول یا پٹرولیم پراڈکٹس تک بات محدود نہیں رہے گی اس کے بڑے دوررس نتائج ہوں گے' جو ultimately جا کر عام آدمی پر اثر انداز ہوں گے۔ جناب والا! اس کو پھر ڈالر اور rupee کے exchange rate کے ساتھ منسلک کر دیا گیا ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ جب بھی مصنوعات مہنگی ہوں گی اور ان کے مہنگے ہونے سے ہمارے عام آدمی کے کرایوں میں اضافہ ہوگا ان کے اوپر بوجھ میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی ایک غیر حقیقت پسندانہ بات ہے اور عام آدمی پر بوجھ ڈالنے والی بات ہے۔ اس پر دوبارہ سوچ وبچار کیا جانا چاہیے۔ ایسا نہ ہو کہ پھر ہمیں mini budget سپلیمنٹری اور ایمر جنسی بجٹ دوبارہ لانے پڑیں۔ تنخواہ دار طبقے کا جہاں تک تعلق ہے ان کے لئے بھی ایک کمیشن مقرر کر دیا گیا کہ جو ان کی جو pays ہیں وہ دسمبر میں جا کر یہ کمیشن ان کا فیصلہ کرے گا۔ آخر اتنی delay کی ضرورت کیا ہے۔ یہ متوسط طبقے کے لوگ یہ salaried class جو پہلے ہی بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں ضرورت اس بات کی تھی کہ ان کو فوری طور پر ریلیف دیا جاتا اور ان کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جاتا تاکہ وہ اپنی زندگی اچھی طرح سے بسر کر سکیں۔ جناب والا! یہ بحث جو پیش ہوا یہ اثر انداز صحیح طور پر اور effectively تب ہو سکتا ہے جب سیاسی حالات ملک کے اندر درست ہوں۔ یہ بڑی اچھی اور خوش آئند بات تھی کہ وزیراعظم صاحب نے اور اس کے بعد لیڈر آف دی اپوزیشن نے بڑی اچھی باتیں یہاں کیں۔ ایک دوسرے کو یہاں پر بڑے اچھے انداز میں انہوں نے dialogue کی offer کی اور میں سمجھتا ہوں کہ وقت کی ضرورت بھی یہ ہے کہ اپنے جتنے سیاسی مسائل ہیں

ان کو گفت و شنید کے ذریعے بیٹھ کر باہمی افہام و تفہیم سے اگر حل کریں تو یہ ہمارے ملک اور فیڈریشن کے لئے ایک خوش آئند بات ثابت ہو سکتی ہے۔ میں ریکارڈ پر ہوں۔ جناب والا! کہ جب میں treasury benches پر وزیر کی حیثیت میں بیٹھا تھا تو اس وقت بھی جب پیپلز پارٹی کا نام لینے پر ان کا خون کھولتا تھا اور اپوزیشن کو غدار کا یہ لقب دیا کرتے تھے اس وقت بھی بینچز پر بیٹھ کر میں نے گفت و شنید اور افہام تفہیم کی بات کی تھی۔ اور میں نے یہ کہا تھا کہ جب تک اپوزیشن کے ساتھ dialogue نہیں ہوتا' جب تک مسائل کا حل بات چیت کے ذریعے نہیں نکالا جاتا ہمارا یہ مسئلہ حل نہیں ہو سکتا لیکن مجھے خوشی ہوئی ہے کہ آج میرے اس موقف کو تسلیم کرتے ہوئے گورنمنٹ نے اپوزیشن کے ساتھ dialogue کا ایک قدم آگے بڑھایا ہے اور مجھے امید ہے کہ اس سے اچھے نتائج بر آمد ہوں گے۔

جناب والا! اس وقت پاکستان کے ارد گرد جو threat موجود ہے۔ ہمارے بارڈرز پر کشمیر کے اندر ہمیں ان چیزوں کو نہیں بھولنا چاہیے آپ کے نوٹس میں یہ بات ضرور ہو گی کہ اسرائیل کے وزیر خارجہ جب 18 سے 20 مئی تک یہ ہندوستان کے دورے پر گئے تھے تو وہاں کئی چیزیں زیر بحث آئیں اور انہوں نے ایک Indo-Isreal axis بنانے کا ایک منصوبہ بنایا جس سے directly پاکستان اور ہمارا کشمیر cause جو ہے وہ effected ہو گا۔ آپ کو یہ بھی میں بتاتا چلوں کہ اسرائیل اور ہندوستان کے درمیان جو قدریں مشترک ہیں وہ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں۔ جناب والا! دونوں کی پالیسیز مسلمان دشمنی پر مبنی ہیں۔ دونوں علاقائی بالادستی کے عزائم رکھتے ہیں۔ دونوں خود تو جوہری طاقت بننا چاہتے ہیں......

جناب چیرمین : بجارانی صاحب! دو منٹ

جناب ہزار خان بجارانی : سر! ابھی تو میں نے بات شروع کی ہے۔ دو منٹ کیسے؟ تو جناب دونوں کے عزائم توسیع پسندی کے ہیں اور دونوں طاقت کے استعمال میں یقین رکھتے ہیں اور حق خود ارادیت سے دونوں اپنے اپنے علاقوں میں لوگوں کو محروم کر دینا چاہتے ہیں جو کہ یونائیٹڈ نیشنز کی طرف سے ان علاقوں کا حق بنتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ

دونوں یہ چاہتے ہیں کہ جتنے حریت پسند ہیں ان سب کو بنیاد پرست اور دہشت گرد قرار دے کر ان کے خلاف ایکشن لیا جائے۔ تو یہ ایسی قدریں ہیں جو دونوں نے ساتھ مل کر اور اپنی کچھ پالیسیاں بنائی ہیں۔ جناب والا! 6 مئی کو ایک High level meeting سری نگر منعقد ہوئی جس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ وہاں پر پوری جو کشمیر کی valley ہے وہ Indian army occupation کے حوالے کر دی جائے گی اور اس وقت بھی 4 لاکھ 60 ہزار آرمی کے جوان پیرا ملٹری فورسز اور پولیس ویلی میں موجود ہے اور ان کا منصوبہ یہ ہے کہ وہ باقاعدہ وہاں پر ایک نئے سرے سے ایک ایکشن لے کر اور وہاں کشمیری تحریک چل رہی ہے اس کو وہاں پر کچل دیں گے تو اس صورتحال میں ہمارے پاکستانی سیاستدان اور ہمارے سیاسی رہنماؤں کے لئے یہ trial کا موقع ہے اس وقت ہمیں ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم پاکستان کے اندر اندرونی خلفشار کو ختم کریں اور مل بیٹھ کر ہم کوئی ایسی راہ نکالیں جس سے کہ پاکستان بنیادی طور پر مستحکم ہو اور ہم ان مسائل کا اچھی طرح سے مقابلہ کر سکیں۔

جناب والا! یہ جو کمیٹیاں بنی ہیں جن کے ذریعے مزاکرات ہو رہے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ان کا بنیادی جو پروگرام اور بنیادی ایجنڈا ہونا چاہیے وہ نئے سرے سے انتخابات کرنا، electoral reforms کرانا اور اس پر بات چیت کرنا اور کس طرح سے الیکشن conduct ہوں۔ اس پر ساری توجہ مرکوز ہونی چاہیے۔ رہا سوال 8ویں ترمیم کا ہم چاہتے ہیں کہ 8ویں ترمیم میں تبدیلی ہو اور ملک کے مفاد میں 8ویں ترمیم میں تبدیلی آنی چاہیے لیکن یہ نہیں ہونا چاہیے کہ تمام تر اختیارات ایک شخص سے ہٹا کر کسی دوسرے کے حوالے کر دیے جائیں اور بیلنس ایک طرف سے tilt کر کے دوسری طرف کر دیا جائے تو اس سے ہمارا مسئلہ حل نہیں ہو گا میں یہ تجویز دوں گا کہ اس پر اول تو جو نئی حکومت الیکٹ ہو کر آئے اس کا حق بنتا ہے کہ وہ آئین میں ترمیم کرے اور میری یہ تجویز ہو گی کہ ہمیں پاکستان کے اندر بجائے کسی ایک شخص کو یہ اختیارات دینے کے ہمیں ایک نیشنل سیکورٹی کونسل بنانی چاہیے جس کو یہ سارے اختیارات ہم تفویض کریں اور وہی ایک watch dog کا رول ادا کرے

تا کہ اس طرح کی polarization اور اس طرح کا deadlock کبھی ہمارے ملک میں پیدا نہ ہو۔

جہاں تک جناب موجودہ حکومت کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ 90 کے انتخابات میں لوگوں نے آئی جے آئی کو mandate دیا تھا۔ آئی جے آئی کی آج پوزیشن یہ ہے کہ اس کو جو سپریم کونسل تھی وہ ٹوٹ چکی ہے' جماعت اسلامی این پی پی' جے یو آئی' حزب جہاد یہ ساری ان سے علیحدہ ہو چکی ہیں۔ اسی طرح سے ایم کیو ایم علیحدہ ہو چکی ہے' مسلم لیگ جونیجو گروپ دو حصوں میں بٹ چکی ہے۔ تو اس وقت موجودہ جو حکمران ہماری حکومت ہے جناب وہ دو ریجنل پارٹیز پر منحصر ہے ایک اے این پی جس کا تعلق صوبہ سرحد کے کچھ علاقوں سے اور ایک مسلم لیگ نواز شریف گروپ جس کا تعلق پنجاب کے کچھ حصوں سے ہے۔ یہ نیشنل یا وفاقی حکومت نہیں کہلا سکتی۔ اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ ہمیں نئے سرے سے انتخابات کی طرف جانا چاہیے تا کہ جو نئی حکومت آئے صحیح معنوں میں عوام نمائندہ حکومت ہو اور جو ملک کو اور وفاق کو آج خطرات لاحق ہیں ان سب مسائل اور ان خطرات سے اچھی طرح نبرد آزما ہو سکے اور اس کا مقابلہ کر سکے۔ شکریہ۔

"ANTI TERRORISTIC ACT"

On the subject of Anti Terrorist Act" Mir Hazar Khan Bijarani the Honourable Member from Sindh represented his views as: *

میر ہزار خان بجارانی : جناب والا!

یہ ایک حقیقت ہے کہ پاکستان میں ایسے حالات ہیں رونما ہو رہے ہیں (امن و امان کے حوالے سے) کہ ایسے اقدامات ضروری ہیں جن سے عوام کی جان مال اور عزت کی حفاظت ناممکن ہو سکے۔ لیکن میں نہیں یہ کہوں گا کہ یہ معاملات صرف قانون پاس کرنے سے حاصل نہیں ہوتے۔ یہ معاملات تب حل ہوں گے جب آپ کی انتظامیہ اور پولیس درست ہو گی۔ سب سے بڑھ کر جب جرائم کو ختم کرنے کی Will ہو گی۔ اور حق و انصاف اور عدل کے ساتھ آپ قوانین کو نافذ کریں گے۔ آپ ہزاروں بل پاس کر لیں۔ لیکن اگر یہ قانون موجودہ پولیس کے حوالے کیے جائیں گے تو جرائم مذید بڑھیں گے اور حالات بہتر نہیں ہوں گے۔ قانون دو دھاری تلوار ہے، جہاں اس کا صحیح استعمال کر کے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے وہاں اسے Misuse بھی کیا جا سکتا ہے۔ میرا سب سے بڑا اعتراض بل کی شق نمبر 05 پر ہے۔ جس کے 02-subsection کے 1,2,3 میں ایسی Provisions رکھی گئی ہیں، جن کو Law Inforcing Agencies غلط استعمال میں لا کر عوام کی زندگی کو اجیرن کر کے رکھ سکتی ہیں۔ اس کے نتیجے میں تفتیشی افسر پولیس افسر کو کسی شخص پر فائر کرنے کا اختیار حاصل ہو گا یا فائر کرنے کا حکم دینے کا اختیار حاصل ہو گا۔ یہ ایک ننگی تلوار ہے، جو آپ قانون نافذ کرنے والے افسر کے ہاتھ میں دے رہے ہیں کہ وہ جسے چاہے قتل کر دے۔

---

* *National Assembly of Pakistan, August 8th, 1997.*

جب محترمہ بے نظیر بھٹو کی حکومت برطرف کی گئی تھی تو ان پر الزام تھا کہ ان کی حکومت ماورئی عدالت قتل کے ایسے اقدامات میں ملوث تھی۔ کیا آپ اس قانون کے ذریعے اس دور میں جو غلط باتیں ہوئی تھیں ان کو آپ آئینی تحفظ دینے جارہے ہیں' اور آپ پولیس آفسر کو یہ اختیار دینے جارہے ہیں کہ وہ جب چاہیں' جس جگہ چاہیں' وہ کسی شخص کو گولی ماردیں کہ یہ شخص واردات کرنے جارہا تھا لہٰذا ہم نے اسے گولی ماردی۔

یادرکھیں یہ قانون پاکستان میں بہت بڑے پیمانے پر Misuse ہوگیا اور شریف شہریوں کے لئے یہ ایک مزاق بن جائے گا۔ آپ بغیر وارنٹ کے لوگوں کے گھروں میں گھس کر پولیس آفسروں کو عوام کے گرفتار کرنے کا اختیار دے رہے ہیں' مہزب معاشروں میں کبھی ایسے نہیں ہوتا۔ ایک طرف ہم پاکستان کی پچاسویں سالگرہ مناتے جارہے ہیں' ہم پارلمانی روایات کی بات کررہے ہیں' ہم چاہتے ہیں کہ آئین کی بالادستی ہو اور دوسری طرف ہم ایسے قانون پاس کررہے ہیں جن کے مطابق آفسر وارنٹ کے لوگوں کے گھروں میں گھس کر ان کو گرفتار کرلیں۔ ہم سب جانتے ہیں کہ ہماری پولیس شہریوں کے ساتھ کیا سلوک کرتی ہے۔ کسی بھی شخص کے گھر گھس کر' اس کے سر پر کلاشنکوف رکھ کر ناجائز اسلحہ کا کیس بناسکتی ہے' یہ کیسا تحفظ ہے عوام کا؟ میاں صاحب کی حکومت نے ان ماورئی عدالت قتل کو Condemn کیا ہے۔ سندھ حکومت بنانے کے لئے ایم کیو ایم کے ساتھ معاہدہ ہوا تھا۔ اس میں ان لوگوں کو معاوضے دیئے گئے تھے' جو لوگ بے گناہ مارے گئے تھے۔

پنجاب کے وزیر اعلی نے کہا ہے کہ پنجاب کے سارے ایس ایچ او اور ڈی ایس پی تبدیل کریں گے' کیونکہ وہ نااہل اور Law and order Situation کو کنٹرول نہیں کرسکتے۔ کیا آپ اپنی "نااہل" لوگوں کے ہاتھوں قانون کی یہ دودھاری تلوار دینے جارہے ہیں۔ کیا یہ نااہل لوگ آپ کی حکومت کے لئے نیک نامی کا باعث بنیں گے؟ جب تک آپ اپنی مشینری کو بہتر نہیں کرتے' حالات ٹھیک نہیں ہوسکتے۔ مسئلہ سارا عمل درآمد کا ہے' آپ کی پولیس کو کس نے روکا ہے کہ وہ دہشت گردوں کو کنٹرول نہ کرے۔ آپ کے انٹیلی

جنس، اجناس ہیں اپ کے پاس کئی ادارے موجود ہیں، جو معاونت کر سکتے ہیں۔ لیکن یہ ادارے اپنا رول ٹھیک طور ادا نہیں کرتے۔ یہی وجہ ہے کہ موجودہ حکومت ابھی تک دہشت گردوں کو روک نہیں سکی۔

مسئلہ صرف یہ ہے کہ آپ کو Speedy Trial کی ضرورت ہے۔۔۔ موجودہ عدالتی نظام کو بہتر بنایا جا سکتا ہے، اور ہماری جوڈیشری اس سلسلے میں تعاون کے لئے تیار ہے۔ تا کہ لوگوں کو جلدی انصاف مل سکے۔

قانون شہادت میں DSP کو اختیار دیے ہیں کہ ملزم ان کے سامنے اگر اقبال جرم کر لیتا ہے تو اس کو قانونی اقبال بیان سمجھا جائے گا۔ ماضی میں PPP کی حکومت یہ قانون لانا چاہتی تھی۔ اپوزیشن بشمول مسلم لیگ شور مچا رہی تھی کہ کس قسم کا قانون آرہا ہے۔ اب وہی بات آپ دہرا رہے ہیں۔ یہ ساری باتیں تہذیب کی اور قانون کی بالادستی کی نفی کرتی ہیں۔ ہمیں اس پر نظر ثانی کرنا چاہیے۔ مجھے پتہ ہے ہماری ان باتوں کا اثر نہیں ہوگا اور یہ بل پاس ضرور ہوگا۔ لیکن وزیر اعظم سے گزارش ہے کہ جب آپ ملک پر کنٹرول حاصل کر لیں تو آپ اس قانون کو واپس لے لیں تا کہ جب تک آپ کی حکومت ختم ہو جائے تو یہ بل آپ کے گلے میں نہ پڑ جائے۔ شکریہ

BUDGET SESSION

During Budget Session Mir Hazar Khan Bijaraini Presented his Point View as:*

عنوان :۔ بجٹ تقریر

میر ہزار خان بجارانی :

وزیر خزانہ نے جو بجٹ پیش کیا ہے' وہ معروضی حالات کے تحت ایک اچھی کوشش ہے۔ بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا' جو اچھی بات ہے۔ لیکن بجٹ میں کچھ ایسے پہلو ہیں جو قابل توجہ ہیں میں چاہوں گا کہ وہ پہلو' وزیر خزانہ کے علم میں لاؤں۔ بجٹ کے خسارے کو پورا کرنے کے لئے کہا گیا ہے کہ 55 بلین روپے (Internal Borrowing) سے پورے کئے جائیں گے۔

6.2 بلین روپے Taex Reforms سے پورے ہوں گے۔

6.3 بلین روپے PTCL ریونیو سے یہ خسارہ پورا کیا جائے گا۔

یہ یاد رہے کہ Internal Borrowing سے ہمیشہ Inflation ہوتی ہے کیا 55 بلین روپے Internal Borrowing کرنے سے آپ Inflation روکے پائیں گے۔ کیا آپ مذید نوٹ نہ چھاپیں گے ؟ جن سے مذید Inflation ہو گا اور مہنگائی میں مذید اضافہ ہو گا۔ آپ نے کہا ہے کہ 6.2 بلین روپے Tax Reforms سے حاصل ہوں گے وہ ٹیکس Reforms کس طریق کار کے تحت ہوں گے۔ عملدر آمد کون کرے گا۔ کیا یہی CBR یہ کام کرے گا جو رواں مالی سال میں اپنا ہدف بھی پورا نہیں کر سکا۔ ایک طرف آپ CBR کی Powers سلب کر رہے ہیں اور دوسری طرف خود تشخیص نظام کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ اور پھر آپ توقع رکھتے ہیں کہ ٹیکس وصول کرنے والی مشینری آپ کو اتنی رقم مہیا

* *National Assembly of Pakistan, June 17th, 1997.*

کردے گی۔ میں سمجھتا ہوں کہ شاید یہ ٹارگٹ پورا نہ ہو سکے۔
Total Budget کا 45% بنتا ہے۔ یقیناً آپ کہیں گے کہ اس ہدف کو پورا کرنے کے لئے بڑا ذریعہ Privatization ہے۔ کیا یہ بکاری کا عمل آپ کی مرضی اور منشاء کے مطابق ہو گا۔ یہ غیر یقینی بات ہے۔ ضروری نہیں کہ جو یونٹ آپ پرائیویٹائز کرنے جارہے ہیں اس کی مناسب رقم اتنے تھوڑے عرصے میں وصول کر سکیں گے۔ اور اگر ایسا ممکن نہ ہو سکا تو وزیر خزانہ کے پاس اس کے علاوہ کوئی چارہ کار نہیں ہو گا کہ وہ Short term Loans لیں۔ نتیجتاً سخت شرائط پر دوبارہ دستخط کرنا پڑیں گ۔ میں نہیں چاہوں گا کہ ان Issues کو مد نظر رکھا جائے۔ وزیر خزانہ نے Retailer Level پر جنرل سیلز ٹیکس لگانے کی بات کی ہے۔ جب آپ ایسا کریں گے تو بوجھ بالآخر صارف پر جائے گا جو پہلے ہی مہنگائی کے ہاتھوں پریشان ہے۔ دوسری بات یہ کہ آپ کے پاس مشینری ہی نہیں ہے جو آپ کو Retailer سے ٹیکس وصول کر کے دے اس سے مذید Corruption پھیلے گی۔ تاجر اور پرچون فروش کے باہمی کھچاؤ سے بالآخر عوام پریشان ہوں گے۔ بجٹ میں NFC Award کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس NFC Award سے چھوٹے صوبے مطمئن نہیں ہیں۔ یہ نگران حکومت نے عجلت میں دیا تھا۔ اتنا بڑا فیصلہ اس حکومت یک Mandate میں نہیں تھا۔ NFC Awads 1991 کے تحت محاصل کا 80% حصہ صوبوں میں تقسیم ہونا تھا ور 20% حصہ وفاقی حکومت کے حوالے ہونا تھا۔ لیکن موجودہ NFC Awads کے تحت 37.5 فیصد محاصل صوبوں میں تقسیم ہوں گے۔ اور 62.5 فیصد وفاقی حکومت کے پاس چلا جائے گا۔ میں مطالبہ کرتا ہوں کہ اس NFC Awads پر نظر ثانی کی جائے جس سے صوبے مطمئن ہوں۔

جہاں تک زرعی شعبہ کا تعلق ہے ہم سالانہ 80 بلین روپے اشیائے خوردنی کی در آمد پر خرچ کرتے ہیں ہمارا ملک زرعی ملک ہے' ایسے ملک میں کسان کو Boost دینا چاہیے۔ ایسی پالیساں بنائی جایں جس سے پیدوار کا شعبہ Grow کر کے آپ ایک سال میں 30 بلین

روپے کے 40 لاکھ ٹن بیج درآمد کرنے پر خرچ کریں گے۔ کیا ہم اپنے ملک میں بیج نہیں اگا سکتے، کیا ہمارے پاس اتنے وسائل نہیں ہیں۔ میں چاہوں گا کہ اس پالیسی پہ نظر ثانی ہو۔ جب آپ اتنے بڑے پیمانے پر درآمد کریں گے تو Transperancy نہیں ہو گی آپ نے ایک اچھی بات کی ہے کہ گندم میں آپ نے 55 روپے فی 40 کلو گرام کی اضافی رقم Announce کی ہے یہ ایک اچھا Incentive ہے کسان کے لئے لیکن باقی اجناس کے سلسلے میں کیا نیا چاول ایک برآمدی ایٹم ہے اس کے سلسلے میں آپ نے کچھ نہیں کیا۔

اپر سندھ کے پانچ اضلاع میں سب سے بڑا مسلہ سیم اور تھور کا ہے۔ اس علاقے کے لئے ایک بہت پرانی اسکیم RBOD (Right Bank Outfall Drain) بھی، جو ابھی تک معرض وجود میں نہیں آئی۔ اگر یہ سکیم معرض وجود میں آگئی تو جیگ آباد شکارپور، لاڑکانہ اور دادو کے علاقوں میں سیم اور تھور کا بہت بڑا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ مجھے امید ہے کہ وزیر خزانہ، اپنے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں RBOD کے لئے مناسب رقم رکھیں گے۔

زرعی بنک کو ماضی میں جس طرح چلایا (Run) گیا ہے وہ افسوس ناک طریقہ کار ہے۔ اس کو سیاسی یا خیراتی بنک کے طور پر چلایا گیا۔ صرف اپنے حلیفوں کو قرضے دیے گئے اور Genuine Grower تھے ان کو قرضہ نہیں مل سکا۔ زری قرضے کی ح دس لاکھ مقرر کر دی گئی ہے کہ کسی Grower کو دس لاکھ سے زیادہ قرضہ نہیں ملے گا یہ بہت بڑی Discremination ہے جب کہ شیڈولڈ بنکوں میں قرضہ کی حد کوئی Limit نہیں ہے۔ برائے مہربانی بنکوں کو بنک بنا کر چلایئے۔ ماضی میں بنک کے صدر اپنی مرضی کے لوگ بنائے گئے۔ خدارا آپ ایسا نہ کریں۔ اور بنکوں کو Professional طریقے سے چلائیں ہماری دعا ہے کہ ہماری معیشت کی اصلاح ہو اور ہم قرضوں کے بوجھ سے نکل آئیں۔ یہ تبھی ممکن ہے جب امن و مان کی صورت حالات ٹھیک ہو۔ پنجاب کے اندر فرقہ وارانہ فساد روز بروز بڑھ رہے ہیں۔ سندھ کے اندر Ethnic جھگڑے ہو رہے ہیں۔ ہر روز ہوال پر Kidnapping ہو رہی ہے۔ دیہی سندھ میں ڈاکے پڑ رہے ہیں۔

پاکستان میں سوشل سروسز کے تین شعبے اہم ہیں۔ پاکستان کی %75 آبادی بالواسطہ یابلاواسطہ زراعت سے منسلک ہے۔ لیکن زرعی شعبہ کے کے لئے آپ نے Social Sector Development Pogoramme کے لئے جو رقم رکھی گئی ہے وہ محض 0.5 بلین روپے ہے جو کہ ناکافی ہے۔ تعلیم کے شعبے میں 0.9 بلین رکھی ہے لیکن %70 آبادی ناخواندہ ہے اس کو بڑھانے کی ضرورت ہے۔ صحت کے شعبے میں 2.8 بلین روپے رقم رکھی گئی ہے جبکہ %90 آبادی بنیادی صحت کی سہولتوں سے قاصر ہے۔

پاکستان کی ایک مظلوم Class (طبقہ) ملازمین کی ہے۔ ملازمین کی تنخواہوں میں کوئی اضافہ نہیں ہوا۔ وزیراعظم نے پہلی نشری تقریر میں وعدہ کیا تھا کہ گریڈ 16-1 تک کے ملازمین کو تین صد %300 روپے Allowance دیا جائے گا لیکن آج تک سندھ میں ایک بھی ملازم کو یہ الاؤنس نہیں ملا۔

This is a budget of the Priviliged by the Priviliged, for the Priviliged.

THE WAPDA'S PERFORMANCE

On the Subject of the WAPDA's Performance the Honourable Member from Sindh Mir Hazar Khan Bijarani viewed:*

عنوان : واپڈا کی کارکردگی

میر ہزار خان بجارانی :

جناب سپیکر شکریہ :۔

تحریک (Motion) میں یہ بات بتائی گئی ہے کہ واپڈا نے 1994ء سے واجبات (Charging) میں اضافہ کرتا ہے۔

اصولی طور پر چارجنگ میں اضافہ اس وقت کیا جا سکتا ہے جب ادارہ (WAPDA) اپنی سروس اور Efficiency بڑھائے۔ اس کے برعکس حالت یہ ہے کہ ایک طرف آپ بجلی کی فی یونٹ قیمت بڑھا رہے ہیں اور دوسری طرف آپ لوڈ شیڈنگ بڑھا رہے ہیں۔ جیک آباد ایشیا کا گرم ترین علاقہ ہے 'اگر وہاں پر چار گھنٹے تک بجلی نہ ہو تو آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ لوگوں کا کیا حال ہو گا۔

جہاں تک دیہاتی علاقوں کا تعلق ہے وہاں پر واپڈا والے فیڈر بند کر دیتے ہیں۔ اس کی وجہ دریافت کریں تو بتایا جاتا ہے کہ اس فیڈر کی رینج (Range) میں دو ٹیوب ویل کے مالکان نادہندہ (Defaulter) ہیں۔ تعجب کی بات یہ ہے کہ اگر ٹیوب ویل والے نادہندہ ہیں تو اس کی سزا پچاس ٹیوب ویل بند کر دیتے ہیں 'اس کا جواب کون دے گا کہ ایسا کیوں ہوتا ہے ؟

ہمارے دیہات میں مارچ اپریل کے ایام میں چاول کی نرسری اگائی جاتی ہے 'یہ وقت ہوتا ہے جب نہری پانی نہیں ہوتا 'اس وقت پانی کی فراہمی کا واحد ذریعہ ٹیوب ویل

---

* *National Assembly of Pakistan August 19th, 1997*

ہوتے ہیں۔ حیرانی کی بات یہ ہے کہ واپڈا اپنی ایام میں زیادہ تنگ کرتا ہے وہی بات کہ بل واجب الادا ہے۔ فیڈر بند کر کے ایک دو نا ہندوں کی سزا پورے علاقے کو دی جاتی ہے، جو باقاعدگی سے بل ادا کرتے ہیں ان کو بھی ناحق سزا دی جاتی ہے۔ خدارا بہتر پالیسی بنائیں اور Accountability کا نظام قائم کر کے بجلی کے مسلسل فراہمی کو یقینی بنائیں۔

دیہاتی علاقوں میں واپڈا کا عملہ میٹر ریڈنگ کے لیے کے لیے نہیں جاتا، اور دفتر میں بیٹھ کر اندازے سے بل بھیج دیا جاتا ہے۔ ٹیوب ویل تھوڑا چلا تا جائے تو پچاس ہزار اور نہ چلایا جائے تو بھی پچاس ہزار۔ عوام بیزار ہو گئے ہیں اور بجلی کٹوا (Disconnect) کر ڈیزل انجن لگوانے پر مجبور ہو رہے ہیں۔

واپڈا کا عملہ ملی بھگت سے کچھ لوگوں کو چوری کی بجلی فراہم کرتا ہے، جس سے ٹرانسفارمر (overloaded) ہو جاتے ہیں۔ گرمیوں میں جب بجلی کی کھپت بڑھ جاتی ہے تو ٹرانسفارمر پھٹ (blast) جاتے ہیں جب واپڈا والوں سے بات کی جاتی ہے تو واپڈا مطالبہ کرتا ہے کہ عوام ٹرانسفارمر کے پیسے دیں۔ دیہاتی بیچارے اپنے مویشی فروخت کر کے یہ رقم ادا کرتے ہیں۔ یہ سراسر ظلم ہے اس پر فوری توجہ دی جائے۔ میرے خیال میں ایسا کوئی قانون نہیں ہے کہ لوگوں سے اس طرح رقم وصول کی جائے۔ یہ واپڈا کی ذمہ داری ہے کہ وہ ٹرانسفارمر کو مرمت (Repair) کرے اور (Maintain) رکھے۔

واپڈا کا عملہ رشوت لے کر غیر قانونی کنکشن دیتا ہے۔ لائن غیر مناسب حد تک لمبی ہوتی ہے۔ کوئی میٹر نہیں ہوتا۔ کوئی ریڈنگ نہیں ہوتی۔ لوکل لائن مین اس کے صلے میں ناجائز رقم وصول کرتا ہے۔ طوفان اور بارش کے دوران اس طرح کی لائنوں اور کنکشن کی وجہ سے کئی لوگ مرے ہیں۔ کیونکہ زندہ لائین (Live Lines) نیچے گر جاتی ہیں۔ جس سے کئی انسان اور جانور اپنی زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔

لوگ میٹر لگوانے کے لئے درخواست دیتے ہیں۔ واپڈا کا عملہ لیت و لعل (delaying tactics) سے کام لیتا ہے میٹر فراہم نہیں کرتا۔ واپڈا خود غیر قانونی

سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

یہ واپڈا کی ذمہ داری ہے کہ وہ احتساب (check and balance) کا ایسا نظام قائم کرے جس سے غیر قانونی سرگرمیوں کی حوصلہ شکنی ہو۔ اور بجلی کی مسلسل فراہمی یقینی ہو جب خدمات (Services) بہتر اور معیاری ہونگی تو واپڈا اپنے واجبات بڑھانے میں حق بجانب ہو سکتا ہے۔

جناب شکریہ:۔

PRESIDENTIAL ADDRESS

On August 25,1997,The Honourable Parliamentarian from Sindh expressed his Views on the Subject of the Presedential Address as:*

میر ہزار خان بجارانی :

شکریہ جناب چیئرمین!

پانچ ماہ بعد صدر مملکت کے خطاب پر بحث ہو رہی ہے سوال یہ ہے کہ اتنی دیر کیوں ہوئی۔ کیا خطاب اہمیت کا حامل نہیں تھا اور اگر اہم نہیں تھا تو ہاؤس کا وقت ضائع کیوں کیا جارہا ہے۔

صدر کا خطاب اس وقت کے معروضی حالات کے مطابق حکومت کی کارکردگی کا جائزہ لینا ہوتا ہے اور آئندہ کے لئے ہدایات دینا ہوتا ہے۔

صدر نے خطاب میں فرمایا تھا کہ پارلیمنٹ کی بالادستی کے لئے آر ڈی نیس (ordinance) کے اجراپر کم سے کم انحصار کیا جائے۔ قانون سازی پارلیمنٹ میں مکمل بحث کے بعد کی جائے۔ اس کے باوجود حکومت نے چار اہم قانون دونوں ایوانوں سے نہایت عجلت میں پاس کروائے۔

i) احتساب کا قانون

ii) تیرھواں ترمیمی بل

iii) چودھواں ترمیمی بل

iv) اور انسداد دہشت گردی کا بل 1997ء

یہ چاروں اہم بل تھے۔ آپ نے آئین میں ترمیم کی ہے۔ ایک دن کے اندر چاروں بل پاس کردیئے ہیں بغیر بحث کے۔ لیکن یہاں صدر کی تقریر پر بحث کے لئے دو ہفتے سے زیادہ

---

* *National Assembly of Pakistan August 25,1997.*

ٹائم دیا ہے۔ آپ صحیح تناظر میں ترجیحات کیوں مقرر نہیں کرتے۔

احتساب بل پاس ہوا سب کہتے ہیں کہ یک طرفہ بل ہے میڈیا ٹرائل ہو رہا ہے احتساب کمیٹیاں زیادہ بن گئی ہیں۔ غئر منصفانہ طریقے سے احتساب ہو رہا ہے۔

جناب سپیکر!

اس سے ظلم بڑھے گا۔ اس کو check کریں۔

13th ترمیمی بل کے ذریعے صدر مملکت کے اختیارات کم کر دیئے گئے ہیں۔ 14th ترمیمی بل کے ذریعے پارلیمنٹ کو تابع بنالیا گیا ہے۔ انسداد دہشت گردی بل کے ذریعے پولیس کی بالادستی قائم ہو گئی ہے۔ پولیس جسے چاہے اور جب چاہے گولی مار سکتی ہے۔ بغیر وارنٹ کے گرفتار کر سکتی ہے کہیں ایسا تو نہیں کہ ہم جمہوری لبادہ اوڑھ کر آمریت کی طرف جا رہے ہیں۔ یہ ہاؤس (House) ایسے ہی نہیں بیٹھا۔ آپ کا ہم سب کا فرض ہے کہ جمہوریت اور ملک کی بقا کی خاطر ہم اپنا احتساب کریں۔ غور کریں سوچیں جہاں غلط راہ پہ جا رہے ہیں واپسی کا سوچیں۔ کس پولیس کی بات کرتے ہیں۔ میاں شہباز شریف کے بقول پنجاب کے تھانوں کے سربراہ رشوت خور ہیں۔ میاں نواز شریف نے کچھ پولیس اہلکاروں کو خود معطل کیا تھا کیونکہ انہوں نے رشوت لی تھی۔

دہشت گردی کو ضرور کچلیں' یہ ہر پاکستانی کی خواہش ہے' مگر قانون اور انصاف کے تقاضوں کو پامال نہ کریں پیپلز پارٹی نے ماورائے عدالت قتل کرائے اور مسلم لیگ کی حکومت خود عدالت کو قتل کرنے جا رہی ہے ہم ہندوستان پر الزام لگا رہے ہیں کہ اس نے کشمیریوں کا بے گناہ قتل کیا ہے لیکن ہم خود کیا کر رہے ہیں (اپنے ملک کے اندر) کیا ہم اس طرح کشمیر کے کیس کو کمزور نہیں کر رہے۔

میاں صاحب نے کہا کہ وہ Human Rights پہ یقین نہیں رکھتے' کیا پاکستان نے اقوام متحدہ کے چارٹر (انسانی حقوق) پر دستخط نہیں کیئے۔

قائداعظم محمد علی جناح نے بنگال کرائمنر ریگولیشن کی سختی سے مخالفت کی تھی جو کہ

برطانوی حکومت نے دہشت گردوں کی سرگرمیوں کو سختی سے کچلنے کے لئے بنایا تھا۔ قائداعظم نے رولٹ ایکٹ جو کہ انگریزوں نے پریس کی آزادی کو کچلنے کے لئے بنایا تھا) کی مخالفت کی تھی۔ آج مسلم لیگ اسی قائد کی پارٹی ہونے کا دعویٰ کرتی ہے خدارااس قائد کی ہدلیات کی روشنی میں آپ قوانین بنائیں ایسے کام کریں جن سے جمہوریت کو فروغ ملے اور انسانی حقوق کا تحفظ ہو۔

ایک طرف آپ انصاف کو سستا کرنے کی بات کرتے ہیں اور دوسری طرف سپریم کورٹ کی پانچ آسامیوں کو گم کررہے ہیں کہیں ایسا تو نہیں کہ حکومت سپریم کورٹ کے اس اقدام سے خوش نہیں ہے کہ اس نے Law and Order کے سلسلے میں از خود اقدامات کئے تھے۔ آرٹیکل 176 اس بات کا تعین کرتا ہے کہ سپریم کورٹ کے ججوں کی تعداد کا تعین کا اختیار پارلیمنٹ کو ہے۔ اگر پارلیمنٹ سیشن میں نہ ہو تو صدر مملکت اس بات کا تعین کرسکتیں ہیں، لیکن اس بات کا بھی پارلیمنٹ دوبارہ جائزہ لے گی۔ کیا ایمرجنسی تھی کہ سپریم کورٹ کی پانچ آسامیاں ختم کر دی گئیں۔ آئین کے تحت اس مسئلے کا حل کیوں نہیں نکالا گیا۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ آپ اپنی مرضی کے ایڈھاک جج مقرر کرنا چاہتے ہوں اور یہ اس وقت تک ممکن نہیں تھا جب تک یہ آسامیاں ختم نہ کر دی جائیں۔ اس طرح کے اچانک فیصلے کبھی بھی ملک اور جمہوریت کے حق میں نہیں جاسکتے۔ ہمیں اپنی عدالت عظمیٰ کا احترام کرنا چاہیے۔ عدالت عظمیٰ Check and balance کا کردار ادا کرتی ہے۔

ہم گولڈن جوبلی منارہے ہیں ضرور منائیں۔ لیکن اپنا احتساب کریں کہ کیا کھویا کیا پایا۔ مہذب قومیں ماضی کو سامنے رکھ کر مستقبل کی پالیسیاں بناتی ہیں۔ قومی قرض ملکی آمدنی کے 84 فیصد کے برابر ہے ہر پاکستانی 14 ہزار کا مقروض ہے وفاقی آمدنی کے 2/3 حصہ قرض اور سود کی ادائیگی میں خرچ ہو رہا ہے۔ 3 درجن سے زائد کارپوریشن دیوالیہ ہونے کے قریب ہیں پچھلے 6 ماہ میں افراطِ زر میں کوئی کمی واقع نہیں ہوتی۔ اور قوم کو نوید سنائی جارہی ہے کہ I M F ہمیں 1.6 بلین کا قرضہ دینے پہ رضا مند ہو گیا ہے۔ (4 فیصد کے سود پر) 200 ملین کی پہلی قسط تب ملے گی جب پاکستان مزید پانچ شرائط پر دستخط کرے گا۔ کیا مزید

قرضوں کا بوجھ قوم پہ ڈالنا دانشمندی ہے ؟

جناب سپیکر! آپ کے توسط سے اس ہاؤس سے یہ پوچھوں گا

کہ کس چیز کی جوبلی منائی جا رہی ہے ؟

1971ء میں مشرقی پاکستان کی علیحدگی کی ؟

23 سالہ آمریت اور مارشل لاء کی ؟

کیا اس قوم کی دیوالیہ پن کی کہ دنیا میں Corruption میں دوسرے نمبر پر ہے۔

کیا مذہبی جنون کے نتیجے میں انسانوں کا قتل ہونے کی جوبلی منا رہے ہیں ؟

کیا معاشرتی ناہمواریوں اور بے روزگاری کے نظام کی جوبلی منا رہے ہیں ؟

ہیروئن اور کلاشنکوف کلچر کی جوبلی منا رہے ہیں ؟

36 ملین لوگ غربت سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں ؟

50 ملین لوگ پینے کے صاف پانی سے محروم ہیں

66 ملین لوگ مناسب دیکھ بھال اور صحت کے لئے ترس رہے ہیں

89 ملین لوگ بنیادی صحت و صفائی (sanitation) کی سہولتوں سے محروم ہیں۔

2/3 فیصد آبادی اب بھی ناخواندہ ہے۔

گذارش ہے کہ چار بنیادی اصولوں میں ہم اپنی زندگی کا انداز تلاش کریں

(i Rule of Law قانون کی حکمرانی

(ii گڈ گورنس Good Goverance

(iii بہتر معاشی پالیسی

(iv جمہوری اقدار کی پاسبانی

؎ محل کے سامنے اک شور تھا قیامت کا
امیرِ شہر کو اونچا سنائی دیتا تھا

شکریہ جناب:۔

PRESIDENTIAL ADDRES

The Honourable Parliamentarian Mir Hazar Khan Bijarani presented his views on the subjects of the Presidential Address as:*

عنوان : صدر مملکت کا خطاب (23 جنوری 1998)

میر ہزار خان بجارانی : شکریہ جناب والا:-

پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے صدر مملکت کے خطاب کا ابتدائی حصہ احتجاج کی نظر ہو گیا۔ حریف جماعت P P P نے تو احتجاج کیا۔ لیکن حلیف جماعت M Q M نے بھی احتجاج کیا اور A N P نے حکمران جماعت کو چھوڑ دیا۔ یہ مسلم لیگ کی حکومت کے لئے لمحہ فکریہ ہے کہ حلیف بھی احتجاج کر رہے ہیں۔

صدر مملکت نے پہلا نکتہ جو اٹھایا ہے وہ معاشی بحران ہے۔ فرماتے ہیں کہ اس وقت پاکستان کو درپیش سنگین مسئلہ اقتصادی اور مالی بد حالی کا ہے۔ بجٹ کا خسارہ، غیر ملکی قرضوں کا بوجھ، کارخانوں کی بندش، برآمدات اور درآمدت میں عدم توازن صنعتی ترقی کی رفتار میں کمی، بنکاری کے نظام کی تباہی، ٹیکسوں کے مقررہ ہدف کے مطابق وصولی میں ناکامی اور توقع سے کم ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری۔

صدر۔ نے ماضی کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ قومی دولت کی لوٹ کھسوٹ، نج کاری کی سست رفتاری افرادی اور قدرتی وسائل کا ضیاع، نااہل اور جذبہ خدمت کا فقدان۔ ان کی وجہ سے افراطِ زر، بے روزگاری اور عام آدمی پر بوجھ میں اضافہ ہو گا۔ میرے خیال میں صدر مملکت نے حکومت کو چارج شیٹ دیا ہے۔ یہ حکومت کے لئے لمحہ فکریہ ہے۔ اس وقت قومی قرضہ 53 ملین ڈالر کا ہے اس مقابل جو عطیہ قرض اتارو ملک سنوارو سکیم کے تحت ملاوہ محض

---

* *National Assembly of Pakistan Januray 23,1997.*

20 ملین ڈالر تھا۔

صنعت و تجارت کے شعبے کو موجودہ حکومت نے ہر قسم کی سہولت دی۔ ٹرف کو 65% سے کم کر کے 45% کر دیا مشینری وغیرہ پر ٹرف کم کر کے 10% کر دیا گیا لیکن اس کے باوجود معیشت پر بہتری کے کوئی آثار نہیں ہیں۔ بیمار صنعتی یونٹ سات ہزار کے قریب ہیں ۔جو بند چلے آرہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان میں سے ایک بھی کارخانہ دوبارہ چالو نہیں ہوا۔

دو سال پہلے پچھلی حکومت نے تقریباً پانچ سو نادہندگان کے نام شائع کیئے تھے۔ 127 بلین روپے ان کی طرف واجب الادا تھے۔ موجودہ حکومت نے صرف 2.4 بلین روپے وصول کیئے۔

افراط زر بڑھتا جا رہا ہے۔ مہنگائی بڑھتی جا رہی ہے۔ غریب کے اوپر بوجھ بڑھتا جا رہا ہے اور بہتری کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔

سر تاج عزیز صاحب نے مالی وصولی کے سلسلے میں short fall گیارہ بلین روپے بتایا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ short fall 30 بلین ہے۔ حال ہی میں موجودہ حکومت نے IMF کو یقین دلایا ہے کہ بجلی کے ٹرف میں 50% اضافہ کیا جائے گا۔ اور گیس کے ٹرف میں بھی اضافہ کیا جائے گا۔ حالانکہ آپ نے اپنے منشور میں وعدہ کیا تھا کہ بجلی سستی کریں گے۔

آپ کے بڑے بڑے ادارے واپڈا، سٹیل مل، پی آئی اے اور دیگر اسٹیٹ کارپوریشنز سب کے سب مالی خسارے کا شکار ہیں۔ اور ان کو خسارہ سے نکالنے کی کوئی منصوبہ بندی نہیں ہوتی۔

آپ بنکوں اور C B R میں 18-14 لاکھ کے ماہانہ پیکج پر باہر سے لوگ کنٹریکٹ پر رکھ رہے ہیں۔ ان لوگوں کو کون سے سرخاب کے پَر لگے ہوئے ہیں۔ لوگوں کو نوکریاں دینا تو کجا آپ ہزاروں لوگوں کو بے روزگار کر رہے ہیں۔ جب کہ آپ نے اپنے منشور میں کہا تھا کہ ہم پہلے سال پرائیویٹ سیکٹر کے ساتھ مل کر ایک لاکھ آسامیاں پیدا کریں گے۔

صدر نے زرعی شعبہ کا ذکر کیا ہے۔ زرعی شعبہ پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی

ہڈی کی حثیت رکھتا ہے۔(1997)اس وقت اس شعبہ میں Growth Rate 0.7 ہے۔ جب کہ 1996 میں 5.3% تھا۔ کپاس کی پیداوار میں 11.5% کمی واقع ہوئی ہے۔ گنے کی فصل میں 7.5% کمی واقع ہوئی ہے۔ گندم کی فصل میں 1.5% کمی واقع ہوئی ہے۔ صرف چاول ایک ایسی فصل ہے جس میں 8.5% کا اضافہ ہوا ہے۔ زرعی شعبہ کو مناسب توجہ نہیں مل رہی۔ آبپاشی کا نظام ایشیاء کا بہتر نظام ہونے کے باوجود عدم توجہی کا شکار ہے بیراج پرانے ہوگئے ہیں۔ نہریں اٹتی جارہی ہیں۔ کسان کو بیج، کھاد اور ٹریکٹر میں سہولتیں فراہم نہیں کی جارہیں۔ اور نہ ہی ان کو اجناس کا صحیح معاوضہ نہیں دیا جارہا ہے۔ جب آپ کسان کو Incentive نہیں دیں گے تو آپ کا زرعی شعبہ بیٹھ جائے گا۔ اور یہ بات پاکستان کی معیشت کے لئے انتہائی خطرناک کے ثابت ہوسکتی ہے۔

صدر نے ایک مسئلے مردم شماری کی بات کی ہے۔ پاکستان کا ہر شہری چاہتا ہے کہ صاف شفاف مردم شماری ہو۔ اس میں مزید Delay نہیں ہونا چاہیے اس سے ملک کا مستقبل وابستہ ہے۔ چھوٹے صوبوں کے رہنے والوں کا مستقبل وابستہ ہے ہم چاہتے ہیں کہ اس سلسلے میں ہمارے خدشات دور کئے جائیں۔

ہم چاہتے ہیں کہ Census صاف شفاف ہو۔

عدلیہ کی نگرانی ہو۔

اس موقع پر International Human Rights کے نمائندے بلائے جائیں اور دیگر بین الاقوامی اداروں کی نگرانی ہو۔

خواندگی کے کالم میں انگریزی، اردو، عربی کے علاوہ دیگر مقامی زبانوں کا کالم ہونا چاہیے۔

غیر قانونی تارکین وطن کا الگ فارم میں اندراج کر کے جتنا جلد ہو ان کو اپنے اپنے ملکوں کو واپس بھیج دینا چاہیے اس وقت پاکستان میں تقریباً 2.2 ملین افغانی مہاجرین موجود ہیں۔ صرف کراچی میں 3.5 ملین غیر ملکی موجود ہیں جو مردم شماری کے مرحلے کو غیر

متوازن کر سکتے ہیں۔ مزید براں سندھ کے ریگستانی کوہستانی اور دریائی علاقوں میں خصوصی انتظام کیا جائے۔

- اندراج کے حوالے سے ہر گھر کے سربراہ کو فوری طور پر افراد کے اندراج کی رسید موقع پر فراہم کی جائے۔
- اندراج پنسل کی بجائے پن سے کیا جائے۔
- مردم شماری کے نتیجے کا اعلان ضلعی ہیڈ کوارٹر میں ہونا چاہیے۔
- شکایات کے ازالے کے لئے ضلعی مراکز قائم کیے جائیں
- ابتدائی لسٹ کو یونین کونسل سطح پر عوام کے لئے آویزاں کیا جائے۔

حکومت کے پاس اگر کوئی کارکردگی ہے تو وہ صرف ایک موٹروے ہے۔ لیکن اس کے اعداد و شمار بھیانک ہیں۔ اس پر لاگت 33.84 بلین روپے ہے لاہور اسلام آباد موٹروے پر 18 ٹول پلازوں کی یومیہ آمدنی کی توقع 80 لاکھ روپے یومیہ تھی۔ دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ 3 لاکھ روپے سے زیادہ یومیہ آمدنی نہیں ہے اتنا بڑا خسارہ آخر کس طرح وصول کیا جائے گا جہاں ہمیں صحت، تعلیم اور پینے کے پانی کے لئے رقم نہیں ہے۔ وہاں ہم موٹروے پر اتنی بڑی رقم خرچ کر رہے ہیں موجودہ حکومت کی ترجیحات درست نہیں ہیں۔ میں موٹروے بھی ضروری سمجھتا ہوں لیکن پہلے بنیادی ضروریاتِ زندگی ہونی چاہیے۔

Law and order ہمارے لئے ایک تشویشناک پہلو ہے۔ آئے دن بم دھماکے ہو رہے ہیں آخر متعلقہ اداروں کو فعال کیوں نہیں بنایا جا رہا۔ اگر امن عامہ نہیں ہوگا تو سرمایہ کاری نہیں ہوگی۔ سرمایہ کاری آبی پرندوں کی مانند ہوتی ہے۔ آبی پرندہ اسی جھیل پر اترے گا جہاں پانی ہوگا۔ پر سکون ماحول نہیں ہوگا تو پرندہ کسی اور جھیل پر چلا جائے گا۔

صدر صاحب نے آئینی پیکج کی بات کی ہے اچھی بات ہے لیکن آئینی پیکج وہ ہو جس میں آپ کی فیڈریشن کو تقویت ملے۔ ایسی ترمیم کریں جس سے وفاقی اکائیوں کو مضبوط کر سکیں۔ ہم خوش آمدید کہیں گے اگر صوبائی مختاری کی بڑھانے کی بات ہوگی۔

Good Governance Rule of Law.

پارلیمنٹ کی بالادستی اور عدلیہ کی آزادی کی بات ہو گی تو ہم حمایت کریں گے۔

ہم ایسی آئینی ترمیم کی حمایت نہیں کریں گے جس میں وزیر اعظم کے ہاتھ مضبوط کر کرنے کی بات ہو گی۔ ہم نے دیکھا ہے کہ عدلیہ کے ساتھ کیا رویہ رکھا گیا ہے۔ ہندوستان میں BJP نے بابری مسجد کو physically گرایا تو پاکستان میں PML نے اخلاقی طور پر عدلیہ کو Demolish کیا۔

پاکستان میں خواتین کی سیٹوں کی بات ہو رہی ہے۔ ہمیں اس سے اتفاق ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ خواتین کی نمائندگی 33% ہونی چاہئے۔

میرے نزدیک ایک بات جس کا صدر صاحب نے اپنی تقریر میں ذکر نہیں کیا۔ وہ population planning اور population welfare کا تھا۔ آبادی میں اضافے کے سلسلے سے دنیا پریشان ہے۔ پاکستان میں Growth rate 3% ہے جو کہ جنوبی ایشاء میں سب سے زیادہ ہے۔ اگر یہی حال رہا تو ماہرین کے مطابق 2000ء تک ہمارے زرعی رقبہ میں درج ذیل کمی ہو گی۔

گندم :	24%
گنا :	20%
آئل لیڑ :	62%
کپاس :	15%

آپ کو 200ء میں آپکو 5 ملین ٹن سالانہ گدم در آمد کرنا پڑے گی۔

حکومت نے اپنے ایک بااعتماد اور بے ضرر شخص کو صدر بنادیا۔

مرکزی اور تین صوبوں میں PML کی حکومت

مرکز اور پنجاب میں ایک گھر کی حکمرانی ہے اور بھاری mandate ہے

تیرھوں اور چودھوں ترمیم بھی کرلی۔ پارلیمنٹ کی زبان بند بھی کرلی۔

اپوزیشن نہ ہونے کے برابر ہے۔ سیاسی جماعتوں کی طرف سے کوئی مزاحمت نہیں ہے۔ لیکن حالات پھر بھی حکومت کے قابو میں نہیں ہے۔

ہم وہی کاسئہ گدائی لے کر IMF اور ورلڈ بنک کے دروازے' پر کھڑے ہیں۔

؎ اب بوئے گل نہ باد صباء مانگتے ہیں لوگ
وہ حبس ہے کہ لو کی دعا مانگتے ہیں لوگ

بہت شکریہ!

AGRRICULTURE REFORMS

On the subject of the Agricultural Reforms in 1998, Mir Hazar Khan Bijarani spoke in the National Assembly*

عنوان : زرعی اصلاحات

میر ہزار خان بجارانی :
جناب سپیکر شکریہ :

میں سمجھتا ہوں کہ قومی ایجنڈے کے حوالے سے زرعی اصلاحات کے Issue کو اتنی تشہیر دی گئی ہے کہ لوگ واقعی یہ سمجھنے لگے کہ پاکستان میں اس وقت جاگیروں کا وجود موجود ہے جو انگریزوں نے دی تھیں ' وہ واپس لے کر کسانوں میں بانٹ دی جائیں گی۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ قوم کے ساتھ مذاق ہے شہری بابوؤں کو پتہ ہی نہیں ہے کہ جاگیر ہے کیا چیز۔

جاگیر وہ خطہ زمین ہے جو وقت کی حکومت کوئی خطہ زمین کسی کو اس کی خدمات کے عواض الاٹ کرتی ہے اور اس پر کسی قسم کا ٹیکس وغیرہ نہیں لیتی۔ ایسی تمام جاگریں 1958ء میں ایوب خان کے دور میں ختم ہو چکی ہیں آج اگر ہم بیٹھ کر جاگیروں کے حوالے سے بات کریں تو شاید ہم تاریخی حقائق سے بھی ناواقف ہیں

زرعی اصلاحات کو شریعت کورٹ میں چیلنج کیا گیا کورٹ کا ایک فیصلہ ہے اب اگر خود حکومت فیصلے پر عمل نہیں کرتی تو سوچنے کی بات ہے غور کرنے کی بات ہے۔ جب ہم صوبائی کوٹہ سسٹم کی بات کرتے ہیں تو وہاں شریعت کورٹ کا فیصلہ یاد آجاتا ہے کہ کوٹہ سسٹم کی شریعت میں کوئی اجازت نہیں۔ لیکن جب زرعی اصلاحات کی بات آتی ہے تو سانپ سونگھ جاتا ہے وہاں شریعت کورٹ کا فیصلہ بھول جاتا ہے۔

---

* *National Assembly of Pakistan 1998.*

زرعی اصلاحات کا Issue ایک سوچ ہے جو زمینداروں کے خلاف جان بوجھ کر ابھاری جارہی ہے زمیندار اپنے ہاری کو پیداوار کا 1/2 حصہ دیتا ہے کون سا کارخانہ جو ایسا کرتا ہو۔ مل کے مزدور کو شاید 1/10 حصہ بھی نہیں ملتا، لیکن وہاں کوئی پابندی نہیں جتنی چاہو فیکٹریاں لگاؤ۔ میں offer کرتا ہوں کہ میری ساری زمین لے کر مجھے ایک فیکٹری دے دی جائے۔

اگر Sealing لگانی ہے تو پھر Industry پر بھی لگائیں۔ One sided باتوں کا کوئی فائدہ نہیں اس طرح آپ زرعی شعبہ کو Discourage کر رہے ہیں جو کہ پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے آپ غلط اعداد و شمار قوم کے سامنے رکھ رہے ہیں اگر زرعی شعبہ بیٹھ گیا تو ملک کی معیشت کو سنبھالا نہیں مل سکے گا۔

حقیقت پر مبنی پالیسیاں بنائیں غلط پالیسیوں کی وجہ سے پاکستان میں بھیانک نتائج نکلے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ حکومت کچھ سوچے گی اور ان چیزوں سے پرہیز کرے گی۔

VIEWS ON THE CENSUS:

Mir Hazar Khan Bijarani the Honourable Parliamentarian spoke on the subject of Census 1998 as:*

عنوان : مردم شماری 1998ء

جناب عالیٰ! شکریہ :-

یہ ایک اہم اور نازک مسلہ ہے مجھے اپنے علاقے جیکب آباد سے اطلاع ملی ہے کہ فارم کی تقسیم کے حوالے سے Confusion پھیلا ہوا ہے۔ 18 سال سے زائد عمر کے افراد کو تصاویر اور شناختی کارڈ دینے پڑیں گے۔ اگر ٹیکس نمبر ہے تو وہ بھی دینا پڑے گا۔ گریڈ 16 کے افسر سے دو حلف نامے تصدیق کروانا پڑیں گے۔ 18 سال سے کم عمر کے لوگوں کے لئے تاریخ پیدائش اور دوسرے کوائف دینے پڑیں گے۔

جیکب آباد میں خواندگی نہ ہونے کے برابر ہے وہاں کے لوگ یہ چیزیں کہاں سے فراہم کریں گے بزرگوں اور والدین کو 18 سال سے کم عمر کے بچوں کی تاریخ پیدائش یاد نہیں ہوتی۔ ہم لوگ کوئی سالگرہ تھوڑا ہی مناتے ہیں جو تاریخ پیدائش یاد ہو ادھر آپ نے یہ کہا ہے کہ شناختی کارڈ نہیں ہوگا تو فارم نہیں ملے گا۔

مردم شماری کا آغاز کر کے آپ نے آئین کی خلاف ورزی کی ہے آئین کا آرٹیکل 51 یہ وضاحت کرتا ہے کہ قومی اسمبلی کی سیٹیں آخر مردم شماری کے مطابق ہوں گی۔ آپ نے آئینی ترمیم تو کی نہیں آپ کیسے کہ سکتے ہیں کہ ہم اس کو Freeze کر دیں گے۔

1991ء میں میاں صاحب کی حکومت کے دوران ایک ایکسر سائز Conduct ہوئی تھی۔ 1994ء میں بے نظیر صاحبہ کے دور میں ایک ایکسر سائز Conduct ہوئی تھی سندھ

---

* *National Assembly of Pakistan 1998*

کے حوالے سے ان دونوں ایکسر سائزوں میں کوئی تضاد نہیں۔اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان Figures کو غلط کیوں قرار دیا جارہا ہے اب کون سا الٰہ دین کا چراغ آجائے گا جو مکمل اور صحیح اعداد و شمار قوم کے سامنے لائے گا اور وسائل کو اس کے مطابق تقسیم کریں گے۔

بنگلہ دیش جب مشرقی پاکستان تھا' اس میں اس طرح کے حالات ہوتے تھے تو اس وقت کاؤنٹر کرنے کے لئے ون یونٹ اور Parity کی بات کی جاتی تھی لیکن آج کہا جارہا ہے کہ جناب اگر نتائج پر ہمیں شک ہوا تو پھر ہم Figures کو 1981ء کے Figures پر Freeze کر دیں گے۔ ہمیں اس بات پر اعتراض ہے ہاں اگر Parity کرنا ہے تو ہم تیار ہیں (چھوٹے صوبے) سارے وسائل کو چاروں صوبوں پر یکساں تقسیم کریں چاروں صوبوں میں قومی اسمبلی کی سیٹیں یکساں کریں پھر دیکھیں کہ فیڈریشن کس طرح چلتا ہے

1981ء کے حوالے سے freeze کرنے کی جو بات آپ کر رہے ہیں ' اس پر ہمیں اعتراض ہے 1981ء کا Census مارشل لاء کے دور میں ہوا تھا سندھ کی عوام نے اس میں دلچسپی نہیں لی تھی۔ 81ء کے حوالے سے جو اعداد و شمار (Figures) آپ کے پاس آتے ہیں وہ سندھ کے حوالے سے غلط ہیں 1941ء میں Prepartition جو مردم شماری ہوئی تھی اس میں مقامی سندھیوں کا تناسب 97.7% تھا۔1940ء میں پاکستان کے حوالے سے جو قرارداد پاس ہوئی تھی اس میں کہا گیا تھا کہ مملکت میں مقامی قومیتوں کے حق حکمرانی کو محفوظ کیا جائے گا۔

سندھ کے ساتھ پچھلے پچاس برسوں میں بہت زیادتی ہوئی ہے۔ 1941ء میں مقامی آبادی کا تناسب 97.7 فیصد تھا۔ 1951ء میں 88% تھا۔ 1961ء میں 78% تھا۔ آتے آتے 1981ء میں 52% پر آپ نے لاکر کھڑا کر دیا۔ اب اس بات کی کیا ضمانت ہے کہ جو آپ مردم شماری کرنے جارہے ہیں اس میں سندھ کے مقامی لوگوں کو ان کے اپنے ہی صوبے میں اقلیت کر کے نہ دکھادیں یہ کون سا انصاف ہے جو آپ سندھ کے لوگوں کے

ساتھ کرنے جارہے ہیں۔

آپ Population Growth کی بات کرتے ہیں۔ 1981ء کی مردم شماری کے مطابق یہ 3.21% ہے۔

سالانہ آبادی میں اضافے کے تناسب درج ذیل ہیں۔

پنجاب :۔	%2.25
سندھ :۔	%3.56
سرحد :۔	%3.32
بلوچستان :۔	%7.06
فاٹا :۔	%1.46

اس حساب سے بھی سندھ کی آبادی کا Growth rate پنجاب سے زیادہ ہے۔

کیوں شک ہے آپ کو 1981ء اور 1994ء کے Figures پر۔Rate

آپ کے اعداد شمار کے مطابق Female Fertility پنجاب کا 3% ہے۔ سندھ کا 3.4% ہے۔ پنجاب کے لوگ روزگار کے حصول کے لئے بیرون ملک جاتے ہیں' جب کہ سندھ کے لوگ نہیں جاتے' بلکہ باہر کے لوگ سندھ میں آکر آباد ہوتے ہیں۔ یہ سارے عناصر (Factors) میں۔ جنہوں نے سندھ کی آبادی میں اضافہ کیا ہے۔

ایک محتاط انداز کے مطابق سندھ کے اندر 35 لاکھ لوگ (غیر ملکی) آباد ہیں جو کہ کراچی میں زیادہ ہیں۔ پاکستان کے مختلف صوبوں میں غیر ملکی باشندوں کا تناسب درج ذیل ہے۔

پنجاب :	%5.2
سندھ :	%13.9
صوبہ سرحد :	%5.8
بلوچستان :	%44.3

آبادی کے تناسب میں یہ تبدیلیاں آتی ہیں۔ان تبدیلیوں نے سندھ کی آبادی کو بڑھایا ہے۔ اور ان حقائق سے آپ انکار نہیں کر سکتے۔ سندھ کی آبادی کی نشو ونما 1951ء تا 1961ء ان دس سالوں میں Growth38% ہوئی ہے۔

1961ء تا 1972ء کے Census کے دوران 69% Growth ہوئی ہے۔

1981ء کے مطابق کم ہو کر 34% ہو گئی۔اس بات سے آپ اندازہ لگایئے کہ یہ کیا ہے ؟ آپ جو 1981ء کے Date Base کی بات کر رہے ہیں وہ سندھ کے ساتھ بڑی نا انصافی ہے۔

جناب اصل بات یہ ہے کہ عوام کے ذہنوں میں خدشات ہیں۔ ہم نہیں چاہتے کہ لوگوں کے ذہنوں میں فیڈریشن کے حوالے سے خدشات ہوں جس سے آگے چل کر ہم اس فیڈریشن کو ٹھیک طور پر چلا نہ سکیں۔ جناب سب کے ساتھ انصاف کیجئے۔ ہر صوبہ مطمئن ہونا چاہیئے اور ہر علاقے کے لوگوں کا مطمئن ہونا ضروری ہے۔

شکریہ جناب!

DISCUSSION ON THE DECLARATION OF EMERGENCY

In 1998 on the Floor of the August House Mir Hazar Khan Bijarani, Represented his views on the subject of Emergency:*

میر ہزار خان بجارانی!

شکریہ جناب اسپیکر:

11 اور 13 مئی 1998ء کو ہندوستان نے جو ایٹمی دھماکے کیے ان سے جنوبی ایشا میں طاقت کا توازن بگڑ گیا۔ اور ہندوستان اپنی بالادستی قائم کرنے کے حوالے سے ایک قدم آگے بڑھا۔ حکومت پاکستان کا فرض تھا کہ پارلیمنٹ کا فوری اجلاس طلب کرتی اور ممبران سے مشورہ طلب کرتی۔ نہ صرف پارلیمنٹ سے بلکہ براہ راست عوام سے رابطہ قائم کر کے ان کے رائے معلوم کرتی کہ ان مشوروں کی روشنی میں اپنی پالیسی ترتیب دیتے کہ ہم کس طرح ہندوستان کو جواب دیں۔ پاکستان کی تمام سیاسی جماعتوں نے ماسوائے چند جماعتوں کے، تمام مذہبی جماعتوں نے، ہر مکتبہ خیال نے، ہر مکتبہ فکر نے اور خصوصاً پاکستانی عوم نے یہ مشورہ دیا کہ ہمیں بھی دھماکہ کرنا چاہیے تاکہ جنوبی ایشاء میں طاقت کا توازن برقرار رہ سکے اور ہم اپنی آزادی برقرار رکھ سکیں۔ یقیناً ان باتوں سے حکومت کا حوصلہ بڑھا۔ 28 مئی کو پھر حکومت پاکستان نے فیصلہ کیا کہ ہم بھی ایٹمی دھماکہ کریں گے۔ یقیناً یہ قابل تعریف بات ہے۔ پاکستان کو ایٹمی دھماکہ کرنا چاہیے تھا۔ میں یہ بھی کہوں گا کہ اس کا بجا طور پر کریڈٹ موجودہ حکومت کو جاتا ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے، اس سے کسی کو انکار نہیں، لیکن اس کے ساتھ ساتھ ماضی کی حکومتوں کا کریڈٹ بھی شامل ہے ہمارے بہت سارے سائنس دانوں اور بہت سارے دوسرے کام کرنے والوں کا کریڈٹ شامل ہے۔ ایسے موقع پر ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ ایٹمی پروگرام کے بانی ذوالفقار علی بھٹو کو اگر ہم بھلائیں گے تو یہ بہت بڑی تاریخی بددیانتی ہو

---

* *National Assembly of Pakistan 1998.*

گی۔ حقائق اپنی جگہ مود ہوتے ہیں۔ آپ تاریخ کو نہیں جھٹلا سکتے ہیں۔ جو قومیں اپنے محسنوں کو بھلا دیتی ہیں تو مورخ کا قلم ان قوموں کو معاف نہیں کرتا۔ ہمیں حقائق سے آنکھیں نہیں چرانا چاہئیں۔ جس کا جو کریڈٹ بنتا ہے وہ ہمیں اس کو دینا چاہیے۔

ایٹمی دھماکے سے پاکستانی کے اندر خوشی کی فضا قائم ہوئی۔ پوری قوم نے سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح اس حکومت کا ساتھ دیا۔ لوگوں نے اپنے اختلاف بھلا دیے۔ پاکستان کی سیاسی جماعتوں نے حمایت کا اعلان کیا کہ ملکی سلامتی کے حوالے سے ہم حکومت کے ساتھ ہیں۔ اور پاکستان کا عملی مظاہرہ بھی ہوا۔

28 مئی کو جو آرڈی ننس جاری ہوا وہ قوم کو شاید اس بات کا صلہ دیا کہ انہوں نے حکومت کو کیوں سپورٹ کیا۔ حکومت نے ان کی سپورٹ کے نتیجے میں ان کے بنیادی حقوق غصب کر لئے۔

میاں صاحب نے کہا:-

"قوم ایک بڑے بحران میں کامیابی سے ہمکنار ہو چکی ہے۔ 28 مئی کو ایٹمی انقلاب نے سب کچھ بدل ڈالا۔ میدانوں اور ایوانوں کے فاصلے کمٹ گئے۔ یکجہتی اور یکسوئی کی نعمت نے ان کو ایک کر دیا۔ تاریخ پر گہری نظر رکھنے والے مسفکرین نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ پاکستان حقیقی آزادی کا سورج 28 مئی کو طلوع ہوا ہے۔"

یہ ہے حقیقی آزادی کا سورج جو 29 مئی کو طلوع ہوا کہ 14 کروڑ عوام کے حقوق غصب کر لئے۔ کہاں کا انصاف ہے؟

یہ تو 14 کروڑ عوام کو سزا دی گئی ہے ایمرجنسی نافذ کر کے۔

ہندوستان نے دھماکے کیے وہ کہتا ہے کہ ہمیں خطرہ ہے چین سے 'پاکستان سے' لیکن انہوں نے عوام کے نبیادی حقوق معطل نہیں کیے۔

ایمرجنسی کے نفاذ کے پیچھے عزائم کچھ اور معلوم ہوتے ہیں۔ آرڈی نینس میں کہا گیا ہے کہ Grave Emergeney موجود ہے۔ آج تک ہمیں نہیں بتایا گیا کہ وہ

Grave Emergency کیا تھی کہ اس سے پاکستان کی سلامتی کو بیرونی جارحیت سے خطرہ تھا۔ اس بات پر نہ تو عوام کو اعتماد میں لیا گیا اور نہ ہی پارلیمنٹ کو۔ آرڈی ننس میں سب سے مضحکہ خیز بات یہ ہے کہ کہا گیا ہے کہ اندورنی گڑھ بڑ کے مسائل تھے جن کو صوبائی حکومتیں کنٹرول کرنے میں ناکام رہیں۔ میں پوچھتا ہوں کہ وہ کون سے Internal Disturbances تھے۔ جو صوبائی حکومتیں کنٹول کرنے میں ناکام رہیں۔ اس آرڈی ننس کی Language پر غور کریں تو بد دیانتی واضح ہے۔ اگر یہ بات ہے تو کیا ضرورت ہے ایسی نااہل صوبائی حکومتوں کو قائم رکھنے کی۔

یہ ایمرجنسی آپ نے کسی دشمن کے خلاف نہیں لگائی' بلکہ یہ عوام کے خلاف کاروائی ہے۔

میاں صاحب کہتے ہیں:۔

"دھماکوں سے دو ملکوں کے درمیان توازن قائم ہو گیا" بالکل ٹھیک ہے۔ اگر یہ توازن قائم ہو گیا ہے تو پھر کیا ضرورت پڑی ہے کہ آپ اپنے عوام کے بنیادی حقوق معطل کر دیں۔

دراصل Financial Issue کی بات ہے Flight of Capital کی روشنی میں 232 کا آرٹیکل بد نیتی سے استعمال کیا گیا۔

ابھی امن معزز ایوان کے اندر کے دوستوں نے نشاندہی کی ہے کہ کس طرح اس رات کو Capital flight ہوا ہے اس طرح لوگوں نے Back dates سے ڈرافٹ اور ٹریولرز چیک دے کر ڈالر نکلوائے اور باہر کے بنکوں میں بجھوا دیئے۔ یہ لوگ یقیناً Near and Dear ہوں گے جن کو پتہ ہو گا کہ کل کیا ہونے والا ہے میرے علم میں یہ بات آئی ہے کہ اسٹیٹ بنک آف پاکستان کے انسپکٹروں نے ایک ایجنسی کی رپورٹ پر کچھ بنکوں پر چھاپے مارے اور کچھ کو Red handed پکڑا جو Transaction میں مصروف تھے کیوں نہیں حقائق عوام کے سامنے لائے گئے ان لوگوں کے نام کیوں نہیں بتائے گے جو پکڑے

گئے تھے اور وہ ہاتھ جوان لوگوں کے پیچھے ہیں اگر ایسی مصیبت آئی تھی تو اس کے لئے آپ آرٹیکل 235 کا استعمال کرتے اگر آپ نے Financial Emergency لگانا تھی تو آپ 235 کا سہارا لیتے یہ کہاں کا انصاف ہے کہ ان چند سو لوگوں کی وجہ سے آپ 14 کروڑ عوام کے حقوق سلب کر رہے ہیں یہ کیسا معاشرہ ہے ؟ یہ کیسی جمہوریت ہے پاکستان کے اندر۔

میاں نواز شریف نے کہا کہ 28 مئی کو ہمیں ایمر جنسی کے نفاذ کا اعلان کرنا پڑا کیونکہ ملکی سلامتی کا تقاضا تھا کہ ہم ہر سطح کی احتیاطی تدابیر کرتے۔ میرا سوال یہ ہے کہ کیا یہی احتیاطی تدابیر تھیں کہ آپ نے چودہ کروڑ عوام کے حقوق سلب کر لیئے۔

یہ احتیاطی تدابیر نہیں تھیں ہم حالت جنگ میں نہیں کوئی انقلاب نہیں آرہا تھا کہ عوام کو کنٹرول کرنا مشکل تھا۔ بلکہ یہ باتیں نشاندہی کرتی ہیں کہ ایمر جنسی کے نفاذ کا اقدام بدنیتی پر مبنی ہے اور عزائم اس کے پیچھے کچھ اور ہیں۔

میاں صاحب نے سادگی اور کفایت شعاری کی بات کی اچھی بات ہے لیکن سیکٹریٹ شفٹ کرنے سے پہلے ایک بلڈنگ پر خرچ کیا پھر اس کے شفٹ ہونے پر اور پھر Settle ہونے پر ایک خرچہ پہلے کیا تھا اور پھر خرچ پہ خرچ کر ڈالا اس سے عوام بے وقوف نہیں ہوں گے۔ اگر شریف خاندان 900 کروڑ روپے جو واجب الادا ہے واپس کر دے تو پھر ہم کہیں گے کہ آپ نے سادگی اور کفایت شعاری کی بات پہ عمل کیا آپ کی کابینہ میں 70 سے زیادہ لوگ وزیر اور وزیروں ایسی سہولتوں کو Avail کر رہے ہیں آپ ان میں کمی کریں یہ کس بات کی تنخواہ لے رہے ہیں اگر خالی کرنا ہے تو وزیر اعظم ہاؤس خالی کریں اور ایم این اے ہوسٹل میں جا کر بیٹھیں خالی کرنا ہے تو ایوان صدر خالی کریں۔

ایک ہزار سے زائد ایکڑ پر رائے ونڈ میں وزیر اعظم نے گھر بنایا ہے یہ تبلیغی جماعت والوں کے حوالے کریں کہ وہ اپنا سالانہ اجتماع یہاں کیا کریں۔

اس House کے کھاتے پیتے لوگ ہمیں سبق دیتے ہیں کہ ہم بھی گھاس کھائیں گے اور عوام بھی گھاس کھائیں گے اور پاکستان کو چلائیں گے آپ کو اندازہ نہیں کہ پاکستان

کے لوگوں کا کیا حال ہے ایک مزدور روزانہ اجرت 150 روپے کماتا ہے اس سے وہ اپنے بچوں، والدین کا خرچہ چلاتا ہے اس سے زیادہ غربت کیا ہوگی۔ بھائی عوام تو پہلے ہی گھاس کھا رہے ہیں۔

آپ نے خود انحصاری فنڈ قائم کیا ہے کون لوگ آپ کو پیسے دیں گے۔ آپ پہلے قرض اتارو ملک سنوارو کے فنڈ کا قوم کو حساب تو دیں قرض اتارنے کی بات کی تھی۔ آپ اس میں کہاں تک کامیاب ہوئے ہیں سنا ہے کہ کچھ قرضے Re schedule ہوئے ہیں

قومی ایجنڈا کی بات کرتے ہیں اچھی بات ہے ہم تعاون کریں گے لیکن قومی ایجنڈا وہ ہو جس میں Rule of Law ہو جس میں Good Governance ہو۔ جس میں پارلیمنٹ کی بالادستی ہو، جس میں صوبائی خود مختاری ہو۔ جس میں Power sharing ہو جس میں عدلیہ کی آزادی کی بات ہو تو اس کے لئے ہم تعاون کے لئے تیار ہیں۔ لیکن شخصی آمریت اور ایک شخص کے ہاتھ میں اختیارات دینے کے لئے تیار نہیں ہیں یہ جمہوریت کے دعوے دار اور بھاری مینڈیٹ کے دعوے دار آج فاشسٹوں کی پیروی کرتے ہوئے پاکستانی عوام کے حقوق غصب کر رہے ہیں۔

ہم اس کی کبھی اجازات نہیں دیں گے۔

بہت بہت شکریہ!

ACCOUNTABILITY BILL AND ITS OUTCOME

On the subject of the Accountability and An Accountabality Bill the Honourable Parliamentarian Mir Hazar Khan Bijarani presented his Views.*

میر ہزار خان بجارانی

جناب سپیکر : میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لوں گا۔ مجھے احساس ہے کہ حکمران پارٹی بڑی جلدی میں ہے کہ یہ بل پاس ہو۔ احتساب اچھی بات ہے اس پر پورے ملک میں کسی کو اعتراض نہیں ہو سکتا۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ جو بھی آپ ادارہ بنائیں اس کی credibility ہو۔ جو لوگ احتساب کریں ان کا اپنا دامن صاف ہو ان کا reputation ایسا ہو کہ لوگ کہیں کہ یہ محتسب کسی بھی چھینکی میں نہیں جائیں گے۔ بلکہ صحیح معنوں میں احتساب کریں گے یہ عالمی سطح مانا ہوا concept ہے جو انصاف اور احتساب کیلئے پوری دنیا میں مانا جاتا ہے۔

ہمارے ملک میں احتساب شروع ہوا تو لوگوں نے خوش آمدید کہا۔ لوگوں کا خیال تھا کہ جن لوگوں نے ملک کو لوٹا اور جنہوں نے ملک کو آج اس سطح پر لا کھڑا کیا ہے ان سب لوگوں کے خلاف action ہو گا۔ لیکن بد قسمتی سے جو بات سامنے آتی ہے یک طرفہ کارروائی ہے۔ مسلم لیگ کے دوست بتائیں کہ اٹھارہ ماہ میں انہوں نے اپنے کتنے لوگوں کے خلاف کارروائی کی۔ اسفندیار ولی نے اچھی بات کہی ہے کہ کسی پارٹی میں اچھے لوگ بھی ہوتے ہیں اور برے لوگ بھی اگر برائی صرف اپوزیشن میں ان کو نظر آتی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ حکمران پارٹی کی آنکھوں پر پٹی بندھی ہے۔ اچھے لوگ اس طرف بھی ہوں گے اور

---

* *National Assembly of Pakistan, 1998.*

اس طرف بھی اس طرح بڑے لوگ اس طرف بھی ہونگے اور اس طرف بھی۔ اگر احتساب کرنا ہے تو پھر سب کا کریں۔ اگر احتساب اسی طرح کرنے ہے جس طرح حکومت کرنے جا رہی ہے تو یہ احتساب نہیں ہوگا یہ victimizing بن جاتی ہے جس کا کوئی جواز نہیں۔ جو پارٹی اقتدار میں آئے وہ اپنے مخالفین کو کچلنے کی کوشش کرے۔ ان کے خلاف جھوٹے سچے مقدمے بنائے اور وعدہ معاف گواہ بنا کر اپنے عزائم کی تکمیل کرے۔

احتساب بل سے میرے ذہن میں یہ بات آتی ہے کہ چیف احتساب کمشنر کے اختیارات ختم کر کے ایک ایسے شخص کو اختیارات دئے جارہے ہیں۔ جس کی سوچ آزادانہ نہیں ہے۔ سیاسی وابستگی ہے۔

آپ سیل سے احتساب بیورو بنانے جارہے ہیں بظاہر تو اس میں کوئی برائی نظر نہیں آتی لیکن اس کے پیچھے اگر ہم جائیں تو بات نظر آتی ہے کہ آپ ایک خود مختار ادارہ بنانے جا رہے ہیں اور اس ادارے کے اختیارات اتنے بڑھانے جارہے ہیں کہ اس کے اشارے Approval کے بغیر چیف احتساب کمشنر کوئی action کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہوگا۔

اگر تفتیشی investigation کے سارے اختیارات ایک ایسے شخص کے حوالے کریں گے جو ایک سیاسی جماعت کا ممبر ہے پارلیمنٹ کا ممبر ہے وہ سیاسی دباؤ سے بالا ہو کر کسی طرح انصاف کر سکے گا۔ پاکستان میں لوگوں نے احتساب کو مذاق سمجھ لیا ہے ایسے طریق کار سے احتساب کیا جارہا ہے کہ وہ لوگ جو حکومت میں نہیں ہیں بس وہی Curuption کے ذمے دار ہیں۔ اور حکومت کے benches میں کوئی Currruption نہیں ہے۔ اس طرح نہ تو آپ ملک کی خدمت کریں گے اور نہ انصاف کا تقاضا پورا کر سکیں گے۔

وزیر اعظم ہاؤس کے اندر ایک سیل ہے اس سیل کو پولیس افسر کے تفتیشی اختیارات حاصل ہیں جب چاہیں اور جسے چاہیں گرفتار کر سکتے ہیں اب اس کو بیورو کی شکل دے کر خود مختار ادارہ بنایا جارہا ہے جس سے چیف احتساب کمشنر کے اختیارات سلب کر کے ان

کے حوالے کئے جارہے ہیں یہ توپاکستان میں ایک طرح سے victimization کادروازہ کھول دیا ہے۔ایک طرف بنیادی حقوق معطل ہیں ملک میں ایمر جنسی لگی ہوئی ہے عدالتوں کے دروازے بند ہیں جس کو چاہیں سزا دے سکتے ہیں اب تواس بل کے پاس ہونے کی صورت میں ہم چیف احتساب کمشنر کے دروازے پر بھی نہیں جا سکتے کسی کے خلاف اگر کارروائی ہو گی تو وہ عدل کادروازہ نہیں کھٹکھٹا سکتا۔

جب عدل کے دروازے بند ہوتے ہیں تو پھر انقلاب کے دروازے کھلتے ہیں خدا کے واسطے اس طرح کے قوانین ملک میں نہ لائیے۔لوگوں میں پہلے ہی frustration ہے لوگ پہلے سے بیزار ہیں مہنگائی نے ناک میں دم کیا ہوا ہے۔اوپر سے آپ یہ احتساب بیورو کی مصیبت کھڑی کرنے جارہے ہیں پہلے ایجنسیاں کیا کم ہیں تفتیش پہلے بھی ہوتی ہے یہاں تو ایسے ہے جیسے آپ مسلم لیگ کاایک بیورو بنانے جارہے ہیں جسے آپ خدمت کمیٹیوں کی شکل میں مسلم لیگ کی بی ٹیم بنادی ہے ان خدمت کمیٹیوں نے عوام کے اندر مصیبت کھڑی کی ہوئی ہے اس طرح سے آپ لوگوں کے لئے ایک حبس کا سماں پیدا کرنے جارہے ہیں لوگ اس بل کواس شکل میں قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔

ایسے قوانین بنائیں جو ملک کی ترقی اور خوشحالی کاباعث ہوں۔یہ بل سینٹ کے بھی پاس نہیں ہو گا کیونکہ آپ کے پاس وہاں اکثریت نہیں ہے تو پھر آپ قومی اسمبلی کو کیوں خراب کررہے ہیں۔

بہت بہت شکریہ جناب!

FOREIGN POLICY OF PAKISTAN

On September 2nd 1998, Mir Hazar Khan Bijaranī Presented his Views on the Foreign Policy *

میر ہزار خان بجارانی: شکریہ!

کسی بھی ملک کی خارجہ پالیسی کچھ اصولوں پر مرتب کی جاتی ہے اور سب سے اہم اصول ملک کی آزادی، خود مختاری اور سلامتی کا تحفظ (علاقائی) کسی بھی ملک کی خارجہ پالیسی اپنی اصولوں پر مبنی ہوتی ہے۔ اگر یہ تین باتیں برقرار نہیں رہ سکتیں تو پھر اس ملک کی خارجہ پالیسی کسی کام کی نہیں ہوتی۔ اپنی تین باتوں کی بنیاد پر دوسرے ممالک سے تعلقات قائم کئے جاسکتے ہیں اور ایک National Honour اور Dignity والی پالیسی اختیار کر کے ملک کو آگے بڑھانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ میں کوشش کروں گا کہ اپنی بات کو ایک پہلو تک مرکوز رکھوں جو کہ ملکی سالمیت کے ساتھ تعلق رکھتی ہے حال میں ہم ایک امریکی حملے شجرے سے گزرے ہیں یہ جنوبی ایشیاء میں عجیب و غریب سانحہ تھا امریکہ نے فیصلہ کیا کہ وہ بحیرہ عرب سے اپنے گن شپ کے ذریعے میزائل فائر کر کے افغانستان پر حملہ کرے۔

میں اس بحث اور confusion میں نہیں جانا چاہتا جو حملے کے فوراً بعد ملک میں ہوا کیونکہ وزیر اعظم نے اس پر بیان دیا ہے اور پھر ان facts کو کنفرم کیا ہے ISPR نے اور چین سے جنرل جہانگیر کرامت نے بھی اس کی وضاحت کیلئے ایک بیان دیا ہے۔

میں ان fact میں بھی نہیں جانا چاہتا کہ 18 تاریخ کو پاکستان سے امریکیوں کا انخلاء ہوا کسی طرح سے پاکستان نیوی نے USA نیوی کی جارحانہ Agressive Movement معلوم کی اور پھر حملے والے دن کس طرح امریکی میں پاکستان آئے اور تین گھنٹے قیام کیا میں ان حقائق میں نہیں جانا چاہتا تھا۔

---

* *National Assembly of Pakistan, September 2nd 1998.*

اصل بات یہ ہے کہ پاکستان کا عام آدمی بھی اس بات کو بھانپ گیا تھا کہ 18 تاریخ کو امریکیوں کا انخلاء ہوا تھا اور پاکستان نیوی نے اہم اطلاع دی تھی کہ کچھ ہونے والا ہے۔ عام آدمی کے ذہن میں یہ بات آگئی تھی کہ جو دھماکے نیروبی اور دارالسلام میں ہوئے ہیں ان کے نتیجے میں USA افغانستان میں کارروائی کر کے اسامہ بن لادن کے خلاف کارروائی کرنے والی ہے یہ کوئی اتنا بڑا معمہ نہیں ہے جو حکومت کی سمجھ میں نہ آتا۔

بات یہ ہے کہ جب بھی کبھی کسی ملک کے بارڈر اور سلامتی کو خطرہ ہوتا ہے تو اس کو counter کرنے کے لئے اقدامات کئے جاتے ہیں آپ کو یاد ہو گا کہ 1986 میں ہندوستان نے براس ٹیک کی مشقیں شروع کرنے کا منصوبہ بنایا تھا تو حکومت نے افواج کو الرٹ کر کے سرحدوں کے قریب Battle Position میں کر دیا تھا۔ لیکن افسوس کی بات کہ جب USA کی نیوی سمندری حدود کے قریب جارحانہ کارروائیوں میں مصروف تھی اور خدشات تھے کہ حملہ بھی ہونے والا ہے اور یہ بات یقینی تھی کہ جب افغانستان پر حملہ ہو گا تو ہماری فضائی حدود کی خلاف ورزی ہو گی لیکن افسوس کی بات ہے کہ ہماری حکومت نے دفاعی اقدامات نہیں کئے۔

افسوس کی بات ہے کہ USA ڈیکلیئر کر کے Individual کے خلاف جنگ ہو گی اور ایک آزاد اور خود مختار ملک کی فضائی حدود کو عبور کرتے ہوئے اپنے منصوبے کو مکمل کرے۔ کیا کسی بھی مہذب سوسائٹی میں کسی ملک کو اس بات کی اجازت ہے کہ وہ جب چاہے کسی بھی ملک میں حملہ کر دے اور بے گناہ لوگوں کو قتل وغارت کا نشانہ بنائے۔

اسامہ بن لادن دہشت گرد ہو سکتا ہے اس کے خلاف الزامات ہو سکتے ہیں لیکن یہ اصول اور قانون کا تقاضا ہے کہ کسی بھی شخص کو سزا ملنے سے پہلے Fair Trail ملنی چاہیے کیا اسامہ بن لادن کو Fair Trail دی گئی اور اگر نہیں تو امریکہ کے اس اقدام کو کیا نام دیں گے ؟ کیا یہ ریاستی دہشت گردی نہیں ہے ؟ یہ وہی اسامہ بن لادن ہے جس کو USA کی سی آئی اے نے خود مسلح کیا تھا جب افغانستان پہ روسیوں کی فوجیں قبضہ کر رہی تھیں اس وقت

توامریکہ ہر قسم کی مدد فراہم کر رہا تھا اور اب جبکہ اسامہ امریکہ کے خلاف ہوا ہے تو یکدم اس کے خلاف پانسہ پلٹ گیا ہے۔

اس طرح سے کسی ملک کو خصوصاً امریکہ کو یہ اختیار نہیں دیا جا سکتا کہ خود ہی مدعی ہو اور خود ہی جج بنے اور لوگوں کو پھانسیوں پر چڑھاتا پھرے، لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ Rule of Jungle ہے یہ بات ثابت ہو گئی کہ اس طرح کوئی بھی ملک کسی بھی وقت پاکستان کی فضائی حدود کی خلاف ورزی کر سکتا ہے۔ ہم یہاں تک نہیں کر سکے کہ رڈار پر ان کو Detect تک نہیں کر سکے۔ یہ وضاحت نہیں ہوتی کہ ہمارے رے ڈار جام کر دیئے گئے تھے یا یہ صلاحیت ہمارے پاس ہے ہی نہیں ہمارے دشمن اور بھی ہیں ہندوستان اور اسرائیل بھی ہمارے خیر خواہ نہیں ہیں ہندوستان نے 107 تربیتی کیمپوں کی فہرست USA کے حوالے کر دی ہے الزام لگایا ہے کہ پاکستان کی ISI کشمیریوں کی تربیتی کا کام کر رہی ہے کل کو اگر ہندوستان امریکہ کے اس حملے کو جواز بنا کر پاکستان پر حملہ کر دیتا ہے یا اسرائیل ہمارے تنصیبات پر حملہ کر دیتا ہے تو ہمارے پاس کیا صلاحیت ہے کہ ہم Encounter کر سکیں اور ملک کا دفاع کر سکیں یہ غور کرنے کی باتیں ہیں۔

امریکہ نے ہماری فضائی حدود کی خلاف ورزی کرتے ہوئے 50 سے زائد میزائل فائر کئے اور واشنگٹن کے مطابق 15-12 میزائل ٹارگٹ سے Miss ہو کر کہیں گرے ہیں اگر ان میں سے ایک بھی میزائل چاغی کے اس مقام پر جا کر لگتا' جہاں پر حال ہی میں ایٹمی دھماکہ کیا ہے تو تصور کریں کہ کتنی تباکاری ہوتی۔ آخر امریکہ کو کس نے یہ لائسنس دیا ہے کہ اس طرح سے دوسرے ملکوں کی فضائی حدود کی خلاف ورزی کرتا پھرے اور جس طرح چاہے ان پر حملہ کرتا پھرے۔

میاں شہباز شریف بھی امریکہ گئے تھے کہا جاتا ہے کہ ایک Mission Secret پر گئے تھے پاکستانی قوم یہ جاننا چاہتی ہے کہ وہ خفیہ مشن کیا تھا کہا جاتا ہے کہ شاید وہ CTBT کے سلسلے میں دستخط کرنے اور IMF سے کچھ پیسے لے کر کوئی پیکج ڈیل کرنے وہاں

گئے ہوئے تھے۔ خطرناک بات یہ ہے کہ پاکستان کے ایک صوبے کا چیف منسٹر آپ کی خارجہ پالیسی میں دخل انداز ہو۔ میں سمجھتا ہوں کہ فیڈریشن میں اس سے بڑی Violation نہیں ہو سکتی آج پنجاب کا چیف منسٹر، کل بلوچستان یا سندھ کا چیف منسٹر کہے گا کہ میں اپنے صوبے کی خارجہ پالیسی خود مرتب کرتا ہوں گا۔

پھر کہاں رہ گئی فیڈریشن ؟

کہاں رہ گیا پاکستان ؟

کہاں رہ گئی ایک سوچ، جس کے تحت آپ کی خارجہ پالیسی بنتی ہے۔

اصل میں امریکہ کے اس اقدام کے پیچھے امریکہ کے اپنے اندرونی خلفشار میں کلنٹن مونیکا سیکس سکنڈل سے عوام کی توجہ ہٹانے کیلئے سب کو معلوم ہے کہ افغانستان اور سوڈان پر حملہ کیا گیا تھا تاکہ کلنٹن ایک طرف اپنی شادی اور دوسری طرف صدارت بچا سکیں۔

یہ پہلی دفعہ نہیں ہوا کہ پاکستان کی سرحدوں کو Violate کرنے کی اجازت دی گئی 1997ء میں ایمل کانسی کے حوالے سے FBI والوں نے اس طرح کا آپریشن کر کے اس طرح لے گئی جیسے وہ اپنے ہی ملک کے اندر کوئی کارروائی کر رہے ہوں نہ تو ایمل کانسی کا کوئی Trial ہوا اور نہ ہی کسی عدالت میں پیش کیا گیا جہاز میں بٹھایا اور سیدھا واشنگٹن لے گئے۔ کہا جاتا ہے کہ امریکہ کے سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ نے اس وقت حکومت پاکستان کے ساتھ ایمل کانسی کے سلسلے میں کوئی Secret Deal کی تھی کہ matter کو ظاہر نہیں کیا جائے گا کیونکہ آئندہ آپریشن کے لئے اس کو راز رکھنا ہے۔

میں میاں نواز شریف صاحب سے سوال کرنا چاہتا ہوں۔ مانتا ہوں کہ میاں صاحب کو اس وقت اطلاع دی گئی تھی جب میزائل فائر ہو چکے تھے۔ دیر سے ہی سہی انہوں نے اس کے جواب میں کیا کارروائی کی ؟ کیا یہ معلوم کیا کہ میزائلوں کا رخ کس طرف ہے ؟ کیا افواج کو ریڈ الرٹ ہونے کے حکم دیا۔ کیا سرحد اور بلوچستان کی حکومتوں سے فوری رابطہ کر کے ممکنہ خطرات کی اطلاع دی ؟ کیا میزائل پاکستان میں گرنے کی صورت میں تباہی سے

نمٹنے کی کوئی ہنگامی منصوبہ بندی کی؟ کیا امریکی حکومت سے فضائی مداخلت کے خلاف احتجاج کیا؟ مزید امریکی حملوں کو روکنے کی منصوبہ بندی کی گئی؟ پاکستان کی ایٹمی تنصیبات اور دیگر حساس مقامات کی حفاظت کا کیا بندوبست کیا گیا ہے۔ حساس خفیہ اداروں کی فرائض میں غفلت کرنے پر باز پرس ہوتی اگر بھارت یا اسرائیل امریکہ کی پیروی کرتے ہوئے اچانک حملہ آور ہو تو اس کو کس طرح Encounter کیا جائے گا۔ وزیر اعظم نے ریڈیو اور ٹی وی پر حقائق سے آگاہ کرتے ہوئے قوم کو اعتماد میں نہیں لیا قوم یہ جاننا چاہتی ہے کہ پاکستان نے امریکہ سے کسی نوعیت کا تعاون کیا جس کا شکریہ ادا کیا گیا اور کہیں ایسا تو نہیں کہ ہمارے کوتاہ بین حکمرانوں سے قومی مفادات کو امریکیوں کے مفادات کے حوالے کر دیا۔

حال ہی میں ایران کے سفارت کار اغوا ہوئے طالبان نے ابھی تک ان کو ایران کے حوالے نہیں کیا اور پاکستان نے ابھی تک کوئی Positive کردار ادا نہیں کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایران اور چین پاکستان کے وہ دوست ہیں کہ پاکستان جو کچھ آج ہے اس میں ان دو ممالک کا بڑا کردار ہے ہم کبھی بھی یہ Afford نہیں کر سکتے کہ ہم طالبان کی خاطر یا کسی اور Cause کی خاطر ایران یا چین کو ناراض کریں آپ کو یاد ہو گا کہ 1965 کی جنگ ہم نے اپنے دوستوں کی مدد سی جیتی تھی۔ میں چاہتا ہوں کہ پاکستان سفار تکاروں کے سلسلے میں کردار ادا کرے اور ان کی بھرپور مدد کرے۔

آخر میں گذارش ہے کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی کو اس طرح سے استوار کیا جائے کہ پاکستان عزت، وقار، آزادی، خود مختاری اور علاقائی سالمیت محفوظ رہے ہم عزت اور وقار کی زندگی گزار سکیں، پاکستان کا نام بین الاقوامی برادری میں ایک باوقار قوم کی حیثیت سے ہو۔ امید ہے کہ حکومت پاکستان اس سلسلے میں کوئی مثبت اقدامات کرے گی۔

بہت بہت شکریہ!

15TH AMENDMENT

During the Discussion on the Subject of the 15th Amendment the Honourable Parliamentarian Mir Hazar Khan Bijarani participated in Debates as*

میر ہزار خان بجارانی

جناب سپیکر : شکریہ

الحمدللہ ہم سب مسلمان ہیں۔1400 سال سے اسلام نافذ ہے' انشاء اللہ قیامت تک نافذ رہے گا۔ قرآن و سنت پر ہم سب قائم ہیں اور قائم رہیں گے۔ دین پاکستان کے اندر مسئلہ نہیں ہے۔ مختلف ادوار میں دین کو مسئلہ بنا کر پیش کیا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اپنے مقاصد حاصل کرنے کیلئے دین کا نام استعمال کیا گیا ہے۔

موجودہ بل جس کو حکومت نے خود پندرھویں آئینی ترمیم کا بل کا نام دیا ہے۔ یہ بل کے ساتھ اور حکومت کے ساتھ زیادتی ہے کہ اگر اس کو شریعت بل کے نام سے پکارا جائے' کیونکہ اس میں شریعت تو صرف ایسے ہے جیسے کڑوی گولی کو شوگر کوٹڈ کر کے کھانے کیلئے آسان بنایا جائے' اسی طرح ایک شخص کے اختیارات کو بڑھانے کے لئے شریعت کا نام استعمال کیا گیا ہے۔ بل کے آرٹیکل 2 میں ہے Supermacy of Quran and Sunnah ہے میں اس آرٹیکل کی طرف آپ کی توجہ دلاؤں گا' اس بات پر ہمیں کوئی اعتراض نہیں جس میں کہا گیا ہے کہ

The Holy Qruran and Sunnah of the Prophet Peace be upon him shall be the supreme Law of Pakistan.

ضرور ہو کسی نے کہا ہے کہ پاکستان کا قرآن و سنہ سپریم لاء نہ ہو۔

---

* *National Assembly of Pakistan, September 9th, 1998.*

میں یاد دلانا چاہوں گا کہ 1991ء میں ایک متفقہ قانون قومی اسمبلی اور سینٹ کے اندر پاس ہوا تھا۔ میں اس قانون کی کاپی ساتھ لایا ہوں۔ وہ ساری باتیں اس کے سیکشن 3 میں پہلے سے موجود ہیں۔ اس میں کہا گیا ہے۔

"The Shariah that is injunction of Islam as laid down in the Holy Quran and Sunnah shall be the supreme law of Pakistan."

موجودہ بل میں یہ کونسی نئی بات سامنے لائے ہیں جو پہلے نہیں تھی۔ میں بل کے آرٹیکل 2-B-2 کا ذکر کروں گا۔ جس میں کہا گیا ہے کہ حکومت کی ذمہ داری ہو گی کہ وہ شریعت کا نفاذ کرے۔ صلوٰۃ' زکوٰۃ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا انتظام کرے' Curruption ختم کرے اور Sollo Economic Justice کا بندوبست کرے۔

یہی باتیں 1991ء کے متفقہ قانون کے سیکشن 13 کے اندر پہلے سے موجود ہیں۔

"The state shall take effective measures for the - - - - - of law irradicating social evils and promoting Islamic Virtues on the principles of امر بالمعروف و نہی عن المنکر as laid down in the Holy Quran"

اس کے بعد آرٹیکل 2-B-3 کی بات آتی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ وفاقی حکومت State Functionaries کو ہدایت / احکامات جاری کرے گی۔ حالانکہ اس بل میں یہ اختیارات بھی موجود ہیں' لیکن یہ اختیارات پارلیمنٹ کو تھے۔ کہ پارلیمنٹ Code of Conduct بنائے گی گورنمنٹ Functionaries کے لئے۔ اس میں دو واضح فرق ہیں۔ پہلے بل میں اختیارات پارلیمنٹ کو تھے اب وہ اختیارات منتقل کر کے فیڈرل گورنمنٹ کے حوالے کئے جائیں گے۔ مطلب یہ ہوا کہ وزیراعظم کے حوالے کیے جائیں گے۔ اور

وہ احکامات صادر کرے گا State Functionaries کو۔

یہاں یہ بات قابل غور ہے کہ State Functionaries اور State Government Functionares میں بڑا فرق ہے State Functionaries میں سارے ادارے آتے ہیں خاص طور پر عدلیہ' چیف الیکشن کمشنر 'وفاقی محتسب' سروسز چیف' گورنر سٹیٹ بینک اس کے ماتحت آجائیں گے تو یہ سارے اختیارات وزیر اعظم کو اس کے لئے دیئے جا رہے ہیں تا کہ وہ ان سب پر حکم صادر کر سکے اور جو منوانا چاہے وہ منوائے میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح ہم پاکستان میں آمریت قائم کرنے جا رہے ہیں اور یہ ایسی آمریت ہو گی جو آئین' مقننہ اور عدلیہ سے بالاتر ہو گی وہ جو اصول طے کیا گیا تھا پاکستان کے آئین میں اختیارات کی تقسیم ہو گی اور Check and balances ہوں گے۔ ان سب پر موجودہ بل کے حوالے سے پانی پھیر دیا گیا ہے صرف شریعت کا نام لے کر۔

خطرناک بات یہ ہے کہ ....2-B کے نمبر 5 میں یہ کہا گیا ہے کہ

"The Provision of this article shall affect notwithstanding any thing contained in the constitution any law orJudgement of any Government"

یعنی اس بل کے تحت وزیر اعظم جو بھی احکامات جاری کریں گے۔ وہ عدلیہ سے بھی بالاتر ہو گا۔ وہ کورٹ کے فیصلے سے بھی بالاتر ہو گا اور وہ آئین کی provision سے بھی بالاتر ہو گا۔ اس حوالے سے اگر یہ clause لگا کر آپ شریعت کے حوالے سے جو حکم صادر کرنے چاہیں تو پاکنتان میں کوئی ایسا ادارہ نہیں جو اس کو روک سکے یہ اس طرح سے آپ Suppra Judicital activities اور Suppra Constitutional قائم کرنے جا رہے ہیں۔

جناب آئین میں پہلے ہی ایسی شقیں موجود ہیں جو شریعت کو آگے بڑھانے میں مددگار ثابت ہونگی مثلاً آرٹیکل

230, 229, 228, 227, 203, 63, 62, 40, 38, 37, 32, 20, 2A, 2

یہ سارے آئین کے وہ آرٹیکل ہیں جو آپ کو مددگار ثابت ہوسکتے ہیں کہ آپ شریعت نافذ کریں عدل وانصاف پر مبنی نظام قائم کریں اس کے علاوہ آپ کے پاس اسلامی نظریاتی کونسل موجود ہے آپ کی فیڈرل شریعت کورٹ موجود ہے۔ قرارداد مقاصد کو آئین کا حصہ بنایا گیا ہے یہ ساری باتیں آپ کو مدد دے رہی ہیں کہ ملک میں موجودہ آئین اور قوانین اسلامی نظام نافذ کریں۔ چھ ماہ پہلے اس نظریاتی کونسل نے رپورٹ پیش کی تھی اور اس میں 1796ء سے 1973ء تک جو قوانین نافذ ہوئے تھے ان کو دیکھا گیا اور 2390 قوانین سے جن کا جائزہ لیا گیا اور پھر ان میں سے 704 ایسے قوانین تھے جن میں انہوں نے ترامیم پیش کی کہ جناب ان کو اسلام کی روح کے مطابق کرنے کے لئے یہ ترامیم کردی جائیں تو مکمل ہم آہنگی ہو جائے گی حکومت نے ان تجاویز پہ کیوں عمل نہیں کیا۔

آپ کی شریعت کورٹ نے 1992ء میں فیصلہ دیا تھا۔ جس میں سود کو حرام قرار دے کر حکومت کو راہنمائی / ڈائریکٹیو دیا تھا کہ اس کو فوری طور پر ختم کیا جائے۔ تو کیوں سود آج تک پاکستان کی معیشت میں چل رہا ہے۔ اور تو چھوڑیئے جناب۔ میاں صاحب کی حکومت اس آرڈر کے خلاف کورٹ میں اپیل لے کر گئی اور Stay Order لے کر آگئے اور کیس آج تک Pending پڑا ہوا ہے۔ اسی میاں صاحب کی حکومت نے جمعہ کی بجائے اتوار کی چھٹی کردی تھی۔

اور جناب میاں صاحب ہی تھے کہ اپوزیشن کو offer کی تھی کہ اگر آپ تعاون کریں تو ہم 1973ء کے آئین کو اس کی اصل شکل میں بحال کرنے کیلئے تیار ہیں۔

ایک طرف شریعت نافذ کرنے کی باتیں کرتے ہیں اور دوسری شریعت کی نفی کی باتیں کرتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں شریعت کیسے نافذ ہوگی؟ جس ملک کا وزیر

اعظم بلین میں پیکوں کا مقروض ہو۔ جس وزیر اعظم کے پاس چالیس سے زائد صنعتیں موجود ہوں۔ جو سال میں صرف 36000ہزار روپے انکم ٹیکس دیتا اور بلین اور کروڑوں روپے اس کی آمدن ہو اور جس نے 1750ایکٹر پر رائے ونڈ میں رہنے کیلئے محل بنایا ہو اور آپ باتیں کرتے ہیں ملک میں شریعت نافذ کرنے کی۔ اگر آپ ملک میں شریعت نافذ کرنے میں سنجیدہ ہیں تو پہلے آپ خلفائے راشدین کے نقش قدم پر چلتے ہوئے یہ اپنا مال و دولت اور ملکیت بیت المال میں جمع کرا دیں تاکہ ایک اسلامی 'فلاحی مملکت کا آغاز ہو سکے۔

آپ کون سا اسلامی نظام نافذ کرنا چاہتے ہیں اس وقت ہمارے سامنے تین ماڈلز ہیں۔ ایران 'افغانستان اور سعودی عرب کا۔ ایران میں ایک منتخب پارلیمنٹ ہے لیکن وہاں سخت شرائط میں وہاں کنٹرولڈ جمہوریت ہے اور وہاں پر لوگوں کو ووٹ کا حق ہے۔ لیکن چونکہ ایران فقہ جعفریہ سے تعلق رکھتا ہے اور پاکستان میں اکثریت فقہ جعفریہ سے تعلق نہیں رکھتی لہذا اس کو ہم رول ماڈل نہیں بنا سکتے رہ جاتے ہیں ہمارے پاس افغانستان اور سعودی عربیہ۔ سعودی عرب میں ایک بادشاہ ہے وہ بادشاہ کسی جمہوری نظام کے ذریعے نہیں ہے بلکہ وہ کچھ علماء کے ذریعے حکمرانی چلاتا ہے اور اس کا حکم ملک میں سب سے بڑی اہمیت اور حیثیت رکھتا ہے وہاں سیاسی جماعتیں نہیں ہیں وہاں ووٹ کا حق نہیں ہے۔ اقلیتوں کے سیاسی اور سماجی حقوق نہیں ہیں۔ اور تقریباً یہی حال افغانستان کا ہے۔ وہاں ایک امیر المومنین ہیں اور مولویوں کی مدد سے وہاں ایک نظام قائم کئے ہوئے ہیں۔ اس کا حکم آخری حکم کی حیثیت رکھتا ہے جس کو چاہیں جب چاہیں سزا دیں ٹی وی مکمل طور پر بند ہے دنیا سے آپ کا کوئی رابطہ نہیں ہو سکتا۔ جبکہ پاکستان کا جائزہ لیں تو حالات اس کے برعکس ہیں۔

پاکستان کسی فتح کے نہیں بلکہ تحریک کے نتیجے میں عمل میں آیا تھا۔ تحریک ایک ایسی جماعت نے چلائی تھی جس کا راہنما معتدل مزاج تھا۔ محمد علی جناح کی قیادت میں پاکستان وجود میں آیا تھا کسی مذہبی جماعت کی تحریک چلانے کے نتیجے میں پاکستان وجود میں نہیں آیا تھا۔ پاکستان کی تاریخ کہ پاکستان کے عوام نے ہمیشہ مذہبی اور Theotracy کو

رد کیااور اعتدال پسند قیادت کو آگے بڑھایا ہے۔

پاکستان کا مسئلہ شریعت نہیں ہے۔پاکستان کا اس وقت مسئلہ اقتصادی بحران ہے۔ پاکستان کا مسئلہ امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورت حال کا ہے۔

پاکستان کا مسئلہ Crises of Confidence ہے ان مسائل کی طرف تو کوئی جاتا نہیں۔اب ایک بل کا شوشہ ملک کے اندر چھوڑ دیا گیا ہے۔وہ اس لئے کہ میاں صاحب اور ان کی جماعت Isolation میں چلی گئی ہے۔ان کے جتنے اتحادی تھے ایک ایک کر کے ان کو چھوڑ کر چلے گئے ہیں۔ JWP' BNP' ANP چھوڑ کر چلی گئی۔ایم کیو ایم یہاں آکر بیٹھ گئے ہیں۔ تو ان کو ساکھ بحال کرنے کے لئے کوئی ایسی بات کہنی تھی جس سے وہ مذہبی جماعتوں کے لئے کوئی ایسی بات کہنی تھی جس سے وہ مزہبی جماعتوں اور Rightests elements کو اپنی طرف کھینچ سکیں۔ایک اور وجہ معاشی بحران بھی ہے جو لوگ پریشان ہیں۔مہنگائی۔بھوک۔ بے روزگاری ہے۔ اس سے توجہ ہٹانے کے لئے کی گئی ہے۔

حال ہی میں جو امریکی جارحیت کو mishandle کیا گیا اس سے لوگوں کی توجہ ہٹانا تھی۔سب سے بڑی بات کہ میاں شہباز شریف CTBT پر دستخط کرنا طے کر کے آئے ہیں۔اس کی راہ ہموار کرنا ہے۔اس لئے یہاں بل پیش کر دینا ہے۔

جناب والا!

آپ اس بل کے ساتھ 2/3 کی اکثریت جو آئینی ترمیم کے لئے لازمی قرار دی گئی ہے اس کو Majority of Member Voting یعنی وہ ممبران جو اس دن خاص طور پر یہاں موجود ہوں۔ان کی اکثریت اگر ووٹ کر دے تو اس اکثریت سے آپ آئینی تبدیلی کر دیں گے۔ یہ کہاں کا انصاف ہے ادنیا کے کسی ملک اور آئین میں یہ طریق کار رائج نہیں ہے اور جواز یہ ہے کہ صرف شریعت سے Related باتوں پر عمل ہو گا۔شریعت میں تو اتنا وسیع میدان ہے کہ Socio Economic سے لے کر Law Enforcing Justice تک یہ سارا شریعت میں Cover ہوتا ہے۔اس طرح تو جب چاہئیں، جو چاہئیں،

شریعت کے نام آپ آئین کو تبدیل کریں اوراس کے نتائج یہ ہوں گے کہ یہ صرف پنجاب کی Majority کی حکمرانی بن کے رہ جائے گی۔ یہاں پر چھوٹے صوبوں سینٹ اور باقی لوگوں کا کوئی حق نہیں رہ جائے گا۔

آج پاکستان کا جو مسئلہ ہے وہ مرکزیت نہیں ہے سب تجزیہ نگاروں کا یہ متفقہ تجزیہ ہے کہ آج ہمارا مسئلہ عدم مرکزیت (Decentralization) ہے۔ آج اس بل کے ذریعے وہ سارے اختیارات وزیراعظم کو دیئے جارہے ہیں جن کا کبھی انہوں نے خواب بھی نہیں دیکھا ہو۔ میں نہیں سمجھتا کہ دنیا کی کوئی بدترین آمریت ہوگی جس کو اتنے اختیارات حاصل ہوں گے جو اس بل کے ذریعے حاصل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

ہماری پارلیمنٹ کو بھی اپنے وجود کا خیال رکھنا چاہئے ایک پارلیمینٹ اور روس کی بھی ہے (ڈوما) انہوں نے صدر یلسن کے نامزد کردہ وزیراعظم کو دو مرتبہ رد کردیا اور ہماری پارلیمینٹ جس سے آئین کے دفاع کے حلف اٹھایا ہوا ہے۔ وہ آئین جو کہ وفاقی ہے۔ جو جمہوری ہے، جو پارلیمانی ہے۔ اگر اس طرح سے آئین کی مشکل بگاڑی گئی تو میں سمجھتا ہوں کہ ہم اپنے حلف کے ساتھ بھی غداری کریں گے اور پھر ہو سکتا ہے کہ اس کی تاویلیں وہ نکلیں کہ ہم آرٹیکل 6 کی زد میں آجائیں۔

میں اپنے ممبر دوستوں سے گزارش کروں گا کہ اپنے وقار کا خیال رکھیں۔ جمہوریت کا خیال رکھیں اور آئین کا خیال رکھیں آپ نے اس ملک کو آگے لے جانا ہے۔ خدا کے واسطے آپ موت کے پروانے (Death Warrant) پہ دستخط نہ کریں۔ اپنی تباہی کا سامان نہ کریں ۔

امیر شہر غریبوں کو لوٹ لیتا ہے
کبھی بحیلہء مذہب کبھی بنام وطن

جناب شکریہ!

SINDH SITUATION

Mir Hazar Khan Bijarani the Honourable Member from Sindh on the subject on Sindh Situation Spoke as:*

میر ہزار خان بجارانی:۔ شکریہ جناب سپیکر:

جناب سپیکر صاحب: اس ایوان میں سندھ کے حوالے سے جو بحث ہو رہی ہے میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس پس منظر میں جانا ہو گا جس کی وجہ سے سندھ میں گورنر راج قائم ہوا سب سے بڑی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ حکیم سعید کا قتل اور کراچی کے اندر دہشت گردی کی وارداتیں اور مختلف ایسے جرائم جن کو بنیاد بنا کر کراچی کے اندر گورنر رول لگایا گیا۔ میں اس جانب توجہ دلاؤں گا کہ مسلم لیگ کی حکومت نے 1992ء میں اس طرح کا ایک آپریشن کلین اپ شروع کیا تھا اس وقت بھی یہی الزامات ایم کیو ایم کے خلاف لگے تھے جو آج لگ رہے ہیں۔ ٹی وی پر ٹارچر سیل دکھائے گئے۔ دہشت گردوں کو پکڑ کر ان سے ٹی وی پر اقبالی بیانات دلائے گئے۔ اور اس طرح کی ساری چیزیں ثبوت کے طور پر قوم کے سامنے پیش کی گئیں۔ میں سوال کرنا چاہوں گا کہ 1992 میں جس جماعت کو دہشت گرد کہا گیا پھر کیا وجہ تھی کہ بعد میں اس جماعت کے ساتھ مل کر سندھ کے اندر مخلوط حکومت بنائی گئی۔ کیا اقتدار کی خاطر کسی بھی دشمن سے صلح کر لینا دانشمندی ہے؟ آج پھر ایم کیو ایم پر الزام لگتا ہے کہ وہ حکیم سعید کے قتل میں ملوث ہے۔ یہ تو اللہ جی جانتا ہے کہ اس کیس میں ایم کی ایم ملوث ہے کہ نہیں۔ فیصلہ عدالتیں کریں گی۔ لیکن دیکھنے کی بات یہ ہے کہ 1992ء میں وہ لوگ برے تھے۔ بعد میں اچھے ہو گئے اور آج پھر برے ہو گئے ہیں آخر مسلم لیگ حکومت کی یہ پالیسی ہے جس سے وہ فیڈریشن چلانا چاہتی ہے۔ جہاں تک حکیم سعید کے قتل کی بات ہے۔ یہ نہ بھولنا چاہیے کہ قتل کے تین دن کے بعد ایم کیو ایم کے لوگوں کو حکومت میں شامل کیا گیا۔ **یہ بات**

---

* *National Assembly of Pakistan, December 31 1998.*

حقائق کے منافی ہو گی کہ اس بنیاد پر ایم کیو ایم کے خلاف ایکشن ہو اور گورنر راج لگایا۔
مسلم لیگ کی حکومت Credit لیتے نہیں تھکتی کہ ہم نے اپنی حکومت ختم کی اور وہاں گورنر راج لگایا ان کی حکومت تو ویسے ہی اقلیت میں تھی 14 ایم پی اے تھے 107 کے ہاؤس میں جس کی بنیاد پر انہوں نے چیف منسٹر شپ لی ہوئی تھی۔ جب ایم کیو ایم نے حکومت سے الگ ہونے کا فیصلہ کیا تو حکومت نے تو ویسے ہی گرنا تھا۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ سندھ کی سب سے بری پارٹی پی پی پی کو پیش کش کی جاتی کہ وہ حکومت تشکیل کرے لیکن چونکہ اختیارات اپنے پاس رکھنا تھے اس لئے گورنر راج لگا دیا۔
سندھ اسمبلی کے ساتھ جو حشر ہوا ہے وہ آپ کے سامنے وہ اسمبلی جس نے پاکستان کے حق میں سب سے پہلے قرارداد منظور کی وہ اسمبلی جس نے پاکستان کی جدوجہد میں سب سے نمایاں کردار ادا کیا وہ صوبہ جس کی پاکستان کے لئے سب سے زیادہ خدمات ہیں۔ ان کے نمائندوں کا یہ حشر کہ دروازے بند کر کے انسپکٹر کھڑا ہو جائے۔ نمائندے اور انسپکٹر باہر فٹ پاتھوں پر کھڑے رہیں اور ان کو داخلے کی اجازت نہ ہو آخر یہ گورنمنٹ بتاتی کیوں نہیں کہ سندھ اسمبلی کا Status کیا ہے۔ نہ تو اس کو معطل کیا گیا ہے نہ اسمبلی کو disolve کیا گیا ہے ہاں یہ ہوا ہے کہ ان کو ہاؤس بدر کیا گیا ہے اور ان کو اپنے ہاؤس کے اندر جانے کی اجازت نہیں اور یہ پارلیمانی تاریخ میں ہم نئی مثالیں بنانے جا رہے ہیں آخر کب تک اس ملک میں پارلیمانی روایات کے ساتھ اتنا بڑا مذاق ہوتا رہے گا 245 کا سہارا لے کر فوجی عدالتی قائم کر دی گئی ہیں میں لاء منسٹر سے سوال کرتا ہوں کہ دکھائیں کہ کہاں سے ملٹری کورٹس کی provision آرٹیکل 245 کے اندر یہ مادری آئین Extra Constitutional اقدام ہے جو آپ نے اٹھایا ہے یہ تو سیدھا سیدھا آپ نے عدالتی (ن) پہ عدم اعتماد کا اظہار کر دیا ہے جب عدالتی (ن) موجود ہے تو پھر آپ یہ فوجی عدالتیں کیوں قائم کرنے چلے ہیں فوجی عدالتوں میں تو انصاف کا مذاق اڑتا ہے انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہوتے۔ سات روز کے اندر کون سے انصاف کے تقاضے پورے ہوں گے اگر کسی بے گناہ کو سزا ہوتی ہے اور وہ

زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے تو میں سمجھتا ہوں کہ خدا بھی ان کو معاف نہیں کرے گا کیونکہ یہ اسلام کی خلاف ورزی ہوگی گذارش کروں گا کہ فیڈریشن میں samity لائیں اس فیڈریشن کو ایسے چلائیں جو اس کا حق بنتا ہے۔

آپ نے سندھ کے اندر اس وقت گورنر راج نافذ یا جب چھوٹے صوبے اکٹھے ہو رہے تھے۔ جب یہاں پر چھوٹے صوبوں کے حقوق کی بات ہو رہی تھی جب یہاں صوبائی خود مختاری اور حقوق کی بات ہو رہی تھی جب فیڈریشن سے اپنے حقوق مانگنے کی بات ہو رہی تھی حقوق پیسے کی بجائے اور چھوڑے صوبوں کے جذبات کا احترام کرنے کی بجائے آپ نے ان کے اوپر فیڈرل رول مسلط کر دیا اس سے زیادہ چھوٹے صوبوں کے ساتھ زیادتی نہیں کر سکتی یہ تو ایک وائسرائے کا حکم ہے کہ وہ اکائیوں پر جس طرح چاہے حکمرانی کرتا پھر اپ اس طرح فیڈریشن چلانے جا رہے ہیں اس بات کی قطعاً اجازت نہیں دی جا سکتی۔

1992ء کی بات ہے جب ملٹری ایکشن ہوا تھا اور ٹنڈو بہاول والا واقعہ ہوا تھا۔ آرمی نے اعتراف کیا تھا کہ عجلت میں جانیں ضائع ہوئیں اور انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہو سکے تو آج کیا ضمانت ہے کہ پھر ملٹری کورٹس کسی بے گناہ کی جان نہیں لے لیں گے۔ جب آپ کی عدالتیں موجود ہیں تو پھر آپ آرمی کو ملوث کیوں کرنے جا رہے ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ عدلیہ کو اپنا کام کرنے دیجئے اور آرمی کو اپنا کام کرنے دیجئے۔ فوج ایک Highly Sophisticated فورس ہے۔ پاکستان کی یہ خوش قسمتی ہے کہ فیڈریشن کا ایک ادارہ ایسا ہے جو غیر متنازعہ ہے اور آج بھی لوگ پاک آرمی کی عزت کرتے ہیں خدا نہ کرے کہ وہ وقت آئے کہ لوگ پاک آرمی کی عزت کرنا چھوڑ دیں اور ایسے متنازعہ بنا دیں تو پھر فیڈریشن کا کیا بنے گا۔

آپ یہ نہ بھولیں کہ 1971ء میں مشرقی پاکستان میں جو واقعات ہوئے تھے وہ ہماری تاریخ کا حصہ ہیں بلوچستان میں جو آرمی ایکشن ہوا تھا وہ بھی ہماری تاریخ کا حصہ ہے ہم ان واقعات سے سبق یوں نہیں سیکھتے۔ 1983ء اور اس کے بعد سندھ کے ساتھ جو رویہ

رکھا گیا اور فوج کو وہاں Use کیا گیا آخر اس کا کیا نتیجہ نکلا اور کونسی positive بات ہمارے سامنے آئی۔

آج آرمی کو واپڈا میں استعمال کیا جارہا ہے 35 ہزار جوان اور آفیسر واپڈا کے اندر اپ نے تعینات کئے ہیں وہ جاکر میٹر ریڈنگ بھی کریں گے کنکشن چیک کریں گے ایک ادارے کی حیثیت سے واپڈا یہ کام کرنے کا پابند ہے۔ اگر اپ اس طرح ادارے ختم کرتے چلے جائیں گے تو ملک کا کیا بنے گا؟

آج واپڈا فوج کے حوالے ہوا ہے۔ کل KESC اس کے بعد PIA۔ سٹیل مل۔ پورٹ قاسم۔ اور ریلوے کریں گے۔ یہ بڑے بڑے ادارے جو آپ سے چل نہیں رہے۔ یہ سب اگر اپ فوج کے حوالے کرتے جائیں گے تو پھر آخر اس حکومت کا جواز کیارہ جاتا ہے پھر اداروں کی افادیت کیارہ جاتی ہے پھر پورا ملک فوج کے حوالے کردیجئے۔ میں حکمران جماعت سے گذارش کروں گا کہ غور کریں کہ ملک کو ہم کس طرف لے کر جارہے ہیں۔

جناب سندھ کو اس طرح سے ریموٹ کنٹرول سے نہ چلائیں خدا کے واسطے وہاں کے لوگوں کے جذبات کا احترام کریں گورنر راج کے بعد لاڑکانہ میں 8 لوگ قتل ہوئے۔ کوئی ازالہ نہیں ہوا۔ میرے حلقے سے گورنر راج کے بعد دس افراد اغواء ہو گئے شکارپور کے ضلع میں آپریشن پلان کیا گیا ڈاکوؤں کے خلاف پولیس گئی۔ جوانوں اور افسروں کو مروایا۔ ڈاکوؤں کی منتیں کرکے اپنے جونوں اور افسروں کی لاشیں لے کر آئی۔ گوٹکی میں کوئی دن خالی نہیں ہوتا جب کسی کا اغواء نہیں ہوتا۔ اور اپ کہتے ہیں کہ گورنر راج کے بعد امن عامہ کی صورت حالات درست ہو گئی ہے۔ میں جو کچھ کہہ رہا ہوں نیک نیتی سے کہہ رہا ہوں میں اپوزیشن برائے اپوزیشن نہیں کرا۔ میں ملک کی بھلائی کیلئے کہہ رہا ہوں۔ ہم چاہتے ہں کہ سندھ کے ساتھ زیادتی ختم کی جائے جمہوریت کو پھلنے پھولنے کا موقع دیا جائے۔ ملٹری کورٹس کو ختم کیا جائے۔ اسمبلی کو اپنا رول ادا کرنے دیا جائے۔ اداروں کی حوصلہ افزائی ہونی چاہیے۔ پارلیمانی اداروں کو کام نہیں کرنے دیں گے تو پاکستان میں جمہوریت کس طرح

مضبوط ہو گی۔ ہم یکے بعد دیگرے اپنی خواہشات کو عملی جامہ پہنچانے کیلئے پالیسیاں بنائیں گے تو میرے خیال میں فیڈریشن چل نہیں سکے گی۔ گذارش ہے کہ میری باتوں کو غور سے سنیں ان پر عمل کریں۔ اور سندھ کے ساتھ یادتی نہ کریں جو آج کل ہو رہی ہے۔

جناب بہت بہت شکریہ!

JOINT SITTING MOTION

Mir Hazar Khan Bijarani, during "Joint Sitting Motion" in the National Assembaly Spoke*

عنوان : مشترکہ اجلاس کی تحریک

میر ہزار خان بجارانی

جناب سپیکر صاحب : جناب عالیٰ شکریہ

حکومت کے بنچوں کی طرف سے یہ تحریک پیش کی گئی ہے کہ پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلایا جائے تاکہ ان بلوں کو Consider کیا جائے جو قومی اسمبلی میں پاس ہو کر سینٹ میں گئے۔ تاکہ وہ حکومت کے بل بوتے پر سینٹ میں 90 دن گزر جانے کے بعد واپس لاکر پاس کیے جائیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ تحریک بدنیتی پر مبنی ہے۔ کیونکہ ان بلوں کو سینٹ کے اندر کبھی بھی Order of the day پر نہیں لایا گیا۔ یہ ایک ذہنیت بن چکی ہے (ہمارے ملک میں) کہ جو بھی قوانین پاس ہوں۔ وہ طاقت کے بل بوتے پر ہونے چاہیں میرا خیال ہے کہ یہ ہمارے وفاق کیلئے ضرب کاری کی حیثیت رکھتے ہیں۔

ماضی میں مشرقی پاکستان کی اکثریت ماننے سے انکار کر دیا گیا تھا اور ان کو وہ حقوق دینے سے انکار کر دیا گیا تھا اور چھوٹے صوبوں کو ملا کر ون یونٹ بنا دیا گیا اور پیرٹی کا اصول اختیار کیا گیا اور پھر مغربی پاکستان بمقابلہ مشرقی پاکستان والی صورت حال کھڑی کر دی گئی وہ اکثریت جس کی بنیاد پر جو اکثریت کا حق مشرقی پاکستان کو ملنا چاہیے تھا وہ ان کو نہیں دیا گیا اس طرح یہ بات آگے بڑھتی گئی مختلف ادوار میں غلط پالیسیاں بنائی گئیں۔ چھوٹے صوبوں کے حقوق غصب کیئے گئے اور نوبت یہاں تک آگئی کہ پاکستان 1971ء میں دولخت ہو گیا۔

---

* *National Assembly of Pakistan, Janauary 1st, 1999.*

جب 1974ء میں ملک کا متفقہ آئین بنا تو اس وقت کیوں یہ ضرورت محسوس ہوئی کہ ملک میں ایک (Upper House) ایوان بالا ہونا چاہیے جس میں ملک کے چاروں صوبوں (یونٹوں) کی مساوری نمائندگی ہو اور ایوان بالا وفاق کی علامت بن کر سب کے حقوق کا تحفظ کرے۔ متفقہ آئین بنا کر سارے صوبوں کو مطمئن کرنا آسان بات نہ تھی لیکن تاریخ گواہ ہے کہ وہ تمام جماعتیں جو صوبائی اختیارات کی بات کرتی تھیں اور آج بھی کرتی ہیں ان سب جماعتوں نے 73ء کے آئین پر اس لئے اتفاق کیا تھا کہ اس میں ایک ایوان بالا (Upper House) بنایا گیا تھا۔ جس کو ہم سینٹ کہتے ہیں اور سینٹ کو اختیارات دیئے گئے اس نے چھوٹے صوبوں کے حقوق کا تحفظ دیا جا سکے چھوٹے صوبوں کی یکساں آواز ہو اور کسی کو طاقت کے بل بوتے پر قانون سازی کی اجازت نہ ہو۔

چھوٹے صوبوں کے لوگ آج بھی کوشاں ہیں کہ یہ وفاق چلتا رہے اور قانون سازی اس متفقہ آئین (1973)ء کے مطابق ہوتی رہے ہر قانون (Bill) کو تفصیل سے زیر بحث لا کر پھر اس کو عمل میں لایا جائے لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ مسلم لیگ کی موجودہ حکومت قومی اسمبلی میں دو تہائی کی اکثریت کے بل بوتے پر ماضی میں اپنی اس اکثریت کو Mis-use کرتے ہوئے قانون سازی کے عمل کو (Bildose) متاثر کرتی رہی ہے اور اب تو سینٹ جو کہ ہماری فیڈریشن کی علامت ہے کو By Pass کرنے کے منصوبے بنائے جا رہے ہیں۔ اس ہاؤس میں میں نے پہلے بھی آپ کی توجہ مبذول کرائی تھی کہ شاید سینٹ کو ختم کیا جا رہا ہے۔ اور آج میری اس بات کی تصدیق ہو چلی ہے کہ سینٹ کو باقاعدہ By Pass کر کے اس میں بحث نہ کر کے مشترکہ اجلاس (Joint Sitting) کا سہارا لے کر ایک ادارے کو ختم کرنے یا اس کے اختیارات ختم کرنے کی سازشیں کی جا رہی ہیں۔ مثلاً حکومت کا سینٹ کا سیشن بلانے سے کترا رہی ہے کیوں کہ مسلم لیگ کو وہاں اکثریت نہیں ہے اور اکثریت نہ ہونے کی وجہ سے آئینی باڈی کو Over Rule کرنے کی بات ہو رہی ہے۔ یہ جو 8 بل ہم نے سینٹ میں Transmit کیئے تھے وہ 90 دن تک سینٹ کے

سیکرٹریٹ کی زینت بن کر واپس آئے ہیں اور اس بنیاد پر جوائنٹ سیشن کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔

مشترکہ اجلاس صرف ایک بنیاد پر بلایا جا سکتا ہے میں آئین کے آرٹیکل 70 کا حوالہ دونگا اس کا حصہ تین۔ یہ حصہ کہتا ہے کہ اگر کلاز 2 کے تحت درخواست کی جائے تو صدر مشترکہ اجلاس طلب کریں گے۔

کلاز 2 مندرجہ ذیل صورت میں لاگو Oprative ہوتا ہے مشترکہ اجلاس کیلئے۔

1 ایسے بل کے حوالے سے جواب سینٹ سے رجیکٹ ہو جاتے ہیں۔

2 یا بل ترمیم کے ساتھ پاس ہو۔

3 یا بل پاس نہ ہو۔

یہ تین باتیں اس وقت عمل میں آئیں گی جب آپ بل سینٹ میں Order of the day میں غور کیلئے لائیں گے۔ اور جب آپ بل کو Order of the day پر نہیں لائیں گے تو آپ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ وہ بل سینٹ نے Consider نہیں کیا اور اسی بات کو پیش نظر رکھ کر دو سینیٹروں نے سپیکر کو خط لکھے ہوئے ہیں اور ایک تحریک استحقاق (Previlige Motion) سینٹ کے اندر پڑی ہوئی ہے پہلے اس کو Dispose off ہونے دیں پھر بات کریں مشترکہ اجلاس کی۔

جو ماہرین آئین و قانون یہاں ہوتے ہیں وہ آئین اور قانون کے مطابق خود تو ڈھلتے نہیں لیکن پوری کوشش کر رہے ہیں کہ آئین اور قانون کو اپنی مرضی کے مطابق ڈھال لیں۔

بقول اقبال

؎ خود بدلتے نہیں قرآن کو بدل دیتے ہیں

ہوئے کس درجہ فقیہان حرم بے توفیق

جناب اس طرح آپ فیڈریشن کو کس طرح چلائیں گے ماہرین مشوروں کو ذرا دیکھیں۔

- 28 مئی کے بعد بنیادی حقوق معطل کر دیئے۔ سپریم کورٹ نے ان کو بحال کر دیا۔
- انسداد دہشت گردی کا بل عجلت میں پاس ہوا اور اس کی کچھ شقیں عدالت نے حذف کرا دیں۔
- 14th آئین ترمیمی بل آناً فاناً پاس کرایا اس پر سپریم کورٹ کا آرڈر آپ کے سامنے ہے۔
- سندھ اسمبلی کا جو حشر کیا وہ آپ کے سامنے ہے۔
- فارن کرنسی اکاؤنٹس کو CEASE کیا اور اب خود کہہ رہے ہیں کہ ہم سے غلطی ہوئی۔

آپ ایسی غلطیاں نہ کریں فیڈریشن کو نقصان نہ پہنچائیں۔ جو Motion تحریک لائی گئی ہے وہ قانونی لحاظ سے کمزور ہے۔ سینٹ کیلئے ضرب کاری ہے وہ وفاق کیلئے ضرر رساں ہے اور سیاست میں انتہائی غیر دانش مندانہ قدم ہے۔

میں گزارش کروں گا کہ خدا کے واسطے یہ تحریک Motion واپس لیں معاملہ سینٹ میں بحث کیلئے لائیں وہاں سے آپ قانون سازی کرائیں آپ پنجاب کی اکثریت کے باعث پورے وفاق کو نقصان نہ پہنچائیں۔ وہ اقدامات نہ کریں جن کی وجہ سے ایک بار پھر شرمندگی اٹھانا پڑے اور وفاق کو کوئی نقصان پہنچے۔

شکریہ!

SINDH CYCLON

The Honourable Parliamentarian of Sindh MIR Hazar Khan Bijarani presented his views on the Suffer_ing of the people of Sindh due to horrible cyclone and its impael as*

میر ہزار خان بجارانی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب سپیکر۔ جناب یہ جو سندھ کے اندر سائیکلون آیا بیس مئی 1999ء کو اس کی کم از کم سندھ کی تاریخ میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ اتنا بڑا سانحہ اور اتنا خطرناک طوفان سندھ کے ساحلوں کے طرف بڑھ رہا تھا اور اس کی اطلاع کم از کم تین دن پہلے سے مسلسل سی این این اور بی بی سی ٹیلیویژن سے دی جا رہی تھی۔ میرے خیال میں اس ہاؤس کے معزز ممبران نے بھی وہ نشریات دیکھی ہوں گی۔ حکومت کے اہلکاروں نے بھی وہ دیکھی ہوں گی۔ میں نے خود وہ نشریات الیکٹرانک میڈیا پہ دیکھیں وہ مسلسل warn کر رہے تھے کہ یہ طوفان کراچی کر طرف بڑھ رہا ہے اور سندھ کے ساحلوں کو یہ ہٹ کرے گا۔ لیکن ہماری انتظامیہ کو اللہ نے یہ توفیق نہیں دی کہ وہ لوگوں کو بروقت wam کرتے اور ایسے اقدامات کرتے کہ جس سے کم سے کم نقصان سندھ کے اندر ہوتا۔ پہلی بات تو میں آپ کو توسط سے کہنا چاہوں گا کہ آج تک اس کی انکوائری کیوں نہیں ہوئی۔ اس کا پتہ کیوں نہیں لگایا گیا کہ آخر یہ جو criminal negligence ہوئی ہے متعلقہ افسران کی طرف سے اس کا ذمہ دار کون ہے اور جناب والا! میں تو حیران اس بات پر ہوں کہ یہاں اسلام آباد میں پاکستان کے کیپیٹل میں جو لوگ بیٹھے ہیں انکو صحیح اندازہ تک نہیں کہ سندھ کے اندر کتنا بڑا سانحہ آچکا ہے۔ سائیکلون صرف ٹھٹھہ اور بدین ڈسٹرکٹ کے ساحلی علاقوں تک محدود نہیں تھا۔ یہ ضرور تھا کہ سمندر کی جو لہریں ہیں انہوں نے ٹھٹھہ اور بدین کے ساحلی علاقوں میں تباہی مچا دی۔ جس میں پورا ٹھٹھہ ڈسٹرکٹ، پورا بدین ڈسٹرکٹ، اس سے آگے حیدر آباد، میرپور خاص

---

* *National Assembly of Pakistan, "Sindh Cyclon" June 8, 1999.*

،سانگھڑ اور مٹھی، تھر، عمر کوٹ، یہ سارے اضلاع جو سندھ کے ہیں اس میں یا تو سائیکلون یا طوفانی ہوائیں یا پھر جو heavy down pour ہوا بارشوں کی وجہ سے، اس سے اتنا بڑا نقصان ہوا ہے کہ آپ اندازہ نہیں لگا سکتے۔ لیکن افسوس کہ حکومت نے اور ہمارے اہلکاروں نے صرف ٹھٹھہ اور بدین کے چند تحصیلوں تک اس بات کو محدود رکھا۔ چند لوگوں کو کیمپوں میں جمع کر دیا اور انہیں دو چار کلو آٹا' دو چار کلو چینی اور دال دے کر انہیں راضی کرنے کی کوشش کی۔ نہیں جناب اس لرح سے سندھ کے لوگوں کو بھیک نہیں چاہیے۔ پاکستان کے پرایم منسٹر صاحب ضرور گئے ہیں میں مانتا ہوں۔ لیکن پہلی دفعہ جب وہ وہاں تشریف لے گئے انہوں نے جا کے پانچ کروڑ روپے کا اعلان کیا کہ ہم ریلیف ورک کے لئے پانچ کروڑ دے رہے ہیں۔ میرے خیال میں اس سے بڑا انداق سندھ کے لوگوں کے ساتھ نہیں ہو سکتا تھا جو پرایم منسٹر صاحب نے سندھ کے لوگوں کے ساتھ کیا۔ پانچ کروڑ، میں کہوں گا کہ پانچ کروڑ تو آپ نے صرف یہ جشن منانے کی جو ایڈورٹائز منٹ کی ہے اخباروں کے اندر، پانچ کروڑ سے زیادہ تو ان کے بل آئے ہوں گے۔ کیا سندھ کے لوگوں کی جانیں اتنی قیمتی نہیں تھیں کہ آپ ان کو اس سے زیادہ دیتے۔ یہ تو جب واویلا ہوا تو اس کو بڑھا کے پچاس کروڑ کر دیا گیا۔ لیکن جہاں اتنا نقصان ہوا ہو کہ کم از کم جو حکومت کے اعداد و شمار ہیں ان کے مطابق تین سو باڈیز تو recover کی گئی ہیں۔ لیکن اس سے کہیں زیادہ نقصان ہوا ہے۔ کہیں زیادہ لوگ مرے ہیں۔ ہزاروں کی تعداد میں لوگ ابھی تک لاپتہ ہیں۔ ڈان کی رپورٹ ہے کہ چھ ہزار لوگ ابھی تک لاپتہ ہیں جن کا کچھ علم نہیں کہ وہ کہاں گئے، ان کی باڈیز تک recover نہیں ہوئی چار سو بوٹس جو اس وقت نکلی ہوئی تھیں fishing کے لئے وہ واپس نہیں آئیں اور ہر بوٹ میں کم از کم چھ سے آٹھ بندے ہوتے ہیں جو fishing کے لئے جاتے ہیں۔ اگر اس کا آپ اندازہ کریں تو وہ بھی ہزاروں لوگ بن جاتے ہیں۔ تو یہ سارا بیلٹ اگر آپ ملائیں اور اس کا تخمینہ کریں تو کم از کم سات سے آٹھ لاکھ لوگ uproot ہوئے ہیں جن کو نقصان پہنچا ہے۔ اور کم از کم ایک لاکھ گھر تباہ ہوئے ہیں۔ اور ان کے جو جانور، مال، مویشی ہیں وہ مرے ہیں۔ لاکھوں ایکڑ ایگریکلچرل

زمین تباہ ہو چکی ہے۔اس میں کھڑی فصلیں تباہ ہوئی ہیں ان کے وہاں جو درخت لگے تھے وہ تباہ ہوئے ہیں۔ کیلے کے فصل تباہ ہوئی ہے۔پان کی فصل تباہ ہوئی ہے۔وہاں لوگوں کے لئے کچھ بھی نہیں بچا۔ انفراسٹرکچر جو اس علاقے کا تھا وہ اس پورے بیلٹ کا تباہ ہوا ہے۔ جناب آپ اس سے اندازہ کریں کہ سندھ کے اندر کتنا بڑا سانحہ ہوا اور اتنی بڑی مصیبت آئی۔ لیکن حکومت کی بے حسی اس سے ظاہر تھی کہ بیس تاریخ کو یہ طوفان سندھ کے اندر آیا اور بائیس سے اٹھائیس تک پاکستان کے اندر جشن منانے کا پروگرام جشن تکبیر کے نام سے منایا گیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اتنی بڑی بے حسی کی مثال پاکستان کی تاریخ میں نہیں ملتی کہ سندھ میں لوگ مر رہے ہیں، لوگ بے گھر ہو رہے ہوں۔ وہاں پہ لاشیں ابھی تک لوگ ڈھونڈتے پھر رہے ہوں۔ گھر گھر میں صف ماتم بچھی ہو۔ اتنا بڑا قومی سانحہ ہو اور ہم بیٹھ کے یہاں جشن منائیں۔ اسلام آباد میں یوتھ فیسٹول کریں۔ یہاں پہ آتش بازیاں منائیں۔ یہاں پہ ہم کئی کئی لاکھ خرچ کر کے چاغی کے پہاڑ کے ماڈلز بنائیں۔ اتنا پیسہ ہم ضائع کریں ان چیزوں پر، جناب ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ اس سانحے کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمیں سوگ منانا چاہئے تھا۔ کیونکہ یہ ایک قومی سانحہ تھا۔ سندھ کے لوگ کیا پاکستان کے لوگ نہیں ہیں۔ وہاں کے غریب جو مرے ہیں، مسکین مرے ہیں، روز ٹیلیویژن پہ آپ دکھا رہے ہیں۔ جناب پرائم منسٹر صاحب جا رہے ہیں۔ ان لوگوں کی جو حالت ہے وہ پورا پاکستان دیکھ رہا ہے۔ پوری دنیا دیکھ رہی ہے۔ ان غریبوں کے ساتھ کوئی ہمدردی نہیں اور ہم یہاں پہ جشن مناتے پھرتے ہیں۔ جناب یہ لاپروائیاں اور یہ بے حسی اس فیڈریشن کو کبھی کوئی فائدہ نہیں پہنچائے گی۔ جناب غلام مصطفیٰ جتوئی صاحب نے بھی اپنی تقریر میں اس بات کی نشاندہی کی تھی اور پاکستان میں بہت تھوڑے معتدل سیاستدان ہیں جو moderate قسم کی سیاست کرتے ہیں اور جتوئی صاحب کا شمار ان لوگوں میں ہوتا ہے۔ لیکن آپ نے دیکھا کہ اس سائیکلون پہ انہوں نے اس فلور آف دی ہاؤس پہ warn کیا ہے کہ خدا کے واسطے ایسی باتیں نہ کریں جس سے اس فیڈریشن کو نقصان ہو۔ میں اس فلور آف دی ہاؤس پہ اس بات کو دہرانا چاہتا ہوں کہ جناب فیڈریشن میں سب کو ساتھ لے کے چلنا ہوتا ہے

۔سب کے ساتھ یکساں سلوک ہوتا ہے۔ یہ نہ کہو کہ وہاں لوگ مر رہے ہوں، وہاں لوگ بے گھر ہوں اور پرائم منسٹر صاحب لاہور میں اس دن کرکٹ کھیل رہے ہوں۔ جناب ایسی بے حسی اور ایسا step-motherly treatment صوبہ سندھ کے ساتھ زیادہ دنوں تک نہیں چلے گا۔ طوفان تو آگیا۔ غریبوں نے وہ طوفان جھیل لیا۔ جیسا تیسا وقت ان کا گزر جائے گا۔ لیکن میں یہ اس فلور آف دی ہاؤس پہ کہہ رہا ہوں کہ اس کے نتیجے میں ان غریب لوگوں کے دلوں میں جو طوفان ابھرے گا اس طوفان کو کوئی نہیں روک سکتا۔ خدا کے واسطے ان باتوں پر دھیان دیجئے اور ایسی باتیں نہ کیجئے کہ جس سے لوگوں کی دل آزاری ہو۔ جس سے لوگوں میں یہ impression پھیلے کہ ان کے ساتھ انصاف نہیں کیا جارہا۔ جس سے لوگوں میں یہ تاثر پیدا ہو کہ ان کے ساتھ step-motherly treatment ہو رہا ہے۔ جس سے لوگ یہ سمجھنے لگیں کہ ہماری لاشیں پڑی ہوں اور ملک میں جشن منائے جارہے ہوں۔ جناب کیا سندھ پاکستان کا حصہ نہیں۔ یا ہم کسی اور ملک کا حصہ ہیں۔ خدا کے واسطے یہ نہ کریں اور پھر اس کے بعد یہ تو شکر ہے کہ اس میں فوج کو involve کیا گیا۔ میں مانتا ہوں کہ انہوں نے وہاں آکے اس ریلیف ورک کو کسی حد تک اپنے ہاتھ میں لیا۔ میں یہ نہیں کہتا کہ سو فیصد، کسی حد تک کام وہاں پہ ہوا ہے اور لوگوں کی کچھ امداد ہوئی ہے لیکن فوج کے آنے سے پہلے جو سویلین حضرات وہاں ملوث تھے۔ یعنی پولیس اور ضلع کی انتظامیہ، وہ چوبیس گھنٹے صرف پروٹوکول ڈیوٹیز میں مصروف تھے۔ جو یہاں سے حضرات جاتے وہاں غریبوں کا تماشا دیکھنے کے لئے، وہ تو ڈیوٹیوں میں لگے رہتے تھے۔

کبھی پرائم منسٹر صاحب آرہے ہیں تو کبھی گورنر صاحب کبھی فیڈرل منسٹر آرہے ہیں کبھی کوئی اور صاحب کبھی کوئی اور مسلم لیگ کی ڈگنیٹریز آرہی ہیں تو جناب وہ پولیس اور انتظامہ اور تحصیلدار، ایس ڈی ایم، ڈپٹی کمشنر یہ تو سارے صبح سے شام تک ان کی ڈیوٹیوں میں لگے رہتے تھے۔ ان غریبوں کی تو وہ خبر تک نہیں لیتے تھے۔ میں آپ کو بتا رہا ہوں کہ پرائم منسٹر صاحب نے وہاں جاکر جو cheques لوگوں میں distribute کئے۔ اپنے

ہاتھوں سے جو cheques وہاں غریبوں کو دے کر آئے۔ پرائم منسٹر کے واپس جانے کے بعد ان لوگوں سے یہ cheques انتظامیہ نے واپس لے لئے یہ کہہ کر ان میں کچھ ٹیکنیکل غلطی ہو گئی ہے چیک واپس کریں بعد میں ہم آپ کو درست کر کے یہ چیک دیں گے۔ تو جناب اتنی بڑی ناانصافی اور صرف ٹیلی ویژن پر دکھاوے اور تماشے کرنے کے لئے سندھ کے لوگوں کے ساتھ مذاق کیا جارہا ہے۔ خدا کے واسطے ان چیزوں کا نوٹس لیں۔ آپ کے توسط سے میں حکومت سے یہ مطالبہ کروں گا کہ اس کی انکوائری کرائیں کہ آخر اس قسم کی حرکتیں کیوں ہو رہی ہیں۔ غریبوں کا مذاق کیوں اڑایا جارہا ہے۔ لوگوں کے ساتھ یہ کیوں ناانصافی ہو رہی ہے۔ جناب گورنر سندھ نے جو ریلیف کا پیکیج وہاں پر announce کیا اس میں انہوں نے ہر فوت ہونے والے کے لئے ایک لاکھ روپیہ اور جو زخمی ہوا ہے اس کے لئے تیس ہزار اور جو گھر تباہ ہوا اس کے لئے پانچ ہزار۔ جناب اس سے بڑی ناانصافی کیا ہو گی کی آپ اس طرح سے لوگوں کا مذاق اڑائیں۔ میرا مطالبہ ہے کہ جس طرح پاکستان کے دوسرے علاقوں میں لوگوں کو دو لاکھ روپیہ معاوضہ دیا جاتا ہے۔ کسی کے مرنے پر۔ سندھ کے ان تمام لوگوں کے پہلے تو اندازہ لگایا جائے کہ کتنے لوگ مرے ہیں جیسے میں نے کہا کہ ابھی تک ہزاروں لوگ لاپتہ ہیں وہ سارے facts اکٹھے کر کے ہر شخص جو مر چکا ہے اس کا معاوضہ دو لاکھ روپیہ فی کس دیا جائے۔ ہر زخمی کو ایک لاکھ روپیہ۔ ہر گھر کے بنانے کے لئے ایک لاکھ روپیہ تباہ شدہ فصلوں کا تخمینہ لگا کر ان کا پورا پورا لوگوں کو ادا کیا جائے کیونکہ جب وہ فصل تباہ ہو جاتی ہے تو اگلے سال تک پھر ان کے پاس کوئی اور ذریعہ انکم کا نہیں ہوتا ہے۔ اس کا ان کو پورا معاوضہ ملنا چاہیئے و قابل کاشت زمینیں ہیں بہت ساری تو ابھی تک قابل کاشت نہیں ہیں۔ لیکن جو قابل کاشت ہیں ان کے لئے کم از کم حکومت فری ٹریکٹر کا 'ہل کا بندوبست کرے۔ بیج کا' فرٹیلائزر کا اور ساتھ ساتھ دوسری جو چیزیں لازمی ہوتی ہیں فصل اگانے کے لئے اس کا بندوبست کرے اور خاص طور پر میں یہ گزارش کروں گا کہ تمام جو قرضہ جات لوگوں پر ہیں اور تمام جو ٹیکس ہیں وہ سارے معاف کئے جائیں۔ پرائم منسٹر صاحب وہاں گئے

تھے انہوں نے صرف یہ اعلان کیا ہے کہ ان کو موخر کیا جاتا ہے۔ یعنی وہ کچھ عرصے تک چھ مہینے یا آٹھ مہینے delay ہو گا لیکن یہی ٹیکس اور یہی قرضہ جات لوگوں سے بلا آخر وصول کیے جائیں گے۔ جو پہلے سے تباہ حال ہیں جن کا سب کچھ لٹ چکا ہے۔ جو کسمپرسی کی حالت میں لوگ بیٹھے ہیں ان کے ساتھ یہ کیسی مہربانی ہے کہ چھ مہینوں کے لئے تو آپ ٹیکس ان کا ملتوی کریں اور چھ مہینہ بعد لوگ جا کر ان کے دروازے پر کھڑے ہو جائیں کہ آپ سے ہم نے لاکھوں روپیہ ٹیکس وصول کرنا ہے آپ سے لاکھوں روپیہ ہم بینکوں کے قرضہ جات جو آپ نے لئے تھے یا ایگریکلچر بینک سے loan لئے تھے وہ سارے آپ سے وصول کرنے ہیں تو میرا یہ پرزور مطالبہ ہو گا کہ یہ تمام چیزیں taxes اور ان کے جو قرضہ جات ہیں وہ سارے ان کے معاف کئے جائیں اور یہ وصولی ان سے نہ کی جائے آخر میں جناب میں اپنی طرف سے یہ اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ میں اپنی ایک مہینے کی تنخواہ ان فلڈ زدہ لوگوں کی ریلیف کے لئے دیتا ہوں اور میں، گزارش کروں گا اپنے سارے پارلیمنٹیرین سے کہ وہ بھی اپنی ایک مہینے کی تنخواہ سندھ کے اس ریلیف فنڈ میں دے دیں تا کہ وہاں غریبوں کا حوصلہ بڑھے اور ہم یہ impression دے سکیں کہ پورا پاکستان اور اور پاکستان کے نمائندے سندھ کے ان آفت زدہ لوگوں کے ساتھ ہیں اور یہ تھوڑی سی جو قربانی ہم کر رہے ہیں اس کا اچھا massage جائے گا اور لوگ اس کو یک جہتی کا message سمجھیں گے۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

BUDGET SPEECH 1999-2000

On June 6, 1999, Mir Hazar Khan Bijarani The Honourable Member from Sindh, Participated during the Budget Session 1999-2000. He spoke as*

میر ہزار خان بجارانی : شکریہ جناب سپیکر! **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم**
سر یہ اکیسویں صدی میں داخل ہونے کا بجٹ جو اس حکومت نے دیا ہے 13.7 Billion
روپے کے خسارے کا میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے اس پر اپنے خیالات کے اظہار کا
موقع دیا ہے۔ مختصراً کچھ points ہیں جو میں آپ کے حوالے سے اس ہاؤس کے سامنے
عرض کرنا چاہوں گا۔ بجٹ کے اندر جو net federal revenues دکھائے ہیں وہ ہیں
422.9 Billion اور اس میں جو ڈیفنس اور debt servicing ہے ان دو مدوں میں
429.4Billion روپے اس کے حوالے کر رہے ہیں یعنی اس کا مطلب یہ ہوا کہ ان دو مدوں کو
ادا کرنے سے ہی 6.5 Billion روپے کا short fall آجائے گا۔ tax revenues کا جہاں
تک تعلق ہے تو اس میں جو آپ کا پچھلے سال کا ٹارگٹ تھا وہ 13% کم ہوا ہے وہ achieve
نہیں ہو سکا۔ لیکن اس کے برعکس اس سال کا جو ٹارگٹ دیا گیا ہے اس نئے بجت میں ہو، 48
Billion زیادہ ہے پچھلے سال کی جو actual recovery تھی اس سے یعنی یہ ایسا ٹارگٹ
ہے جو میں نہیں سمجھتا کہ موجودہ حکومت کے بس کی بات ہو گی کہ وہ achieve کر سکے اس
طرح کے غیر حقیقت پسندانہ اعداد و شمار دینا میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کے ساتھ بہت بڑی نا
انصافی ہے۔ average annual tax revenue increas جو پاکستان کا رہا ہے
جناب پچھلے چند سالوں میں وہ ہے صرف 3% لیکن اس بجٹ میں ایک سال میں 17% in-
crease anticipate کیا گیا ہے میں نہیں سمجھتا کہ کون سا الہ دین کا چراغ ہے اسحاق ڈار
صاحب کے پاس کہ وہ ایک سال کے اندر یہ اتنا بڑا ٹارگٹ achieve کر لیں گے۔

* *National Assembly of Pakistan. "Budget Speech" June 18, 1999.*

جناب PSDP کے حوالے سے میں یہ pin point کرتا چلوں کہ یہ ایک مد ہے NMTA یعنی National Mass Transit Authority اور اس کا تعلق اربن ٹرانسپورٹ سے ہے جو کراچی سے مطعلق اس سال کے بجٹ میں اس مد میں ایک روپیہ تک نہیں رکھا گیا جب کہ پچھلے سال 625 Billion روپے اس مد میں رکھے گئے تھے میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ آخر اتنی بڑی زیادتی کیوں ہے سندھ کے سب سے بڑے شہر کے ساتھ کہ ٹرانسپورٹ کے لئے اس میں ایک روپیہ تک نہیں رکھا گیا۔ ہمارے تعمیر سندھ پروگرام کا جو حشر کیا گیا ہے وہ پچھلے سال ایک Billion روپیہ دیا گیا اور اس سال کے بجٹ میں اسے 50% cut کر کے صرف پانچ سو ملین رکھا گیا ہے یہ بھی سندھ کے ساتھ بڑی زیادتی ہے۔ ایک طرف تو بڑی ہمدردیاں ہیں کہ ہم سندھ کو بہت کچھ دے رہے ہیں اور اگر facts and figures کو دیکھیں تو اس کو بری طرح سے cut کیا جا رہا ہے اور slash کیا جا رہا ہے جناب پاکستان کی اکانوی میں سب سے جو اہم factor زراعت ہے۔ وہ زراعت پر توجہ نہیں دی جو اس کا حق بنتا ہے جناب زراعت میں جو out put دکھایا گیا ہے وہ صرف main دو فصلیں ہی آپ لے لیں کاٹن اور گندم کاٹن میں پچھلے سال میں difference -4.3% آیا ہے یعنی جو ٹارگٹ تھا اس سے 4.3%- کم لیکن اس سال اس کو 10.4%+ پہ ٹارگٹ رکھا گیا ہے۔ اسی طرح گندم پچھلے سال 3.4%- ہوئی ہے اور اس میں انہوں نے 8% زیادہ ٹارگٹ رکھا ہے کس طرح achieve کریں گے خدا بہتر جانتا ہے آپ کا جو GDP ہے اس کو اس بجٹ کے اندر جو reflect کیا ہے وہ آپ کا پچھلا ٹارگٹ 6% تھا achieve کیا حکومت نے 3.1% یعنی 50% کم از کم اس میں short fall تھی اور آئندہ سال کے لئے اس نئے بجٹ میں 5% ٹارگٹ رکھا گیا ہے جو again I think it is a far fetched target and most unrealistic. یہ ممکن ہی نہیں ہے کہ بجٹ سے پہلے اور بجٹ کے بعد کئی منی بجٹ آتے ہیں اس سال بھی یہی ہوا کہ اس بجٹ سے ایک مہینہ پہلے ایک منی بجٹ لے آئے پٹرول یعنی POL کی prices میں تقریباً بارہ فیصد آپ نے

increase کر دی۔ Sales tax میں آپ نے 12.5% سے 15% اضافہ کر دیا۔ ڈالر کو uniform rate پر لے آئے اس کا لا محالہ جو effect تھا وہ آپ کے روپے کی devel-uation کی صورت میں inflation بڑھی۔ ریگولیٹری ڈیوٹی آپ نے خوردنی تیل پر بڑھا دی اس کا بھی اثر یہ ہوا کہ مہنگائی مزید بڑھ گئی تو جو کچھ آپ نے taxes لگانے تھے عام آدمی پر بوجھ ڈالنا تھا وہ تو آپ نے بجٹ سے پہلے ڈال دیا اور پھر یہاں آ کے یہ دعوے کرنا کہ یہ تو ٹیکس فری بجٹ ہے ہم نے عام آدمی پر کوئی بوجھ نہیں ڈالا۔ میں یہاں یہ بھی گوش گزار کرتا چلوں کہ IMF کا ابھی تک اس حکومت پہ یہ pressure ہے کہ وہ گیس، بجلی اور ٹیلی فون جو عام public utlities ہیں ان کی شرح میں اضافہ کیا جائے، تو میں نہیں سمجھتا کہ اس کو کس حد تک یہ حکومت resist کر پائے گی۔

جناب ایک بہت بڑا مذاق جو اس بجٹ میں صوبوں کے ساتھ اور خاص طور سے لوکل باڈیز کے ساتھ کیا گیا ہے وہ ہے ضلع ٹیکس کی abolition جناب یہ میں سمجھتا ہوں کہ لوکل گورنمنٹ کی institutions کو undermine کیا گیا ہے جو principle of policy ہمیں دیئے گئے ہیں آئین میں یہ اس کی violation ہے اور devolution of power جو اس وقت پاکستان میں سب کی demand ہے اس کی negation ہے اور یہ provincial autonomy پر سب سے بڑا blow ہے جو اس بجٹ میں اس موجودہ حکومت نے لگایا ہے۔ آئین کا آرٹیکل (c)32 واضح طور پر یہ کہتا ہے کہ Local Government Institutions کو encourge کیا جائے گا اور یہاں ہم اس کے بالکل برعکس اس provision کے خلاف Local Government Institutions کو discourge کر رہے ہیں اور جناب یہ جو taxes کی بات ہے لوکل باڈیز کے ٹیکس نہ تو فیڈرل لسٹ کے اندر ان کا ذکر ہے نہ concurrent لسٹ کے اندر اور artical 142 of the constitution part of C clearly یہ کہتا ہے کہ کوئی بھی ٹیکس جس کا ان دو لسٹوں میں ذکر نہ ہو وہ لا محالہ صوبوں کی مد میں چلا جاتا ہے اس میں فیڈرل گورنمنٹ یا

پالیمنٹ کو کوئی حق نہیں پہنچتا کہ وہ اس سلسلے میں کوئی enactment کرے کسی قانون کی اور جناب جو مجھے نظر آرہا ہے اور پورے پاکستان کے باشعور لوگ سمجھ رہے ہیں کہ یہ جو فنڈز کی بات کی گئی ہے کہ وفاقی حکومت یہ سارے فنڈز دے گی تو جناب یہ تو ایک political lever ہو گا اس حکومت کے ہاتھ میں کہ جسے چاہیں گے اپنے نور نظر کو فنڈز دے دیں گے اور جہاں نہیں دینا کہیں گے ان کو یہ فنڈ سے بالکل عاری رکھیں گے جس طرح اب یہ de-velopment fund کے ساتھ کر رہے ہیں کہ جو اپنے ممبر صاحبان ہیں ان کو تو نوے نوے لاکھ دے رہے ہیں development کیلئے 45 لاکھ دے رہے ہیں electrifi-cation کے لئے لیکن جو اپوزیشن کے لوگ ہیں ان کو نوے لاکھ development کے مل رہے ہیں نہ 45 لاکھ electrification کے مل رہے ہیں۔ آخر پاکستان کے لوگوں نے کیا قصور کیا ہے۔ ان کا قصور صرف یہ ہے کہ انہوں نے مسلم لیگ کو ellect نہیں کیا اور ان کے مخالف امیدواروں کو ellect کیا

تو جناب ایسی سزا لوگوں کو نہیں دینی چاہیے میں سمجھتا ہوں کہ حکومت نے یہ جو قدم اٹھایا ہے یہ صرف بزنس اور trader class کو compensate کرنے کیلئے ہے کیونکہ ان پر GST بڑھا دیا گیا ہے اس بجٹ کے اندر۔

جناب میٹروپولیٹن کارپوریشن کی میں آپ کو تفصیل بتاؤں شاید ڈار صاحب نے تو وہ تفصیل بھی collect نہیں کی ہو گی پاکستان کے اندر اس وقت دو میٹروپولیٹن کارپوریشن ہیں۔ اٹھارہ میونسپل کارپوریشنیں ہیں 163 میونسپل کمیٹیاں ہیں 312 ٹاؤن کمیٹیاں ہیں، 125 ضلع کونسلیں ہیں، 40 کنٹونمنٹ بورڈ ہیں اور گیارہ ہزار دو سو چھیاسی یونین کونسلیں ہیں تو یہ سارے ملا کے 11946 لوک کونسلیں بنتی ہیں جن کو بیک وقت جنبش قلم آپ نے بالکل ناکارہ کر دیا اور ان کا یوں کہیں کہ سیاسی طرح سے قتل کر دیا ہے جناب میں آپ کو یہ بتاتا چلوں کہ یہ جو octroi collect ہوتا ہے خود ڈار صاحب نے اپنی پریس کانفرنس میں یہ فرمایا کہ کم از کم چالیس ہزار چونگیاں پاکستان کے اندر تھیں جہاں سے یہ ٹیکس

وصول ہوتا تھا تو میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جناب تجربہ یہ رہا ہے کہ ہر چونگی پر کم از کم دو آدمی ایک شفٹ میں ہوتے ہیں ایک زنجیر لگاتا ہے ایک پرچی کاٹتا ہے تین شفٹوں کا مطلب کہ چھ آدمی ہر چونگی پہ اور چالیس ہزار چونگیوں سے آپ نے اِیہ سلسلہ جب ختم کیا ہے تو آپ نے یک جنبش سے دو لاکھ چالیس ہزار لوگوں کو بیروزگار کر دیا کہاں گئے گورنمنٹ کے یہ سارے دعوے کہ ہم لوگوں کو روزگار فراہم کریں گے جناب اس فیصلے کی تو inter-porvincial کانفرنس میں سندھ اور بلوچستان دونوں نے مخالفت کی تھی اور جب دو صوبے ایک فیصلے کی مخالفت کریں تو میں نہیں سمجھتا کہ فیڈریشن کو کوئی حق پہنچتا ہے کہ وہ اپنی مرضی مسلط کر دے پاکستان کی لوکل گورنمنٹ کے سلسلے میں اسحاق ڈار صاحب فرماتے ہیں کہ 13 Billion روپے ہم فیڈرل گورنمنٹ کی طرف سے گرانٹ دیں گے اور باقی چھ جو ہیں وہ صوبائی حکومتیں provide کریں گے تو جناب انہوں نے فیڈرل فنڈ کی کوئی distribu-tion نہیں بتائی کہ مختلف صوبوں میں کتنی کونسلیں ہیں ان کی requirement کیا ہے اور کتنے فیصد کہاں جائے گا سندھ سے اگر میری اطلاعات صحیح ہیں تو 8 Billion روپے صرف octroi میں وصول ہوتے ہیں لیکن اس کا کوئی خیال نہیں رکھا گیا۔

قرض اتارنے کے سلسلے میں جناب کہتے ہیں کہ ہمنے بڑا کارنامہ انجام دیا اور بوجھ کو ہمنے کم کیا ہے جناب 1995-96 کے بجٹ سے لے کے اس موجودہ 1999-2000ء کے بجٹ تک مسلسل اضافہ ہوا ہے debt servicing کی رقم میں اور وہ 157.31 Bil-lion سے شروع ہوا آج 2987.40 Billion پر پہنچا ہے جو کہ مسلسل عام آدمی کے کندھے پر یہ بوجھ ڈالے جا رہے ہیں۔

تنخواہوں میں اضافہ، جناب میں سمجھتا ہوں کہ یہ غریب salaried class کے ساتھ بہت بڑا مذاق ہوا ہے۔ آپ نے جو یہ تنخواہیں بڑھائیں ہیں وہ ابتدائی بنیادہ سکیل کی bases پہ بڑھائی ہیں اور جو گریڈ 1 کا ملازم ہے اس کی صرف 311 روپے بڑھے گی۔ اس

طرح گریڈ 8 کے بندے کی 385روپے بڑھے گی اور گریڈ 16 کے بندے کی صرف 634روپے تنخواہ بڑھے گی۔ 50% inflation کی figure کو آپ سامنے رکھیں گے تو یہ کچھ بھی نہیں ہے یہ ان کے بس اور ویگن کا کرایہ تک نہیں ہو گا۔

جناب میں یہاں ذکر کرتا چلوں کہ سندھ کے ساتھ جو واپڈا کے بلوں کے سلسلے میں زیادتی ہوئی ہے واپڈا claim کرتا تھا کہ آٹھ بیلن روپے سندھ کی طرف واجب الادا ہے۔ تو یہ پانچ بیلن روپے at source زبردستی سندھ کے کاٹے گئے۔ اب میں یہ عرض کروں گا کہ ٹوٹل جو سندھ گورنمنٹ کے کنکشن ہیں وہ 16 ہزار کے لگ بھگ ہیں۔ اور پنجاب کے ٹوٹل گورنمنٹ کے وہ 47ہزار ہیں یعنی 31ہزار کے لگ بھگ کے سندھ کے کنکشن کم ہیں لیکن چھ مہینے کے جو واپڈا کے بل دیئے گئے وہ سندھ کو 4.5 Billion اور پنجاب کو دیا گیا ہے 3.2 یعنی سندھ میں کنکشن کم بل زیادہ، پنجاب میں کنکشن زیادہ بل کم۔ جناب یہ مت بھولیئے کہ سندھ کے چالیس فیصد سرکاری offices کراچی کے اندر ہیں اور کراچی کو KESC بجلی provide کرتی ہے جو ایک independent کمپنی ہے۔ واپڈا provide نہیں کرتا۔ تو اگر یہ بھی آپ کاٹ لیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ سندھ کے ساتھ بہت بڑا ظلم ہے اور بہت بڑی زیادتی ہے کہ اس سے اتنا کچھ at source کاٹ لیا گیا ہے۔ میں یہ استدعا کروں گا کہ سندھ کی مدد کریں۔

سر میں سمجھتا ہوں کہ وقت وبہت کم ہے لیکن میں آپ سے پانچ منٹ لوں گا کیونکہ good governance کے سلسلے میں میں کچھ بات کرنا چاہ رہا ہوں۔ اسفند یار ولی صاحب نے یہاں کافی تفصیل سے اس پہ روشنی ڈالی ہے میں اس تفصیل میں نہیں جاؤں گا کس طرح کہ جنگ، اور فرائیڈے پوسٹ اور نیوز لائین وغیرہ کو harass کیا گیا۔ کس طرح سے صحافیوں پہ مختلف کیس بنا کے ان کو harass کیا جاتا ہے۔ کس طرح سے 1940 NGO`s کو پنجاب کے اندر anti-state declare کر کے ختم کیا گیا اور ہیومن رائیٹس آرگانزیشن جو چلاتے ہیں کس طرح ان پر قتل کے مقدمے ہوئے۔ میں

صرف good governance کے سلسلے میں ایک مثال آپ کو دوں گا جناب والا اور وہ یہ ہے کہ پنجاب کے وزیر اعلی شہباز شریف صاحب نے project specific agree-ment کیا ہے۔ دو کمپنیوں کے ساتھ ایک ڈائیوو اور ایک انہوں نے امریکن سافٹ ویئر کمپنی ہے micro soft اور oracle ان کے ساتھ۔ مجھے صرف یہ بتایا جائے کہ آئین کی کس مشق میں یہ اجازت دی گئی ہے ایک صوبے کا وزیر اعلی directly کسی انٹر نیشنل کمپنی کے ساتھ پاکستان گورنمنٹ کے behalf پہ جا کے کوئی معاہدہ کر آئے اور اگر یہ معاہدہ sanctify ہو تا ہے جناب تو کیا یہ حکومت باقی صوبوں کے جو وزراء اعلی ہیں ان کو بھی اس قسم کی سہولت فراہم کرنے کے لئے تیار ہے۔ اگر وہ کوئی معاہدے کر آئے کریں تو کیا فیڈرل گورنمنٹ ان سب کی gurantee دینے کے لئے تیار ہے۔ اور پھر جناب سب سے اہم بات یہ کہ اگر ایک صوبے اس چیز کے پابند ہیں کہ وہ loan جو re-pay ہوں گے وہ دوسرے صوبوں سے recover کئے جائیں یہ پھر ان کے اوپر ذمہ داری نہیں ہوتی۔ یہ پھر پنجاب کا کام ہے کہ وہ loans ادا کرے۔ یہ good governance نہیں ہے جناب آپ فیڈرل set up کو ہی دیکھ لیں آپ کی اس وقت جو کیبنٹ ہے اسی کے لگ بھگ وزیر ہیں اور اس میں ڈیڑھ وزیر سندھ سے ہے۔ اس میں سے ایک شاہ صاحب شاید اب سندھ چلے گئے تو باقی آدھا وزیر رہ گیا ہے ہمارا سندھ کیا یہاں فیڈرل گورنمنٹ اور اس کے بھی سیکرٹری ان کے پاس اپنا ہے نہیں جو ان کی کوئی بات سنے یا کوئی کام کر سکے۔ بلوچستان کا یہ حشر ہے ہ ایک بھی وزیر نہیں ہے کیبنٹ میں Is this good governance- آپ کے فارن آفس میں ۷۰ ڈپلومیٹس ہیں ایمبیسڈرز ہیں ان میں صرف دو سندھی ہیں کیا یہ آپ کی good governances ہے۔ جب کہ اپنے چہیتوں کو جناب یہاں دو دو تین تین چار جز دی گئی ہیں صرف ایک مثال میں آپ کو بتادوں کہ چوہدری قمر الزمان جو چیئرمین سی ڈی اے بیٹھے ہوئے ہیں وہ بیس گریڈ کے افسر ہیں ضیاء کے lateral entry میں وہ آئے تھے اس وقت چیئرمین سی ڈی اے بنے بیٹھے ہیں اکیس گریڈ میں چیف کمشنر اسلام آباد بنے بیٹھے

ہیں اکیس گریڈ میں یعنی ایک آدمی کو تین تین چار جز دی ہیں Is this governance-
میں آخری بات کرنے والا ہوں، سندھ میں ہمارے ساتھ اور دوسرے صوبوں کے ساتھ بھی ہے ہمیں اپنا آئی جی رکھنے کا حق نہیں ہمیں اپنا چیف سیکرٹری رکھنے کا حق نہیں ہے ہمیں سندھ میں اپنے فیصلے کرنے کا حق نہیں اسمبلی وہاں موجود ہے اس بیچاری کو کوئی اختیارات حاصل نہیں یہاں سے شہزادے بیٹھ کر فیصلے کرتے ہیں یہاں سے وائسرائے اپنے نمائندے سندھ کو بھیج دیتے ہیں ہمارے اوپر اتنا بڑا آخر ظلم کیوں ہے۔ پھر بھی آپ کہتے ہیں کہ یہ فیڈریشن چل رہا ہے اس طرح سے جناب یہ فیڈریشن نہیں چلے گا۔ خدا کے واسطے اس کا کوئی خیال کریں اس کا کوئی نوٹس لیں۔ فیڈریشن کو چلایئے چھوٹے صوبوں کو ساتھ لے کر چلئے ۔ہم سب چاہتے ہیں کہ ہم فیڈریشن کو مضبوط کریں لیکن یہ سٹرانگ سنٹر والی جو بات ہے یہ جو فلسفہ ہے کہ مرکز مضبوط ہو یہ فیڈریشن کے جڑیں کھوکھلی کرے گا اس فیڈریشن کو تباہ کر کے چھوڑے گا ایسٹ پاکستان کے ساتھ یہی ہوا تھا کہ مضبوط مرکز چاہیے ہم صوبوں کو اختیارات دینے کے لئے تیار ہیں۔ کیا نتیجہ ہوا جناب کہاں گئی وہ فیڈریشن کہاں گیا آدھے سے زیادہ ہمارا ملک ،خدا کے واسطے آج ہمارے ساتھ یہ زیادتی نہ کریں یہ ظلم نہ کریں وکٹامائزیشن ختم کریں سب کو ساتھ لے کر چلیں اس وقت سب سے بڑا ایشو لائن آف کنٹرول والا ہے جناب اس میں ضرورت ہے اس ملک کی کہ ہم سب اکٹھے ہوں نیشنل یونٹی ہو نواز شریف صاحب نے آج تک پولیٹیکل پارٹیز کو اعتماد میں نہیں لیا ہے اس ایشو پر پارلیمنٹ کو کانفیڈنس میں نہیں لیا ان کا فرض تھا کہ وہ ایک آل پارٹیز کانفرنس بلاتے سب کو کانفیڈنس میں لیتے تاکہ ہم سب اکٹھے ہو کر ملک کے دفاع کے لئے اپنی اس یک جہتی کا اظہار کرتے۔
شکریہ۔

RESIGNATION FROM THE CABINET

On 10th June 1991, Mir Hazar Khan Bijarani accepted his moral responsibility for the tragic Railway accident and resigned from his portfolio. Translation appears:*

ترجمہ :

عنوان: کابینہ سے استعفیٰ (بوجہ حادثہ ریل)

محترم وزیر اعظم صاحب!

تیز گام کا المناک حادثہ، جو کہ گوٹکی ریلوے اسٹیشن پر 8جون 1991ء کو ہوا جس میں چون (54) قیمتی جانیں ضائع ہوئیں اور دو صد (200) سے زائد مسافر زخمی ہوئے، یہ ایک قومی نقصان ہے اور میرے لیے دکھ اور تشویش کی بات ہے۔

حادثہ جتنا شدید تھا، اس سے اس بات کا امکان تھا کہ نقصان اس سے کہیں زیادہ ہوتا، لیکن اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے پھر بھی کافی بچت ہوگئی۔ تاہم یہ اس بات کا جواز نہیں کہ حادثہ کیوں رونما ہوا، اور حقیقت تو یہ ہے کہ ایک جان کے ضیاع کا بھی کوئی جواز نہیں ہے۔

اس بات کا اندازہ لگانا بہت مشکل ہے کہ حادثے کی اصل وجوہات کیا تھیں۔ اس مرحلے پر یہی کہا جاسکتا ہے کہ یہ حادثہ نتیجہ ہے:

(i) سگنل اور مواصلات کے نظام کی خرابی کا۔

(ii) سبوتاژ کی دانستہ کوشش۔

(iii) ریلوے کی طرف سے لاپرواہی اور نااہلی۔

قطع نظر اس کے کہ حادثہ کیوں ہوا اور کیسے ہوا؟ اور اس حقیقت کے برعکس کے

---

* اس سے ایک ایسے رہنما اور سیاستدان کی خوبی واضح ہوتی ہے۔ اس امور کے حوالے سے جس کا کردار اس کے احساس اور نقطہ نظر کی تائید اور تصدیق ہوتی ہے۔ مزید وضاحت کے لیے براہ مہربانی ''نقطہ ء نظر (Point of View) از میر ہزار خان بجارانی' ایشیاء پرنٹرز' اسلام آباد 1998ء کا مطالعہ فرمائیں۔

حادثے کی ذمہ داری میرے پر نہیں ہے۔ تاہم جو کچھ ہوا ہے، میں اپنے آپ کو اخلاقی، مذہبی اور سیاسی طور پر اس واقع سے مبرا نہیں سمجھتا۔ مجھے اس بات کا علم اور احساس ہے کہ پاکستان میں اس طرح کے المناک حادثوں کی ذمہ داری کو قبول کرنے کی روایت نہیں ہے، اور عام طور پر ذمہ داری کسی اور کے کاندھوں پر ڈالی جاتی ہے۔ قطع نظر اس کے میرا ایمان ہے کہ ہمیں سیاسی شعبے میں صحت مند روایات کی بنیاد ڈالنی چاہئے اور سیاسی رہنماؤں کو بڑے حادثوں کی اخلاقی ذمہ داری قبول کرنی چاہئے، پہلے ان حادثوں کے حوالے سے ان کی براہ راست ذمہ داری نہ بھی ہو۔ اس معاملے پر غور و خوض کے بعد میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ میرے لیے مناسب یہی ہے کہ میں کابینہ سے مستعفی ہو جاؤں۔

مستعفی ہوتے ہوئے میں اس بات کو ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ میں شکریہ ادا کروں ان محبتوں کا اور تعاون کا جو آپ نے اور وزرائے کرام نے مجھ سے کیا (وزارت کے دوران) یہ میرے لیے ایک اعزاز کی بات ہے۔

یہاں میں یہ یقین دلاتا ہوں کہ میں ممبر قومی اسمبلی کی حیثیت سے اور سندھ کے نمائندے کی حیثیت سے ان تمام مقاصد کے حصول کے لیے تعاون جاری رکھوں گا جن مقاصد کے لیے میں کابینہ میں شامل ہوا تھا۔

احترام کے ساتھ

میر ہزار خان بجارانی

REPATRIATION OF BIHARIS

The Honourable Member of the Parliament in his letter to the Prime Minister draw his attention to the burning issue of "Repatriation of Biharis". Its translation is as:*

ترجمہ :

عنوان: بہاریوں کی آباد کاری

محترم وزیر اعظم!

بہاریوں کی مجوزہ جون 1992ء سے پہلے آمد اور ان کی پنجاب میں آباد کاری ایک پیچیدہ مسئلہ ہے، جس کے مابعد اثرات سندھ اور سرائیکی علاقے میں پڑ سکتے ہیں۔ جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ بہاریوں کے مسئلے کا تعلق 1971ء کے مشرقی پاکستان کے المیے سے ہے۔ سرکاری طور پر 1,69,000 بہاری ڈھاکہ اور کھٹمنڈو سے بھیجے گئے۔ اس تعداد میں خاطر خواہ اضافہ ہوا جب بہت سارے بہاری کراچی اور حیدر آباد میں داخل ہوئے اور چھپ کر غیر قانونی طور پر پاکستانی شہریت حاصل کی۔

1983ء میں ریڈ کراس کے مطابق 3,66,000 بہاری بنگلہ دیش کے کیمپوں میں مقیم تھے، اور آج ایک غیر سرکاری اندازے کے مطابق 5,00,000 سے زائد بہاری پاکستان آمد کے منتظر ہیں۔ لہذا یہ بہت ضروری ہے کہ بہاریوں کے مسئلے کو پاکستان کے معاشرتی، معاشی اور سیاسی پس منظر میں گہرائی سے دیکھا جائے۔ یہ صرف انسانی مسئلہ نہیں ہے، بلکہ اس کا تعلق سیاست سے بھی ہے۔

ایک وزیر کی حیثیت سے اور سندھ کے نمائندے کی حیثیت سے، میں اس مسئلے پر روشنی ڈالنا چاہوں گا اور سندھیوں کے جائز خدشات کی تصدیق کروں گا جو کہ درج ذیل ہیں۔

---

* معزز ممبر نے ان اہم مسائل پر اپنا نقطہ پارلیمینٹ کے اندر اور پارلیمینٹ سے باہر پیش کیا ہے، جو قوم کو درپیش ہیں۔ مزید مطالعے کے لیے براہ مہربانی "نقطہ نظر" (Point of View) از میر ہزار خان بجارانی کو ملاحظہ فرمائیں۔

(i) سندھی سمجھتے ہیں کہ بہاریوں کی آبادکاری ان کے خلاف ایک سازش ہے۔ یہ احساس پایا جاتا ہے کہ بہاریوں کی آمد سے مہاجرین کی تعداد میں اضافہ ہو جائے گا کیونکہ ان کے ایک دوسرے کے ساتھ خاندانی اور زبان کے رشتے ہیں۔ لہذا اس سے سندھ کی آبادی کا نقشہ / ڈھانچہ تبدیل ہو جائے گا۔ مردم شماری کے موقع پر مقامی سندھیوں میں شدید ردعمل تھا کیونکہ لاکھوں کی تعداد میں باہر سے لوگ غیر قانونی طور پر داخل ہو چکے تھے اور جن کو چیک نہیں کیا گیا۔ یہ سندھیوں میں بجا تشویش تھی کہ کہ ان کو اپنے ہی صوبے میں اقلیت بنانے کی سازش ہے۔ بہت سارے سندھیوں کا یہ بھی خیال ہے کہ بہاریوں کی آمد سے مہاجروں کی تعداد میں اضافہ ہو جائے گا اور بالآخر ان کا مقصد یہ ہوگا کہ سندھ تقسیم ہو جائے اور مہاجرستان بنایا جائے۔ محترمہ بے نظیر بھٹو اس کی طرف اشارہ کرتی رہتی ہیں اور انہوں نے سندھ میں اس مسئلے کو سیاسی پروپیگنڈے کے طور پر لیا ہوا ہے۔

(ii) یاددہانی کے طور پر عرض ہے کہ 1991ء میں ستمبر کے شروع میں سندھ کے دیہی علاقوں میں بہاریوں کی آبادکاری کے خلاف مکمل ہڑتال ہوئی تھی اور اکتوبر کے شروع میں ''سندھ اور پاکستان میں بہاری قبول نہیں'' "No Bihari in Sindh and Pakistan" کے عنوان سے حیدرآباد میں کانفرنس ہوئی تھی۔ جس کو سندھی زبان کے اخباروں نے نمایاں طور پر شائع کیا۔ البتہ قومی اخباروں نے اس کانفرنس کو نظر انداز کیا۔ یہ باتیں بہاریوں کی آبادکاری کے مسئلے پر سندھیوں کے جذبات کی واضح نشاندہی کرتی ہیں۔

(iii) سندھی عام طور پر یہ سمجھتے ہیں کہ بہاری نہ تو پاکستانی ہیں اور نہ ہی وہ مجبور ہیں کہ بنگلہ دیش میں پھنسے ہوئے ہیں۔ ان کی اصل تعداد کتنی ہے' اس کو

ظاہر نہیں کیا گیا' ان میں سے تقریباً 85% بہاری بنگلہ دیش میں پیدا ہوئے ہیں لہٰذا وہ خود بخود بنگالی ہو گئے ہیں۔ وہ کبھی سندھ یا پنجاب میں نہیں رہے کہ اپنے آپ کو پاکستانی شہریت کا حامل گردانیں۔ وہ اپنے آپ کو بنگلہ دیش میں پھنسے ہوئے اس لیے سمجھتے ہیں کہ وہ اپنی کلچر کو برتر سمجھتے ہیں اور انہوں نے کبھی اپنے آپ کو بنگلہ دیش میں جذب کرنے کی کوشش نہیں کی۔ بالکل یہی معاملہ سندھ میں مہاجروں کا ہے۔ اس کے حق میں مزید یہ دلیل دی جاسکتی ہے کہ جن لوگوں نے اپنے آپ کو پچھلے پینتالیس سالوں میں بنگالیوں کے ساتھ جذب نہیں کیا' وہ پاکستان میں کہیں اور کیسے جذب ہو سکتے ہیں۔ بعض اوقات جو یہ مثال دی جاتی ہے کہ مشرقی پنجاب کے لوگ تو پاکستان میں جذب ہو گئے ہیں' یہ مثال ٹھیک نہیں ہے کیونکہ مشرقی پنجاب کے لوگ ثقافت زبان اور نسل کے اعتبار سے ایک جیسے ہیں۔ جبکہ بہاریوں کے معاملے میں ایسا بالکل نہیں ہے۔

(iv) مزید برآں اس سلسلے میں بجا طور پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ بہاریوں کو پاکستانی کہنا مناسب نہ ہوگا' کیونکہ پاکستانی شہریت کے ایکٹ 1951ء کے سیکشن 16-A کے مطابق (آرڈی ننس XI بموجب 14 مارچ 1978ء) پاکستان کے تمام شہری جو کہ 16 دسمبر 1971ء سے پہلے ان علاقوں میں رہائشی تھے جو کہ مشرقی پاکستان میں شامل تھے اور وہ لوگ جو اس تاریخ کو پاکستان سے باہر تھے' ان کی شہریت ختم ہو گئی ہے۔

یہ بات کہ بہاری پنجاب میں آباد ہو جائیں گے' سندھیوں کے نزدیک غلط ہے' کیونکہ یہ غیر منطقی اور غلط بات دو مفروضوں پر مبنی ہے۔

(i) کہ پنجابی ان کو کھلے دل سے قبول کر لیں گے۔

(ii) کہ وہ پنجاب سے کراچی اور حیدر آباد ہجرت نہیں کریں گے۔

دلچسپ بات یہ کہ پنجاب کے جس علاقے میں بہاریوں کو آباد کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے' وہاں کے لوگوں نے تاج لنگاہ کی سرائیکی پارٹی کے ذریعے اس امر کا اظہار کر دیا ہے کہ وہ بہاریوں کو قبول نہیں کریں گے۔

مزید بر آں پاکستان میں کوئی ایسا قانون نہیں ہے جو شہریوں کو ایک صوبے سے دوسرے صوبے میں جانے سے روکے۔ اگر اس طرح کا قانون بنا بھی دیا جائے تو اس پر عمل در آمد نہیں ہو سکے گا کیونکہ یہ بات بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہو گی۔ یہ خدشہ کہ بہاری آباد کار بالآخر کراچی اور حیدر آباد کا رخ کریں گے' بے بنیاد نہیں ہے۔ پنجاب کی آب و ہوا بنگلہ دیش سے کافی مختلف ہے۔ اور بالآخر رشتہ دار اور دوسری ترغیبات انہیں سندھ میں کھینچ لائیں گی۔

یہ دلیل دی جاتی ہے کہ بہاریوں نے پاکستان کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ لہذا وہ پاکستانی شہریت کے حق دار ہیں۔ یہ بات بحث طلب ہے کہ واقعتاً انہوں نے پاکستان کے لیے قربانیاں دی بھی ہیں ؟ یا انہوں نے پاک فوج کے ساتھ اس لیے تعاون کیا کہ وہ بنگالیوں پر اپنی برتری بر قرار رکھ سکیں۔ اگر انہوں نے واقعتاً پاکستان کے لیے قربانیاں دی ہیں تو بھی یہ بات ان کو شہری بننے کا حق نہیں دلا سکتی۔ اگر قربانیوں کی منطق کی بناء پر ان کو پاکستانی تسلیم کر بھی لیا جائے تو ان لاکھوں مسلمانوں کے بارے میں کیا خیال ہے جو تقسیم کے وقت ہندوستان میں رہ گئے تھے اور اسی طرح ان بے شمار بنگالیوں کے بارے میں کیا رائے ہو گی جو 1971ء میں پاکستان کی بقا کے لیے لڑتے رہے۔ اسی طرح 1920ء کے آغاز میں ہزاروں لوگوں نے خلافت عثمانیہ کی بقاء کے لیے اپنے گھر بار چھوڑے لیکن وہ ترکی کی شہریت حاصل نہ کر سکے۔

یہ دلیل کہ اگر پاکستان تیس لاکھ افغان مہاجرین کا بوجھ بر داشت کر سکتا ہے تو یہ چند لاکھ بہاریوں کو اپنے ہاں کیوں نہیں بسا سکتا' سندھیوں کے لیے قابل قبول نہیں ہے۔ اس بارے میں سندھیوں کی رائے یہ ہے کہ افغان مہاجرین کے بارے میں حکومت پاکستان کی واضح پالیسی ہے کہ وہ واپس اپنے وطن بھیج دیئے جائیں گے اور یہ کہ حکومت کا کبھی بھی ارادہ نہیں رہا کہ کسی مرحلے پر جا کر افغان مہاجرین کو پاکستان میں آباد کیا جائے گا۔

مندرجہ بالا نکات کی روشنی میں، میں درج ذیل تجاویز پیش کرتا ہوں:

(i) بہاریوں کی آبادکاری کے حتمی فیصلے سے پہلے یہ بہت ضروری ہے کہ اس بات کا جائزہ لیا جائے کہ ایسا کرنے سے پاکستان کے سیاسی، معاشرتی اور معاشی شعبوں میں کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ ایک ایسے وقت میں جب کہ سندھ میں فضاء گروہی اور لسانی وجوہات کی بنا پر پہلے ہی آلودہ ہے، ایسے میں ایک مخصوص زبان کے لوگوں کو آباد کرنے سے سندھ کی آبادی کا توازن بری طرح متاثر ہوگا۔ اور یہ عمل گروہی اور لسانی تناؤ میں اضافہ کریگا۔

(ii) میں اس بات پر زور دوں گا کہ براہ مہربانی آپ اس اہم مسئلے پر کوئی حتمی فیصلہ کرنے سے پہلے سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں سے مشورہ کریں یہ اتنا بڑا معاشرتی اور سیاسی مسئلہ ہے کہ قومی پریس میں اس پر کھلی بحث ہو، دانش ور اور مفکرین اس پر روشنی ڈالیں سندھ اور سرائیکی علاقوں کے عوام سے بالخصوص ریفرنڈم کے ذریعے رائے لی جائے۔

(iii) بہاریوں کی صحیح معنوں میں مدد یہ ہے کہ ان کو بنگلہ دیش میں مناسب طور پر آباد کیا جائے اور پاکستان اور مسلم امہ اس سلسلے میں مالی معاونت کرے۔

میں انتہائی مشکور رہوں گا اگر میری تجاویز کو وفاق پاکستان کے بہتر مفاد میں توجہ دی جائے۔

احترام کے ساتھ

میر ہزار خان بجارانی

SINDH SITUATION

On 2oth May 1992, on the subject of "Sindh Situation", Mir Hazar Khan Bajarani wrote a letter to the Honourable Prime Minister of Pakistan and proposed as:★

ترجمہ :

عنوان : سندھ کی صورت حال

جناب وزیر اعظم :۔

سندھ کی دھماکہ خیز صورت حالات نے بدترین بحران کی شکل اختیار کر لی ہے۔ اور اس نے پاکستان کی سالمیت اور بقاء کو ایک خطرے سے دوچار کر دیا ہے۔ دیہی سندھ میں بغاوت کی کیفیت ہے۔ مجرم سزا پانے کی بجائے دندناتے پھرتے ہیں۔ نتیجتاً وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی آئینی اور اخلاقی طاقت مجروح ہو گئی ہے۔

حال ہی میں صوبے میں لاقانونیت میں تیزی آگئی ہے۔ جہاں ڈاکو راجہ نے حکومت کے اختیار کی جگہ لے لی ہے۔ اور معاشرے کی حالات مایوسیوں کی حدوں کو چھو رہی ہے۔ حالیہ واقعات کے اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ جرائم کا گراف اونچا ہو گیا ہے۔ حیدر آباد میں بم دھماکے، تیز گام پر حملہ، کراچی میں تاجروں کا اغوا اور قتل، حیدر آباد میں نسلی اور گروہی بنیادوں پر لوگوں کا قتل مایوسیوں کی کوئی اور ہی کہانی سنا رہا ہے۔ یو ایس ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جاری کردہ اکتیس (31) صفحوں پر مشتمل، انسانی حقوق کے حوالے سے رپورٹ، حکومت کے اس دعوے کو مضحکہ خیز ثابت کرتی ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ امن و امان کی صورتِ حالات میں بہتری ہوئی ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبے کے حقیقی اور بنیادی مسائل کی طرف توجہ دی

★ معزز پارلیمنٹیرین نے سخت محنت کی۔ سندھ کی خراب اور دھماکہ خیز صورت حالات حکومت کے علم میں لائے۔ آپ نے مسائل کے حل کی تجاویز دیں۔ لیڈر شپ کی یہ خوبیاں ریکارڈ پر ہیں۔ یہ ساری باتیں معزز ممبر کی شخصیت کو واضح کرتی ہیں۔

جائے اور طویل المعیاد ٹھوس منصوبہ بندی کی جائے' نہ کہ وقت کو ٹالا جائے' یہ مناسب وقت ہے کہ سندھ کی گھمبیر صورت حال کا احساس کیا جائے' اور صورت حال کو سنبھالنے کے بہادرانہ اور عملی اقدامات کئے جائیں۔ تاکہ بعد میں اپنی غلط حکمت عملیوں پر کف افسوس نہ ملنا پڑے۔

بد قسمتی سے لسانی اور گروہی دوریاں' اپنی آخری حدوں کو پہنچ گئی ہیں۔ 1947 1971 اور 80-1979 میں غیر سندھیوں کی آمد مقامی سندھیوں میں غم و غصے کا باعث بنی ہے۔ جن کو گلہ ہے کہ وہ اپنے ہی صوبے میں اقلیت ہو کر رہ گئے ہیں۔ کراچی اور حیدر آباد میں مقامی سندھیوں کی آبادی خطرناک حد تک کم ہے' کیونکہ چند ایک علاقوں کے علاوہ سندھیوں کی کوئی آبادی نہیں ہے۔ اپنے ہی صوبے میں سندھیوں کے لئے شہروں میں ملازمت کے حصول کے بہت ہی کم مواقع ہیں۔ غیر سندھیوں کے بڑے پیمانے پر سندھ میں آباد ہونے سے معاشرتی مسائل بھی پیدا ہوئے ہیں۔ خصوصاً مہاجرین نے اپنے ثقافتی حلقے بنالئے ہیں۔ اپنے آپ کو دوسروں سے برتر سمجھتے ہیں۔ اور مقامی آبادی سے کم سے کم میل جول رکھتے ہیں۔

تاریخی اعتبار سے اہالیان سندھ میں خدشات اور احساس محرومی اس وقت سے شروع ہوا' جب اختیارات مرکز کو منتقل ہوئے' اور غیر سندھیوں کو متنازعہ زمین کی تقسیم' ون یونٹ کا اجراء' سرکاری طور پر سندھی زبان کی بے دخلی اور جناب ذوالفقار علی بھٹو کو سزائے موت۔

جام صادق علی کا آزادنہ اسٹائل' اپنی مرضی کی پالیساں اور ان کا قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں پر انحصار نے سندھیوں کو اور مایوس کر دیا ہے۔ نتیجتاً سندھ میں قوم پرستی کی ایک نئی لہر اٹھی ہے۔ ان کا سیاسی ڈھانچے سے اعتبار اٹھ گیا ہے اور قوم پرست حکومت کے خلاف نئے انداز سے احتجاج کر رہے ہیں۔ اس سال جنوری میں پلیجو کا اٹھائیس دن کا لانگ مارچ' سندھی قوم پرستوں کا حکومت پر عدم اعتماد کا ایک مظہر ہے' یہ احتجاج صوبے میں امن

وامان کی بگڑتی ہوئی صورت حالات کے خلاف تھا۔ کالا باغ ڈیم کی تعمیر کے خلاف تھا اور بہاریوں کی بنگلہ دیش واپسی کے حوالے سے تھا۔ سندھی قوم پرست سندھ کی تنظیم نو تین تین طریقوں سے چاہتے ہیں۔

(i) اقوام متحدہ میں بطور ایک ممبر سندھ کی شمولیت

(ii) پاکستان کی تنظیم نو، جس میں چاروں صوبوں کی الگ حیثیت ہو' اور ان کا آپس میں تعلق کنفرڈیشن کے حوالے سے ہو۔

(iii) قومی وحدت کے لئے' 1973ء کے آئین میں دی گئی خود مختاری پر عمل در آمد۔

مختلف قوم پرست تنظیمیں اپنے اندرونی اختلافات کے باوجود اس بات پر متفق ہیں کہ سندھیوں کو ان کی آئینی و قانونی حقوق دلائے جائیں۔ جی ایم سید نے 17 جنوری کو کراچی کے ایک جلسے میں سندھو دیش کے قیام کا مطالبہ کیا ہے' یہ مطالبہ سندھی قوم پرستوں کے بے چینی اور عدم اعتماد کی شدت کا مظہر ہے۔ چونکہ سندھی قوم پرستی کی ابتداء غیر سندھیوں کے بڑی تعداد میں سندھ میں آباد ہونے کی وجہ سے ہے' ہمیں قومی سطح پر اس بات کو تسلیم کر لینا چاہیے کہ مقامی سندھیوں کے دکھ اور گلے شکوے جائز ہیں۔ اور اس سے پہلے کہ وقت ہاتھ سے نکل جائے ہمیں ان کے جائز مطالبات پر توجہ دینی چاہیے۔

سندھ کے اس جائز مسلے کے حل کے لئے تجاویز درج ذیل ہیں۔

سیاسی تجاویز :-

1- صوبائی خود مختاری (سیاسی و معاشی) جو کہ 1973ء کے آئین میں دی گئی ہے' اس پر اپنی حقیقی روح کے ساتھ عمل در آمد ہونا چاہیے

2- ملک کے سیاسی ڈھانچے میں سندھ کا جائزہ حصہ (نمائندگی) دیا جانا چاہیے۔ اس وقت ملک کے اقتدار اعلیٰ میں سندھ کی کوئی نمائندگی نہیں ہے۔

3- سندھ کی گروہی تقسیم کے سلسلے پر توجہ دی جانی چاہیے اور استحکام کے حوالے سے تمام

امکانات پر بات ہونی چاہیے۔ لہذا پاکستان پیپلز پارٹی، مہاجر قومی موومنٹ اور دوسری قوم پرست پارٹیوں کو اپنے باہمی اختلافات ختم کرنے اور مل جل کر رہنے کیلئے بامقصد مذاکرات کرنے چاہیں۔

4- سندھ کی امن وامان کی صورت حالات معمول پر لانے کے لئے آل پارٹیز کانفرنس مفید رہے گی۔ یہ ایک اچھا شگون ہے کہ وزیراعظم صاحب قومی امور پر اپوزیشن کو اعتماد میں لینے اور بات کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ میری تجویز ہے کہ سندھ کے بحران کو حل کرنے کے ئے اتفاق رائے کے حصول کو اولین ترجیح دی جانی چاہیے۔ سندھ کے معاملات میں قومی راہنماؤں کی شمولیت متعلقہ عناصر کو اعتماد عطا کرے گا، بلکہ یہ مستقبل کی سلامتی کی ضمانت بھی دے گا۔ یہ آل پارٹیز کانفرنس ہندوستان کی اس خواہش اور کوشش کے آگے بندھ باندھے گی کہ سندھ میں بدامنی پھیلائی جائے اور ایک نیا بنگلہ دیش تخلیق کیا جائے۔

حب الوطنی کا تقاضا ہے کہ اوپر کی لیڈر شپ اپنے اختلافات ختم کرے اور باہمی تعاون سے سندھ کے حالات کو معمول پر لانے کی کوشش کرے۔ اور اسے ایک سیاسی اور اخلاقی ضابطہ اخلاق پر رضامند ہونا چاہیے۔ جس سے پیار و محبت کی ایک بہتر فضاء قائم ہو سکے۔

5- وطن عزیز کو اس بات کی شدید ضرورت ہے کہ سندھ کے حوالے سے ایک ہم آہنگی کی فضاء قائم ہو۔ اس بات کا احساس ہو کہ ہمیں برابری کی بنیاد پر سیاسی اور معاشرتی طور پر اکٹھے رہنا ہے۔ جس سے کہ ہر شخص اور ہر طبقے کو انصاف کا احساس ہو۔ اور قومی وسائل کی عدل کے ساتھ تفویظ اور تقسیم ہو۔

6- ذرائع ابلاغ کو ایک مثبت تبدیلی کے لئے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ جس میں اتحاد ہو، محبت ہو (مختلف سوچ رکھنے والے گروہوں کے درمیان) اور نتیجتاً معاشرے کے تمام حصوں کے درمیان یگانگت ہو۔

انتظامی تجاویز:-

1- صوبہ سندھ جو کہ جرائم کا گڑھ بن چکا ہے امن و امان کی ذمہ داری ایک مخصوص اور مناسب مدت کے لئے فوج کے سپرد کر دی جانی چاہیے۔ سندھ رینجرز، سرحدی پولیس اور مہران فورس فوج کی کمان میں ہونی چاہیے۔ اور آپریشن ڈویژن کی سطح پر کیا جاسکتا ہے۔

2- سندھ کے موجودہ ڈھانچے کو ہر لحاظ سے مثبت انداز میں تبدیل کر دیا جانا چاہیے۔ بری شہرت کے حامل افراد کو نکال دیا جانا چاہیے۔ اور اچھی کارکردگی پر انعامات اور صلے کی ترغیب دی جانی چاہیے۔ سب انسپکٹر سے لے کر سپرینٹنڈنٹ تک کو اپنے اپنے علاقوں میں جرائم کے شدہ ذد ہونے پر ذمہ دار قرار دیا جانا چاہیے۔ اور اگر جرائم کا سراغ نہ ملنے کی تعداد ایک حد سے بڑھ جائے تو ذمہ دار اہلکاروں کو سزا دی جانی چاہیے۔

3- پولیس کی تنظیم نو وفاقی پولیس، صوبائی پولیس اور میٹروپولیٹن سطح پر کی جانی چاہیے۔ تمام تھانوں کی عملداری کے علاقوں میں کمی کی جانی چاہیے، اور عملے کی تعداد آبادی کے تناسب سے بڑھا دی جانی چاہیے۔ مزید بر آں پولیس کی کارکردگی بڑھانے کے لئے اسے جدید ساز و سامان سے لیس کیا جانا چاہیے۔

4- پولیس کا موجودہ نظام اختیارات کی تقسیم کے اس کار پر مبنی ہے۔ یہ بہت ضروری ہو گیا ہے کہ پولیس کمشنریٹ سسٹم متعارف کرایا جائے اس سسٹم میں مجسٹریٹ کا کوئی وجود نہیں ہے۔ جس میں انتظامی اور عدالتی اختیارات مجتمع ہو جاتے ہیں۔ اور یہ تمام اعلیٰ اختیارات پولیس کمشنر کو تفویض ہو جائیں گے، جو کہ ایک آزاد عدلیہ کا ذمہ دار ہو گا۔ اس نظام کا فائدہ یہ ہے کہ جلد انصاف ہوتا ہے، کمان متحد ہوتی ہے اور پیشہ ورانہ صلاحیتیں ترقی پاتی ہیں۔

5- قانون کا احترام کرنے والے شہریوں کو خودکار ہتھیاروں کے لائسنس جاری کیے اور ان ہتھیاروں کی اجراء پولیس کی تفتیش اور تسلی کے بعد ہو۔ اس طرح شہری ڈاکوؤں، اغواء

کنندگان اور دہشت گردوں کے خلاف اپنا دفاع کر سکیں گے۔ یہ اقدامات حکومت کو مالی فائدے کے علاوہ شہریوں میں اعتماد اور تحفظ کے احساس کا باعث بنے گا۔

6- خفیہ اداروں کو حکومت کے سیاسی مخالفین کی بجائے دہشت گردوں پہ کڑی نگاہ رکھنی چاہیے۔ اور شدید قسم کے جرائم کا تدارک انسداد دہشت گردی کے اسکواڈ کے ذریعے کیا جانا چاہیے۔

7- صوبے کی انتظامی اکائیوں یعنی ڈویژنز، اضلاع، سب ڈویژن، تحصیل اور تھانوں کی آبادی کی بنیاد پر تنظیم نو کی جانی چاہیے تاکہ نظم وضبط کو مزید موثر کیا جا سکے۔ نااہل اہلکاروں کو نکال دیا جانا چاہیے اور تمام امور میں میرٹ پر سختی سے پابندی کی جانی چاہیے اور اعلی کارکردگی کے لیے ترغیبات دی جانی چاہئیں۔

8- محتسب کا ادارہ، جس نے انتظامی امور میں تیز انصاف مہیا کیا ہے، کو صوبائی سطح پر بھی متعارف کیا جانا چاہیے۔

9- حکومت کو یونیورسٹیوں اور تعلیمی اداروں کی خود مختاری کو یقینی بنانا چاہیے۔ اور سیاسی جماعتوں کو تعلیمی اداروں کے تقدس کا لحاظ رکھنا چاہیے اور انہیں اپنے سیاسی مقاصد کے لیے استعمال نہیں کرنا چاہیے۔

10- وفاقی حکومت کو چھوٹے صوبوں کے حوالے سے سٹیٹس کو (Status Quo) والی پالیسی میں بامقصد تبدیلی کرنی چاہیے۔ اسلام آباد کے بیوروکریٹ اب بھی سندھ اور بلوچستان کے پیچیدہ مسائل کے حل کے لیے غلامانہ دور کی پالیسیوں پر عمل پیرا ہیں۔

11- فوج میں بھرتی کی 1947ء کی پالیسی میں تبدیلی کی ضرورت ہے تاکہ چھوٹے صوبوں کے لوگوں کی فوج میں بھرتی کی حوصلہ افزائی ہو سکے۔

معاشی تجاویز:-

سندھیوں کے عدم اطمینان کی وجہ ان کی معاشی محرومیوں میں پوشیدہ ہے۔ ان گلوں اور شکووں کی وجوہات کو پہلے مارشل لاء کے دور میں تلاش کیا جا سکتا ہے، جب لاکھوں

ایکڑ زرعی زمین کوڑیوں کے بھاؤ سول اور فوجی بیورکریٹس کو دے دی گئیں۔ جس کا مقامی آبادی میں شدید ردعمل ہوا۔

حکومت کی غیر متوازن معاشی پالیسیوں اور روزگار کے کم مواقع نے دیہی اور شہری سندھیوں میں مزید احساس محرومی کو بڑھایا۔ یہ صورت حالات اس بات کی متقاضی ہے کہ مختصر اور لمبے عرصے کے معاشی پروگرام ترتیب دیئے جائیں اور اہلیان سندھ کو اس بات پر قائل کیا جائے کہ صوبہ زرعی اور صنعتی وسائل میں بہت امیر اور خوش قسمت ہے۔

سندھ کے لیے جامع معاشی منصوبہ بندی مندرجہ ذیل پر مشتمل ہونا چاہیے۔

(i) صحت، سوشل ویلفیئر اور زراعت کے شعبوں میں بڑے پیمانے پر آسامیاں، پیدا کی جائیں تاکہ پڑھے لکھے لوگوں کو ان میں کھپایا جاسکے۔ نوجوان سندھیوں کو روزگار دینے کے لیے دیہی سندھ میں کثیر التکنیکی اور فنی تربیت کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے۔

(ii) دیہی سندھ میں صنعت کے فروغ کے لیے مناسب ماحول پیدا کیا جانا چاہیے، پرائیویٹ سیکٹر کو ترغیبات دی جانی چاہئیں۔ صوبے کی صنعت کو بڑھانے (Boost) کے لیے جاپان کی طرز پر گھریلو صنعت کو ترویج دیا جانا چاہیے۔ مزید ضرورت اس بات کی ہے کہ دیہی سندھ میں روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے چھوٹی صنعتوں کو ترویج دیا جائے۔

(iii) پورٹ قاسم کو آزاد تجارتی زون کے طور پر ترقی دی جائے اور ہر بڑے صوبے قصبے / شہر کے قریب آزاد تجارتی زون بنائے جائیں، اس بات کے ساتھ کم از کم 51% حصہ اہلیان سندھ کا ہوگا۔

(iv) سندھ کے کاشتکاروں کے مسائل کو توجہ دی جانی چاہیے، حکومت کی زمینیں اور دوسری سہولتیں ان کو دیجائیں۔ زمینوں کی تفویض اور الاٹمنٹ کے سلسلے میں اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ملک کی معاشی اور معاشرتی ترقی میں بھرپور کردار ادا ہو۔

سندھ کا بحران اتنا گھمبیر ہے کہ کوئی اکیلا فرد یا جماعت اس کو حل نہیں کر سکتا۔ اس ضمن میں تمام جماعتوں کو مل کر اجتماعی کوشش کرنا ہوگی۔ ایک مثالی اور بہادر لیڈرشپ کے ساتھ ساتھ سندھ کی صورت حالات اس بات کی متقاضی ہے کہ اعلیٰ ترجیح کی بنیاد پر انتظامی آپریشن کیا جائے اور بحران پر قابو پانے کے لیے انتظامی سیل قائم کیا جائے۔ یہ وقت ہے کہ وقت گزاری کی بجائے تلخ حقائق کا سامنا کیا جائے۔

احترام کے ساتھ

میر ہزار خان بجارانی

POST OPERATION PLAN FOR SINDH

The Honourable Parliamentarian, Mir Hazar Khan Bigarani on 17th Aug., 1992, proposed on Post Operation Plan for Sindh. In his letter to the Prime Minister of Pakistan suggested as:*

ترجمہ :

عنوان: منصوبہ برائے بہبودیِ سندھ

جناب وزیراعظم:-

چونکہ اصلاح احوال کے لیے سندھ میں فوج کا آپریشن جاری ہے، حکومت کو نہ صرف ماضی کی پالیسیوں کا جائزہ لینا چاہیے بلکہ مستقبل کے لیے مناسب اور بہادرانہ اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ تاکہ سندھ کے مستقبل کے بارے میں امید پیدا ہو اور اعتماد کی فضا بحال ہو۔

سندھ میں امن وامان کا مسئلہ کوئی الگ سے مسئلہ نہیں ہے۔ اس کی بنیادیں سیاسی، گروہی، معاشرتی اور معاشی عوامل میں تلاش کی جا سکتی ہیں۔ جو کہ تخریب اور تضاد کے اندر جذب ہو چکی ہیں۔ مزید برآں جرائم کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔ ڈرگ مافیا اپنا کام دکھا رہا ہے، ہندوستان ایک منصوبے کے تحت خوف وہراس کی فضا پیدا کر رہا ہے۔ مقامی سندھی مختلف وجوہات کی بناء پر اپنے آپ کو محروم، الگ تھلگ اور خوف زدہ محسوس کرتے ہیں۔ مہاجرین اپنی "مخصوص" مجبوریوں کے تحت اپنے آپ کو دوسروں سے الگ تھلگ اور برتر سمجھتے ہیں، اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ انکی لیڈرشپ ان کا استحصال کر رہی ہے اور ان کو الگ سے راستہ پر ڈال دیا ہے۔ ان پریشان کن حالات کے پیش نظر ایک جامع منصوبہ ہی سندھ کو پیچیدہ صورت حال سے نکال سکتا ہے۔

---

* میر ہزار خان بجارانی نہ صرف سیاسی حکمت عملی کے ماہر ہیں بلکہ ایک سیاسی ریاضی دان کی خوبیاں بھی ان میں موجود ہیں۔ وہ اصلاحی تجاویز سیاسی انداز میں پیش کرتے ہیں۔

پاکستان کے مفکرین، سیاسی جماعتوں اور پاک افواج کے درمیان اس بات پر اتفاق پایا جاتا ہے کہ سندھ کی صورت حالات کو صرف طاقت کے ذریعے سے حل نہیں کیا جاسکتا۔ بلکہ حکومت کے لیے ضروری ہے کہ وہ حالات کو بہتر کرنے کے لیے سیاسی، انتظامی، معاشرتی اور معاشی اقدامات ایک ساتھ اٹھائے۔ اس کثیر الجہتی مسئلے کے حل کے لیے درج ذیل تجاویز دی جاتی ہیں۔

سیاسی تجاویز :-

حالات کو معمول پر لانے کے لیے ضروری ہے کہ سندھ کے اندر بڑی سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کے درمیان بات چیت ہو۔ اس بات کی فوری ضرورت ہے کہ ایک آل پارٹیز کانفرنس کا انعقاد کیا جائے۔ جہاں پر سندھ کو درپیش مسائل کا گہرائی سے جائزہ لیا جائے اور آپریشن کے بعد حالات کو معمول پر لانے کے لیے لائحہ عمل تیار کیا جائے۔ جو کہ سیاسی اختلافات کو دور کرنے اور ایک دوسرے کو برداشت کرنے کا باعث ہو۔ اور اس کانفرنس کے نتیجے میں جن اقدامات پر اتفاق ہو۔ ان پر من و عن عمل درآمد ہو۔ خوش قسمتی سے اس وقت تمام سیاسی جماعتوں کا اتفاق ہے کہ سندھ میں فوج کی خدمات لی جائیں تاکہ عام آدمی کے آئینی اور قانونی حقوق کا تحفظ کیا جاسکے اور امن وامان کی صورت حالات کو ٹھیک کیا جاسکے جس نے ملک کے وجود اور سالمیت کو خطرے میں ڈال دیا ہے۔ تاہم یہ ضروری ہے کہ یہ تمام کوششیں جاری آپریشن کی تکمیل کے لیے تھوڑے سے تھوڑے وقت میں کی جائیں کیونکہ لمبے عرصے کے لیے یہ آپریشن مضر بھی ہوسکتا ہے۔

مزید بر آں ناپسندیدہ حالات اور واقعات سے بچنے کے لیے انتہائی احتیاط کی ضرورت ہے۔ مثال کے طور پر ٹانڈو بہاول کا واقعہ جس میں بہت سارے لوگ مارے گئے۔ اور فوج کی تحویل میں اموات کے متنازعہ واقعات (محی الدین پٹھان، یوسف جکھرانی، علی حیدر شاہ، ناریجو اور مجیب جتوئی وغیرہ) ان واقعات نے سندھ میں فوج کے آپریشن کے حوالے سے بہت سارے سوالات اٹھائے ہیں۔ یہاں یہ بات میں زور دے کر کہوں گا کہ اگر

آپریشن کے بعد حالات کو مستقل طور پر معمول پر لانے کے لیے فلاحی اقدامات نہیں اٹھاتے جائے تو سندھ ایک بار پھر افرا تفری اور انارکی کی حالت میں چلا جائے گا۔

انتظامی تجاویز:-

موجودہ صورت حالات میں سندھ کے لیے صوبائی محتسب کی اشد ضرورت ہے۔ در حقیقت چاروں صوبوں میں شہریوں کو جلد' سستا اور قابل اعتبار انصاف فراہم کرنے کے لیے محتسبوں کی ضرورت ہے۔ محتسب ترجیحاً ریٹائرڈ جج ہونا چاہئے اور اس بات کو یقینی بنانا چاہئے کہ کسی انتخابی ادارے کا کوئی فرد محتسب نہ بن سکے۔

آبادی میں کئی حوالوں سے زیادتی کی وجہ سے ڈویژنل، ضلعی اور تحصیل کی حدود کو دوبارہ متعین کیا جائے اور سائز میں ان کو چھوٹا کیا جائے تاکہ امن وامان کی صورت حالات کو بہتر بنایا جاسکے۔

سندھ کی تمام تحصیلوں کو نسبتاً متوازن بنایا جائے اور دو متصل تحصیلوں کی ایک سب ڈویژن بنائی جائے۔ اسیطرح دو متصل ضلعے ایک ڈویژن ہوں۔ موجودہ تھانوں کی حدود جو بہت وسیع ہیں، کو کم کیا جائے اور نئے تھانے قائم کئے جائیں تاکہ جرائم پر موثر انداز میں کنٹرول کیا جاسکے۔ ہر تھانے کو جدید ہتھیاروں سے لیس کیا جائے اور وائرلیس' مواصلات اور ٹرانسپورٹ کا نظام بہتر کیا جائے۔ اس طرح سے تھانے اپنی حدود کے انداز جرائم پر بہتر اندگز میں قابو پا سکیں گے۔ تمام ڈویژنل اور ضلعی صدر مقامات میں ہیلی کاپٹر مہیا کیا جائیں تاکہ گھناؤنے جرائم مثلاً اغوابرائے تاوان' راہزنی اور ڈاکوؤں کا سدباب کیا جاسکے۔

سندھ حکومت کا انتظامی ڈھانچہ اصلاح اور تنظیم نو کا متقاضی ہے۔ جس میں بیورکریٹس کی نااہلی کی اصلاح کی جائے اور رشوت خور اور بدعنوان اہلکاروں کو نکال باہر کیا جائے۔ میرٹ اور اہلیت کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ حق دار کی حوصلہ افزائی اور بدعنوان اہلکاروں کو سزا کی پالیسی پر سختی سے عمل کیا جائے۔

معاشی تجاویز:۔

آپریشن کے بعد جو اہم چیلنج درپیش ہے اس چیلنج سے نبرد آزما ہونے کے لیے ضروری ہے کہ معاشی بحالی کے ایک جامع پیکج پر عمل درآمد کیا جائے اور سندھ کی عمومی ترقی کی رفتار کو تیزی کیا جائے اور یہ تب ہی ہو سکتا ہے جب دیہی اور شہری علاقوں کو مناسب روزگار کے مواقع فراہم کئے جائیں اور خصوصاً پڑھے لکھے بیروزگاروں کا خصوصی خیال رکھا جائے۔ سندھ کے لیے پہلے سے اعلان شدہ معاشی پیکج 22.65 بلین روپے کا ہے جو کہ بہت ہی مناسب ہے۔ آپ نے اپنے پہلے دورہ سندھ جو کہ 1990ء میں ہوا تھا آپ نے تعمیر سندھ پروگرام کے لیے 10 بلین روپے کا اعلان کیا تھا جو کہ تین سال کے عرصے میں خرچ ہونا تھا۔ آپ نے کراچی کے لیے پانی کی سپلائی، سیوریج اور مواصلات کے منصوبوں کے لیے 7.15 بلین روپے کی گرانٹ کا اعلان بھی کیا تھا، اور گزشتہ ماہ جب آپ دوبارہ سندھ کے دورے پر تشریف لائے تو ترقیاتی کاموں کے لیے 5 بلین روپوں کی گرانٹ کا اعلان کیا گیا۔ تاہم اس مجموعی گرانٹ جو کہ 22 بلین روپے بنتی ہے اس میں سے وفاقی حکومت نے اب تک تقریباً 2 بلین روپے دیئے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ آپ کے ان فیاضانہ وعدوں کی تکمیل میں بیوروکریسی، رکاوٹیں حائل کر رہی ہے۔ لہذا یہ بہت ضروری ہے کہ اگر مقصد کو حاصل کرنا ہے تو اس پیکج پر تیزی سے اور موثرانداز سے عمل درآمد کروایا جائے۔

صوبائی وزیر خزانہ نے بجٹ تقریر کے دوران وعدہ کیا تھا کہ مالی سال کے دوران تقریباً 50 ہزار آسامیاں پیدا کی جائیں گی۔ مزید روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے حکومت کو چاہئے پرائیویٹ سیکٹر کے تعاون کو حاصل کرنے کی کوشش کرے اور معاشی بحالی کے لیے سرمایہ کاروں کو آمادہ کرے، ورنہ اس بات کا اندیشہ ہے کہ بے روزگار اور پریشان حال نوجوان دوبارہ جرائم کا راستہ اختیار کر سکتے ہیں۔

بیمار صنعتی یونٹوں کی بحالی کے لیے مخلصانہ کوششوں کی ضرورت ہے اور خود روزگار سکیم کے تحت نئی صنعتیں لگانے کے لیے ماحول سازگار کیا جائے۔ دیہی سندھ کو زرعی

صنعتوں کے ذریعے مدد کی جائے اور دیہی علاقوں کی بہتری کے لیے سندھ زرعی چیمبر کا تعاون حاصل کیا جائے' اس طرح گنے اور چاول اور گندم کی پیداوار کو بڑھایا جا سکتا ہے۔ مزید بر آں بینکوں اور دوسرے اداروں کو احساس دلایا جائے کہ وہ سندھ کی صنعتی بحالی میں مدد کریں۔

سندھ کے تحفظات کے حوالے سے معاشی پیکج بڑی اہمیت کا حامل ہے جس کو بغیر کسی معقول وجہ کے ادھورا چھوڑ دیا گیا جس میں سندھ کو توقع تھی کہ تھرپارکر کے پس ماندہ علاقوں کے لیے اور کراچی کے پانی کی سپلائی' سیوریج' ٹرانسپورٹ اور مواصلات کے منصوبوں کی مد میں 7 بلین روپے ملنے کی توقع تھی۔ اس پروگرام کو اس کے عمل درآمد کے تیسرے سال ختم کر دیا گیا اور سندھ کے منصوبہ ساز حیرانی کے عالم میں دیکھتے رہ گئے۔

یہ احساس عام ہے کہ NFC Award نے آبادی کے کم ہونے کا بہانہ بنا کر سندھ کا حصہ کم کر دیا ہے جب کہ حقیقت یہ ہے کہ سندھ میں آبادی کے بڑھنے کی رفتار باقی تمام صوبوں سے زیادہ ہے' کیونکہ پنجاب' بلوچستان' سرحد' آزاد کشمیر اور شمالی علاقہ جات سے مسلسل لوگ سندھ آرہے ہیں۔ قومی مالیاتی کمیشن (NFC) میں سندھ کی طرف سے یہ دلیل کہ سب سے زیادہ محاصل سندھ سے آتے ہیں اور شہری آبادی کی رفتار سب سے زیادہ ہے' پھر غور نہیں کیا گیا۔

مرکز اور صوبے کے مالی تعلقات کے حوالے سے قومی مالیاتی کمیشن (NFC) کی اہمیت چونکہ بہت زیادہ ہے لہذا اس کے موجودہ ڈھانچے میں تبدیلی کی ضرورت ہے۔ کمیشن میں تمام صوبوں کی نمائندگی برابر ہونی چاہئے۔ کمیشن کو مزید موثر بنانے کے لیے درج ذیل اقدامات تجویز کئے جاتے ہیں۔

(i) ایک خود مختار قومی مالیتی کمیشن سیکرٹریٹ قائم کیا جائے جو کہ مرکزی وزارت خزانہ کے کنٹرول میں نہ ہو۔ اس کا اپنا الگ بجٹ ہو۔ اور تجربوں اور اندازوں کے لیے یہ اپنے طور پر اعداد و شمار اکٹھے کرے۔ طویل المیعاد مالیاتی منصوبہ بندی کے لیے مرکز

اور صوبوں کے مالی تعلقات کے حوالے سے ماہرین معاشیات اور علماء سے معلومات اور مشورے کرنے میں Award پر عمل در آمد اور ترقی کی رپورٹ کا جائزہ لے اور صوبوں کے مالی معاملات پر "کڑی نگاہ" رکھے۔

(ii) قومی مالیاتی کمیشن (NFC) کے لیے لازم ہو کہ وہ پارلیمنٹ میں عام بحث کے لیے اپنی تجاویز پیش کرے۔ اس سے پہلے کہ فائنل اوارڈ (Award) کا فیصلہ کرے۔

(iii) قابل تقسیم رقم کو نہ صرف صوبوں کی آبادی کے تانسب کے حوالے سے تقسیم کیا جانا چاہئے بلکہ ان باتوں کا بھی لحاظ رکھا جانا چاہئے کہ مالیاتی نظم وضبط کس صوبے کا بہتر ہے' مالیاتی ترقی کے کوشش کون زیادہ کر رہا ہے نسبتاً پس ماندہ علاقے کون سے ہیں اور معاشرتی ترقی کی ضروریات کو بھی مدنظر رکھا جائے۔ اس طرح صوبوں کے گرانٹ پر رجحان کو کم کیا جاسکے گا۔ اس وقت حالت یہ ہے کہ گرانٹ بغیر کسی مقصد کے متعین کی جاتی ہے۔ لہذا ضرورت اس بات کی ہے کہ صوبوں کو فنڈ سائنسی بنیادوں پر فراہم کئے جانے چاہئیں۔

(iv) صوبے کے موجودہ ٹیکس سسٹم میں لچک بہت کم ہے۔ صوبائی ٹیکس ٹکٹوں' ڈیوٹی' گاڑیوں پر ٹیکس' اور زمینوں کا مالیہ وغیرہ کی صورت میں وصول کیا جاتا ہے۔ صوبائی ٹیکس کے نظام میں بہتری اور لچک کی ضرورت ہے۔ لہذا اس سسٹم کو افراط زر کی شرح سے منسلک کیا جاسکتا ہے۔

(v) قومی مالیاتی کمیشن کے ایوارڈ (Award) میں سزا اور جزاء کا موثر انتظام ہونا چاہئے تاکہ فنڈ کے ضیاع کو روکنے کا موثر سدباب کیا جا سکے۔ مزید بر آں ترغیبات کا بندوبست بھی ہونا چاہئے تاکہ صوبائی سطح پر بھی وسائل مہیا ہو سکیں۔

(vi) معاشرتی نشوونما اور ترقی کے لیے (صوبوں میں) ضروری مسائل وسائل مختص کئے جانے ضروری ہیں۔

(vii) زیادہ تر امور وفاقی حکومت نپٹا رہی ہے یہ بہبود آبادی' بجلی کی پیداوار اور تقسیم' سیر و

سیاحت وغیرہ ہیں۔ صوبائی خود مختاری کے مطالبے کے پیش نظر ضروری قانون سازی کی جائے۔ اس طرح صوبوں کو مالیاتی خود مختاری حاصل ہو گی اور صوبوں کا وفاقی گرانٹ اور امداد پر انحصار کم ہو گا۔ اگر مجوزہ بالا تجاویز پر عمل درآمد کرنے میں کوئی رکاوٹ ہو تو ضروری آئینی ترامیم بھی کی جاسکتی ہیں۔

(viii) CCI جو کہ مرکز اور صوبوں اور صوبوں کے مابین اختلافات اور غلط فہمیاں دور کرنے کا ایک فورم ہے' اس کو مزید فعال بنایا جائے۔ اس کا اجلاس سال میں کم از کم دو مرتبہ ہونا چاہئے۔ اس کا بھی اپنا ایک سیکرٹریٹ ہونا چاہئے تاکہ متعلقہ مسائل اور ان کے حل کے حوالے سے موثر طریق کار اور بندوبست ہو سکے۔

اپنی بات کو سمیٹتے ہوئے گزارش ہے کہ اس وقت کلین اپ آپریشن کے حوالے سے عوام کی تائید حاصل ہے۔ موجودہ مشکل صورت حالات میں روشنی کی کرن فوج کی وہ اہلیت ہے جو کہ وہ مشکل فیصلے کر رہی ہے اور ان پر عمل درآمد کروا رہی ہے جو کہ سال ہا سال سے حل طلب تھے۔ ایسے معلوم ہوتا ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ سندھ میں فوج کے آپریشن مثبت انداز' میں لیا جا رہا ہے۔ کیونکہ آبادی کا ایک کثیر حصہ ڈاکو راج کے سائے میں زندگی گزار رہا تھا۔ عدم تحفظ اور خوف وہراس کا سماں تھا۔ معاشی زندگی تباہ ہو چکی تھی۔ سڑکوں اور ریلوں کا نظام بری طرح متاثر ہوا تھا۔

لہذا اگر حکومت بروقت سیاسی' معاشی اور انتظامی بحالی کے اقدامات نہیں کر پاتی تو فوج کے آپریشن کی کامیابی اور عوام کی مثبت تائید وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ختم ہو سکتی ہے۔

احترام کے ساتھ

آپ کا مخلص

میر ہزار خان بجارانی

RESIGNATION FROM THE FEDERAL CABINET

As a Patriotic Parliamentarian of Pakistan, Mir Hazar Khan Bijarani expressed his feelings in a letter of 10th April, 1993 to the President, Islamic Republic of Pakistan and resigned from the Federal Cabinet*

ترجمہ :

عنوان : وفاقی کابینہ سے استعفیٰ

بخدمت جناب صدر مملکت
اسلامی جمہوریہ پاکستان
اسلام آباد

وزیراعظم (پاکستان) سیاسی اتحادیوں کو' اپنی جماعت کو' کابینہ کے ارکان کو' اسمبلی کے اندر اور اسمبلی سے باہر نظر انداز کرتے رہے ہیں اور کر رہے ہیں۔ قومی اسمبلی کے ممبران تو رہے ایک طرف' وزراء تک گلہ کرتے ہیں کہ وزیراعظم صاحب انہیں اہم قومی مسائل اور امور پر بھی بات کرنے کے لیے وقت نہیں دیتے۔ وہ پارلیمانی پارٹی کو ضرورت کے مطابق استعمال کرتے ہیں' اور پارلیمنٹ کے اجلاس میں شمولیت کی بہت کم پرواہ کرتے ہیں۔

کابینہ کے اجلاس باقاعدگی سے نہیں ہوتے' اور جب کبھی ہوتے ہیں تو انہیں عدم دلچسپی کا تاثر نمایاں ہوتا ہے۔ جب کہ اہم سیاسی فیصلے کابینہ سے بالا بالا چند مخصوص وزراء اور ایک دو خوشامدی بیورکریٹوں کے مشورے سے کر لیے جاتے ہیں۔

---

* معزز سیاستدان کے مزاج سے مزید آگہی کے لیے براہ مہربانی "نقطہ نظر" (Point of View) میر ہزار خان بجارانی کا مطالعہ کریں۔ ایشیاء پرنٹرز' اسلام آباد 1998

میری وہ تجاویز جو میں نے اہم ملکی، بین الاقوامی، علاقائی اور انتظامی امور پر دیں ان کو نظر انداز کیا گیا اور اہم امور پر کابینہ سے مشورہ نہ کرنے کی بناء پر میں مجبور ہوں کہ وفاقی وزارت سے استعفیٰ دے دوں۔ اور میرے استعفے کی مزید وجوہات درج ذیل ہیں:۔

(i) میری تجاویز جو کہ میں نے "سندھ آپریشن" کے بعد حکومت کی طرف سے صوبہ سندھ کی معاشرتی و معاشی بحالی کے لیے اور سندھ کو سیاسی بحران سے نکالنے کے لیے دی تھیں، ان کو قابل غور نہیں سمجھا گیا۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ آپریشن کلین اپ کے مقاصد حاصل نہیں کیئے جا سکے۔

(ii) میں نے بہاریوں کی بنگلہ دیش واپسی کے حوالے سے مقامی سندھیوں کے تحفظات کے بارے میں جو تجزیہ کیا تھا، اس کو وہ اہمیت نہیں دی گئی جس کا وہ (تجزیہ) حق دار تھا اور نہ ہی اس اہم مسئلے کو کابینہ کے اجلاس میں زیر بحث لایا گیا۔ حکومت کی اس پالیسی کے نتیجے میں سندھی عوام میں غم و غصہ بڑھ رہا ہے اور یہ بات دیہی اور شہری آبادی میں مزید دوری اور باہمی نفرت کا باعث بن رہی ہے اور اس بات سے میں لاتعلق نہیں رہ سکتا۔

(iii) وزیر اعظم کی چھوٹے صوبوں کے ملازمین کے بارے میں عدم دلچسپی اور ناروا پالیسیاں لازمی طور پر اپنا اثر دکھائیں گی اور یہ بات متاثرین کے دلوں میں غم و غصہ کا باعث بنے گی۔

وفاقی ملازمتوں میں دیہی سندھ کی نمائندگی نہ صرف کم ہے، بلکہ جو ملازمین ہیں ان کی تعیناتی کے حوالے سے امتیازی اور ناروا سلوک کیا جاتا ہے۔ یہ تلخ حقیقت جب وزیر اعظم کے علم میں لایا تو انہوں نے کوئی مثبت رد عمل ظاہر نہیں کیا۔

(iv) بعض وزراء کی جانب سے قواعد و ضوابط کی واضح اور مسلسل خلاف ورزی، خاص طور پر وزارت دفاع کے پیداوار کے محکمے میں مسلسل بے قاعدگی اور قانون شکنی نے بد نظمی پیدا کی، جس کی وجہ سے کام میں رکاوٹ پیدا ہوئی۔ ان قانون شکن حالات

میں وزیر اعظم کی وزراء کو کنٹرول کرنے میں ناکامی نے مجھے مجبور کر دیا ہے کہ میں وفاق کے بہترین مفاد میں کابینہ سے مستعفی ہو جاؤں۔ کیونکہ وزارت دفاع کے پیداوار کے محکمے میں کام کے اندر مداخلت کے خلاف میرے سارے احتجاج بے فائدہ ہیں۔

تاہم میں یقین دلاتا ہوں کہ میں ایک محبّ وطن پاکستانی کی حیثیت سے وفاق پاکستان کی خدمت اور بہتری کے لیے ہمہ وقت کوشاں رہوں گا۔

آپ کا مخلص
میر ہزار خان بجارانی